عہد ساز تحقیقی و تجزیاتی مطالعات پر مشتمل
جریدہ
اکتیس [۳۱]
غیر مطبوعہ کتابیں نمبر
[جلد سوم]
اشتقاقی لغت
مشفق خواجہ کی رحلت
مشفق خواجہ کی غیر مطبوعہ تحریریں
شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ
جامعہ کراچی

عہد ساز تحقیقی و تجزیاتی مطالعات پر مشتمل

اکتیس [۳۱]

اشتقاقی لغت، مشفق خواجہ کی غیر مطبوعہ تحریریں

مرتبہ

سیّد خالد جامعی

ناظم

عمر حمید ہاشمی

نائب ناظم

شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ

جامعہ کراچی

Jareeda. 31

Special issue on "Unpublished Books Number Vol.3
and "The Etymological Dictionary of Urdu Language"
Research journal of Bureau of Composition,
Compilation & Translation,

Compiled by Syed Khalid Jamaee, Director
&
Umar Hameed Hashmi, Deputy Director
Bureau of Composition , Compilation and Translation
University of Karachi

E-mail: frenspa03@yahoo.com

شمارہ اکتیس [۳۱]

اشاعت ۲۰۰۵ء

تقسیم کنندگان:

۱) فضلی سنز اردو بازار، کراچی

فون نمبر: ۰۲۱-۲۲۱۲۹۹۱

۲) دارالکتاب: کتاب مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار، لاہور

فون نمبر: ۰۴۲-۷۲۳۵۰۹۴

۳) کتاب سرائے: پہلی منزل، الحمد مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار، لاہور

فون نمبر: ۰۴۲-۷۳۲۰۳۱۸

زرتعاون دوسو روپے

شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، جامعہ کراچی

فیکس نمبر: ۹۲۴۳۱۸۶ فون نمبر: ۴۹۶۹۲۳۷، ۹۲۴۳۱۳۱-۷ توسیع: ۲۲۳۳، ۲۳۰۱-۲۲۳۱

مندرجات

معروضات

سید خالد جامعی
ناظم

جریدہ کا شمارہ ۳۱ حاضر خدمت ہے لیکن افسوس یہ ہے کہ جناب مشفق خواجہ، مرحوم ہو چکے۔ وہ زندہ ہوتے تو بہت خوش ہوتے کیونکہ اشتقاقی لغت کا مسودہ ہمیں خواجہ صاحب نے فراہم کیا۔ ان کی خواہش تھی کہ یہ جلد از جلد شائع ہو جائے لیکن یہ معلوم نہ تھا کہ انھیں اس قدر عجلت کیوں ہے سالہا سال سے یہ مسودہ ان کے پاس تھا، مگر اشاعت میں عجلت نہ تھی اب یہ عجلت بلاوجہ نہ تھی، آثار سحران کے سامنے تھے، ایک ایسی سحر جو برعظیم کے علمی و ادبی حلقوں کے لیے غم کی شام میں بدل گئی ہے اور یہ شام روزِ قیامت تک باقی رہے گی۔

مشفق خواجہ مرحوم کے کتب خانے میں کتابوں کے علاوہ نوادرات کا اہم ذخیرہ بھی محفوظ ہے بلا مبالغہ یہ ذخیرہ ہزاروں صفحات پر محیط ہے۔ شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ نے خواجہ صاحب سے اس ذخیرہ کی فہرست تیار کر کے شائع کرنے کی اجازت طلب کی۔ اس ضمن میں ہر ممکن تعاون کی پیش کش کی گئی لیکن خواجہ صاحب تامل کا شکار رہے جس کے باعث یہ کام شروع نہ ہو سکا۔ مسلسل اصرار کے بعد انھوں نے وعدہ فرمایا کہ وہ غیر مطبوعہ مسودات اور بعض اہم چیزیں جریدہ میں طباعت کے لیے مہیا فرمائیں گے۔ پہلے مرحلے میں خواجہ صاحب نے ڈاکٹر سہیل بخاری کی اشتقاقی لغت کا مسودہ فراہم کیا، راقم کی درخواست پر اس لغت کا ابتدائیہ بھی تحریر فرمایا لیکن آخری وقت میں ڈاکٹر سہیل بخاری مرحوم کے

فرزند کے نام کو ترجیح دی۔ اصلاً اس لغت کے ابتدائی دو صفحات ''حرفے چند'' کے نام سے خواجہ صاحب نے تحریر فرمائے۔ یہ تحریر غالباً ان کی آخری تحریروں میں سے ایک ہے اور زیرِ نظر ''جریدے'' میں شامل ہے۔ اختر رائے پوری کے بھائی مظفر شمیم کا مجموعہ کلام جناب خالد ندیم نے مرتب کیا ہے۔ اس پر خواجہ صاحب کا تحریر کردہ حرف آخر بھی شائع کیا جا رہا ہے۔ یہ خواجہ صاحب کی غیر مطبوعہ تحریر ہے۔

خواجہ صاحب کے والد خواجہ عبدالوحید کی ڈائری بھی آخری مراحل میں تھی۔ وہ مسودے کی تیسری حروف چینی میں مصروف تھے انھوں نے وعدہ کر لیا تھا کہ یہ کتاب شعبہ تصنیف و تالیف و ترجمہ شائع کرے گا لیکن مسودہ تصحیح در تصحیح کے عمل سے گزرتا رہا حتیٰ کہ خواجہ صاحب کا وقت فراق آ گیا۔ جوش ملیح آبادی کی کتاب ''یادوں کی بارات'' کے سنسر شدہ لیکن مطبوعہ فرمے بھی ان کے پاس محفوظ تھے جس میں سبط حسن کے حوالے سے بعض انکشافات تھے۔ ۶۵ ہزار خطوط کا ذخیرہ بھی تھا جس میں سے چند ہزار خطوط وہ فوری طور پر شائع کرنا چاہتے تھے۔ قبل ازیں ان کی خواہش تھی کہ وہ ان خطوط پر حاشیے تحریر کریں لیکن یہ طویل المیعاد منصوبہ تھا۔ لکھنؤ کے شہزادے سلیمان قدر کا روزنامچہ ''فرمان سلیمانی'' کے نام سے خواجہ صاحب نے مرتب کر دیا تھا جس میں لکھنؤ کی پوری تاریخ و تہذیب سمو دی گئی تھی۔ یہ روزنامچہ نہایت اہم تھا۔ اب یہ کون شائع کرے گا کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ پاکستان کے اہم ادیبوں، محققین، دانشوروں سے ان کے حالات خواجہ صاحب نے انجمن کے زمانے میں خود لکھوائے تھے۔ صرف یہی مسودات کئی جلدوں پر مشتمل ہیں اس کے علاوہ خواجہ صاحب نے اردو کے ہزاروں مصنفین شعراء وغیرہ پر قیمتی کام کیا تھا غالباً وہ اردو مصنفین کی سوانحی لغت [بائیوگرافیکل ڈکشنری] کے منصوبے پر کام کرنا چاہتے تھے لیکن بعض موانع کے باعث یہ سلسلہ رک گیا ان کے لواحقین اگر خواجہ صاحب کے مرتبہ مسودات شائع کر دیں تو یہ نہایت اہم علمی خدمت ہوگی۔ جریدے کی رفتار اشاعت سے وہ خوش تھے اور اس بات پر آمادہ تھے کہ اس رسالے کو اپنے علمی ذخیرے سے منور فرمائیں گے۔ قوی امید بندھ گئی تھی کہ جریدے کے ذریعے بہت سی چیزیں محفوظ ہو جائیں گی لیکن کسے خبر تھی کہ فرشتہ اجل تعاقب میں ہے اور اسے نوادرات کے ذخائر کی اشاعت کے لیے خواجہ صاحب کی ''تاخیر سے آمادگی'' پسند نہیں آئی۔

خواجہ صاحب نہایت نادر تحقیقی کتابیں شائع کرنا چاہتے تھے لیکن سلسلے سے سلسلہ اور ''تخلیقی ادب'' کے اجراء کے بعد تحقیقی کتابوں کی اشاعت کا رخ تبدیل ہوگیا۔ ایسا کیوں ہوا یہ ایک الگ داستان ہے جو کسی مناسب موقع پر پیش کی جائے گی۔

خواجہ صاحب کی زندگی مطالعہ، مشاہدہ اور خدمت کا حسین مرقع تھی۔ ان کی علمی، ادبی تحقیقی خدمات سے سب لوگ بخوبی واقف ہیں لیکن خاندان کے لوگوں کی خدمت میں بھی وہ ہمہ تن مصروف رہتے تھے۔ رات کو وہ چہل قدمی کے لیے نکلتے تھے۔ بعض مرتبہ چہل قدمی کے دوران گفتگو سے معلوم ہوا کہ خواجہ صاحب کی اہلیہ کی بہنیں سالوں سے علیل ہیں لہٰذا ان کی اہلیہ محترمہ کالج سے اکثر تیمارداری کے لیے ان کے گھر چلی جاتی ہیں۔ خواجہ صاحب رات چہل قدمی کے بعد وہیں تشریف لے جاتے ہیں اور پھر اہلیہ کے ہمراہ رات گئے واپسی ہوتی ہے۔ سالہا سال تک ان کا یہی معمول رہا، قریبی لوگوں سے ایسی محبت اور ان کی ایسی خدمت قحط الرجال کے موسم میں رنجیدہ طبائع کو حوصلے اور امنگ سے معمور کردیتی ہے۔

چھ ماہ قبل ساقی فاروقی نے اپنی خودنوشت میں عجیب انداز سے لکھا۔

[مجھے شاعر کا نام یاد نہیں تھا۔ مشفق خواجہ کو فون کیا، اس نے جھٹ سے نام بتایا تو میں نے پٹ سے شکریہ ادا کیا، خدا اسے اور شمس الرحمٰن کو سلامت رکھے۔ صبح سویرے اٹھتے ہی کلی اور استنجا کر کے ان کی درازی عمر کی دعا مانگتا ہوں، وہ اس لیے کہ مجھ سے پہلے یہ کم بخت مر مرا گئے تو مجھے شاعروں کے نام، ان کی تاریخ پیدائش وغیرہ کون بتائے گا، ان کو اس طرح کے .... [بے کار] [یہاں مصنف نے سیلس اردو استعمال کی تھی لہٰذا نقطے لگا کر یہ سیلس ترکیب حذف کردی گئی اور اس کا ترجمہ ''بے کار'' کیا گیا ہے۔

ابھی ہم جدیدیت کے اس مرحلے تک نہیں پہنچے کہ ساقی فاروقی کی خودساختہ تراکیب تحریف و ترجمہ کے بغیر شائع کرسکیں ''سلیس سے کیا مراد ہے اس اصطلاح کو سمجھنے کے لیے لکھنو کے تانگہ بان کی ظرافت ملاحظہ کیجیے۔ لکھنؤ میں چند پردہ نشین خواتین روایتی برقع پوش تانگے میں تشریف لے جا رہی تھیں، ایک سائکل والے نے تانگے سے آگے نکلنے کی کوشش کی، تانگے والے نے بمشکل اسے بچایا اور چند مغلظات

سے اس کی توضیح کی معاً خیال آیا کہ شریف خواتین بھی ہمسفر ہیں تو نہایت شرمندگی کے ساتھ ان سے معذرت طلب کرتے ہوئے مقطع عرض کیا کہ خواتین معاف فرمایے سہواً سلیس زبان بول رہا تھا''۔] کے کاموں کے لیے زندہ رکھنا چاہتا ہوں، آہ کہ ان بدمعاشوں کو معلوم نہیں کہ وہ کس کی دعاؤں کے سبب اب تک زندہ ہیں۔[ص ۳۶۷ مکالمہ ۱۳]

ساقی فاروقی کی تحریریں عموماً ''شمشیرعریاں'' ہوتی ہیں اور سلیم احمد مرحوم کے بقول اس ترکیب [شمشیرعریاں] کا پہلا لفظ حذف کر دینا چاہیے لیکن اس عریانی میں دو ایسی تلخ حقیقتیں شیر و شکر کر دی گئی ہیں جن کا ادراک وہی کر سکتے ہیں جو مشفق خواجہ مرحوم کے نہایت قریب رہے ہوں۔ ان تلخ حقیقتوں کی تشریح کا یہ موقع نہیں کیونکہ تاریخ اور تعزیت دو الگ اقلیمیں ہیں۔ تعزیت کے موقع پر تاریخ تحریر کرنا سنگ دلی ہے۔ یہ کام کوئی اور کر سکتا ہے لیکن رسالت مآب صلعم کے پیروکاروں کے لیے یہ ممکن نہیں۔

بہت کم لوگوں کو پہلی مرتبہ معلوم ہوگا کہ مشفق خواجہ ساقی فاروقی کی کلی اور استنجا کے بعد مانگی گئی دعاؤں کے اثر سے زندہ تھے غالباً ۲۱ رفروری کو ساقی فاروقی نے یا تو دعا نہیں مانگی یا دعا کے لوازم پورے نہیں کیے۔ اتفاق سے یہی دن مشفق خواجہ کا یوم وفات قرار پایا۔

مشفق خواجہ صاحب کو تدفین کے لیے طارق روڈ کے قبرستان لے جایا جا رہا تھا تو بعض اہل قلم اور اہل علم کی زبان سے نہایت شائستہ، نستعلیق اور نفیس لہجے میں وہی سوال بار بار سننے کو ملا جو ساقی فاروقی نے اپنے حوالے سے اٹھایا تھا کہ اب ہم شاعروں ادیبوں کی تاریخ کے بارے میں کس سے پوچھیں گے۔ تاریخ بتانے والا آج خود تاریخ کا حصہ بن چکا تھا۔ غم کی شدت ہر چہرے سے نمایاں تھی، لیکن مشفق خواجہ کا مسکراتا ہوا چہرہ اتوار کے دن کی طرح تر و تازہ تھا۔ محسوس یہ ہوتا تھا کہ اتنے سارے لوگوں کو ارد گرد دیکھ کر ان کے ہونٹوں پر کوئی جملہ مچل رہا ہے لیکن فرشتۂ اجل نے اس جملے کو ادا کرنے کی اجازت نہیں دی:

مٹتے ہوئے دیکھی ہے عجب حسن کی تصویر
اب کوئی مرے مجھ کو ذرا غم نہیں ہوتا

مجتبیٰ حسن نے خواجہ صاحب کے بارے میں بالکل درست لکھا ہے کہ "وہ اچھا دوست ضائع کر دیتے ہیں لیکن اچھا جملہ نہیں"۔ ایک مرتبہ مشفق خواجہ نے راقم الحروف اور تحسین فراقی کو جسارت سے وابستگی کے دنوں کا عجیب واقعہ سنایا کہنے لگے کہ جسارت میں اندیشہ شہر کا کالم شائع ہونے لگا تو جماعت اسلامی کے مخلص کارکنان اور ارکان وقتاً فوقتاً مجھ سے مشاورت کے لیے تشریف لانے لگے۔ ایک دن جماعت اسلامی کے نہایت مخلص رکن نے ان سے دریافت کیا کہ خواجہ صاحب پاکستان میں اسلامی نظام کب تک نافذ ہو جائے گا تو میں نے انھیں جواب دیا کہ حضرت جس دن جماعت اسلامی کا کوئی شاعر ایک عمدہ مصرع موزوں کر لے گا"۔ تحسین فراقی بہت ہنسے اور جماعت اسلامی اور اسلام کے دفاع میں ہندوستان کے شاعر حفیظ میرٹھی کے اشعار سنائے:

ضروری ہے کفن بردوش رہنا وطن ہے کوچہ قاتل ہمارا
ہماری آہ کو اور التجا کو ترستا رہ گیا قاتل ہمارا

راشد شیخ نے اپنے مختصر مگر عمدہ تعزیتی شذرے میں بڑا تہہ دار جملہ لکھا ہے کہ "خواجہ صاحب نے اپنے قیمتی وقت اور صلاحیتوں کو دوسروں کے لیے وقف کر دیا تھا"۔ غالباً اسی لیے وہ اپنے آپ کو بھول گئے تھے، وہ کتنے بڑے آدمی تھے اس کا اندازہ کرنا مشکل ہے، وہ خود بھی اس کا اندازہ نہ کر سکے، ان کے تمام اندازے کم و بیش درست نکلے، مگر اپنی ذات کے بارے میں ان کی بے گانگی، بے توجہی، نے دنیائے علم کو ہزاروں مقالات و نوادرات سے محروم کر دیا ہے۔ یہ محرومی ہم سب کا اجتماعی دکھ ہے مگر اس دکھ کے اظہار کی طاقت کسی میں نہیں ہے۔ خواجہ صاحب کی مسکراتی ہوئی شخصیت اور ان کی محبت کا گھائل اس دکھ کو کیسے بیان کر سکتا ہے۔ یہ سوءِ ادب کا معاملہ ہے۔

"جریدہ مشفق خواجہ کی یاد میں جلد "ارمغان علمی" پیش کر رہا ہے۔ جریدہ میں عنقریب انگریزی، عربی، فرانسیسی اور ہسپانوی زبانوں میں اہم مضامین کی تلخیص شائع کرنے کا ارادہ ہے، تاکہ جریدہ کے اہم مباحث دیگر زبانوں کے قارئین تک پہنچ سکیں۔ اردو زبان میں انشاء اللہ یہ کوشش اپنی نوعیت کی پہلی کوشش ہوگی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمارے کاموں میں برکت عطا فرمائے۔

جھوٹا سب سنسار: حرف آخر

مشفق خواجہ

[مظفر حسین شمیم ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری کے بھائی اور عمدہ شاعر تھے۔ جناب خالد ندیم نے ان کی شعری تخلیقات مرتب کیں اور خواجہ صاحب نے ''حرف آخر'' تحریر فرمایا۔ یہ تحریر ابھی تک غیر مطبوعہ ہے ادارہ اس تحریر کی فراہمی پر خالد ندیم صاحب کا شکر گزار ہے]۔

مظفر حسین شمیم بیسویں صدی کے نصف اوّل کے ان ادیبوں میں سے ہیں، جن کے نزدیک ادب اور علم دو الگ الگ شعبے نہیں تھے۔ کسی کے ادیب ہونے کا یہ مطلب تھا کہ وہ علم و فضل میں بھی درجۂ استناد رکھتا ہے۔ شمیم شاعر، ناول نویس، نقاد اور محقق ہونے کے ساتھ ساتھ قدیم مشرقی علوم پر ماہرانہ دسترس رکھتے تھے۔ اردو، فارسی، بنگالی اور ہندی ادبیات پر بھی ان کی گہری نظر تھی۔ اس مختصر تحریر میں ان کی علمی و ادبی شخصیت کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرنا ممکن نہیں، تاہم ان کی شاعری کے بارے میں یہ عرض کیا جا سکتا ہے کہ یہ ایک ایسے زمانے کی یادگار ہے، جب اختر شیرانی اور ان کے معاصرین کسی حد تک اقبال کے اثرات قبول کرنے کے باوجود اپنے لیے ایک الگ راستہ نکال رہے تھے۔ یہ راستہ رومانویت اور ہندی شاعری کی روایت سے منسلک رہنے کا ہے۔ گیت نگاری کو فروغ اسی زمانے میں ہوا۔ شمیم اپنے عہد کے با کمال گیت نگاروں میں سے ہیں، ان کے چند گیت (مثلاً پی کی خبر لا، جھوٹا سب سنسار، اٹھ جاگ مسافر) تو ایسے ہیں، جن کے حوالے کے بغیر اردو گیت نگاری کی تاریخ مکمل نہیں ہو سکتی۔ شمیم کی نظمیں اس لیے اہم ہیں کہ ان میں وہ عناصر موجود ہیں، جن سے اقبال کے بعد کی جدید اردو شاعری صورت پذیر ہوئی۔ ان کی غزلوں کا کلاسیکی لہجہ بھی اس قسم کے خوب صورت شعروں سے ظاہر ہے:

توڑ کر سرحدِ ادراک کی زنجیروں کو
تیرے دیوانے، خدا جانے، کہاں تک پہنچے

خالد ندیم نے مظفر حسین شمیم کا شعری مجموعہ مرتب کر کے اردو شاعری کے ایک پورے دَور کو زندہ کر دیا ہے۔

۲۷ زبانوں کے لسانیاتی مطالعے

مرتبہ سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی

جریدہ کا شمارہ خصوصی

پرویش شاہین، ناظم مرکز تحقیقات لسانیات منگلور سوات نے شمالی علاقہ جات کی ۲۷ منفرد زبانوں پر جو تحقیقی مطالعات پیش کیے ہیں ان پر مشتمل جریدہ کا خصوصی شمارہ عنقریب شائع ہو رہا ہے۔ ان زبانوں کے نام درج ذیل ہیں:

۱) بروشسکی (Burushaski)، ۲) ڈوماکی (Dumaki)،
۳) شینا (Shina)، ۴) واخی (Wakhi)،
۵) کوہستانی (Kohistani)، ۶) چیلسو (Chilso)،
۷) گیاری (Gyari)، ۸) بنیری (Baneri)،
۹) پہاڑی (Pahari)، ۱۰) کشمیری (Kashmiri)،
۱۱) گاردی (Gardi)، ۱۲) توروالی (Torwali)،
۱۳) قاشقادی (Qashqadi)، ۱۴) گوجری (Gojri)،
۱۵) داشوی (Dashwi)، ۱۶) کنڈیری (Kanderi)،
۱۷) بدیشی (Badeshi)، ۱۸) اجڑی (Ajri)،
۱۹) قسائی (Qasai)، ۲۰) کلاشہ (Kalasha)،
۲۱) پشتو (Pushto)، ۲۲) ہندکو (Hindko)،
۲۳) پشائی (Pushai)، ۲۴) گوار بتی (Gawarbati)،
۲۵) تیراہی (Terahi)، ۲۶) ارمڑی (Armari)،
۲۷) بدگی (Badgi) وغیرہ۔

جریدہ اٹھائیس [۲۸]

متروکات کی لغت جلد سوم

لغت کے اہم مباحث

سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی

متروکات اردو کی تاریخ ایک نیاز اویہ
عروج و زوال کے فلسفہ نو کا جائزہ
ناسخ پہلواں کے کل متروکات کی تعداد ۲۶۱ ہے۔
اردو کے کل متروکات کی تعداد چند سو سے زیادہ نہیں
اصلاح زبان کا فطری ادارہ.........اساتذہ کرام کی اصلاح
اردو کے ارتقاء میں مشاعروں کا حصہ
دور حاضر میں ترک و اخذ کے اصول
انگریزی زبان میں متروکات کی روایت
اردو کی اصلاحی تحریکیں فطرت کا عمل تھیں
انجیل کا ترجمہ اور متروک الفاظ
اصلاح کی تحریکوں کا مقصد ہندی دشمنی نہیں تھا
ناسخ نے صرف چودہ ہندی الفاظ کو ترک کیا اور ۲۲ عربی فارسی الفاظ متروک قرار دیے۔
متروکات کے لیے ناسخ کے چودہ اصول
جوش ملیح آبادی کا کلام کیوں متروک ہو گیا۔
متروکات کو رائج کرنے کے لیے مشتاق احمد یوسفی کی کوششیں۔
لغت متروکات کے سنسکرت الفاظ
پاکستانی ہندوستانی اردو میں مستعمل اور متروک الفاظ کی فہرست
متروک الفاظ کی لغت ک تا ی

خالد حسن قادری

کل صفحات ۳۹۱

زر تعاون سو روپے

جریدہ انتیس [۲۹]

ایک تاریخی دستاویز

اس شمارے میں شامل اہم مباحث کی تفصیل

قیمت تین سو روپے

صفحات ۱۳۰۰

جریدہ تیس [۳۰]

ایک تاریخی دستاویز

اس شمارے میں شامل اہم مباحث کی تفصیل

صفحات ۱۳۰۰

قیمت تین سو روپے

اردو کی

اشتقاقی لغت

[نظر ثانی شدہ اشاعت]

ڈاکٹر سہیل بخاری مرحوم

فہرست

حرفِ چند

زمانہ قدیم میں برصغیر کے پراکرت کے گرامر نویس سنسکرت کو ام الالسنہ تسلیم کرتے تھے اور مقامی زبانوں کے الفاظ سنسکرت الفاظ سے ماخوذ بتاتے تھے۔ انیسویں صدی میں زور پکڑنے والے مغربی نظریات نے اس سوچ کو اور بڑھاوا دیا۔ صوتی تبدیلی اور زبان سے زبان کی پیدائش کے جیسے نظریات نے موجودہ دور کے مشرقی ماہرین کی سوچ کو بھی اس حد تک متاثر کیا کہ انھوں نے ان نظریات کے دائرے سے باہر نکل کر کبھی نہیں سوچا۔ چنانچہ اردو زبان میں جتنی اشتقاقی کوششیں ہوئیں ان کے مطابق اردو الفاظ یا تو سنسکرت سے مشتق ثابت کیے جاتے رہے یا برصغیر کی کسی اور نئی پرانی زبان سے۔

۱۹۷۱ء میں شائع ہونے والی کتاب ''اردو کا روپ'' میں پہلی بار ڈاکٹر سہیل بخاری نے ''صوتی تبدیلی'' کے مغربی نظریے کو رد کر کے ''صوتی تبادل'' کا نظریہ پیش کیا اور اردو زبان کی آوازوں کے صوتی تبادل کے اصول پہلی بار لسانیات کے طالب علموں کے سامنے پیش کیے۔ ترمیم و اصلاح کے ساتھ یہ اصول ڈاکٹر صاحب نے اپنی بعد کی کتابوں میں بھی دہرائے ہیں۔ اپنی کتاب ''تشریحی لسانیات'' میں انھوں نے یہ ۱۳۱ اصول آخری بار تقریباً چودہ سو مثالوں کے ساتھ پیش کیے ہیں۔ یہی اصول ڈاکٹر صاحب کے لسانی نظریات کی اساس ہیں، لیکن حیرت کی بات یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب کے ناقدوں نے جہاں ان کے نظریات سے اختلاف بھی کیا اور انھیں رد بھی کیا وہاں کسی ایک نے بھی ان اصولوں پر بحث تو درکنار ان کا ذکر کرنے کا بھی تکلف نہیں کیا۔

صوتی تبادل کے اسی نظریے کی بنیاد پر ڈاکٹر سہیل بخاری نے زبان سے زبان کے پیدا ہونے کے خیال کی مدلل نفی کی ہے اور پہلی بار اردو کو ایک آزاد اور اپنی جڑوں پر پھلنے پھولنے والی زبان کا درجہ دیا ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اردو الفاظ کے اشتقاق کی اپنی کوششوں کو ثابت کرنے کے لیے جہاں دوسرے ماہرین لسانیات نے گنتی کی چند مثالوں سے کام لیا ہے، وہاں ڈاکٹر سہیل بخاری نے اس لغت کی تدوین کے ذریعے اپنے

نظریات کے ثبوت میں ایک ایسی مضبوط بنیاد فراہم کردی ہے جسے سرسری بحثوں سے نظرانداز یا رد نہیں کیا جاسکتا۔

ڈاکٹر سہیل بخاری نے اردو کے مادوں کی تلاش کی اور زبان میں الفاظ سازی کے قاعدے دریافت کیے۔ یہ قاعدے انھوں نے اپنی کتاب "لفظیات اردو"[1] میں تفصیل سے بیان کیے ہیں جس کا مطالعہ اس اشتقاقی لغت میں لفظوں کے تجزیے (Break-up) کو سمجھنے کے لیے ناگزیر ہے۔

زیر نظر لغت ڈاکٹر سہیل بخاری کی منفرد تالیف ہے۔ جو ۱۹۷۴ء میں مکمل ہوئی لیکن ڈاکٹر صاحب کی اور دوسری تصنیفات کی طرح ایک عرصے تک طباعت سے محروم رہی۔ اولین مسودے میں اس لغت کا نام "اردو کی بول مالا" تھا۔ ۱۹۷۶ء میں ڈاکٹر صاحب کے کراچی میں سکونت اختیار کرنے پر انجمن ترقی اردو کے سکریٹری پروفیسر جناب سید شبیر علی کاظمی صاحب کے توسط سے اس لغت کے نظر ثانی شدہ متن کا رسالہ "اردو" میں "اشتقاقی لغت" کے نام سے قسط وار اشاعت کا سلسلہ شروع ہوا۔ اقساط کی اشاعت کے اختتام پر رسالے میں شائع شدہ اجزاء کی اضافی کاپیاں چھپوا کر لغت کی کتابی ایڈیشن تیار کرنے کا معاملہ بھی انجمن سے طے پاچکا تھا لیکن اس دوران کاظمی صاحب کے انتقال کے باعث یہ کام کھٹائی میں پڑ گیا۔ ادھر رسالے میں کتابت کی بے شمار اغلاط کے باعث لغت کی از سر نو کتابت کی ضرورت پیش آئی۔ ان اغلاط کی تصحیح کے دوران ڈاکٹر صاحب نے بعض مقامات پر لغت میں نظر ثانی بھی کی ہے۔ موجودہ اشاعت کی کتابت اسی نظر ثانی شدہ مسودے سے کی گئی ہے۔ لغت کا مقدمہ رسالہ "اردو" میں شائع نہیں ہوا تھا، یہ پہلی بار اس کتابی اشاعت میں شامل کیا گیا ہے۔

اس لغت کی اشاعت میں اتنی تاخیر جہاں حد درجہ افسوس ناک ہے وہاں یہ امر باعث مسرت ہے کہ بالآخر اس کی اشاعت پاکستان کی ایک سب سے بڑی جامعہ کے "شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ" کی جانب سے ہو رہی ہے۔

جعفر رضا

---

[1] اس کتاب کی اشاعت "ادارۂ یادگار غالب" کی جانب سے جلد ہی متوقع ہے۔

نقشۂ علامات

سادہ سر (اصوات علت):

مختصر

علامت	نام	مثالیں
ـَ	زبر معروف	چل (چَ ل)، رکھ (رَ کھ)
ـِ	زیر مجہول	مرا (مِ ر)، مل (مِ ل)
ـُ	پیش مجہول	مڑ (مُ ڑ)، گھل (گھُ ل)
ـِ	زیر معروف	چر (چِ ر)، چھل (چھِ ل)
ـُ	پیش معروف	چک (چُ ک)، سکھ (سُ کھ)
ـَ^	زبر نشری	پہل (پَ ہ ل)، ٹھہر (ٹھَ ہ ر)
ـَˇ	زبر لفی	بہت (بَ ہ ت)، چہل (چَ ہ ل)

طویل

علامت	نام	مثالیں
ـا	مد یا الف	چال (چا ل)، راکھ (را کھ)
ـے	یائے مجہول	میرا (مے ر)، میل (مے ل)
ـو	واؤ مجہول	موڑ (مو ڑ)، گھول (گھو ل)
ـی	یائے معروف	چیر (چی ر)، چھیل (چھی ل)
ـو	واؤ معروف	چوک (چو ک)، سوکھ (سو کھ)
ـے	یائے نشری	پیل (پے ل)، ٹھیر (ٹھے ر)
ـو	واؤ لفی	بوت (بو ت)، چول (چو ل)

نکی سر (غنہ اصوات علت):

مختصر

علامت	نام	مثالیں
ـَں	زبر غنہ معروف	پنجیری (پَ ں ج ری)
ـِں	زیر غنہ معروف	سنگھاڑا (سِ ں گھا ڑا)
ـُں	پیش غنہ معروف	انگلی (اُ ں گ لی)
ـَں^	زبر غنہ نشری	مہندی (مَ ہ ں دی)
ـَںˇ	زبر غنہ لفی	پہنچا (پَ ہ ں چا)

طویل

علامت	نام	مثالیں
ـاں	الف غنہ	پانچ (پا ں چ)
ـیں	یائے غنہ معروف	سینک (سی ں ک)
ـوں	واؤ غنہ معروف	گونج (گو ں ج)
ـیں	یائے غنہ نشری	گیند (گے ں د)
ـوں	واؤ غنہ لفی	گوند (گو ں د)

لغت کی باتیں

بولیاں اتنے پرانے جُگ میں بنی ہیں کہ نہ ہم اس جُگ کو جانتے ہیں اور نہ اسے اب سوچ ہی سکتے ہیں۔ بولیوں کی جڑیں بیتے دنوں کے گہرے اندھیرے میں گڑی ہوئی ہیں اور ان کی بیلیں کم سے کم لاکھوں برس پر پھیلتی ہوئی ہم تک پہنچی ہیں۔ اس بیچ میں انھوں نے جو ڈیل پکڑا اور بولوں کی جو جماجتھا اکٹھی کی اس کا حال ان کتابوں سے جان سکتے ہیں جو ان کے بولنے یا چاہنے والوں نے لکھی ہیں۔ ایسی کتاب جس میں کسی بولی کے بول ایک خاص ڈھنگ سے اکٹھے کئے گئے ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ ان کے معنی بھی بتائے گئے ہوں، لغت کہلاتی ہے۔

لغت عربی میں یوں تو بول کو کہتے ہیں جس کی جمع لغات آتی ہے پر وہ کتاب بھی جس میں بول اپنے معنی کے ساتھ اکٹھے کر دئے گئے ہوں، لغت کہلاتی ہے۔ فارسی میں اسے فرہنگ کہتے ہیں۔ انگریزی میں یہ گلوسری، ووکیبلری اور ڈکشنری کہلاتی ہے اور سنسکرت، ہندی وغیرہ میں اسے کوش، ساگر، سندھو اور مالا کا نام دیتے ہیں۔ کچھ لوگوں نے بال کی کھال نکالنے کے لئے ان بولوں میں فرق بھی مان لیا ہے۔ وہ اصطلاحوں کی فہرست کو ایک نام دیتے ہیں۔ تھوڑے سے بولوں کی فہرست کو دوسرے نام سے پکارتے ہیں۔ ہم معنی یا ہم قافیہ بولوں کی کتاب کا تیسرا نام رکھتے ہیں اور عام بولوں کی کتاب کو چوتھے نام سے یاد کرتے ہیں۔ پر دیکھنے میں یہ آتا ہے کہ ان میں سے ہر نام ہر بھانت کی فہرست کے لئے بولا جاتا ہے البتہ انگریزی میں ڈکشنری، عربی، فارسی اور اردو میں لغت، سنسکرت میں کوش اور ہندی میں مالا نام زیادہ رکھا جاتا ہے۔

لغت لکھنے کی ریت بہت پرانی ہے اور دنیا کی ہر بولی میں سدا سے چلی آرہی ہے اس لئے یہ بات پورے بھروسے سے نہیں کہی جا سکتی کہ کس بولی کا لغت سب سے پہلے لکھا گیا اور کس گھڑی

لکھا گیا کیونکہ تاریخ کال سے پہلے کی کوئی ایسی لکھاوٹ ہم تک نہیں پہنچی ہے جس سے اس بات کا نیاؤ ہوسکے۔ اس لئے جس بولی میں جو سب سے پرانا لغت ملتا ہے اسی کو پہلا لغت سمجھنا اور کہنا پڑتا ہے۔ یونان کے اتھنیس نے ایسے ۵۰ لوگوں کے نام گنائے ہیں جنھوں نے یونانی بولی کے لغات لکھے ہیں۔ پر یہ سب لغات اب نہیں ملتے اس لئے زینوڈوٹس نے جو ایک لغت " گلوسا " کے نام سے لکھا تھا اسی کو ہم یونانی بولی کا پہلا لغت کہہ سکتے ہیں۔ یہ شخص اسکندریہ کے بڑے کتب خانے کا پہلا مہتمم تھا اور اس نے بطلیموس اول و دوم کا زمانہ دیکھا تھا۔ انگریزی بولی میں کوک ریم نے پہلا لغت لکھا جو لندن میں ۱۶۲۳ء میں چھپا تھا۔ اس کے پیچھے اس بولی میں بہت اچھے اچھے لغت لکھے گئے جن میں بلاؤنٹ، فلپس، بیلی، جانسن، ٹاڈ اور شیریڈن کے لغات کے ساتھ ساتھ ویبسٹر (نیویارک ۱۸۲۸ء) کا نام بھی لیا جا سکتا ہے۔ ان لغات کے علاوہ امپیریل ڈکشنری (۵۵ - ۱۸۵۰ء) مرے اور بریڈلے کی کتاب آکسفورڈ انگلش ڈکشنری، وٹنے کی کتاب سینچری ڈکشنری (نیویارک ۹۱ - ۱۸۸۹ء) اور اسٹینڈرڈ ڈکشنری (نیویارک ۱۸۹۴ء) وغیرہ کے نام بھی کافی مشہور ہیں۔

انگریزی میں اب تک جو لغات لکھے گئے ہیں ان میں عام لغات کے ساتھ ساتھ دوسری بھانت کے لغات بھی ملتے ہیں جن میں کوئی بولوں کا اُچار (تلفظ) بتاتا ہے۔ کسی میں بولوں کی بناوٹ دکھائی گئی ہے۔ کسی میں نئی بولوں کو اکٹھا کر دیا گیا ہے۔ کسی میں ہم معنی بول جمع کر دئے گئے ہیں۔ کسی میں ہم قافیہ بولوں کا ذکر ہے۔ کوئی بولوں کے ٹکڑے کر کے دکھاتا ہے کوئی تلازمے دیتا ہے۔ کوئی ایک ایک بول کے کئی کئی چالو روپ دکھاتا ہے۔ کوئی بولنے والوں کے خاندانی ناموں سے بحث کرتا ہے۔ کوئی گنوارو بول پیش کرتا ہے اور کسی میں بھانت بھانت کے علوم کی اصطلاحیں جمع ہیں۔

سنسکرت لغات میں امرکوش کا نام سب سے پہلے آتا ہے اس کا لکھنے والا امر سنگھ سن ایک ہزار عیسوی سے پہلے گزرا ہے۔ یہ کتاب اتنی مشہور اور مانی ہوئی ہے کہ ہندوستان میں نگر نگر سے اس کی چھاپیں نکلتی رہی ہیں اور اسے کتنی ہی لپیوں میں چھاپا گیا ہے۔ یہ لغت کلکتے سے ۱۸۰۷ء اور ۱۸۲۴ء میں نکلا۔ بمبئی میں ۱۸۶۰ء میں اور لکھنؤ میں ۱۸۶۳ء میں چھپا۔ ۱۸۷۰ء میں مدراس سے گرنتھ لپی میں نکلا اور ۱۸۷۳ء میں ملیالم کی لپی میں چھاپا گیا۔ مہیشور نامی ایک شخص نے اس کی ایک شرح بھی لکھی جو امرو دیک کے نام سے ۱۸۶۷ء میں بنارس سے شائع ہوئی۔ سنسکرت کا دوسرا مشہور لغت " شبد کلپدرم " کے نام سے راجا رادھا کانت دیو نے لکھا جو کلکتے سے ۱۸۲۱ء اور ۱۸۵۷ء کے درمیان آٹھ جلدوں میں شائع ہوا۔ اس کی

دوسری چھاپ ۱۸۷۳ء میں نکلی۔ بھٹا چاریہ نے شبد ستوم مہاندھی سات حصوں میں کلکتے سے ۱۸۶۹ء اور ۱۸۷۰ء کے درمیان میں شائع کیا۔ بل بیدھ نے ابھدھان رتن مالا نامی لغت لکھا جو لندن سے ۱۸۶۱ء میں نکلا۔ تار ناتھ ترک واچس پتی نے واچس پت نامی لغت لکھا جو کلکتے میں ۱۸۷۳ء میں چھپا۔

ان لغات کے علاوہ مدنی کر نے مدنی کوش لکھا جو بنارس میں ۱۸۶۵ء میں اور کلکتے میں ۱۸۶۹ء اور ۱۸۷۲ء میں چھپا۔ اس میں سنسکرت کے ایسے بول اکٹھے کر دیے گئے ہیں جن کا اُچار تو ایک ہے پر ان کی جڑیں الگ الگ ہیں۔ ہیروچند نے دھاتو منجری کے نام سے ایک لغت سنسکرت بولی کی جڑوں کا لکھا جو بمبئی میں ۱۸۶۵ء میں چھاپا گیا اور بھیم آچاریہ جھلکی کر نے نیائے (فلسفہ) کی اصطلاحات کا ایک لغت نیائے کوشں کے نام سے لکھا جو بمبئی سے ۱۸۷۵ء میں نکلا۔ ان مشہور لغات کے سوا اور بھی چھوٹے چھوٹے لغات لکھے گئے جن کا ذکر یہاں غیر ضروری ہے۔

عربی لغات میں خلیل ابن احمد (متوفی ۱۷۰ھ) کی کتاب العین کا نمبر سب سے پہلے آتا ہے جو اس نے ۷۴ سال کی عمر میں لکھی تھی۔ بعد کی کتابوں میں ابونصر اسماعیل جوہری (متوفی ۳۹۵ھ) کی کتاب الصحاح، ابوالحسن علی ابن اسماعیل ابن سیدہ (متوفی ۴۵۸ھ) کی کتاب المحکم، زمخشری (متوفی ۵۳۸ھ) کی کتاب اساس البلاغت، ابوالفضل ابن منظور جمال الدین (متوفی ۷۱۱ھ) کی کتاب لسان العرب، ابو طاہر مجدالدین ابن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ) کی کتاب القاموس، سید محمد مرتضی زبیدی (متوفی ۱۱۹۴ھ) کی کتاب تاج العروس جو قاموس کی شرح ہے، بطروس البستانی کی محیط المحیط، صراح، منتخب اللغات شاہجہانی، محمد لاد کی موید الفضلا، اقرب الموارد، منتہاء العربی، شمس اللغات، احمد بن محمد ابوالفضل المیدانی (متوفی ۵۳۱ھ) کی السامی الاسامی اور معلوف یسوعی کی المنجد وغیرہ نہایت مشہور لغات ہیں۔

ان کے علاوہ کچھ دوسری کتابیں بھی لکھی گئیں جن میں سے کچھ مصدروں کے معنی بتاتی ہیں جیسے خواجہ محمد اشرف لکھنوی کی فرہنگ تاج المصادر (۱۸۹۷ء) اور امان الحق کی امان اللغات (۱۸۷۰ء) کسی میں تصوف کی اصطلاحیں جمع کر دی گئی ہیں اور ان کا مطلب سمجھایا گیا ہے جیسے خواجہ شمس الدین کی کتاب اصطلاحات صوفیہ (مطبوعہ مطبع نامی لکھنؤ ۱۳۲۲ھ ۱۹۰۴ء)۔ کچھ علم طب اور دواؤں کے بارے میں لکھی گئی ہیں جیسے بحر الجواہر (۱۸۶۳ء)۔ حکیم نورالدین محمد کی الفاظ الادویہ (نولکشور پریس کانپور)۔ حکیم تاج محمد کی میزان الادویہ (نولکشور پریس کانپور)۔ حکیم محمد نصیر کی

فرہنگ نصیریہ (نولکشور پریس کانپور) ۔ حکیم سید محمد حسین شیرازی کی مخزن الادویہ اور کسی میں کہاوتیں جمع کر دی گئی ہیں جیسے سید حسین شاہ حقیقت کی خزینۃ الامثال (نولکشور پریس لکھنؤ ۱۸۷۲ء) ۔

فارسی لغت کی کتابوں میں سب سے پہلا نمبر برہان قاطع کا آتا ہے جو محمد حسین تبریزی نے لکھی تھی ۔ اس کی کتنی ہی چھاپیں جگہ جگہ سے نکل چکی ہیں ۔ حال ہی میں اسے ڈاکٹر معین نے نئے سرے سے مرتب کر کے تہران سے چھاپا ہے ۔ ایک اور مشہور کتاب اودھ کے بادشاہ غازی الدین حیدر کے زمانے میں ہفت قلزم کے نام سے لکھی گئی جو لکھنؤ سے ۱۸۲۲ء میں سات جلدوں میں نکلی ۔ ان کے علاوہ اسدی طوسی کی کتاب لغت فرس ، جمال الدین انجو کی فرہنگ جہانگیری ، اللہ داد فیض سرہندی کی مدارالافاضل (۱۰۰۱ھ) ، ملا غیاث الدین کی غیاث اللغات (لکھنؤ ۱۲۰۸ھ) ، گلیڈون کا فارسی ہندوستانی لغت (کلکتہ ۱۸۰۹ء) ، مولوی کریم الدین کا کریم اللغات ، مولوی تصدق حسین کا لغات کشوری ، عبداللہ خویشگی کی فرہنگ عامرہ ، حبیب اللہ آموز گار کی فرہنگ آموز گار ، فرہنگستان ایران (واژۂ نو) ، وجاہت حسین کی کتاب نقش بدیع ، ہاتم کا فارسی انگریزی لغت اور جون اینڈریو بائل کی پریکٹیکل ڈکشنری آف پرشین لینگویج (لندن ۱۹۴۹ء) کچھ مشہور اور کام کے لغات ہیں ۔

اردو میں لغت کی جو کتابیں لکھی گئی ہیں ان کی ایک فہرست نیچے دی جاتی ہے ۔

۱۔ بحرالفضائل فی منافع الافاضل ۔ محمد بن قوام کرخی نے ترتیب دی تھی ۔ اس میں اردو بولوں کی ترتیب ابجد پر رکھی گئی ہے اور ان کے معنی فارسی میں دئے گئے ہیں ۔

۲۔ تحفۃ الہند ۔ عالمگیر کے زمانے میں مرزا محمد بن فخرالدین محمد نے کوکلتاش خاں کے کہنے پر لکھا تھا ۔ اس میں بھی اردو بولوں کے معنی فارسی میں لکھے گئے ہیں اور کتاب کو موضوعات کے اعتبار سے ابواب میں بانٹا گیا ہے ۔

۳۔ فرانسسکو ماریا دوتور کا لغت ۔ لیکسیکن لنگوا اندوستانیکا جو پانڈی چری میں ۱۷۰۳ء میں مکمل ہوا ۔

۴۔ جان جوشوا کیٹلر (۱۶۵۹ء سے ۱۷۱۸ء تک) کا ہندوستانی لغت ۔ مولف پروشیا کا باشندہ تھا ۔ اس نے ہندوستانی بولی کا لغت ولندیزی بولی میں لکھا ہے ۔

۵۔ غرائب اللغات ۔ مولوی عبدالواسع ہانسوی ۔ اس میں اردو بولوں کے معنی فارسی زبان میں لکھے گئے ہیں ۔

۶۔ عجائب اللغات ۔

۷۔ ڈیوڈبل کا لغت (۱۷۴۳ء)۔ یہ ہندوستانی اور فارسی کا مختصر سا لغت ہے۔

۸۔ نوادر الالفاظ مولفہ سراج الدین علی خاں آرزو۔ (۱۱۶۵ھ / ۱۷۵۲ء)۔ غرائب اللغات کی غلطیاں درست کر کے لکھا گیا۔

۹۔ زبدۃ الاسماء۔ ۱۱۸۰ھ۔

۱۰۔ فرگوسن کا ہندوستانی لغت۔ پہلی بار ۱۷۷۳ء میں چھپا تھا۔

۱۱۔ ڈاکٹر ہنری ہیرس کا ہندوستانی انگریزی لغت۔ مدراس۔ ۱۷۹۰ء۔

۱۲۔ جان گلکرسٹ کا ہندوستانی لغت۔ ۱۸۰۰ء میں کلکتے سے نکلا۔

۱۳۔ کپتان جوزف ٹیلر اور ڈاکٹر ولیم ہنٹر کا ہندوستانی انگریزی لغت (مولفہ ۱۸۰۵ء) پہلی بار ۱۸۰۸ء میں کلکتے سے چھپا۔ پھر انڈنبرا (انگلستان) سے ۱۸۱۰ء میں نکلا۔

۱۴۔ کپتان ٹامس روبک کا ہندوستانی انگریزی لغت۔ ۱۸۱۱ء۔ اس کی تیاری میں گلکرسٹ، ہنٹر اور ہیرس کے لغات سے مدد لی گئی ہے۔

۱۵۔ مفتاح اللغات۔ ۱۲۳۶ھ۔

۱۶۔ دلیل ساطع۔ ۱۲۴۸ھ۔

۱۷۔ نفائس اللغات۔ ۱۲۵۳ھ۔

۱۸۔ نفس اللغت۔ علی اوسط رشک لکھنوی۔ ۱۲۵۶ھ۔

۱۹۔ انفس اللغات۔ اوحد الدین احمد بلگرامی۔ ۱۲۵۷ھ۔ مطبع مصطفائی لکھنؤ۔

۲۰۔ انفس النفائس ۱۲۶۱ھ۔

۲۱۔ منتخب النفائس۔ مولوی عبدالاحد ۱۲۶۲ھ۔

۲۲۔ جان شیکسپیئر کا ہندوستانی انگریزی لغت۔ لندن ۱۸۱۷ء۔ بار چہارم ۱۸۳۹ء۔

۲۳۔ جے۔ ٹی تھامسن۔ اردو اینڈ انگلش ڈکشنری۔ دسمبر ۱۸۲۷ء۔

۲۴۔ ولیم یسٹس۔ ہندوستانی انگریزی لغت۔ بپٹسٹ مشن پریس کلکتہ ۱۸۴۷ء۔

۲۵۔ ناتھے برائس۔ ہندوستانی لغت (رومن لپی) کلکتہ ۱۸۴۷ء۔

۲۶۔ ڈنکن فاربس۔ ہندوستانی انگریزی لغت۔ لندن ۱۸۴۸ء۔ مختصر ہندوستانی انگریزی لغت۔ لندن ۱۸۶۱ء۔

۲۷۔ برٹرینڈ۔ پیرس ۱۸۵۸ء۔ فرانسیسی زبان میں لکھا گیا
۲۸۔ براٹسں۔ لندن ۱۸۶۴ء۔
۲۹۔ ایچ آندرس۔ اردو انگلش لغت مطبوعہ بار ہفتم۔ بپٹسٹ مشن پریس کلکتہ ۱۸۶۹ء۔
۳۰۔ جان پلیٹس۔ ۱۸۷۴ء۔
۳۱۔ فیلن۔ بنارس ۱۸۷۶ء۔
۳۲۔ فرانسوا ویلوئکل۔ ہندوستانی فرانسیسی لغت ۱۸۷۶ء۔
۳۳۔ سرمایۂ زبان اردو۔ جلال لکھنوی ۱۳۰۴ھ۔
۳۴۔ لیگن۔ اردو لاطینی اور انگریزی کا لغت۔ رومن کیتھولک آرفن پریس سردھنہ ۱۸۸۲ء۔
۳۵۔ امیر اللغات دو جلدیں۔ امیر مینائی ۹۲۔۱۸۹۱ء۔ مفید عام پریس آگرہ۔
۳۶۔ فیروز اللغات۔ مولوی فیروز الدین ۱۸۹۷ء۔ فیروز سنز لاہور۔
۳۷۔ فرہنگ آصفیہ۔ چار جلدیں۔ منشی سید احمد دہلوی ۱۹۰۸ء۔
۳۸۔ نوراللغات۔ چار جلدیں۔ مولوی نورالحسن نیر کاکوروی۔ ۱۹۲۲ء تا ۱۹۳۱ء۔
۳۹۔ جامع اللغات۔ چار جلدیں۔ عبدالحمید لاہوری۔
۴۰۔ اسٹینڈرڈ اردو ڈکشنری۔ آغا محمد باقر ۱۹۴۸ء۔ علمی پرنٹنگ پریس لاہور۔
۴۱۔ نسیم اللغات۔ نسیم امروہوی ۱۹۵۵ء۔ استقلال پریس لاہور۔
۴۲۔ فرہنگ اثر۔ نواب جعفر علی خاں اثر لکھنوی۔ ۱۹۶۱ء۔ سرفراز قومی پریس لکھنؤ۔

ان کے علاوہ کچھ ایسی کتابیں بھی لکھی گئی ہیں جن میں کتنی ہی بولیوں سے مترادفات لے کر جمع کر دئے گئے ہیں۔ ان کو عام طور سے نصاب کہا جاتا ہے۔ ان میں سے کچھ کے نام یہاں لکھے جاتے ہیں۔

۱۔ اجے چند نامہ۔ اجے چند بھٹناگر ۹۶۰ھ۔
۲۔ اللہ خدائی۔ اس کا لکھنے والا شاہجہاں بادشاہ کے زمانے میں گزارا ہے۔ اس کا تخلص تجلی تھا۔ اس کتاب کی عبارت اردو اور اس کا سن تصنیف ۱۰۶۰ھ ہے۔
۳۔ مطبوع الصبیان (خالق باری)۔ اس کا لکھنے والا عالمگیر کے زمانے کا خسرو ہے۔
۴۔ مفتاح الاخواہ۔ حافظ احسن اللہ لاہوری ۱۱۹۶ھ۔
۵۔ گوہر منظوم۔ محمد علی محمد ۱۲۶۷ھ۔

۶۔ نصاب ضروری ۔ خدا بخش ۱۲۸۰ھ ۔

۷۔ خیابان گلشن ۔ محمد علی محمد ۱۲۸۰ھ ۔

۸۔ قادر نامہ غالب ۔ اسد اللہ خاں غالب دہلوی ۱۲۸۰ھ ۔

۹۔ نصاب نادر الترتیب ۔ عزیز الدین احمد ۱۲۹۴ھ ۔

۱۰۔ نصاب فیض شاہجہانی ۔ حافظ غلام احمد فردغی ۱۳۰۸ھ ۔

۱۱۔ نصاب حیات عزیزی ۔ حافظ غلام احمد فردغی ۱۳۰۹ھ ۔

۱۲۔ نصاب بے نظیر ۔ حافظ غلام احمد فردغی ۱۳۱۶ھ ۔

۱۳۔ نصاب نذر سلطانی ۔ حافظ غلام احمد فردغی ۱۳۲۳ھ ۔

ان کتابوں کے علاوہ کچھ کتابیں اصطلاحات پر لکھی گئی ہیں جن میں فرہنگ اصطلاحات جہازرانی (کلکتہ ۱۸۱۱ء) کا نام سب سے پہلے آتا ہے ۔ یہ کتاب کپتان ٹامس روبک نے لکھی تھی جو فورٹ ولیم کالج میں نائب سیکرٹری تھا ۔ اس کتاب میں اس نے جہاز کے حصوں کے نام، جہازرانی کی اصطلاحات اور بحریہ کی قواعد پریڈ کے بول لکھے ہیں ۔ کچھ کتابیں محاوروں اور کہاوتوں وغیرہ پر لکھی گئی ہیں جیسے مرزا جان طپش کی شمس البیان فی مصطلحات ہندوستان (۱۲۰۷ھ) ۔ اس کتاب میں اردو محاوروں کے معنی فارسی میں لکھے ہیں اور ان کی سند کے لئے شاعروں کے شعر میں دیئے ہیں ۔ منشی چرنجی لال کی کتاب مخزن المحاورات (۱۸۶۶ء) ۔ فیلن کا ہندوستانی امثال کا لغت (۱۸۶۹ء) ۔ مولوی سبحان بخش کی کتاب محاورات ہند (۱۸۹۰ء) جس میں مقولے، کہاوتیں اور محاورے جمع کئے گئے ہیں ۔ فلپس کی کتاب ہندوستانی محاورات (لندن ۔ ۱۸۹۲ء) ۔ فلٹ کی کتاب محاورات اردو (کلکتہ ۱۹۱۰ء) ۔ وزیر بیگم ضیاء کی کتاب محاورات نسواں (۱۹۴۴ء) ۔ جس میں عورتوں کے محاورے اور بول اکٹھے کئے گئے ہیں ۔

ان کتابوں پر ایک نظر ڈالنے سے یہ بات کھل جاتی ہے کہ لغت لکھنے میں بہت سی سکڑی گھاٹیوں سے نکلنا ہوتا ہے ۔ ان میں سے پہلی گھاٹی بولوں کا اکٹھا کرنا ہے ۔ ہر لکھنے والا اپنے بس بھر تو اپنی کتاب کے لئے زیادہ سے زیادہ بول ڈھونڈ ڈھونڈ کر لاتا ہے پھر بھی ہر لغت میں بولوں کی بہت کچھ کمی رہ جاتی ہے ۔ سچ پوچھئے تو دنیا کی کسی بولی میں آج تک کوئی ایسا لغت نہیں لکھا گیا جس میں اس بولی کے سارے کے سارے بول ملتے ہوں ۔ کارن یہ ہے کہ کوئی ایک آدمی کسی پوری بولی کو نہ جانتا

ہے اور نہ جان سکتا ہے اور جو یہ کام ایک سے زیادہ آدمی کریں تو یہ تو ہو سکتا ہے کہ جتنے زیادہ آدمی اس کام میں مل جائیں گے لغت میں بول اتنے ہی بڑھ جائیں گے پر لغت میں کچھ نہ کچھ کمی پھر بھی رہ جائے گی اور وہ کبھی سو فیصدی پورا نہیں ہو سکے گا۔ ہم روزانہ ایسے بول بھی سنتے رہتے ہیں جو لغت میں لکھنے سے چھوٹ گئے ہیں پر لغت سے رہ جانے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ بول بولی سے باہر کئے ہیں یا بولی باہر کر دئے گئے ہیں۔ اس پر بھی جو لوگ ہر بول کے لئے بول چال کی جگہ لغت کی سند مانگیں یا مانیں تو یہ ان کی بھول ہی کہلائے گی۔

جب دو بولیاں ملتی ہیں تو آپس میں کچھ لین دین بھی کرتی ہیں۔ ایک بولی دوسری بولی کے دیس میں پہنچ کر اسے کچھ دے دیتی ہے اور اپنے ہی دیس میں دوسری بولی کے آجانے پر اس سے کچھ لے بھی لیتی ہے۔ بولیوں میں یہ لین دین سدا سے ہوتا رہتا آیا ہے اور ایک کے بول دوسرے کے یہاں مانگے جاتے رہے ہیں۔ اس لئے آج دنیا کی کوئی ایک بولی بھی ایسی نہیں ملتی جو بدیسی بولوں سے خالی ہو۔

ہندوستان میں جب آریائی، فارسی اور انگریزی بولیاں باہر سے آئیں تو انھوں نے دیسی بولیوں کو بہت کچھ دیا اور بہت کچھ ان سے بھی لیا جس کے کارن انھیں سنسکرت، سبک ہندی اور انڈین انگلش کے نام دئے گئے۔ یہی اردو کے ساتھ بھی ہوا کہ ایک طرف تو اس نے باہر سے آنے والی آریائی، فارسی اور انگریزی سے گھر بیٹھے بہت سے بول لے لئے اور دوسری طرف راجستھانی، ہریانی، برج بھاشا، پنجابی اور دکنی وغیرہ کے دیسوں میں پہنچ کر ان سے بھی بہت کچھ سمیٹا۔ اس لئے اردو کی بھی آج بہت سی بھانتیں ہو گئی ہیں جیسے اکبر آبادی اردو، دہلوی اردو، لکھنوی اردو، لاہوری اردو، حیدر آبادی اردو، ڈھاکوی اردو۔ اسس کا ثبوت اردو کے ان لغات سے ملتا ہے جو آج تک الگ الگ نگروں میں لکھے گئے ہیں۔

مولوی عبدالواسع ہانسوی کے لغت غرائب اللغات میں ہانسی حصار کی بولی کا پٹ بھی ملتا ہے جیسا کہ سراج الدین علی خاں آرزو نے اپنی کتاب نوادرالالفاظ میں کہا ہے۔ دہلی کے باسی منشی سید احمد کی کتاب فرہنگ آصفیہ میں ہریانی ملی اردو ملتی ہے۔ کاکوری (اودھ) کے رہنے والے مولوی نورالحسن نیر کی کتاب نوراللغات میں اودھی ملی اردو کا نمونہ ملتا ہے اور مولوی فیروز الدین کے لغت فیروز اللغات اور عبدالحمید کے لغت جامع اللغات دونوں میں پنجابی ملی اردو پائی جاتی ہے کیونکہ یہ دونوں پنجاب کے رہنے والے تھے۔ آگرہ اور حیدر آباد (دکن) میں ایسے بڑے لغت تو نہیں لکھے گئے پر

ان نگروں کی بول چال سننے سے پتہ چلتا ہے کہ اکبر آبادی اردو میں راجستھانی اور برج بھاشا کا میل ہے اور حیدر آبادی اردو پر دکنی کا رنگ چڑھا ہوا ہے اور یہ رنگ اردو کے ٹکسالی لہجے اور اُچار کو بھی بدل گیا ہے۔

سنسکرت اور پراکرت کے گرامر نویسوں نے بول کی تین بھانتیں بتائی ہیں۔

۱۔ تت سم: پراکرت کے وہ بول جو سنسکرت میں بھی اسی روپ میں ملتے ہیں۔

۲۔ تدبھو: پراکرت کے وہ بول جو سنسکرت میں کچھ بدلے ہوئے ملتے ہیں اور

۳۔ دیسی: پراکرت کے وہ بول جو سنسکرت میں نہیں ملتے۔

اردو میں مجھے چار بھانت کے بول ملتے ہیں۔

۱۔ دیسی: ہماری بولی کے وہ بول جو سدا سے بولے جا رہے ہیں۔ ان میں سے کچھ تو ایسے ہیں جو اردو کی کچھ پڑوسی بولیوں میں بھی شروع ہی سے ملتے ہیں جیسے گھوڑا، روٹی۔ یعنی وہ ان سب کا ملا جلا مال ہیں اور کچھ بولوں کا چلن اردو کے سوا کسی اور بولی میں نہیں ملتا۔ جیسے چھار چھار۔ بھڑ بھونجا۔

۲۔ بدیسی یا دخیل: یہ دوسری بولیوں کے وہ بول ہیں جو اردو میں جیوں کے تیوں لے لئے گئے ہیں اور بول چال میں کام آ رہے ہیں۔ جیسے خوش، مطلوب، اسٹیشن وغیرہ۔

۳۔ مورّد: یہ وہ بدیسی بول ہیں جن کی بدیسی آوازیں اردو بولنے والوں نے دیسی آوازوں سے بدل لی ہیں یا انھیں اپنے لہجے کے مطابق ڈھال لیا ہے اور اب ان کا روپ کچھ دیسی سا ہو گیا ہے جیسے خیرسلّا (عربی خیر و صلاح)۔ منجور (عربی منظور)۔ فیر (فائر)۔ چراگ (چراغ)۔

۴۔ دخیل نما: یہ وہ بول ہیں جن کی دیسی آوازوں کی جگہ عربی فارسی کی بدیسی آوازیں رکھ کر اردو بولنے والوں نے ہی ان کا روپ بگاڑ لیا ہے اور اب یہ بدیسی لگتے ہیں جیسے عش عش، خرانٹ، قینچی، خرچہ وغیرہ۔ ان کا ٹھیک ٹھیک حال تبھی کھل سکتا ہے جب ایک طرف تو اردو میں ان کی جڑیں ڈھونڈی جائیں اور دوسری طرف بدیسی (عربی، فارسی، ترکی) بولیوں میں ان کے چلن کا کھوج لگایا جائے۔ لغت لکھنے والوں کے لئے ایسے بول بہت کچھ الجھن کھڑی کر دیتے ہیں کیونکہ ان کی جانچ پرکھ کھوجی کا کام ہے اور لغت کار کھوج کا بوجھ اپنے سر نہیں لے سکتا۔ وہ ایسے کسی بول کو بدیسی لکھ دے تو کوئی اچنبھے کی بات نہیں ہے۔ دوسری طرف جو کوئی اس کی یہ بات نہ مانے تو اس پر بھی کوئی روک نہیں لگائی جا سکتی۔

بول جمع کرنے کے ساتھ ساتھ دوسرا کام یہ ہے کہ کتاب کو الگ الگ حصوں میں بانٹا جائے اور بولوں کو الگ الگ بابوں اور فصلوں میں رکھا جائے۔ اس کے لئے عربی کے لغت لکھنے والوں کے یہاں یہ عام ریت ہے کہ وہ بول کے آخری اچھر کو باب اور پہلے اچھر کو فصل مان کر بول بانٹ دیتے ہیں۔ ان کے یہاں جن اچھروں سے باب بنتے ہیں انھیں اچھروں سے فصلیں بھی بنتی ہیں جیسے عرض کے بول کو وہ ض کے باب اور ع کی فصل میں رکھتے ہیں اور نہ ضرع کو ع کے باب اور ض کی فصل میں لکھتے ہیں۔ یوں وہ بابوں کے ناموں کے لئے بھی وہی اچھر کام میں لاتے ہیں جو فصلوں کے ناموں میں کام آتے ہیں۔ اس کا کارن یہ ہے کہ وہ خالی اَسروں (حروف صحیحہ) سے ہی کام لیتے ہیں اور سروں (حروف علت) کو چھوڑ دیتے ہیں اور یہ عربی لپی کی کمی ہے جس میں سروں کو وہ مقام ہی نہیں دیا گیا جو اَسروں کو ملا ہے۔

بابوں اور فصلوں کے ناموں کی بات سے ہٹ کر ان کی بانٹ دیکھی جائے تو عربی بولی کے لئے اس سے اچھا اور کوئی ڈھنگ نہیں ہو سکتا کیونکہ اس بولی میں سارے روپ جڑوں ہی کے ہیر پھیر سے بنتے ہیں جن میں جڑ کا آخری اچھر باقی رہتا ہے۔ جیسے "ض ر ب" کی جڑ سے بنے ہوئے ضارب، مضروب، مضراب وغیرہ سبھی بولوں کا آخری اچھر جڑ کی طرح "ب" ہی ہے۔ یوں ایک جڑ سے بننے والے سارے بول ایک ہی باب میں اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ پر بولی بولی کا سبھاؤ الگ الگ ہوتا ہے اس لئے یہ ڈھنگ فارسی اور اردو جیسی بولیوں میں کام میں نہیں دے سکتا جنھیں ٹک جوڑ کہتے ہیں اور جن کی جڑوں پر اگ لگوے (سابقے) اور پچھ لگوے (لاحقے) لگا لگا کر بول بنائے جاتے ہیں۔

عربی کی دیکھا دیکھی فارسی کے بھی بہت سے لغات میں بے سوچے سمجھے یہی بانٹ رکھی گئی ہے جب کہ اس میں جڑوں پر لگوے (سابقے، لاحقے) چپکا چپکا کر بول بنائے جاتے ہیں۔ اس کا پھل وہاں یہ نکلا کہ ایک جڑ سے بننے والے بول اکٹھے ہونے کے بجائے کتنے ہی بابوں میں بٹ گئے۔ اس کی مثال کے لئے فرہنگ جہانگیری کا دیکھ لینا ہی کافی ہو گا۔ اردو میں فارسی سے بھی زیادہ لگوے (سابقے، لاحقے) ملتے ہیں اور انھیں کے بل بوتے پر وہ اتنی پھلی پھولی ہے اس لئے یہاں یہ بانٹ اور بھی بے تکی ٹھیرتی ہے۔ پھر بھی میں نے اردو کا ایک آدھ چھوٹا سا لغت عربی کے اسی ڈھنگ پر لکھا ہوا پایا ہے۔

فارسی کے کچھ لغات میں بول کے پہلے اچھر کو بھی باب بنایا گیا ہے۔ انگریزی کے سبھی لغات میں بابوں کی بانٹ اسی ڈھنگ پر رکھی گئی ہے اور اردو میں بھی اکا دکا لغت کو چھوڑ کر یہی ریت ملتی

ہے کیونکہ ان تینوں ہی بولیوں میں لگوڑن کا عمل دخل کافی ہے۔اب رہی فصل کی بات تو اس سے انگریزی لغات سرے سے خالی ہیں۔ان میں بول اپنے پہلے اچھر پھر دوسرے پھر تیسرے اچھر کے حساب سے جماتے جاتے ہیں اور یوں ایک اچھر سے شروع ہونے والے بول آخر تک ایک ہی سانس میں لکھتے چلے جاتے ہیں۔ہاں فارسی اور اردو کے کچھ لغات میں بول کے دوسرے اچھر کو فصل بھی ٹھیرایا گیا ہے جو عام طور پر اَسر (حرف صحیح) ہی ہوتا ہے کیونکہ ان بولیوں کی لپی بھی عربی ہے جس میں چھوٹے سروں (زیر، زبر، پیش) کو تو دھیان میں ہی نہیں لاتے اور بڑے سروں میں ا، و، ی سے کام لیتے ہیں جو کہیں سر اور کہیں اَسر ہوتے ہیں۔اس سے یہ ہوتا ہے کہ جو بول اَو، اُو، اوْ سے شروع ہوتے ہیں جیسے اَول، اُول، اوْل یا ان پر ختم ہوتے ہیں جیسے لَو، لُو، لوْ یا جن کے بیچ میں سر آجاتے ہیں جیسے موَل، مُول، موْل وہ ایک ہی جگہ اکٹھے ہو جاتے ہیں کیونکہ یہ تینوں سر الف اور واؤ سے ہی لکھے جاتے ہیں اور پھر لغت سے ان لفظوں کا صحیح صحیح تلفظ معلوم نہیں ہو پاتا۔

اسی طرح اَے اور اِے سے شروع ہونے والے الفاظ جیسے اَین اور اِیک یا ان پر ختم ہونے والے بول جیسے لَے اور لِے اکٹھے ہو جاتے ہیں اور جو یہ سر بولوں کے بیچ میں آپڑتے ہیں تو ای کے سر والے بول بھی ان کے ساتھ مل جاتے ہیں جیسے بیر (بَے ر، بِے ر، بی ر) جبکہ ان سب کی جڑیں اور جڑوں کے ساتھ ساتھ ان کے اُچار اور معنی بھی الگ الگ ہوتے ہیں۔اس ڈھنگ سے گڑبڑ یہ ہوتی ہے کہ ایک جڑ سے بننے والے بول پورے لغت میں بکھر جاتے ہیں اور کئی کئی جڑوں کے بول اکٹھے ہوجاتے ہیں جس سے جڑوں کا سمجھنا کٹھن ہو جاتا ہے۔

سنسکرت میں دیوناگری لپی میں لکھی جانے والی دوسری بولیوں جیسے ہندی وغیرہ میں پہلے اسر (حرف صحیح) کو باب اور اس کے پیچھے آنے والے سر (حرف علت) کو فصل ٹھیراتے ہیں۔اردو میں بھی بول ہمزہ سے شروع ہوتا ہے یا کسی دوسرے اسر (حرف صحیح) سے اس لئے اردو لغت میں پہلی ہمزہ یا پہلے اسر کو باب اور پہلے سر کو فصل ماننا چاہیے۔ہماری بولی کے لغت کے لئے یہ طریقہ سائنٹفک ہے۔اس سے ایک جڑ کے بول ایک ہی جگہ لکھے جاتے ہیں جیسے بوَر، بوَرا، بوَران، بوَرانا، بوَری وغیرہ اور بولوں کی جڑوں کے معنی اور بول بنانے کے ڈھنگ سیکھنے میں بھی سہارا مل جاتا ہے۔

بول کی پونجی اکہرے بولوں، سماسوں (مرکبات) مقولوں، محاوروں اور کہاوتوں سے بنتی ہے۔ بنتی ہے۔ان کو لغت میں لکھنے کے کئی ڈھنگ ہو سکتے ہیں۔ایک یہ کہ خالی جڑ کی سرخی بنا لی جائے اور

اس سے بننے والے ردپوں، مقولوں اور کہاوتوں وغیرہ کو اس کے پیٹ میں لکھ دیا جائے پر ایسا لغت خالی جڑوں کا لغت بن کر رہ جائے گا کیونکہ بولی کی پوری کی پوری پونجی انھیں جڑوں کے پیٹ میں سما جائے گی۔ دوسرا ڈھنگ یہ ہے کہ سماس کی بھی سرخی بنائی جائے اور خالی مقولوں، محاوروں اور کہاوتوں ہی کو بول کے پیٹے میں رکھا جائے۔ پر اس صورت میں بولوں کی ترتیب کا جھگڑا اٹھ کھڑا ہوتا ہے کہ "اچھا" کے بعد "اچھائی" کا بول پہلے لکھا جائے یا "اچھا خاصا" کا سماس۔ تیسرا ڈھنگ یہ ہے کہ جڑ اور جڑ کے ساتھ اس سے بننے والے بولوں کی الگ الگ سرخیاں بنائی جائیں اور سماسوں، مقولوں، محاوروں اور کہاوتوں کو اسی بول کے پیٹ میں لکھا جائے جو ان میں پہلے آتا ہے۔ اردو لغات کے لئے یہی تیسری اور آخری ترتیب ٹھیک لگتی ہے۔

کسی بولی میں جس گھڑی کوئی نیا بول بنتا ہے اس کے بولنے کا ڈھنگ بھی اسی گھڑی طے کر دیا جاتا ہے جسے ہم اُچار (تلفظ) کہتے ہیں اور ایک بول کا اُچار سدا ایک ہی ہوتا ہے۔ کم سے کم بیٹوں کے نام تو باپوں نے دو دو اُچاروں سے نہیں پکارے ہوں گے۔ پر ہم یہ دیکھتے ہیں کہ عربی کے داؤد کو انگریزی میں ڈیوڈ، یوسف کو جوزف، یوشع کو جوشوا اور یوحنا کو جون بولا جاتا ہے۔ ایک ایک نام کے ان دو اُچاروں میں سے ایک اصلی اور دوسرا بدلا یا بگڑا ہوا ہے۔ کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ بولنے والوں کے گلے کی خرابی یا دیس دیس کی الگ الگ آب و ہوا یا دھرتی کی بناوٹ (پہاڑ، جنگل، ریگستان وغیرہ) سے اُچار بگڑ جاتا ہے پر میں نے یہ دیکھا ہے کہ یہ بگاڑ خالی لپی سے جنم لیتا ہے۔

بول جب تک کانوں سے سنا جاتا ہے اس کا اُچار ٹھیک رہتا ہے پر جیسے ہی وہ کاغذ پر آتا ہے اور پھر کاغذ سے ہی پڑھا جاتا ہے تو اس کا اُچار بگڑ جاتا ہے کیونکہ آواز اور اچھر کا ناتا سماج کی ایک من مانی ریت ہے جسے اس سماج سے باہر کے لوگ نہیں سمجھ پاتے۔ لپی آوازیں بند کرنے کے لئے بنی تھی اور آج سنسار میں بولیوں کی طرح لپیوں کی بھی بہت بڑی گنتی ملتی ہے پر ان میں سے کوئی ایک لپی بھی اتنی پکی نہیں ہے کہ کسی ایک بولی کی آوازوں کو بھی پوری طرح جکڑ سکے اور بولوں کا ٹھیک ٹھیک اُچار بتا سکے۔ اس لئے ہر لپی کا کام ریت کے سہارے چلتا ہے جس میں اچھروں کی بناوٹ اور ملاوٹ جیسے کئی موڑ پیچ آتے ہیں۔ ان میں سے انگریزی کی رومن لپی تو بہت ہی کچی اور بودی ہے۔ لکھیں عیسیٰ پڑھیں موسیٰ کی کہاوت اسی پر ٹھیک بیٹھتی ہے۔ کارن یہ ہے کہ اس میں سروں کے لئے خالی پانچ ہی اچھر ملتے ہیں اور پانچ اچھروں سے کام نہیں چلتا کیونکہ سروں کی گنتی ان سے کہیں زیادہ ہے۔ اس میں

نہ غنہ کے لئے کوئی علامت یا اچھر ہے نہ ہندوستانی بولیوں کی بھاری آوازوں (دکھ، گھ، بھ، بھ وغیرہ) کے لئے اور نہ عربی فارسی کے بہت اسروں (خ، ذ، ز، ع، غ، ف، ق وغیرہ) ہی کے لئے کوئی اچھر ملتا ہے۔ اس وجہ سے اس کے ایک ایک اچھر کی کئی کئی آوازیں مانی جاتی ہے اور پھر دیس دیس میں اس کے ایک ایک اچھر کی آوازیں بھی الگ الگ ہو جاتی ہے۔ ترکی میں جلال کو رومن لپی سلال اور مصر میں جمال کو گمال یا گیمل لکھتی ہے۔

اردو کی عربی لپی میں بھی سروں کا کوئی دھیان نہیں ہے۔ چھوٹے سروں کے لئے تین علامتیں (زیر، زبر، پیش) تو ہیں پر اچھروں پر ان کے لگانے کی کوئی پابندی نہیں ہے۔ لمبے سروں کے لئے ا، و، ی کا سہارا لیا جاتا ہے جو دوسری جگہ اسر (حروف صحیحہ) کا کام بھی دیتے ہیں اور پڑھنے والوں کو چکرا دیتے ہیں کہ انھیں سر پڑھیں یا اسر۔ دو چشمی ہے اور ہائے ہوز کی آوازوں میں بھی گھپلا ہو جاتا ہے۔ یے (یا) جب بول کے بیچ میں آتی ہے تو یائے معروف اور یائے مجہول کا بل مٹ جاتا ہے۔ شیر کو شی ر اور شے ر دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں بلکہ اسے شَے ر بھی بول سکتے ہیں۔ پھر اس لپی میں کئی سروں کی علامتیں ہی سرے سے نہیں ملتیں۔ اس میں ایک ایک بول کئی کئی طرح سے لکھا جاتا ہے اور ایک ہی بول پونچ، پہنچ، پونہچ، پہونچ اور پھونچ کے پانچ روپوں میں لکھا ہوا مل جاتا ہے اس لئے اس لپی کی پڑھائی میں بھی اٹکل ہی سے کام چلتا ہے۔

سنسکرت اور ہندی کی دیوناگری لپی ان دونوں لپیوں سے کچھ اچھی ہے کیونکہ اس میں سروں کے لئے علامتیں ملتی ہیں اور زیادہ تر جیسا لکھو ویسا پڑھو کی آسانی رہتی ہے پر اس میں بھی کئی سروں (اُو، اِے، اَو، اَے کے مختصر روپوں) کے لئے علامتیں نہیں ملتیں اور عربی فارسی کے خاص اچھروں (ع، ق، ز وغیرہ) کے لئے بھی اچھر نہیں ہیں۔ چل (متحرک) اور اَچل (ساکن) اچھروں کی لکھاوٹ کا ڈھنگ تو ہے پر اس کی پابندی نہیں ہے۔ یوں اس لپی کے کے پڑھنے میں بھی بہت کچھ اٹکل سے کام چلانا پڑتا ہے۔

لپیوں کی کھوٹ کے کارن ہی لکھاوٹی روپ دیکھ دیکھ کر لوگوں کا اُچار بھی بگڑ جاتا ہے۔ وہ جب اردو کے "پیار" کو اردو ہی میں پ یار اور بھڑوا کو بھڑ۔ وا بولنے لگے ہیں۔ انگریزی میں عربی جمل (اونٹ) کو کیمل، قطن کو کوٹن، اردو کتیلی کو کیٹل، کھاٹ کو کوٹ، فارسی دیدار کو تھیٹر، خاکی کو کھاکی کہنے لگے ہیں اور وید ک میں فارسی خرامیم (ہم چلیں) کو کرامیم، فارسی خرد کو کرتو اور فارسی دروغ کو

درو گھ پڑھتے چلے آرہے ہیں تو عربی کے اولوالعزم کو اولو۔العزم اور فارسی خوار کو خ وار بھی پڑھ سکتے ہیں۔

یوں تو بولی کے سماج میں جہاں ہر ایک بول کا اُچار کانوں سے سنا جاتا ہے لغات میں اُچار لکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ پر دوسرے دیس میں جہاں لوگوں کو اس کے بولوں کا اُچار سننے کو نہیں ملتا اور خالی لکھاوٹوں سے ہی کام چلانا پڑتا ہے لغات میں بولوں کا اُچار دینا بہت ضروری ہو جاتا ہے۔ عربی، فارسی اور انگریزی کے لغات میں یہ ریت بھی ملتی ہے۔ عربی فارسی میں یہ کام عبارتوں سے اور انگریزی میں علامتوں سے لیا جاتا ہے۔ ان کی دیکھا دیکھی اردو کے لغات میں بھی کہیں کہیں اس کا جتن کیا گیا ہے پر بہت ہی بے دلی سے کیا گیا ہے کیونکہ ہماری لپی میں سردں کی علامتیں نہ ہونے کے برابر ہیں اور جب تک علامتیں نہیں بنیں گی یہ کام بھی ٹھیک نہیں ہوسکے گا۔

بول ہر بھانت کی آواز کو کہتے ہیں چاہے وہ کسی بے جان چیز کی ہو چاہے کسی جاندار کے منہ سے نکلی ہو اسی لئے ہم کہتے ہیں کہ جنگل بولتا ہے۔ رن بولتا ہے۔ چارپائی بولتی ہے۔ کوا بولتا ہے۔ بچا بولتا ہے۔ انسان بولتا ہے۔

بول دو بھانت کے ہوتے ہیں ایک بے معنی یا مہمل جیسے بچر مچر اور ہیر پھیر میں بچر اور ہیر، پانی وانی اور روٹی ووٹی میں وانی اور ووٹی، انگڑ کھنگڑ اور آس پاس میں انگڑ اور آس، جھوٹ موٹ اور جگ مگ میں موٹ اور مگ مہمل بول ہیں اور خالی تُک ملانے کے لئے بولے جاتے ہیں۔ کچھ مہمل بول ایسے ہوتے ہیں جو بھار (وزن) پورا کرنے کے کام آتے ہیں جیسے پھیر پھار، ٹیپ ٹاپ اور ڈھیل ڈھال میں پھار، ٹاپ اور ڈھال یا منا منو کر اور چھو چھا کر میں منو اور چھا۔

دوسری بھانت کے بول وہ ہیں جن سے بولنے والا اپنا سوچ بچار دوسروں تک پہنچاتا ہے۔ یہ معنی دار بول کہلاتے ہیں۔ انھیں کی ڈوری یا مالا کو ہم بولی کہتے ہیں۔ سنسار کی ہر بولی میں انھیں کی گنتی بڑھی ہوئی ہے اور انھیں کے سہارے آدم سماج کا دھندا چلتا ہے۔ بولی کا کام بھی یہی ہے کہ وہ دو انسانوں میں ناتا جوڑے اور وہ ناتا بولنے اور سننے والے کا ہوتا ہے۔ ایک آدمی اپنے من کا بھاؤ دوسرے کو بتاتا ہے اور پھر دوسرا اپنے آپ کو اس کا سنگی ساتھی سمجھنے لگتا ہے۔ انسانوں میں سنگ ساتھ کا یہ بھاؤ بولوں سے ہی جاگتا ہے پر یہ بول وہی ہیں جن میں بولنے والے کا سوچ لپٹا ہوتا ہے اور جن کے کچھ معنی ہوتے ہیں۔

معنی اسس ذہنی تصویر کو کہتے ہیں جو بول میں چھپی ہوتی ہے۔ وہ ذہنی تصویر یا معنی یا مراد یا

مانی الضمیر یا اندیا (عندیہ) جو سننے والے تک پہنچایا جاتا ہے۔ بول میں لپیٹ کر ہی پہنچایا جاتا ہے۔ اس کو سمجھنے کے لئے ایک مثال لیجئے۔ کسی جگہ سوکھے پتوں، تنکوں اور چھوٹی موٹی لکڑیوں کا ڈھیر لگا ہوا ہے۔ ایک شخص ماچس کی تیلی رگڑ کر اس ڈھیر میں ڈال دیتا ہے۔ تیلی میں سے لال رنگ کی ایک لو نکلتی ہے اور دیکھتے دیکھتے اس کوڑے میں سے کہیں لو اور کہیں دھواں نکلنے لگتا ہے اور پتے تنکے چر مر ہونے اور سکڑنے لگتے ہیں جو پہلے سرخ پھر کالے اور پھر سلیٹی رنگ کے ہوتے جاتے ہیں۔ اس گھڑی جو بھی آتا ہے ڈھیر کی یہ حالت آپ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتا ہے اور کسی کو اس سے کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہوتی پر جب کچھ دیر پیچھے یہی بات کسی ایسے آدمی سے کہی جاتی ہے جس نے یہ حال اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا تھا تو کہنے والا بس اتنا کہہ دیتا ہے کہ ماچس سے کوڑے میں آگ لگا دی گئی اور وہ جل گیا اور سننے والا اس کا مطلب اچھی طرح سمجھ جاتا ہے۔ اس گھڑی نہ ماچس سامنے ہوتی ہے نہ لو نہ کوڑے کا ڈھیر۔ ان چیزوں کی جگہ کہنے والے کے ذہن میں خالی ان کی تصویریں ہوتی ہیں جنھیں وہ آوازوں میں لپیٹ کر سننے والے تک پہنچا دیتا ہے۔ اسے دوسری طرح یوں سمجھئے کہ "کوڑے" کا بول پتوں اور تنکوں کا کوئی مادی ڈھیر نہیں ہے نہ ان کی ذہنی تصویر ہے بلکہ وہ آواز ہے جو پتوں اور تنکوں کے ڈھیر کی ذہنی تصویر اُجالتی ہے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ چیزوں کی ذہنی تصویر کے لئے بول کس اصول سے مقرر کئے گئے یعنی چیزوں کے نام کیونکر رکھے گئے۔ اس کے لئے کچھ بولوں اور ان کے معنی پر دھیان دیجئے جیسے گول (دائرہ نما۔ پیپل کا پھل۔ بڑا مٹکا) ۔ لال (سرخ رنگ۔ اسی رنگ کا ایک قیمتی پتھر۔ اس رنگ کی ایک چڑیا) ۔ باڑھ (پھیلاؤ۔ تلوار کی دھار۔ دیوار یا پشتہ) ۔ کالا (سیاہ۔ سیاہ رنگ کا سانپ جسے انگریزی میں کوبرا کہتے ہیں) ۔ کھٹا (ترش اور ایک پھل جس کا مزہ ترش ہوتا ہے) ۔ ان بولوں کے معنی بتاتے ہیں کہ چیزوں کے نام رکھنے میں انسان کا سوچ دو منزلوں سے گزرا ہے۔ پہلی منزل میں اس نے کئی چیزوں کو دیکھا۔ ان کا آپس میں ملان کیا۔ ہر ایک میں کئی کئی گن ڈھونڈے پھر ان میں سے ایک ایسا گن نکال لیا جو سب چیزوں میں پایا جاتا تھا اور اسے ایک نام دے دیا۔ پھر انسان کا سوچ دوسری منزل میں پہنچا۔ وہ یہ گن لے کر آگے بڑھا اور اس نے دوسری بہت سی چیزیں دیکھیں اور جن جن میں اس نے یہ خاص گن ابھرا ہوا پایا ان کا یہی نام رکھ دیا۔ بات کو چھوٹا کر کے یوں کہا جا سکتا ہے کہ چیزوں کے نام ان کے کسی گن پر رکھے گئے ہیں اور ایک ایک بول کے دو دو معنی ٹھیرائے گئے ہیں۔ ایک گن اور

دوسرے کوئی چیز یا ہستی جس میں وہ گن دوسرے گنوں سے ابھرا ہوا ملتا ہے، اردو میں اسم اور صفت دونوں کے لئے جو ایک بول ملتا ہے اس کا کارن یہی ہے۔

نام رکھنے میں انسان کے سامنے دوسری بات چیزوں کی حالت یا کیفیت رہی ہے۔ مثال کے لئے کچھ دوسرے بول دیکھئے جیسے ڈھال (زوال، نشیب یا رَرَک اور ایک رَرَکواں ہتھیار)۔ چھاپ (ڈھکاؤ یا اُوٹ، نقش، مہر اور مہر لگانے کی انگوٹھی)۔ ڈُول (دائیں بائیں کی جنبش اور کنوئیں سے پانی نکالنے کا برتن جو پانی نکالتے میں دائیں بائیں ہلتا رہتا ہے)۔ بانٹ (تقسیم اور تقسیم کرنے والا لوہے یا پتھر کا وزن)۔ بھیڑ (رگڑ یا لَس اور ایک چوپایہ جو ایک دوسرے سے رگڑ رگڑ کر یا بھڑ کر چلتا ہے)۔ جھول (پینگ یا جھوٹا اور ہاتھی کی پیٹھ پر پڑا ہوا کپڑا جو اس کے دونوں طرف جھولتا رہتا ہے)۔ داب (دباؤ اور پودے کی وہ ٹہنی جو دبا دی گئی ہو جس سے اس میں جڑ نکل آئے)۔ یہ مثالیں بتاتی ہیں کہ یہاں بھی نام رکھنے کے عمل میں انسانی سوچ انھیں دو منزلوں سے گزرا ہے جن کا ذکر پچھلی مثالوں کے ساتھ کیا جا چکا ہے پر یہاں چیزوں کے نام ان کی حالت یا کیفیت پر رکھے گئے ہیں۔ اسی لئے اردو میں اسم اور فعل میں بھی کوئی بل نہیں ملتا اور فعلی مادّے سب کے سب اسم بھی ہوتے ہیں جیسے مار، چھانٹ، ڈانٹ، دوڑ، پھیر، گھیر وغیرہ۔

ان کے ساتھ ساتھ بولوں کی ایک بھانت اور بھی ہے جو ان چیزوں کے آپس کے ناتے کے لئے گھڑے گئے ہیں اور یہ ناتے مکانی یا زمینی ہیں جو سمت اور رخ کو سامنے رکھ کر طے کئے گئے ہیں یا زمانی ہیں جیسے سے (آغاز۔ پہلے۔ سر)۔ تک (اخیر۔ پیچھے)۔ پر (اوپر۔ باہر)۔ میں (کے بیچ۔ بھیتر۔ من)۔ کو (پاس۔ پنجابی کول۔ ہریانی کن یا کنے۔ کی طرف)۔ کا (متعلق۔ منسوب)۔ ان کے گھڑنے میں آگے پیچھے، پہلے بعد میں، اوپر نیچے، باہر بھیتر، پاس اور دور جیسی مکانی اور زمانی سمتیں انسان کے سامنے رہی ہیں۔

دنیا کی ہر بولی کی طرح اردو میں بھی ایک ایک بول کے کئی کئی معنی اور کئی کئی بولوں کے ایک معنی ہوتے ہیں۔ مثال کے لئے "نیل" کا بول لے لیجئے۔ اس کے کئی معنی ہیں۔ ۱۔ ایک بھانت کا رنگ، چوٹ کا نشان، آسمان (سنسکرت نبھ)۔ پانی (ہندی نیر۔ اردو محاورے "آنکھوں کا نیل ڈھلنا" میں نیل کے یہی معنی ہیں)۔ یہ نام رنگ پر رکھے گئے ہیں۔ ۲۔ ڈھانکنا، ہڑپ کرنا (اردو نگل)۔ سورج یا چاند کا پورا گہن جو سبر نیل کہلاتا ہے۔ ۳۔ پھیلاؤ۔ پھیل (فیل) اسی سے نیلا (راڑ کرنے والا فیلیا یا پھیلیا) بنا ہے۔

یہ جتنے معنی اوپر بیان کئے گئے ہیں سب کے سب اصلی، حقیقی یا لغوی کہلاتے ہیں پر جب بول اور کسی چیز میں تشبیہ کا ناتا یا اور کوئی رشتہ جوڑ دیا جاتا ہے تو وہ چیز اس بول کے مجازی معنی کہلاتی ہے جیسے حسین چاند کے اور بیٹا لال کے مجازی معنی ہیں۔ دونوں معنی میں ایک اور بل یہ ہے کہ حقیقی معنی بدلے نہیں جا سکتے اور مجازی معنی بولنے اور سننے والے کے ماحول کے ساتھ ساتھ بدلتے رہتے ہیں۔ جب دو آدمی آپس میں باتیں کرتے ہیں تو وہ بولوں کے حقیقی معنی ہی کے سہارے ایک دوسرے کا اندیا سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں اور جو ہر آدمی اپنے اپنے من بھاؤ سے یہ معنی بدلنے لگے تو ایک کی بات دوسرے کو سمجھنا کٹھن ہو جائے اور وہ نیو ہی بیٹھ جائے جس پر بولی کا محل کھڑا کیا گیا ہے۔ بولنے والے خالی مجازی معنی ہی بدل سکتے ہیں اور یہ اختیار بھی اس لئے دیا گیا ہے کہ ان کا ذہنی اور مادی ماحول بدلتا رہتا ہے۔ بھونرا بوالہوس کو بھی کہہ سکتے ہیں اور کالے آدمی کو بھی بلکہ بھن بھنانے والے کو بھی اس نام سے پکار سکتے ہیں پر اس اختیار کی بھی ایک حد ہے اور وہ یہ ہے کہ بول اور بول کے مجازی معنی میں زیادہ دوری نہ ہونے پائے نہیں تو ایک کی بات دوسرے کی سمجھ سے باہر ہو جائے گی۔

بولوں کے ساتھ ساتھ یہاں محاوروں کا ذکر بھی ضروری ہے جو کبھی کبھی بہت بے تکے لگتے ہیں اور کہنے والا کہہ اٹھتا ہے کہ محاورے اور اس کے معنی کا تو کوئی جوڑ ہی نہیں ہے۔ کچھ بھولے لوگوں کا یہ سوچ ہے کہ ہم بہت چتر اور سیانے ہیں اور پچھلے سب کے سب ناسمجھ تھے جو یوں ہی اوٹ پٹانگ باتیں کیا کرتے تھے۔ انھوں نے جو بہت سی انمل بے جوڑ باتیں کی ہیں انھیں میں ایک محاورے اور ان کے معنی بھی ہیں۔ اس سوچ نے ہی ہمیں محاوروں اور ان کے معنی کا کھوج لگانے سے روک رکھا ہے نہیں تو محاورے کوئی انوکھی چیز نہیں ہیں۔ یہ بولوں سے ہی بنتے ہیں اس لئے محاوروں سے پہلے ان بولوں کے معنی جان لینا چاہئیں جن کے ملنے سے محاورے بنتے ہیں اور مجازی معنی دیتے ہیں۔ تاہم سب سے پہلے ہمیں ان بولوں کے حقیقی معنی سمجھ لینا چاہئیں۔

اس کے لئے اردو کا ایک بول "چلّا" لے لیجئے جس سے کئی محاورے بنتے ہیں جیسے چلا چڑھانا، چلا کھینچنا، چلا باندھنا۔ پہلے محاورے میں اس کے معنی تانت، دوسرے میں لکیر اور تیسرے میں تاگا ہیں اور تانت، لکیر اور تاگا میں لمبائی اور سلسلے کا گن پایا جاتا ہے اس لئے لمبائی یا سلسلہ اس بول کے اصلی معنی ہیں۔ ان محاوروں کے ترتیب سے حقیقی یا لغوی معنی ہیں کمان کو کسنے کے لئے اس کے سرے پر تانت چڑھانا، وظیفہ پڑھنے کے لئے حصار کی لکیریں کھینچنا اور کسی مزار کی جالی یا کٹہرے میں

تاگا باندھنا اور مجازی معنی ہوئے نقصان پہنچانے پر آمادہ ہونا، گھر میں بیٹھ رہنا اور منت ماننا۔ پہلے یعنی حقیقی معنوں میں بولوں کے یہ مجموعے روزمرے اور دوسرے یعنی مجازی معنوں میں محاورے کہلائیں گے۔

ایک ہی معنی رکھنے والے دو بولوں کو ہم معنی یا مترادف کہتے ہیں۔ لغت میں ایک بول کے معنی بتانے کے لئے کسی دوسری بولی کا ہم معنی یا مترادف لکھ دینے کا چلن عام ہے پر کبھی کبھی اسی بولی کا کوئی ایک ایسا بول بھی لکھ دیتے ہیں جو معنی میں اس سے ملتا جلتا ہوتا ہے۔ کچھ جانکاروں کا کہنا ہے کہ ایک ہی بولی میں دو بول مترادف نہیں ہوتے پر میں ایسا نہیں سمجھتا کیونکہ اردو بولی میں آوازیں بدل کر یا گھٹا بڑھا کر بول کے ایسے روپ بھی بن جاتے ہیں جن کے معنی وہی رہتے ہیں۔ انھیں میں بہروپ کہتا ہوں جیسے ڈھانکنا اور ڈھانپنا، لبدی اور لگدی، سابودانہ اور ساگودانہ، لون اور نون۔ مترادف اور بہروپ میں بل یہ ہے کہ مترادف کے معنی تو وہی ہوتے ہیں پر روپ بدلا ہوا ہوتا ہے اور بہروپ وہ بول ہے جس کا روپ بھی پہلے بول کے روپ سے ہی بنتا ہے اور یہ کام کچھ اصولوں سے کیا جاتا ہے جن میں سے بہت سے میری کتاب "اردو کا روپ" میں دئے جا چکے ہیں۔ نیچے میں ان سب کو ایک جگہ لکھ دیتا ہوں۔ ان اصولوں کا مطلب یہ ہے کہ بول کے معنی بدلے بنا اس کے کتنے ہی بہروپ بن جاتے ہیں جن میں سے کچھ اردو میں ہی چالو ہیں، کچھ دوسری پڑوسی بولیوں میں بولے جا رہے ہیں اور کچھ ان اصولوں کی مدد سے نئے بھی بن سکتے ہیں۔

ان اصولوں کو سمجھنے سے پہلے آوازوں کی ان بھانتوں کا جان لینا ضروری ہے جو اردو میں چالو ہیں۔ ان کی گنتی چار ہے۔ ۱۔ سُر (علت جیسے آ، اے، اَوں وغیرہ)۔ ۲۔ اَسر (صحیح جیسے ب، پ، ت وغیرہ)۔ ۳۔ غنہ (ں) جو نکّی سُر کا ایک انگ ہوتا ہے۔ ۴۔ ہمزہ (ء) جو سروں کو چلانے کے لئے اسر کی جگہ بولی جاتی ہے۔ ہمارے بول کے شروع میں اسے الف سے لکھا جاتا ہے۔

اردو میں سات سادہ اور پانچ نکی سر ہیں۔ یہ چھے چھے کے دو جتھوں میں یوں بٹے ہوئے ہیں۔

۱۔ آ۔ اِے۔ اَو۔ اَوْ۔ اِیں۔ اَیں

۲۔ اُو۔ ای۔ اَے۔ آں۔ اَوْں۔ اَوں

ان سروں کی تفصیل نیچے دئے ہوئے نقشے سے اچھی طرح واضح ہو جائے گی۔

اسی اسی طرح اسروں کے بھی دو الگ الگ جتھے ہیں۔

۱۔ ب، بھ، تھ، ٹھ، ج، چھ، د، ڈ، ر، ڑ، س، کھ، گ، ل، ابتدائی م، ن، درمیانی اور آخری مھ، نھ، ہ اور ہمزہ (ء)۔ کل تعداد (۲۰)

۲۔ بھ، پ، ت، ٹ، جھ، چ، دھ، ڈھ، رھ، ڑھ، ک، گھ، لھ، ابتدائی مھ، نھ، ہ، ہمزہ (ء)۔ درمیانی اور آخری م، ن، ں (حلقی نون)۔ کل تعداد (۲۰)۔

ہماری لپی کی خامی کی وجہ سے اردو کے مہاپران (بھاری آوازیں) کہیں کہیں دو دو آوازوں میں بٹے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ان کے علاوہ عربی اور فارسی کی جو آوازیں اردو میں داخل ہو گئی ہیں وہ یہ ہیں:

ٹھیٹھ عربی: ث۔ح۔ص۔ض۔ط۔ظ۔ع۔ق۔

ٹھیٹھ فارسی: ژ

ٹھیٹھ عربی اور ٹھیٹھ فارسی: خ۔ذ۔ز۔ش۔غ۔ف۔

یہ آوازیں عربی فارسی کے بولوں کے ساتھ اردو میں آئی ہیں اور زیادہ تر انھیں بولوں میں بولی جاتی ہیں۔ یہ بدیسی آوازیں بول چال میں اردو کی آوازوں سے یوں بدل جاتی ہیں:

عربی، فارسی	اردو
ث۔ص۔ش	س
ز۔ذ۔ض۔ظ	ج
ح	ہ
خ	ک۔کھ
ط	ت
ع	ہمزہ (ء)
غ	گ
ف	پ۔پھ
ق	ک

اردو کے ان پڑھ یا کم پڑھے لکھے لوگ فارسی عربی کی ان آوازوں کی جگہ بدیسی بولوں میں اردو کی

آوازیں بولنے لگتے ہیں اور پڑھے لکھے نہ صرف عربی فارسی کی آوازیں ٹھیک بول لیتے ہیں بلکہ اردو کے بولوں میں بھی دیسی آوازوں کی جگہ فارسی عربی کی آوازیں بول اٹھتے ہیں۔ یہی کارن ہے کہ اردو کے بہت سے بول بدیسی لگنے لگے ہیں جیسا کہ اگلے صفحات سے معلوم ہو جائے گا جیسے غپ (گپ)۔ غچا (گچا)۔ شفتل (سپتل)۔ شوربا (سوربا، سوروا، سروا)۔ ذرا (جرا) وغیرہ۔

اب میں اردو کی آوازوں کے کچھ اصول نیچے لکھتا ہوں۔

۱۔ م، مھ، ن، نھ اور حلقی نون (ڽ) سے پہلے اِسے (ء) اور اُو (ءُ) کے سر نہیں بول جاتے۔

۲۔ ک، گ، کھ، گھ سے پہلے آنے والے حلقی نون اور غنہ کے بل کی جانچ بول چال میں آنے والے ان کے وزن سے ہوتی ہے جیسے کنگنی میں کاف کے بعد غنہ اور کنگورا میں حلقی نون بولا جاتا ہے۔ یہاں اردو کی لکھاوٹ پر اس لئے بھروسا نہیں کیا جا سکتا کہ دونوں بولوں میں غنہ اور حلقی نون دونوں ہی کے لئے نقطہ کام میں لایا گیا ہے۔

۳۔ آوازوں کی بدلائی اکہری بھی ہوتی ہے اور دہری اور تہری بھی۔ کبھی کسی بول کی خالی ایک ہی آواز بدل جاتی ہے جیسے ڈھانکنا اور ڈھانپنا۔ بور اور مور۔ کبھی دو جیسے سیدھا اور سادا۔ گاڑھا اور گہرا۔ گھلنا اور گلنا۔ بات اور بول۔ بات چیت اور بول چال اور کبھی تین جیسے پھرکی اور بنگی۔ وردی اور پاتی (پہناوا، لباس) وغیرہ۔

۴۔ اوپر دئے ہوئے ہر جتھے کی آوازیں صرف اسی جتھے کی دوسری آوازوں سے بے تکان بدل جاتی ہیں جیسے ڈھانک اور دھانپ۔ چلتر اور چرتر۔ اکھاڑ اور اکھیڑ۔ اچال اور اچیل۔ چوک اور چاک۔ ڈلا اور ڈیلا۔

۵۔ ایک سر کے چھوٹے بڑے روپ آپس میں آسانی سے بدل جاتے ہیں جیسے دب اور داب۔ چُم اور چوم۔ بھر اور بھار۔

۶۔ غنہ چونکہ سر کا ایک انگ ہوتا ہے پہلے جتھے کے اسر (ر۔ل وغیرہ) اور دوسرے جتھے کے کسی سر سے بدل سکتا ہے جیسے آں اور آم۔ لنگڑانا اور لڑکھڑانا۔ بانگ اور برگ (حد۔ دیوار۔ ضلع)۔ کونچا کرچا۔ کیک کونک۔ بیکا بانکا۔ میکا ماں کا۔

۷۔ ایک جتھے کے سر کو دوسرے جتھے کے سر سے بدلنے کے لئے اس کے بعد ہمزہ یا پہلے جتھے کا ایک اسر بڑھانا پڑتا ہے جیسے کالا کوئلہ۔ اوٹنا الٹنا۔ ادکنا ابکنا۔ لو لیو۔ دو دیو۔ ریوڑی روڑی۔

بوتا برتا بولتا ۔ کرتی کوٹی ۔ گلٹی گٹی ۔ چیتا چتلا ۔ بلٹی بیٹی ۔

۸۔ ایک جتھے کے اسر کو دوسرے جتھے کے اسر سے بدلنے کے لئے اس سے پہلے غنہ لگانا پڑتا ہے جیسے پھاڑ پھانک ۔ بل بانک ۔ لچھ لانچ (عیب) ۔ اس اصول کو یوں بھی بیان کیا جا سکتا ہے کہ ایک جتھے کو اسر کو دوسرے جتھے کے اسر سے بدلتے وقت اس سے پہلے کے سادہ سر کو نکی سر سے بدلنا پڑتا ہے ۔

۹۔ دوسرے جتھے کا اسر پہلے جتھے کے دو اسروں سے یا ایک اسر اور ایک غنہ سے بدل جاتا ہے جیسے چوک چورس ۔ گوٹی گٹھلی ۔ گیارہ گیارس ۔ چودہ چودس ۔ چاک چاند ۔ بھاک بھانڈ (کھانا) ۔ اردا آٹا ۔ پاٹ پتھر ۔ کردا کاڑھا کاٹا (نکلا ہوا) ۔ ابھی اباری (ابارہی) ۔ سبھی سبری ۔ ساجھا سالڑا ۔ کٹی کوٹھری ۔ کٹیا کٹھریا ۔ پردا پٹا ۔ اگھانا اگلانا (وصول کرنا) ۔ مان ماند ۔

۱۰۔ پہلے جتھے کا سر دوسرے جتھے کے ایک اسر (ب ۔ ت وغیرہ) سے بدل جاتا ہے جیسے لوٹ لاٹ لٹ ۔ لوکی لتکی ۔ اور اپر (اوپر) ۔ بوَرا باپڑا ۔ لوٹنا لیٹنا ۔ کیڑی کوڑی ۔ چیڑاس چوڑاس ۔ چترنگ چورنگ چوڑنگ ۔ کوٹ کپٹ ۔ چھینٹ چھپٹ ۔

۱۱۔ دوسرے جتھے کا سر پہلے جتھے کے اسر (ر ۔ ل وغیرہ) سے بدل جاتا ہے جیسے ایسا راس سا ۔ کیسا کِس سا ۔ بیر بدل (بدلا) ۔ سیل سگل (شغل ۔ تفریح) ۔ گیر گھٹر ۔ جیتا جاگتا ۔ بیٹا بستا ۔

۱۲۔ دوسرے جتھے کے دو مسلسل اسر پہلے جتھے کے دو مسلسل اسروں سے بدل جاتے ہیں جیسے بھک باس ۔ اُپچنا اُسرنا ۔ اپت ابال ۔ گھات گار (گڑھا) ۔ دھاک داب (رعب) ۔ کوُٹ گول ۔ بوت[1] پھول ۔ ٹک تھوڑ (ا) ۔ کوُپ کھُول (خول) ۔ گھٹنا گلنا گرنا ۔ پیٹ پھیر ۔ سوکٹ سوکھر (خشک سالی) ۔

۱۳۔ اَو کا سر آو سے اور اَے کا سر آئے سے بدل جاتا ہے جیسے بوری باوری (باولی) ۔ بونی باونی (تخم ریزی) ۔ کھلونا کھلاونا (کھلانے والا) ۔ بچھونا بچھاونا ۔ گھونا گھناونا ۔ ہے ہے ہائے ہائے ۔ پائجامہ پیجامہ ۔ پائخانہ پیخانہ ۔ انگریزی فائر اردو فیر ۔ انگریزی لائن اردو لین ۔ فارسی آئنہ اردو بول چال اَینا ۔

۱۴۔ اَیں کا سر آئیں سے اور اَوں کا سر آؤں سے بدل جاتا ہے جیسے چیں چیں چائیں چائیں ۔ ہیں ہیں ہائیں ہائیں ۔ گوں گاؤں ۔ بھونرا بھانورا ۔ جھونری جھانوری ۔ چونری چانوری ۔

---

[1] یہ بول رگ وید میں بھی انھیں معنوں میں آیا ہے

۱۵۔ پہلے جتھے کا سر اَیں یا آئیں اَن سے اور دوسرے جتھے کا سر اَوں یا آؤں ام سے بھی بدل جاتا ہے۔ جیسے ہیں ہریانی من۔ گینڈا گنڈا۔ سَینٹی سنٹی۔ دائیں دَن (ایک آواز)۔ ٹھائیں ٹھائیں ٹھن ٹھن۔ جھائیں جھائیں جھن جھن۔ سائیں سائیں سن سن۔ چونکنا چمکنا۔ لونڈا لنڈا۔ بونکنا بمکنا۔ لونکنا لمکنا۔ دونکنا دمکنا۔

۱۶۔ پہلے جتھے کا مہاپران (بھاری آواز) دو الپ پرانوں (ہلکی آوازوں) سے بدل جاتا ہے جن میں سے ایک پہلے جتھے کا اور دوسرا دوسرے جتھے کا ہوتا ہے جیسے کھار کسار (سنسکرت کشار)۔ ہاتھ ہست۔ ہاتھی ہستی۔ متھی متلی۔ سوکھا سکڑا۔ جاکھن جکڑن۔ مکھن مسکن (مسکا)۔ بھاڑ پسار۔ تھالی تسلی (تشلی)۔ گپھا گپلا (گوپلا)۔ کوٹھا کوٹلا۔ کوٹھی کوٹلی۔ پاتھی پتلی۔ کاٹھی کستی وغیرہ یا دوسرے جتھے کے ایک الپ پران (ہلکی آواز) اور ایک غنہ سے بدل جاتا ہے جیسے اچھال اونچال۔ لچھ لانچ۔ آٹھ آنٹ وغیرہ یا دوسرے جتھے کے ایک الپ پران (ہلکی آواز) اور دوسرے ہی جتھے کے ایک سر سے بدل جاتا ہے جیسے رکھ روک۔ لچھ لوچ۔ موٹا مٹھا۔

۱۷۔ دوسرے جتھے کا مہاپران (بھاری آواز) پہلے جتھے کے دو الپ پرانوں (ہلکی آوازوں) سے بدل جاتا ہے جن میں سے ایک اسی مہاپران کا ایک انگ ہوتا ہے جیسے ابھی اباری (ابارہی)۔ کبھی کباری (کبارہی)۔ کبھ کوبڑ۔ سوجھ سورج (روشنی)۔ جھل یا جھال جلال (تیزی۔ پانی کی چادر یا دھار)۔ دھار درار دسار۔ دھاک دباک دبک۔ رادھا لاڈلا۔ ڈھانا ڈگانا۔ ڈھابا دڑبا۔ گیارھا گیارسا۔ چودھا چودسا۔ چودہ چودس۔ باڑھ برس (بہاؤ)۔ کاڑھا کردا۔ گاڑھا گدلا۔ پگھا پاگرا (رسی)۔ کنگھا کنگرا (دندانے دار)۔ اگھانا اگلانا (وصول کرنا)۔ دولھا دلڑا۔ کلھیا کلسیا۔ گھڑی گراری۔ گھڑی گٹھری گجری۔

۱۸۔ ایک جتھے کے سر کو دوسرے جتھے کے سر سے بدلتے وقت پہلے جتھے کا ایک اسر آخر میں بڑھا دیتے ہیں جیسے گول گولر۔ گھوڑا گھومرا۔ چیل چلڑ (چلانے والی)۔ چیلا چلڑا (ایک قسم کی روٹی)۔ چوچی چونچڑی۔ کوچی کونچڑی (کونچنے والی)۔ چیتا چتلا۔ تتلی تیلتی۔ پوٹی پتلی۔ گپا گپلا (گوپلا)۔ کپا کپلا (کوپلا)۔

۱۹۔ بول کی آوازیں الٹ کر بھی روپ بدلا جا سکتا ہے جیسے کھوکا کوکھا (خالی)۔ کوکھ کھوک (خالی جگہ)۔ چغلا غچلا۔ چکری چرکی (چرخی)۔ بدلا بلدا (واپسی)۔ کوُر روک۔ چلتی چتری (تیز۔ ہوشیار)۔ کھونٹنا ٹھونکنا۔ چوسر چوڑس۔ اردو نار پنجابی رن (عورت)۔ ٹال لاٹ (بلندی)۔ ڈونٹھ پنجابی ٹھنڈ۔

سارس (نچوڑ) ۔اردو رال برج بھاشا لار ۔ نام مان (عزت) ۔لوگ گول (مجمع۔ غول) ۔ لٹالنا لٹلانا ۔ بٹھالنا بٹھلانا ۔ متلی ملتی (مالش ۔ ابکائی) ۔ کانٹا ٹانکا ۔ پاتھنا تھاپنا ۔اردو گوھل پنجابی گلھڑ ۔ گونچنا چونگنا ۔ڈالنا لادنا ۔ دونکنا کوندنا ۔ ڈوبنا بوڑنا ۔ سانگنا گانسنا (جوڑنا) ۔ گلنا لگنا ۔

۲۰۔ جس اسر پر دہراٹ (تشدید) ہو اس سے پہلے کے چھوٹے سر کو بڑے سر سے بدل کر یعنی چھوٹے سر کو لمبا کر کے تشدید دور کر دی جاتی ہے ۔اس عمل کو تسہیل کہتے ہیں جیسے پتھر پاتھر ۔ مکھن ماکھن ۔ سچا سانچا ۔

۲۱۔ تشدید ہٹاتے وقت پہلے جتھے کے اسر سے پہلے کا زبر آ (ٗ) سے ،زیر اِے (ٖ) سے اور پیش اُد (ٗ) سے بدل جاتا ہے جیسے چلّو چالو ۔ کٹّھا کاٹھا ۔ متّھا ماتھا ۔ بلّا بیلا ۔ گلّی گیلی ۔ سلّی سیلی ۔ مُڑی موڑی ۔ گلّا گولا ۔

۲۲۔ تشدید ہٹاتے وقت دوسرے جتھے کے اسر سے پہلے کا زبر آں (ٗں) سے ،زیر ای (ٖ) سے اور پیش او (ٗ) سے بدل جاتا ہے ۔ جیسے کچّا کانچا ۔ بٹّا بانٹا ۔ سچّا سانچا ۔ بھکّو بھیکو ۔ بھتّی بھیجی ۔ سپّی سیپی ۔ چکّٹ چیکٹ ۔ کچّی کوچی ۔ بچّی بوچی ۔ کٹّی کوٹی ۔ بڈّھا بوڑھا ۔

۲۳۔ مشدد رے اکہرے ڑے سے بدل جاتی ہے کیونکہ ڑ اور ڑھ پر تشدید نہیں آتی جیسے کرّا کڑا ۔ مرّی مڑی ۔ سرّی سڑی ۔

۲۴۔ مشدد میم اور مشدد نون کا تبادل یوں ہوتا ہے ۔

اَمّ = اَمب جیسے کمّل کمبل ۔ چمّل چمبل ۔ سمّت سمبت ۔ پنجابی لمّا اردو لمبا ۔ بمّا بمبا ۔ اردو امّاں سنسکرت امبا ۔

اَمّ = اَمب جیسے چمّک چمبک ۔ گھمّا گھومرا ۔

اِمّ = اِمب جیسے ڈھمّا ڈھمرا ۔ چمّا چمدا ۔

اَنّ = ارن جیسے جھنّا جھاڑنا ۔ کنّی کرنی ۔ دھنّی دھرنی ۔ چھنّی چھلنی ۔ پنّی پرنی ۔ انّا ارنا (بھینسا) ۔

آنّ = اودرن جیسے گھنّا گھونسنا (گھسنا) ۔ گھونگنا گھولنا ۔ منّا مورنا مونگنا ۔ چنّا چونگنا ۔ چولنا (چلنا) ۔

اِنّ = اِیرن جیسے کھنّی کھیرنی ۔ سنّی سیرنی (مٹھائی) ۔ برج بھاشا ہنّی اردو ہرنی (ہیرنی ہیلنی) ۔ گھنّی گھیرنی ۔ (دوران سر) ۔

۲۵۔ کبھی کبھی ایک آواز کی جگہ پورے پورے تک (رکن) کے دہرانے پر بھی تشدید آجاتی ہے ۔

جیسے بھُرّا بھُر بھرُا۔ سُرّی سُر سُری۔ ڈھلّا ڈھل ڈھلا۔ کُرّا کُر کُرا۔ پھرّانا پھر پھرانا پھڑپھڑانا۔ چرّانا چرچرانا۔
بھرّانا بھڑبھڑانا۔ جھلّانا جھِل جھِلانا۔ چُنّا چُنچُنا۔ منّا مُنمُنا۔

۲۶۔ دوسرا مادہ بنانے کو پہلے مادے پر جو کاف بڑھایا جاتا ہے وہ بھی دہراٹ (تشدید) کے معنیٰ دیتا ہے جیسے بھڑکنا بھڑبھڑانا۔ پھڑکنا پھڑپھڑانا۔ چہکنا چہچہانا۔ چلکنا چلچلانا۔ سرکنا سرسرانا اور کبھی کبھی یہ کاف فالتو بھی ہوتا ہے جیسے دم دمک۔ چم چمک۔ پھڑ پھڑک۔ اس کے بڑھانے سے معنیٰ میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔

۲۷۔ اصول نمبری ۱۹ اور ۱۶ کو ملا کر بھی جو ہیروپ بنتے ہیں ان سے بھی تشدید دور ہو جاتی ہے جیسے پتّی تپلی پتری۔ پتّا پِتلا۔ چِتّی چتلی (چتری)۔ پکّا پکڑا۔ بکّی ہکلی۔ چکّی چکری چکلی۔ چھتّی چھتری۔ چٹّی چٹکی چپلی (کھڑاؤں)۔

۲۸۔ پہلے جتھے کا مشددا سر دوسرے جتھے کے مشددا سر سے بدل جاتا ہے جیسے گپھّا گنپا۔ پھپھّس پھپھس۔ بچّا بچھا۔ پٹھّا پٹّا (لمبے بال)۔ گدّا گدّھا (گدھوں کا سا گھیرا)۔ کٹّا کٹھّا (سخت)۔

۲۹۔ ہائے ہوز جب درمیان میں آجاتی ہے تو کبھی اَو اور کبھی اَے کا سر ظاہر کرتی ہے یعنی اَد (ؚ) کا سر ٔہ سے اور اَے (ؚ) کا سر ہٖ سے بدل جاتا ہے جیسے بہنی بوہنی بونی۔ کہنی کوہنی کونی۔ کہرا کورا۔ بہت بوت۔ چہل چول۔ بہرا ابہرا۔ بہرا پیرا۔ ٹھہرنا ٹھیرنا۔ بہنگی بینگی۔ مہنگی منگی۔ مہندی مینڈی۔ پہنچ پونچ۔ پہنچا پونچا۔

۳۰۔ سروں کی اسروں سے مندرجہ ذیل بدلائیاں بھی ہوتی ہیں۔
اَوَ۔ (َ َ = ٓ) = ارو، اڑو، الو جیسے اوَاوَ (بدزیب، ناموزوں) اڑوارڑو۔ کَنَو (کڑی لکڑی کا ایک پیڑ) کردَ۔ بَنَو (بہو) بسو۔ لَنَو (لہو، خون) لالو۔
اوا (ۃ ؚ) = اُورا، اُوڑا، اُولا، اُویا، آونا، اوندا، ایلا جیسے گھروا گھروندا، کلوا کلونسا۔ گھنوا گھنونا۔ اڑوا اڑیلا۔ اردو ہوا پنجابی ہویا۔ اردو موا پنجابی مویا۔ اردو چوا پنجابی چویا۔ اردو سوا سویا (ایک قسم کی ساگ)۔
اوّا (َ َ = ؚ) = اروا، اڑوا، الوا جیسے دکھوّا دکھلاوا۔ جھوّا جھالوا جھاڑوا۔ کوّا کلوا کاگوا۔ بوّا بابوا بالوا۔ نوّا ناروا نالوا۔ دھوّا دھاڑوا (پیغام بر)۔ چوّا چوڑوا۔ موّا (مہوا) مالوا۔ پوّا پاروا۔
ای (ؚ) = اَر، اَڑ، اَل، آر، آڑ، آل، ایر، ایڑ، ایل جیسے بنجی بنجار (تجارت کا کام)۔ کھلڈ کھیلی۔ ردگی ردگل۔ بوندی بندیل۔ مُردی مردار۔ پی پیل (آگے بڑھانا)۔ گھنٹی گھنٹال۔

ائی (ہٖ) = اری ۰ اڑی ۰ الی جیسے بیٔ بڑی (گیہوں میں پڑنے والا ایک کیڑا) ۔ ہیٔ ہلی (ہالی ۔ تہلکا) ۔ ڈھیٔ دھری دھڑی ۔ تھیٔ تھلی ۔ چمپیٔ چمپاری ۔ چکیٔ چکری ۔ دنگیٔ دنگلی ۔ میٔ مڑی[1] مڑھی (منڈھی) ۔

ایا (ہٖ) = ارا ۰ اڑا ۰ الا جیسے بنجیا بنجارا (بنیا) ۔ کیا کرا ۔ لاہوریا لاہورالا (لاہور والا) ۔ ٹھیا ٹھارا ٹھورا ۔

اَیاْ (ہٖ) = اریا ۰ اڑیا ۰ الیا جیسے لیاْ لڑیا ۔ کیاْ کوڑیا ۔ ڈھیاْ دھڑیا (دھڑی) ۔ نیاْ ناریا نریا ۔ دھیاْ دہلیا (دہلی) ۔ لگویاْ لگوریا ۔ میاْ ماریا ماتا ۔ بھیاْ بھاریا بھاتا بھتریا ۔ پیاْ (پیا) پاریا پیلیا ۔

۳۱ ۔ بول میں دوسرے جتھے کا کوئی اسر گھٹانے یا بڑھانے سے کوئی بل نہیں پڑتا اس لئے اسے گھٹا بڑھا کر بھی بہروپ بن جاتے ہیں جیسے جڑنا جکڑنا ۔ اڑنا اکڑنا ۔ اڑا اکڑا ۔ ٹیلا ٹیکرا ۔ چھورا چھوکرا ۔ ڈوکرا ڈولا (ڈولنے والا) ۔ پیلا پتیلا ۔ چوڑی چکلی ۔ چترنگ چورنگ چوڑنگ ۔ اکڑوں اڑوں ۔ بلو بٹلو ۔ بلا بٹیلا ۔ کاکریجی کلیجی (رنگ) ۔ پلیتھن لیتھن ۔ لیپی لسی (لس والی) ۔ کپوت کٹ پوت ۔ سپوت ست پوت ۔

۳۲ ۔ کچھ بولوں کا ابتدائی الف (آ ۔ اَدّ وغیرہ جو دوسرے جتھے کے ایک اسر کے برابر ہوتا ہے) بھی گھٹا بڑھا کر بہروپ بنا لیتے ہیں جیسے کڑا اکڑا ۔ کال اکال (قحط) ۔ ناج اناج (غلہ) ۔ دھیلا ادھیلا ۔ دھیلی ادھیلی (اٹھنی) ۔ لوپ الوپ (غائب) ۔ کاس آکاس (آسمان) ۔ ڈھائی پنجابی اڑھائی ۔ لبیٹا البیٹا (پھندا) ۔ چھوت اچھوت ۔ پھار اپھار (پھلاؤ ۰ پھول) ۔ در آدر (قدر ۰ احترام) ۔ ننگ اننگ ۔ کَھلنا اَکھرنا (ناگوار گزرنا) ۔ اردو اچھال پنجابی چھال ۔ لانگنا الانگنا ۔ لوٹنا الٹنا ۔ جی اجی ۔ رے ارے ۔ ری اری ۔ تھا اتھا[2] ۔ بے ابے[3] ۔ نی آنی[4] ۔ پڑنا اپڑنا ۔ بھرنا ابھرنا ۔ بٹنا ابٹنا (غازہ) ۔

۳۳ ۔ پہلے جتھے کے دو اسر (جو دوسرے جتھے کے ایک اسر کے برابر ہوتے ہیں) گھٹا بڑھا کر بھی بہروپ بنا لیتے ہیں جیسے کنگلا کالا (کال کا مارا) ۔ دھندلکا دھول کا ۔ چندرانا چرانا (چلانا ۰ فریب دینا) ۔ بھورا بھونجرا (بھنا ہوا) ۔ بنگڑی بنگلی بالی (چوڑی) ۔ جنگلا جالا (جال کا ۰ کٹہرا) ۔ البلے گہلے (البلے گیلے ۰ خوش و خرم) اینڈے گینڈے ۔

۳۴ ۔ آخری آ (ہٖ) ۰ اے (ہٖ) اور او (ہٖ) کے بعد پہلے جتھے کا ایک اسر بڑھا دیتے ہیں اور پھر دہری بدلائی سے اس کے اور دوسرے بہروپ بھی بن جاتے ہیں جیسے میانی ملانی (پاجامے کی رومالی) ۔ کیاری کیداری (سنسکرت کیدار کا) ۔ نیارا نرالا ۔ پیار پلار پیتار ۔ پلانا برج بھاشا پیانو ۔ جوارا جگارا ۔

---

۱ ۔ یوپی (بھارت) میں بہت سی بستیوں کے نام کا آخری ٹکڑا میٔ ہوتا ہے جیسے دھرمیٔ ۔

۲ و ۳ ۔ دوسری بولیوں جیسے دکنی وغیرہ میں بولا جاتا ہے ۔

۴ ۔ مونث کے کچھ لگوئے جیسے گری گرائی ۔ نری نرائی ۔ سرخی سرخائی ۔ مورنی ۔ اونٹنی ۔ شیخانی ۔ سیدانی ۔

دُوار ڈلار ۔ سلانا برج بھاشا سوانو ۔ چھُوانا چھلانا ۔ پیاس پلاس سنسکرت پپاس ۔ اردو بیالیس پنجابی بتالیس ۔ چھیالیس پنجابی چھتالیس ۔ پیالا پنیالا (پینے والا) ۔ پانا پینٹنا ۔ ڈھانا ڈھالنا ڈھیرنا ۔ گانا گیتنا ۔ لانا لارنا ریلنا ۔ چھانا چھاجنا چھترنا ۔ یہی وجہ ہے کہ ان سروں پر ختم ہونے والے مادوں کے حالیہ تمام آ کی جگہ یا بڑھانے سے بنتے ہیں جیسے لانا سے لایا ۔ سونا سے سویا ۔

۳۵ ۔ پچھ لگوے ملے ہوئے بولوں سے بھی اک ڈال ہیروپ بن جاتے ہیں ۔ نیچے ان کی کچھ مثالیں دی جاتی ہیں ۔

بول	جڑ	پچھ لگوا	ہیروپ
کھنڈت	کھنڈ	اَت	کھوٹ (خرابی)
پنگت	پنگ	اَت	پانت (قطار)
پسار	پس (پھیلاؤ)	آر	پھاڑ (لمبائی)
سنگم	سنگ	اَم	سانگ (جوڑ)
نگل	نگ	اَل	نیل (ہڑپ)

۳۶ ۔ کچھ جڑوں کے شروع میں پہلا اسر دہرا دیا جاتا ہے جنھیں بکّی جڑیں کہتے ہیں جیسے پپولنا ۔ ٹٹولنا ۔ چچھوڑنا اور ممّوڑنا ۔

آوازیں بدلنے یا گھٹانے بڑھانے کے جو اصول اوپر دئے گئے ہیں ان کی مدد سے بولوں کے ہیروپ بنانے یا گھڑنے کا ڈھنگ سمجھنے کے لئے "ڈپٹ" کی مثال لیجئے جو ڈ، غنہ، پ اور ٹ سے مل کر بنا ہے ۔ اس بول کے پہلے سر (ٙ) کو لمبے سر (ا) سے بدلا (اصول نمبر ۵) اور پھر اس کا ایک اسر پ گرا دیا (اصول نمبر ۳۲) تو ڈانٹ بن گیا ۔ اسی بول کا ایک اور ہیروپ بنانے کے لئے اس کے پہلے سر (ٙ) کو آ کی جگہ اَو (ٗ) سے (اصول نمبر ۴) اور غنہ کو ڑ سے (اصول نمبر ۶) بدل کر اس کے دو اسر پ اور ٹ گرا دئے (اصول نمبر ۳۲) تو دوڑ کا بول ہاتھ آگیا ۔ یوں ڈانٹ اور دوڑ اس کے دو ہیروپ بن گئے جو اردو میں ہی بولے جاتے ہیں ۔ چنانچہ ہماری بول چال میں ڈپٹنا ڈانٹنے کے لئے اور ڈپٹانا دوڑانے کے لئے عام طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے اس نے گھوڑا ڈپٹایا ۔

آوازوں کے انھیں اصولوں کی مدد سے پتہ چلتا ہے کہ جس طرح اردو میں آوازوں (اسروں اور سروں) کی دو دو بھانتیں ہیں اسی طرح معنی کے بھی دو الگ الگ تھوک ہیں اور ہر تھوک میں کتنے

ہی معنی اکٹھے ہو گئے ہیں۔ مثال کے لئے دوسرے جتھے کے اسر سے شروع ہونے والے ایسے بول لے لیجئے جو تین تین آوازوں کے ملنے سے بنے ہیں۔ ان کی چار بھانتیں ہو سکتی ہے۔

۱۔ اسر۲ + سر۱ + اسر۱ جیسے چال، پینڈ۔

۲۔ اسر۲ + سر۲ + اسر۱ جیسے کھل (کھلنا)۔ کوُر۔

۳۔ اسر۲ + سر۱ + اسر۲ جیسے گھٹ (گھٹنا)۔ کان۔

۴۔ اسر۲ + سر۲ + اسر۲ جیسے چوُٹ۔ پوُٹ۔

ان میں سے پہلی اور چوتھی بھانتیں دہری بدلائی سے ایک ہو جاتی ہیں جیسے چال اور چوٹ (دھوکا)۔ پینڈ اور پوٹ (ڈھیر)۔ جھالا اور جھوٹا (پینگ)۔ بھالا اور بھونکا (بھونکنے کا نیزہ)۔ اسی طرح دوسری بھانت بھی تیسری بھانت سے بدل جاتی ہے جیسے کھلنا اور گھٹنا (کم ہونا)۔ کور اور کان (سرا)۔ موند اور مینچ (بند)۔ یوں ان چار بھانتوں کی جگہ بس پہلی دو بھانتیں ہی بچ رہتی ہیں جن کے معنی میں بل ملتا ہے۔ نیچے ان کی مثالیں دی جاتی ہیں۔

پہلی بھانت

وزن یا بھراؤ	حرکت	دائرہ	سلسلہ۔ خط مستقیم (لمبائی، چوڑائی، اونچائی)	معنی
بھار۔ پار۔ ڈھیر	چال۔ جھول۔ بال	کل۔ کاج۔ گھیر۔	چر (دیوار)۔ تاڑ۔ پاڑ (بلندی)۔ دھار۔ تار (لمبائی)۔ چوڑ (چوڑائی)	مثالیں

دوسری بھانت

ہلکا پن	سستی	خم	سرا	معنی
پوُل۔ کانس	ڈھیل۔ چوُر	چاند۔ بانس (ہنسلی)۔ موڑ	کوُر	مثالیں

اب پہلے جتھے کے اسر سے شروع ہونے والے ایسے بول لیجئے جو تین تین آوازوں سے بنے ہیں۔ ان کی بھی چار بھانتیں ہو سکتی ہیں۔

۱۔ اسر۱ + سر۱ + اسر۱ جیسے بل۔ ٹھیل۔

۲۔ اسر۱ + سر۲ + اسر۱ جیسے گول (گانٹھ)۔ بوُل۔

۳۔ اسر۱ + سر۱ + اسر۲ جیسے گات۔ بات۔

۴۔ اسر۱ + سر۲ + اسر۲ جیسے بانک۔ ٹھونک۔

یہاں بھی دہری بدلائی سے چوتھی بھانت پہلی میں اور تیسری بھانت دوسری میں سما جاتی ہے اور یوں چار بھانتوں کی جگہ بس پہلی دو ہی بھانتیں رہ جاتی ہیں جن کے معنی الگ الگ ہیں۔ نیچے ان کی مثالیں دی جاتی ہیں۔

پہلی بھانت

معنی	سرا	خم	سستی	ہلکاپن
مثالیں	سِر	بل۔ پھیر۔ داس (درانتی)۔ بینڈ	ٹھس۔ باد	پھول۔ پھوس

دوسری بھانت

معنی	خط مستقیم۔ سلسلہ	دائرہ	حرکت	وزن یا بھراؤ
مثالیں	ڈور۔ پھیل۔ مانگ۔ باند پھاند۔ بانس	گول۔ گانٹھ۔ پھانس (۲) کھول (خول)	سیل۔ سانڈ۔ سیر	لوند۔ لوتھ۔ ٹھوس ٹھونس۔ ٹھانس

اب دوسرے جتھے کے اسر سے شروع ہونے والے بولوں کو پہلے جتھے کے اسر سے شروع ہونے والے بولوں سے ملا کر دیکھئے تو معلوم ہو گا کہ یہ آپس میں بدل جاتے ہیں۔ ان میں معنی کے بس دو ہی تھوک پائے جاتے ہیں۔ یہ بات نیچے دئے ہوئے نقشے سے اچھی طرح سمجھ میں آجائے گی جس میں ان کی تیسری اور چوتھی بھانتوں کے بہروپ بھی دئے گئے ہیں۔

معنی کا پہلا تھوک

معنی	خط مستقیم۔ سلسلہ	دائرہ	حرکت	وزن یا بھار
دوسرے جتھے کے اسر سے شروع ہونے والے بول	چر۔ پاڑ۔ تار۔ تاڑ	کل۔ کاج۔ گھر گھیر۔	چال۔ جھول۔ ہال	بھار۔ پار۔ ڈھیر
چوتھی بھانت کے بہروپ	چانٹ۔ پانت تانت	کوٹ۔ کانچ گھونٹ۔ گھوٹ	چونک۔ جھوٹ بانک	بھوپ۔ پوٹ۔ ڈھوپ
پہلے جتھے کے اسر سے شروع ہونے والے بول	ڈور۔ بھیل۔ پھاند۔ لانگ۔	گول۔ گانٹھ۔ پھانس۔ کھول (خول)	سَیل۔ سَیر۔ سانڈ	لوند۔ لوتھ۔ ٹھوس
تیسری بھانت کے بہروپ	ڈاک۔ پھنیک۔ لاٹ	گات۔ بھنیٹ گنیٹ	سَن۔ سادہ	لیپ۔ ٹھیٹ۔ کھیپ

معنی کا دوسرا تھوک

معنی	سرا	خم۔ بلال	سستی	ہلکا پن
دوسرے جتھے کے اسر سے شروع ہونے والے بول	کوُر۔ کیل	چاند۔ بانس (بنسلی) موڑ۔ جھوُل۔	ڈھیل۔ چور۔ ماند	پوُل۔ پانکھ۔ کانس
تیسری بھانت کے بہروپ	کان	چاک۔ بگ۔ موم (بکلی)	بات	پات
پہلے جتھے کے اسر سے شروع ہونے والے بول	سرِ	بل۔ بینڈ۔ بھیر	ٹھس۔ باد	پھول۔ پھوس
چوتھی بھانت کے بہروپ	سوُت	بانک۔ پھانک۔ ڈوک (ڈوکر)	ٹھپ۔ بوجھ	پھوک۔ پھین

ان مثالوں سے یہ بات پکی ہو جاتی ہے کہ اردو کے سب کے سب بول معنی کے دو تھوکوں میں بٹے ہوئے ہیں اور یہ تھوک آوازوں کی پھانٹ پر بنائے گئے ہیں جیسے ڈھانپ، ڈھانٹ (ڈھانٹا) اور ڈھانک جو معنی کے ایک ہی تھوک میں ہیں کیونکہ ان کی آخری آوازیں (پ، ٹ، ک) اسروں کے دوسرے جتھے میں گنی جاتی ہیں۔ آوازوں کی بانٹ اور بدلائی سے ان کا چوتھا بہروپ ڈھانچ بھی بنتا ہے کیونکہ چ بھی اسروں کے دوسرے ہی جتھے کی آواز ہے پر یہ بول اردو بول چال میں ان تینوں سے الگ معنی دیتا ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ہر تھوک میں معنی کی اور بھی پھانٹیں کی گئی ہیں۔ ایک اور مثال لیجئے۔ ت، ٹ، چ، جھ اور ڑھ ایک ہی جتھے کے اسر ہیں اور آپس میں بدل سکتے ہیں اس لئے ان کو بدل بدل کر کئی کئی روپ بنائے جا سکتے ہیں پر بول چال میں ان سے بننے والے کچھ بول الگ الگ معنی دیتے ہیں جیسے بوتا (قوت) ۔ بوٹا (چھوٹا پودا) ۔ بوچا (کن کٹا کتا) ۔ بوجھا (سمجھ دار، سمجھا) اور بوڑھا (سن رسیدہ) اور یوں معنی کا ایک تھوک اور بہت سے معنوں میں بٹ جاتا ہے اس لئے ان کے بہروپ آوازوں کی دوسری بدلائیوں سے بنانے پڑتے ہیں۔

اس پوری بات چیت سے یہ پتا تو چل گیا کہ بول بننے سے پہلے آوازوں کی بانٹ ہو چکی تھی۔ چیزوں کے ملان سے ان کے گنوں اور کیفیتوں کی جانچ ہو چکی تھی اور ان کے آپس کے ناتے بھی ٹھیر چکے تھے۔ پھر اگ لگوے (سابقے) اور پچھ لگوے (لاحقے) لگ لگ کر بولوں کی گنتی بڑھتی رہی اور معنی میں پھیلاؤ آتا چلا گیا پر یہ بات ابھی تک نہیں کھل پائی ہے کہ پہلے پہل ایک معنی کے لئے ایک بول کس طرح گھڑا گیا یعنی معنی کے لئے وہی بول کیوں بنایا گیا جس سے وہ چپکایا گیا ہے۔ مثال کے لئے ایک بول "ڈھکنی" لے لیجئے جس کے معنی ڈھانکنے کی چیز کے ہیں۔ یہ بات تو سمجھ میں آجاتی ہے کہ یہ

بول "ڈھانک" (اڑھانا، اڑھاؤ) پر مونث کی پہچان "نی" چپکانے سے بنا ہے پر یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس کی جڑ یا مادے (ڈھانک) کو پہلے پہل اس کے معنی "اڑھاؤ" سے کیوں جوڑا گیا۔ اس کیفیت اور اس بول میں وہ کون سی ملتی جلتی بات تھی جس سے اس معنی کے لئے یہی لفظ مقرر کیا گیا اور کسی دوسرے بول جیسے "چل" یا "ٹھیر" سے اسے نہیں چپکایا گیا۔

ہر بول کچھ آوازوں سے بنتا ہے اس لئے کچھ لوگوں کو یہ دھوکا بھی ہوتا ہے کہ بول کی ان آوازوں اور بول کے معنی میں کوئی ملتی ہوئی بات ضرور ہوگی پر وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ اکہری آوازوں کے کوئی معنی نہیں ہوتے۔ معنی صرف اس گھڑی شروع ہوتے ہیں جب کئی آوازوں کو ملا کر بول بنا دیا جاتا ہے۔ یہاں جنگل کے راجا کی مثال سامنے رکھئے جسے انگریزی میں لائن، عربی میں اسد، فارسی میں شیر، سنسکرت میں سِنگھ اور اردو میں باگھ کہتے ہیں۔ یاد رکھئے کہ یہ بول مترادفات ہیں ہمروپ نہیں ہیں۔ پھر بھی ہم یہ مانے لیتے ہیں کہ الگ الگ بولیاں بولنے والوں نے اس درندے کے کسی ایک ہی گن (جیسے طاقت) پر یہ الگ الگ نام رکھ دئے ہوں گے پر یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ ان اتنی بہت سی اکہری آوازوں میں بھی جن سے یہ بول بنے ہیں کوئی ایسا قدرتی گن ہو سکتا ہے جو ایک دوسرے قدرتی گن (طاقت) سے میل کھاتا ہو۔ شیر کی طاقت ایک ایسا گن ہے جو خدا نے اس میں رکھا ہے اور آوازوں کی بانٹ یا ان کے مجموعے آدمی نے بنائے ہیں۔ یہی کارن ہے کہ ایک اکہری آواز طاقت بتانے والے بول میں بھی ملتی ہے اور کمزوری جتانے والے بول میں بھی سنائی دیتی ہے جیسے اردو باگھ (شیر) اور بول یا بُود (کمزوری) کا ب۔ یہی حال ہر اکہری آواز کا ہے۔ جس طرح شیر کو اردو میں باگھ کا نام دیا گیا اسی طرح کوئی اور نام جیسے باگ یا راس بھی دیا جا سکتا تھا۔

اب آئیے بولوں کی طرف جو اکہری آوازوں کا مجموعہ ہوتے ہیں اور یہ سوچئے کہ جس طرح کچھ قدرتی عناصر کے مل جانے سے ایک گھول تیار ہو جاتا ہے جس کی خاصیت کیمیاوی عمل کے کارن ان عناصر کی اکہری خاصیتوں سے الگ ہو جاتی ہے اسی طرح اکہری آوازوں کے ملنے سے ایک طرف تو بول بن جاتا ہے اور دوسری طرف وہ کیفیت پیدا ہو جاتی ہے جسے ہم معنی کہتے ہیں تو یہ مثال بھی غلط ہوگی کیونکہ آوازوں میں ویسی کوئی خاصیت نہیں ہوتی جیسی قدرت نے مادی عناصر میں رکھی ہے۔ انسان نے ان کی بانٹ اپنے گلے، جیبھ اور تالو جیسے انگوں سے کی ہے اور ان کے جتھے بھی من کی موج سے بنائے ہیں اسی لئے ان کے ملنے سے وہ کیفیت پیدا نہیں ہو سکتی جو مادی عناصر کے ملنے سے پیدا

ہوتی ہے اور جو یہ بھی مان لیا جائے کہ خاص خاص آوازوں کے ملنے سے جو ایک بول بنتا ہے اس میں ایک خاص کیفیت آجاتی ہے جسے معنی کہتے ہیں تو پھر یہ بھی ماننا پڑے گا کہ دھرتی کے کونے کونے میں ایک بول کے ایک ہی معنی ہو سکتے ہیں جو نہیں ہیں۔ کوس اردو میں دو میل کی دوری کو کہتے ہیں اور فارسی میں اس کے معنی نقارے کے ہیں۔ ہم سیاہ کو کالا کہتے ہیں اور فارسی والے کالا سے سامان مراد لیتے ہیں۔ اردو میں ڈور کے معنی رسی کے ہیں اور انگریزی میں دروازے کے۔ معنی میں اس بل کا کارن یہ ہے کہ جس طرح انسان نے آوازوں کی بانٹ اپنے من کی موج سے کی ہے، آوازوں کے جتھے بنائے، ان کی بدلائی وغیرہ کے اصول گھڑے اور ان کو ملا کر بول ڈھالے، اسی طرح اس نے اپنے من کی موج سے ان بولوں کو معنی بھی دئے ہیں۔

ایسا لگتا ہے کہ آدمی نے ایک طرف تو آوازوں کو دو جتھوں میں بانٹا اور دوسری طرف معنی (چیزوں کے گنوں، کیفیتوں اور رشتوں) کے دو تھوک بنا دئے اور پھر یہ بات اس کے لئے بہت سیدھی سادی اور آسان ہو گئی کہ وہ کسی ایک جڑ (مادے) یا آوازوں کے مجموعے کو کسی ایک تھوک سے چپکا دے۔ اس کے پیچھے آوازوں کی بدلائی کے اصولوں کے سہارے بول سے بول بنانا کوئی بڑی بات نہیں رہی اور بولی پھیلتی اور بڑھتی چلی گئی۔ اس کی مثال میں ب کی تختی سے بننے والی دو سادہ، اکہری اور الگ الگ جڑیں اور ان سے بننے والے کچھ ایسے بول (بہروپ) نیچے لکھے جاتے ہیں جن کے معنی تک آپ کی نظر آسانی سے پہنچ سکتی ہے۔

الف، با۔ ا۔ باد (بادل)۔ بوجھ، بُوٹ، بھاپ۔ ۲۔ پال (بالک)۔ بانچ (بچّ، بچاّ)۔ ۳۔ بانک، بہک۔
ب، بوُ۔ ا۔ بول۔ بات۔ باچ۔ باک (سنسکرت واک)۔ ۲۔ بُود (بُودا)۔ بوَند (بوَندا)۔ بوَنڈ (بوَنڈا)۔ ۳۔ بانگ۔ بان (بانی)۔ بھاس (سنسکرت بھاشا)۔

یہ دونوں جڑیں معنی کے دو الگ الگ تھوکوں سے جڑی ہوئی ہیں اور دونوں تھوکوں کو الگ الگ کر کے دکھاتی ہے۔ ان جڑوں کو "پ" کی تختی میں بھی بدلا جا سکتا ہے جو دوسرے جتھے کا اسر ہے۔ ایسی صورت میں "با" کا بہروپ "پوُ" اور "بوُ" کا بہروپ "پا" ہو گا اور پھر "پ" کی تختی کے بہروپ بنائے جا سکیں گے۔ یوں ہر اچھر کی تختی میں بننے والے بہروپ معنی کے انھیں دو تھوکوں میں بٹ جائیں گے۔

اس پوری بات کا نچوڑ یہ ہے کہ انسان نے سب سے پہلے آوازوں کو سروں اور اسروں میں

بانٹا اور اس کام میں لگے ، تالو ، جیبھ ، دانتوں اور ہونٹوں سے کام لیا ۔ اس کے پیچھے وہ مادی سہاروں کے چنگل سے نکل گیا اور آپ خالق بن کر اپنے من کی موج پر چلا ۔ اس نے آوازوں کے دو جتھے بنائے پھر آوازیں جوڑ جوڑ کر بول گھڑنے کے اصول ڈھالے ، بولوں کو معنی دئے اور معنی کو دو بڑے بڑے تھوکوں میں بانٹ دیا ۔ آگے چل کر ان تھوکوں کی اور بھی چھوٹی چھوٹی بانٹیں ہوتی چلی گئیں اور آج یہ دن آگیا کہ ایک ایک بول کئی کئی معنی دینے لگا اور کئی کئی معنی کے لئے خالی ایک ہی بول بولا جانے لگا ۔

بولی اس جگ میں بنی ہے جو تاریخ کال سے پہلے بیت چکا ہے اس لئے کسی ایک بول کے لئے بھی یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ دوسرے سے پہلے بنا ہے یا پیچھے بنا ہے ۔ خالی کتابوں میں کسی بول کے آجانے سے اس کی بناوٹ کی تاریخ کا نیاؤ نہیں ہو سکتا کیونکہ ہر لکھنے والا ہر بول نہیں لکھتا ۔ پہلے کا مصنف ایک بول چھوڑ دیتا ہے اور اس کے پیچھے آنے والا اسے اپنی کتاب میں لکھ دیتا ہے تو اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ وہ بول پہلے مصنف کے زمانے تک نہیں بن پایا تھا ۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ بول پہلے کی کتاب میں بھی لکھا گیا ہو اور وہ کتاب لغت لکھنے والے کو نہ مل پائی ہو یا وہ کتاب ہی مٹ چکی ہو ۔ دونوں طرح بولوں کی تاریخ لکھنے کا کام بے فائدہ ہی رہتا ہے ۔ انگریزی کے لغت کاروں نے جو بولوں کی تاریخیں اکٹھی کرنے کا کچھ کام کیا ہے اس میں اپنا قیمتی وقت ہی کھویا ہے کیونکہ اس سے بولی کے کھوج میں کوئی سہارا نہیں ملتا ۔

بہت سے لغات سامنے رکھ کر ایک نیا لغت لکھ ڈالنے کی ریت آج کی نہیں سدا کی ہے اور کچھ بری بھی نہیں ہے کیونکہ سنسار میں دئے سے دیا جلتا چلا آرہا ہے پر ان میں ایسے لغات کی گنتی بہت تھوڑی سی ہے جن کے لکھنے والوں نے بولوں کے لکھاوٹی روپوں پر کم اور بول چال پر دھیان زیادہ دیا ہو کیونکہ یہ کام بہت محنت اور وقت چاہتا ہے اور جوکھوں کا کام بہت کم لوگ کرتے ہیں ۔ پر سچی بات یہ ہے کہ بولی کا روپ بول چال پر دھیان دے کر ہی نکھارا جا سکتا ہے ۔ پراکرت کے ایک مشہور گرامر نویس لکشمی دھر نے اپنی کتاب " شڈ بھاشا چندر کا " میں یہ بات کھول کر لکھی ہے اور اسے اپنی گرامر کا ایک اصول بنا دیا ہے کہ جہاں جہاں لکھاوٹی روپ اور بول میں بل پایا جائے وہاں وہاں روپ کو چھوڑ کر بول چال کو اپنایا جائے کیونکہ بولی بول چال کا ہی دوسرا نام ہے ۔

اردو کے لغات میں وہ بدیسی بول تو ملتے ہی ہیں جو عام طور پر اردو والوں میں بولے جاتے ہیں پر کچھ لغات میں ایسے ایسے بدیسی بول بھی بھر دئے گئے ہیں جو اردو میں کبھی بولے سنے نہیں گئے اور جن

کی اب بھی کوئی ضرورت نہیں پڑتی ۔ لکھنے والوں نو ایسے لغات لکھنے میں بہت بڑی آسانی یہ ہے کہ انھیں اردو کے بول ڈھونڈنے کے لئے اردو بولنے والوں کے یہاں مارا مارا پھرنا نہیں پڑتا اور جب انھیں بہت سے بول بدیسی بولیوں کے لغات میں ایک جگہ مل جاتے ہیں جنھیں نقل کر کے وہ اپنے اپنے لغات کو موٹے سے موٹا بنا سکتے ہیں تو وہ اردو کی بول چال سنے بغیر ہی لغت لکھ ڈالتے ہیں ۔ ایسے لغات میں اُچار (تلفظ) سے زیادہ بولوں کے لکھاوٹی روپ پر دھیان اور زور دیا گیا ہے اس لئے لپی اور لکھاوٹ کی جو کھوٹیں اوپر بتائی جا چکی ہیں وہ سب ان میں پائی جاتی ہیں ۔ کبھی لپی سے جنم لینے والا بگڑا ہوا اُچار سامنے آتا ہے تو کبھی ایک ہی بول کے کئی کئی روپ دیکھنے کو ملتے ہیں جو لکھاوٹ کی الگ الگ ریتوں سے بن گئے ہیں ۔ ظاہر ہے کہ ایسے لغات سے بولی کے پیاسوں کی پیاس نہیں بجھ سکتی ۔

اردو ہی کیا دنیا کی ہر بولی کا یہ اصول ہے کہ بدیسی (دخیل) بول کا اصلی اُچار کچھ بھی ہو جب وہ ایک بار اس بولی میں چالو ہو گیا تو جس طرح بولنے والے بولیں گے اسی طرح ٹھیک مانا جائے گا ۔ انگریزی میں سینکڑوں بدیسی بول اصلی اُچار سے ہٹ کر بولے جا رہے ہیں جیسے کھاکی (خاکی) ۔ کوٹ ۔ کیمل اور انگریزی بولنے والے ان پڑھ اور پڑھے لکھے سب کے سب ان کے چالو اُچار کو ٹھیک مان رہے ہیں ۔ ان میں سے ایک بھی تو یہ نہیں کہتا کہ انھیں خاکی، کھاٹ اور جمل بولا جائے تو پھر اردو بولنے والوں ہی پر یہ زور کیوں دیا جاتا ہے کہ وہ نَقَل کو نَقْل، شمَا کو شَمْع اور عرَبی کو عَرَبی بولیں ۔ وہ بھی تو ان بدیسی بولوں کو اپنے دیسی لہجے ہی میں ڈھال کر بول رہے ہیں ۔ اردو کے لغات بھی بدیسی بولوں کا بدیسی اُچار تو دیتے ہیں پر دیسی اور چالو اُچار نہیں دیتے ۔ یہی کارن ہے کہ ہمارے لغات سے اردو بول چال کا رنگ نہیں جھلکتا اور یہی ان کی سب سے بڑی کھوٹ ہے ۔

لغت میں معنی لکھنے کے کئی طریقے کام میں لائے جاتے ہیں ۔

۱ ۔ تصویری : جس بول کے معنی بتانا ہوتے ہیں اس کے معنی یعنی چیز وغیرہ کی تصویر بنا دیتے ہیں جیسے شیر، چرخا وغیرہ ۔ یہ طریقہ دوسری بولیوں جیسے عربی اور انگریزی وغیرہ کے لغات میں تو دیکھنے میں آتا ہے پر اردو میں اس کا چلن نہیں ہے ۔

۲ ۔ تعریفی : بول کے آگے اس کی تعریف لکھ دی جاتی ہے جیسے مثلث، تین خطوط مستقیم سے گھری ہوئی شکل ۔ یہ طریقہ اصطلاحوں کے معنی بتانے میں کام آتا ہے ۔

۳ ۔ تشریحی : کبھی اس چیز کی خصوصیات اور اس کا استعمال وغیرہ بھی بتا دیا جاتا ہے جس

کے لئے وہ بول گھڑا گیا ہے جیسے گنیا راجوں کا ایک آلہ جو لوہے یا پتھر کے گول ٹکڑے میں لمبی سی ڈوری باندھ کر تیار کیا جاتا ہے اور راج اسے لٹکا کر دیوار کی سیدھ ناپتے ہیں۔

۴۔ مترادف : کبھی کسی دوسری بولی کا کوئی ہم معنی بول لکھ دیتے ہیں یا اسی بولی کا کوئی ایسا بول بھی دے دیتے ہیں جو معنی میں اس سے ملتا جلتا ہو جیسے اچھا، خوب، مناسب، نیک، ستھرا وغیرہ۔

۵۔ بہروپ : کسی بول کے معنی بتانے کے لئے آوازوں کے اصولوں کی مدد سے اسی بول کا دوسرا روپ گھڑ کر دے دیا جاتا ہے جیسے ڈھانکنا، ڈھاپنا، چھوٹنا، چلنا وغیرہ۔

لغت لکھنے والوں کے سامنے ایک کٹھنائی یہ ہے کہ وہ کس بول کو اپنا اور کس کو پرایا مال سمجھیں۔ انھیں یہ کون بتائے کہ فلاں بول اسی بولی کا ہے اور فلاں بول بدیسی (دخیل) ہے۔ اس کے لئے انھوں نے یہ راستا نکالا ہے کہ وہ کسی مصنف کا جملہ یا کسی شاعر کا شعر لکھ دیتے ہیں جس میں وہ بول آیا ہو۔ اس سے ان کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ فلاں مصنف یا شاعر جس نے یہ بول لکھا ہے اسی بولی کا ہے اس لئے یہ بول بھی اسی بولی کا مال ہے۔ ایسی سند پیش کرنا دوسرے لغت کاروں کی طرح ہمارے لغت کار بھی ضروری سمجھتے ہیں پر ان کا یہ جتن بھی کھوٹ سے خالی نہیں ہے۔ اس بات کو بھی چھوڑتے ہوئے کہ اس سے لغت میں جگہ بہت گھرتی ہے اور کاغذ بھی بہت خرچ ہوتا ہے، یہ کیسے مان لیا جائے کہ جس ادیب یا شاعر نے (چاہے وہ اسی بولی کا ہو) یہ بول لکھا ہے وہ ٹھیٹھ دیسی بول ہی لکھتا ہے اور کبھی بدیسی بول نہیں لکھتا بولتا یا وہ سدا ٹھیک بول ہی بولتا ہے کبھی کوئی کھوٹا بول نہیں بولتا۔ پھر اس نے بھی تو یہ بول ٹکسالی کہہ کر نہیں لکھا ہے۔ بول کے ٹھیک یا ٹکسالی ہونے کا دعویٰ تو لغت کار کرتا ہے اور اپنے دعوے کا بوجھ ادیب یا شاعر پر دھر دیتا ہے۔ یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے۔

اردو کے ادیب اور شاعر الگ الگ دیسوں کے باسی ہیں اور ان دیسوں کی اردو میں مقامی بولیوں کا پُٹ بھی ملا ہوا ہے اس لئے ان لغات میں ہر وہ شعر یا جملہ جو لکھا گیا ہے اس کا شاعر یا ادیب کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو کھری اور بے میل اردو کا نمونہ نہیں کہا جا سکتا اور اس کی اردو ٹکسالی اردو نہیں مانی جا سکتی اس لئے سند دینے کا یہ ڈھنگ غلط اور لچر ہے۔ مولوی نذیر احمد کی مثال سامنے ہے۔ وہ اپنی کتابوں میں کہیں کہیں اپنی جنم بھوم، بجنور (یوپی۔ بھارت) کی بول چال بھی لکھ گئے ہیں جو ٹکسالی اردو سے ہٹی ہوئی ہے۔ مولوی صاحب اردو کے بہت بڑے ادیب سہی لیکن ان کے منہ سے نکلا ہوا ہر بول یا ان کے قلم سے نکلا ہوا ہر اچھر ٹکسالی نہیں مانا جا سکتا۔ لغت کار مولوی صاحب کے نام کی

دہائی دیتا رہے۔ایسی بول چال اور ایسے بولوں کو ٹکسالی کیسے سمجھ لیا جائے؟

بولی کا سبھاؤ عوامی ہے۔ اس میں کسی ایک راجا کا راج نہیں سماج کا سکہ چلتا ہے اور کوئی ادیب یا شاعر پورے سماج کی جگہ نہیں لے سکتا۔ ہر بولی کے سماج میں پڑھے لکھوں کے ساتھ ساتھ ان پڑھ بھی ہوتے ہیں اور گنتی میں ان سے کہیں زیادہ ہوتے ہیں۔ اس لئے بولی کی سند خالی پڑھے لکھوں ہی سے نہیں، ان پڑھوں سے بھی لینا چاہیے۔ یہ اس لئے اور بھی ضروری ہے کہ ان پڑھوں کی بول چال پڑھے لکھوں سے زیادہ کھری اور بے میل ہوتی ہے۔ پھر بولی کا دیس بھی نگروں میں نہیں دیہات میں ہوتا ہے۔ ایک نگر میں کتنی ہی بولیاں بولنے والے بستے ہیں اس لئے نگر باسیوں کی بول چال میں بدیسی بولوں کا زیادہ میل ہو جاتا ہے اور وہ کھچڑی بولی بولنے لگتے ہیں جبکہ دیہات کے رہنے والوں کی بول چال میل ملاوٹ سے بہت کچھ بچی رہتی ہے۔ محنت اسی لغت کار کی سوارت ہوتی ہے جو مٹھی بھر پڑھے لکھوں کے ساتھ ساتھ ان پڑھوں کی بول چال بھی سنتا ہے اور نگر باسیوں کی بول چال کے ساتھ ساتھ دیہات والوں کی بول چال بھی سامنے رکھتا ہے۔ لغت کے لئے ضروری ہے کہ وہ بول چال کا رنگ دکھائے اور یہ رنگ تبھی چوکھا ہو سکتا ہے جب کچھ دکھ بھر کے اسے ڈھونڈنے کا جتن کیا جائے۔ سند میں کسی ادیب کا جملہ یا شاعر کا شعر لکھنے سے یہ کہیں اچھا اور ضروری ہے کہ لغت کار لغت میں اس دیس (علاقے) کا نام لکھ دے جہاں وہ بول یا محاورہ بولا جاتا ہے۔

میں یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ میرے اس لغت میں جتنے بول اکٹھے کئے گئے ہیں وہ سب کے سب ٹھیٹھ اردو کے ہیں پر اتنا کہہ سکتا ہوں کہ میں نے ٹھیٹھ اردو کے زیادہ سے زیادہ بول اپنے بس بھر جمع کرنا چاہے ہیں کیونکہ مجھے اس لغت میں بولوں کی بناوٹ دکھانا تھی۔ بہت سے ایسے بول جو اب بھی میرے دائیں بائیں بولے جا رہے ہیں اس کے باہر رہ گئے ہیں اور اس کا کارن وقت کی کمی اور میری بے بسی ہے۔ لغت تو کوئی بھی کبھی پورا نہیں ہو سکتا۔ ہاں اس کی کمی وقت کے ساتھ ساتھ دور ہوتی رہتی ہے اور وہ انشاء اللہ ہوتی رہے گی۔ جہاں تک ہو سکا ہے اس لغت میں دیسی بول اور دخیل نما اکٹھے کرنے کا بھرپور جتن کیا گیا ہے۔ کہیں اپنی بول چال کا کوئی اصول دکھانے کے لئے موڑ دبول بھی لے لیا گیا ہے اور کہیں کہیں کسی دوسری بولی جیسے برج بھاشا، راجستھانی، پنجابی، ہریانی، دکنی، گجراتی، سندھی، مرہٹی، بنگلا یا پوربی (اودھی) کا بھی کوئی بول لکھ دیا ہے تو اس لئے کہ اس کی جڑ سے اردو میں بھی بول بنایا گیا ہے۔

اردو لپی کے ہر اچھر کا ایک الگ باب بنایا ہے اور اردو کے سروں (اصوات علت) کی فصلیں رکھ کر ہر باب کو فصلوں میں بانٹ دیا ہے۔ بابوں کی ترتیب تو اردو لپی کے اچھروں (اصوات صحیحہ) پر رکھی ہے پر فصلوں کی ترتیب ہر باب میں ایک سی ہے اور وہ یوں ہے:

ابواب کی ترتیب

الف (ہمزہ) ، ب، بھ، پ، پھ، ت، تھ، ٹ، ٹھ، ث، ج، جھ، چ، چھ، ح، خ، د، دھ، ڈ، ڈھ، ذ، ر، ز، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف، ق، ک، کھ، گ، گھ، ل، م، ن، و، ہ، ی۔

فصلوں کی ترتیب

ہَ، ہَں، ہُ، ہُں، ہِ، ہِں، ہٖ، ہٖں، ہے، ہےں، ہُو، ہُوں، ہٗ، ہٗں، ہَے، ہَےں، ہَو، ہَوں، ہٰ، ہٰں، ہٗ، ہٗں۔

ان فصلوں میں ہِ ں اور ہٗ ں کی دو فصلیں نہیں ہیں۔ اس کا کارن یہ ہے کہ اردو لپی میں ان دونوں کو ہائے ہوز کی مدد سے لکھا جاتا ہے جیسے مہنگا، مہندی اور مہنچ وغیرہ۔ اس لئے ان کی الگ فصلیں بنانے کی جگہ انھیں ہِ ہ اور ہٗ ہ کی فصلوں میں ہی ملا دیا ہے اور یوں چوبیس فصلوں کی جگہ اب ہر باب میں بائیس فصلیں ہی دکھائی دیں گی۔

میں نے محاورے، مقولے اور کہاوتیں چھوڑ دی ہیں اور جو انھیں کوئی سماس (مرکب) لکھا ہے تو اسے بول کے پیٹ میں لکھنے کی جگہ اس کی بھی ایک الگ سرخی بنا دی ہے۔ محاوروں کے معنی ان کے خاص خاص بولوں کے معنی سمجھ لینے سے کھل جاتے ہیں اس لئے میں نے الگ سے محاورے اور ان کے معنی لکھنے کی جگہ خالی بول ہی لکھ دئے ہیں اور جتن یہ کیا ہے کہ ان کے زیادہ سے زیادہ معنی لکھے جائیں جس سے محاوروں کے معنی بھی سمجھ میں آسکیں۔

ہر بول کا اُچار (تلفظ) اس کے برابر قوسین میں دے دیا ہے۔ اردو لپی میں پورے سروں کی علامتیں نہیں ملتیں اس لئے میں نے ان کی جو علامتیں اپنی کتاب "اردو کا روپ" میں رکھی ہیں وہی یہاں بھی بولوں کے اُچار کے لئے برتی ہیں اور ان کا ایک نقشہ شروع میں بھی دے دیا ہے۔ ہر بول کو جڑ (مادے) ۔ اگ لگوے (سابقے) ، بچ لگوے (وسطانیے) اور پچھ لگوے (لاحقے) میں بانٹ کر ان کے الگ الگ معنی دئے ہیں اور پھر پورے بول کے جتنے معنی اردو میں سمجھے جاتے ہیں ان میں سے زیادہ سے زیادہ لکھ دئے ہیں۔ معنی لکھنے میں تعریف، تشریح، مترادف اور بہروپ چاروں ڈھنگ سے

کام لیا ہے۔ ان میں مترادفات تو دوسری بدیسی بولیوں سے بھی لئے ہیں پر بہروپ اردو سمیت خالی دیسی اور علاقائی بولیوں سے لے کر دئے ہیں اور یہ تین بھانت کے ہیں۔

۱۔ وہ بول جو اردو میں ہی بولے جاتے ہیں۔

۲۔ وہ بول جو اردو کی پڑوسی بولیوں میں چالو ہیں۔

۳۔ وہ بول جو بہروپ تو بن سکتے ہیں پر کہیں بولے نہیں جاتے۔

کبھی کبھی بول کا جو بہروپ ہاتھ لگتا ہے وہ اردو میں تو نہیں اس کی کسی پڑوسی بولی میں چالو دکھائی دیتا ہے جیسے کانٹا کا بہروپ کنڈا پنجابی میں بولا جاتا ہے۔ ایسی جگہ پر میں نے اپنی جانکاری کی حد تک دوسری بولیوں کے نام لکھ دئے ہیں پر جب مجھے کسی بولی کا پتا نہیں لگ سکا تو میں نے بول کا بہروپ بنا کر خالی اس لئے لکھ دیا کہ اس سے بھی بول کے معنی سمجھنے میں سہارا مل سکتا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ کسی بولی میں چالو ہو جس کو میں تو نہیں جانتا پر پڑھنے والا جانتا ہو۔

اردو میں ایک معنی کے لئے ایک آواز سے شروع ہونے والے کتنے ہی بول مل جاتے ہیں جیسے سفیدی کے لئے میم کے باب میں موُت، متّول، مَل اور مَر جن سے مُوتی، مولی، ململ اور مرمر (ایک سفید پتھر) کے بول بنتے ہیں اور پھر انھیں معنوں میں دوسرے بابوں سے بھی ان کے بہروپ ڈھونڈے جا سکتے ہیں جیسے بھوّر، گوُر، چِٹ، چانو اور نون جن سے بھورا یا بھوڑا، گورا، چِٹا، چانول اور نونا کے بول بنتے ہیں۔ میری زیادہ کوشش تو یہی رہی ہے کہ بول کا بہروپ اسی باب میں بنایا جائے یعنی بول کے پہلے اسر کو نہ بدلا جائے اور اسے بہروپ میں بھی باقی رکھا جائے پر ہر جگہ ایسا نہیں ہو سکا اس لئے کہیں کہیں ایک باب کے بول کا بہروپ دوسرے باب سے بھی لے لیا ہے جیسے پوُل، پھول، گلنا اور کھُلنا، ہلنا اور جُلنا یا ہلنا اور ملنا۔

بہروپوں میں، میں نے جگہ جگہ سنسکرت کے بول بھی لکھ دئے ہیں جو اردو کے انھیں اصولوں کی مدد سے بنا بنا کر سنسکرت میں لے لئے گئے تھے اور یوں میں نے ایک طرف تو اس غلط سوچ کو سدھارنے کی کوشش کی ہے کہ سنسکرت دیوتاؤں کی بولی یا آکاش بانی ہے اور دوسری طرف اپنی پہلے کی کہی ہوئی بات کو بھی پکا کیا ہے کہ سنسکرت ایک پرانی لکھاوٹ ہے۔ یہ کوئی انوکھی بولی نہیں ہے۔

ہر بول کے سلسلے میں یہ دھیان رکھا ہے کہ اس کے جتنے معنی ملتے ہیں دے دئے جائیں اور ہر معنی کو پکا کرنے کے لئے اس کا الگ بہروپ لکھا جائے جو آوازوں کے اصولوں کی مدد سے اصل بول

کے ساتھ ایک جان ہو۔ اس طرح ہر بول کا پورا بیان شروع سے آخیر تک ٹھوس دلیلوں اور ثبوتوں سے پکا کیا گیا ہے۔

یہ لغت اردو کے دوسرے لغات سے اس طرح بھی ہٹا ہوا ہے کہ اس میں سند کے لئے کسی ادیب کا جملہ یا شاعر کا شعر نہیں لکھا گیا۔ کہیں کہیں کسی بول کا چلن دکھانے کے لئے اس کے دیس کا نام لکھ دیا ہے۔ اس میں جتنے بول لکھے ہیں وہ میں نے اپنی ہی سوجھ بوجھ پر بھروسا کر کے لکھے ہیں اور کوئی آدمی یہ بڑا بول نہیں بول سکتا کہ اسے پوری بولی آتی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ان میں سے کچھ بولوں پر کسی کو ٹکسال باہر ہونے کا شبہ ہو، کسی کو کسی بول کے اُچار میں دھوکا ہو، کسی کو کسی معنی پر اعتراض ہو یا کوئی بہروپ قبول نہ ہو پر ایسے بولوں کی گنتی بہت تھوڑی ہو گی۔ اس لغت کا کھنڈا دوسرے لغات سے الگ ہونے کے کارن مجھے کسی طرف سے کوئی سہارا نہیں مل سکا اور ایک اکیلے ہی کو یہ کام کرنا پڑا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس میں غلطیاں بھی بہت ہوں گی پر مجھے یہ تسلی اور خوشی ہے کہ میرے پیچھے آنے والے میری غلطیوں سے بہت کچھ فائدہ بھی اٹھائیں گے۔

میرے کچھ دوست میری لکھاوٹ پر اس لئے ناک بھوں چڑھاتے ہیں کہ میں اردو کے بول زیادہ اور بدیسی بول کم لکھتا ہوں۔ اس گھڑی وہ اردو کے دشمنوں کو بھول جاتے ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ اردو بہت چھوٹی سی یا کنگال بولی ہے جو مانگے تانگے کے بولوں سے اپنا کام چلا رہی ہے اور اس بہانے سے وہ اردو کی جگہ دوسری بدیسی بولی (انگریزی) کو اوپر رکھنا چاہتے ہیں۔ ان کے بھڑکاوے میں آکر اردو کے دوست بھی ایسی ہی باتیں کرنے لگے ہیں یہاں تک کہ مدرسوں اور کالجوں میں پڑھائی جانے والی کتابوں میں بھی اسی طرح کے سوچ بچار ملتے ہیں۔ اس غلط سوچ کو دور کرنے کے لئے کہ اردو میں نہ کوئی علمی بات سمجھائی جا سکتی ہے اور نہ کوئی علمی کتاب ہی لکھی جا سکتی ہے، میں ٹھیٹھ اردو کے بولوں سے زیادہ کام لیتا ہوں جس سے اردو کا پھیلاؤ سامنے آئے اور پڑھنے والوں کو یہ معلوم ہو سکے کہ اس میں ہر سوچ کے لئے بول موجود ہے اور ہر نئے سوچ کے لئے نیا بول گھڑا جا سکتا ہے۔

میرے دیس باسیوں میں بہت کم ایسے نکلیں گے جنھیں بولی کی بناوٹ سے مَس ہو اور جو تھوڑے سے ہیں بھی تو وہ بولوں ہی کی بات کر کے چھٹی پا لیتے ہیں۔ پر بول آوازوں سے بنے ہیں اس لئے بات بولوں سے آگے بڑھ کر آوازوں تک پہنچ جاتی ہے۔ جب تک ہم آوازوں پر پورا پورا دھیان نہیں جمائیں گے بولی کا کھوج نہیں لگا سکیں گے۔ اسی لئے آج کی لسانیات میں آوازیں بولوں سے کچھ

سمجھی جاتی ہے۔ ایسی صورت میں یہ ضروری ہے کہ اردو کی آوازوں کی چھان بین اور جانچ پرکھ کر کے یہ ثابت کیا جائے کہ یہ ایک بہت بڑی بولی ہے جو آپ اپنے پیروں پر کھڑی ہے۔ اسے اپنے جیون کے لئے کسی دوسری بولی کے سہارے کی ضرورت نہیں ہے اور جو لوگ ایسا سمجھتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔

اس لغت کی تیاری میں اوپر لکھے ہوئے بہت سے لغات میں نے آپ دیکھے ہیں۔ ان کے ساتھ ساتھ کچھ اور دوسری بولیوں کے لغات بھی میری نظر سے گزرے ہیں جن کے نام اس فہرست میں نہیں ہیں اور نہ یہاں ان کے نام گنانے کی کوئی ضرورت ہی ہے۔ ان سب میں سے یہاں فاضل لکھنوی صاحب کے لغت "جدید نسیم اللغات" کا ذکر اس لئے ضروری ہے کہ اس میں بول چال کی اردو کی طرف زیادہ جھکاؤ ہے اور اس سے میں نے بولوں کے معنی لکھنے میں بہت کچھ مدد لی ہے۔

سہیل بخاری
پی اے ایف کالج سرگودھا
یکم مارچ ۱۹۷۴ء

ا

ا (ءَ)۔۱۔ آ کا چھوٹا روپ ۔۲۔ اک اگ لگوا جو بولوں میں نہیں کے معنی دیتا ہے۔ اَن۔

اب (ءَب)۔۱۔ علیحدگی ۔ دوری ۔ اوچ ۔ اُوپ ۔ آکھ ۔۲۔ ایک خوشبو ۔ اگ ۔۳۔ اس وقت۔ آج کل ۔ پنجابی اَج ۔ اَیت ۔ دکنی اَد ۔ ہب ۔۴۔ مستقبل میں ۔ آئندہ ۔ سامنا ۔ آگے ۔ اگ ۔ ۵۔ چمک ۔ نقش ۔ چھاپ ۔ اج ۔ اَنج ۔ آ̿وج ۔۶۔ بلندی ۔ اونچ۔

ابر (ءَبَر)۔ اب + ار (نسبتی)۔۱۔ علیحدہ ۔ دور ۔ آکھڑ ۔ اپڑ ۔ اچل ۔ اونچل ۔۲۔ روشن ۔ چمکیلا۔ چمک ۔ آدجل ۔ آبھ ۔ آ̿وپ ۔۳۔ سامنے کا حصہ ۔ اگل ۔ اگر۔

ابرا (ءَبرٗ)۔ ابر + آ (تذکیری)۔ دہرے کپڑے کا چھپا ہوا اوپری پرت ۔ انجلا ۔ بالا ۔ اُپڑا ۔ اکھڑا ۔ اونچلا ۔ اگلا ۔ اُچلا۔

ابرک (ءَبرَک)۔ ابر + اک (نسبتی)۔ ایک پرت دار چمکیلی دھات ۔ آکھڑک ۔ اُپڑک۔ آبھک ۔ اَجرک۔

ابرن (ءَبرَن)۔ ابر + ان (نسبتی)۔ زیور ۔ گہنا ۔ سجاوٹ کی چیز ۔ آبھن ۔ آجلن ۔ آ̿وپن۔

ابری (ءَبرِ)۔ ابر + ای (نسبت تانیث)۔ وہ رنگین چمکیلا کاغذ جو کتاب کے گتے کے اوپر چڑھایا جاتا ہے ۔ آ̿وپی ۔ آبھی ۔ انجلی ۔ اگلی۔

ابلا (ءَبلٗ)۔۱۔ ابل + آ (سنسکرت کی نسبت تانیث) ۔ کمسن دوشیزہ ۔ بالا ۔ اَنجلا۔ ۲۔ ا (فالتو) + بلا (بالا)۔ بالا۔

ابیر (ءَبِر)۔ اب + ایر (نسبتی)۔ ایک خوشبودار اور چمکیلا برادا ۔ اگیر ۔ عبیر۔

ابھ (ءَبھ)۔ آبھ کا چھوٹا روپ ۔۱۔ رونق ۔ چمک ۔ روشنی ۔ آ̿وپ ۔ آنج ۔ اوج ۔۲۔ اس وقت۔ ابار ۔ برج بھاشا اَبے۔

ابھاگی (ءَبھگِ)۔ ا (نہیں) + بھاگ (قسمت) + ای (تانیث)۔ بدنصیب عورت ۔ ان بھاگی۔

ابھی (ءَبھِ)۔ ابھ + ای (تاکیدی ۔ ہی)۔ اسی وقت ۔ فوراً ۔ ترت ۔ اباہی ۔ برج بھاشا اَبےہی۔

ابئ۔

اپار (ءَپْ ر)۔ا (نہیں) + پار (دوسرا سرا یا کنارا۔ بھار۔ باہر)۔جس کا کنارا نہ ہو۔ بیکراں۔ لامحدود۔ ابھار۔ ان پار۔

اپن (ءَپَ ن)۔اپ (آپ) + ان (نسبتی)۔ا۔اپنے آپ۔ خود۔ آپ۔۲۔ہم اور تم دونوں۔ اپانگ۔

اپنا (ءَ پ نْ)۔اپن + آ (تذکیری)۔ خود کا۔ اپنے آپ کا۔ ہم تم دونوں کا۔ آپنا۔ اپنگڑا۔ پوربی ہمرا۔

اپناس (ءَپ نْ س)۔اپن + آس (نسبتی)۔اپنا پن۔اپنا یت۔ آپس۔

اپنایت (ءَپ نْ یَ ت)۔اپن + آیت (نسبتی)۔اپنے پن کی حالت۔ میل۔ قرب۔ یگانگت۔ اپناس۔ آپس۔

اپنی (ءَپ نِ)۔اپنا کا مونث۔

اپھ (ءَ پھ)۔ا۔پھلاؤ۔ بھراؤ۔ اڈب۔۲۔ بلندی۔ اونچ۔ ادل۔۳۔ سُستی۔ اونگھ۔

اپھار (ءَپھُ ر)۔ اپھ + آر (نسبتی)۔ا۔پھولنے کا عمل۔نفخ۔ ابال۔ اُپھان۔ پھول۔۲۔ سیری۔ آٹ۔

اپھارا (ءَپھُ رْ)۔اپھار + آ (فالتو)۔نفخ۔اپھار۔ ابالا۔ پھولا۔ اُپھانا۔

اپھرنا (ءَپھَ رنْ)۔اپھر (بھراؤ۔ اپھار) + نا (مصدری)۔ا۔ابلنا۔ پھولنا۔ اُپھننا۔۲۔ بھرنا۔ سیر ہونا۔ اٹنا۔

اپھو (ءَپھ پھُ)۔اپھ + اؤ (تانیثی)۔پھلانے یا سست کرنے والی۔ افیم۔ اونگھو۔ ہتو۔

اپھیم (ءَ پھِ م)۔ اپھ + ایم (نسبتی)۔ ڈوڈے کا جما ہوا رس۔ اپھار۔ اوپیم۔ افیم۔ افیون۔ انگریزی اوپیَم۔

ات (ءَت)۔ا۔ آخری سرا۔ خاتمہ۔ انتہا۔ انت۔ اُور۔ اَحد (ازحد)۔۲۔ شوق۔ اَونس۔ ہونس۔ ہلس۔

اتائی (ءَتْ ءِ)۔ات + آئی (نسبتی)۔شوقیہ کام کرنے والا۔ ہونسائی۔ ہلسائی۔ عطائی۔

اتیت (ءَتِ ت)۔ا۔اَ (فالتو) + تیت (مفلس۔ تنگ)۔ مفلس۔ تنگ۔۲۔ات + ایت (سرمایہ۔ہوت)۔جس کا سرمایہ ختم ہو چکا ہو۔ انت ہوت۔

اتھا (ءَتْھ)۔اَ (نہیں) + تھا (تہ۔تلا)۔۱۔جس کا تلا نہ ملے۔بہت گہرا۔اتلا۔اتھاہ۔۲۔۱ (فالتو) + تھا (فعل ماضی) ۔تھا۔یہ بول دکنی میں ملتا ہے۔مرہٹی میں اسے ہوتا (ہوتھا) اور برج بھاشا میں ہتو (اتھو) بولتے ہیں۔

اٹ (ءَٹ)۔بھرنا۔بھراؤ۔آند۔پاٹ۔ابھار۔

اٹّ (ءَں ٹ ٹ)۔۱۔اونچائی۔آل۔اونچ۔۲۔اندازہ۔قیاس۔آنک۔۳۔روک۔الجھاؤ۔آنٹ۔اڑ۔۴۔بل۔گرہ۔گھوم۔واپسی۔آنٹ نٹ۔اُدبٹ۔بَٹ۔

اٹّا (ءَں ٹ ٹْ)۔اٹ + آ (تذکیری)۔بالاخانہ۔آنٹا۔آلٹا۔آٹرا۔آٹلا۔اٹارا۔

اٹار (ءَٹْ ر)۔اٹ + آر (نسبتی)۔۱۔بھراؤ۔پٹار۔۲۔اونچائی۔بلندی۔آنٹ۔اونچ۔

اٹاری (ءَٹْ رِ)۔اٹار + ای (تانیث)۔بالاخانہ۔اٹّی۔پٹاری۔آلٹی۔آنٹی۔اونچی۔

اٹالا (ءَٹْ لْ)۔اٹال (اٹار) + آ (تذکیری)۔بھراؤ۔سامان کا اونچا ڈھیر۔پٹالا۔اٹارا۔

اٹک (ءَٹَ ک)۔اٹ + اک (نسبتی)۔پھیلاؤ۔پھندا۔بانگ۔ہلگ۔

اٹک (ءَں ٹَ ک)۔اٹ + اک (نسبتی)۔۱۔الجھاؤ۔روک۔اڑک۔۲۔قیاس۔آنک۔۳۔واپسی۔لٹک۔پَرک۔پھرک۔

اٹکانا (ءَ ٹ کْ نْ)۔اٹک + آ (امری) + نا (مصدری)۔روکنا۔اَڑانا۔الجھانا۔

اٹکانا (ءَں ٹ کْ نْ)۔اٹک + آ (امری) + نا (مصدری)۔پھانسنا۔ہلگانا۔

اٹکاؤ (ءَٹ کْ وٗ)۔اٹک + آؤ (نسبتی)۔پھندا۔پھانسا۔ہلگاؤ۔

اٹکل (ءَں ٹ کَ ل)۔اٹک + ال (نسبتی)۔اندازہ۔اندازے کا سوچ۔آنکل۔انکل۔عقل۔

اٹکنا (ءَٹَ ک نْ)۔اٹک + نا (مصدری)۔پھیلنا۔پھنسنا۔ٹنگنا۔ہلگنا۔

اٹکنا (ءَں ٹَ ک نْ)۔اٹک + نا (مصدری)۔۱۔الجھنا۔رکنا۔اڑکنا۔اڑنا۔۲۔واپس آنا یا ہونا۔لٹکنا۔پھرکنا۔

اٹل (ءَٹَ ل)۔۱۔اَ + ٹل (ہٹنا)۔نہ ٹلنے والا۔مضبوط۔محکم۔اچل۔۲۔اٹ + ال (نسبتی)۔بھرا ہوا۔سیر۔پُر۔اَندل۔پٹل۔

اٹم (ءَٹَ م)۔اٹ + ام (نسبتی)۔سامان کا ڈھیر۔انبار۔اٹال۔اڑنگ۔پٹم۔

اٹمبار (ءَٹَ م بْ ر)۔اٹمب (ٹھنساؤ۔اٹٹ) + آر (نسبتی)۔اسباب کا اونچا ڈھیر۔اٹم۔اڑال۔

اٹنا (اَٹ نا) ۔ اٹ + نا (مصدری) ۔ بھرنا ۔ پُر ہونا ۔ پٹنا ۔ اندنا ۔ اپھرنا ۔
اٹّی (اَٹ ٹی) ۔ اٹّ + ای (تانیثی) ۔۱۔ سوت کی بل دار پچھی ۔ آنٹی ۔۲۔ بالاخانہ ۔ اٹاری ۔
اٹیر (اَٹ ٹے ر) ۔ اٹ + ایر (نسبتی) ۔ گھماؤ ۔ بل ۔ نٹیر ۔ آٹ ۔
اٹیرن (اَٹ ٹے رَن) ۔ اٹیر + ان (تانیثی) ۔ بل دینے والی کل ۔ سوت لپیٹنے کی چرخی ۔ نٹیرن ۔ آٹن ۔
اٹیرنا (اَٹ ٹے رنا) ۔ اٹیر + نا (مصدری) ۔ گھمانا ۔ بل دینا ۔ مروڑنا ۔ نٹیرنا ۔ آٹنا ۔
اٹھ (اَٹھ) ۔۱۔ آٹھ کا چھوٹا روپ ۔ اسٹ ۔ سنسکرت اشٹ ۔۲۔ ناز ۔ شوخی ۔ اڑ ۔ اینڈ ۔ اینٹھ ۔۳۔ چوڑائی ۔ آڑ ۔۴۔ سختی ۔
اٹھّا (اَٹھ ٹھا) ۔ اٹھ + آ (تذکیری) ۔ آٹھ کا ۔ اسٹا ۔
اٹھارہ (اَٹھ ٹھا رَہ) ۔ اٹھا + رھا (دس کا) ۔ آٹھ اور دس والا ۔ دو کم بیس کا عدد ۔ اٹھارسا ۔ سنسکرت اشٹادش ۔
اٹھاسی (اَٹھ ٹھا سی) ۔ اٹھ + آسی (اسّی) ۔ آٹھ اور اسی ۔ دو کم نوے ۔
اٹھانوے (اَٹھ ٹھا نوے) ۔ اٹھا + نوے (نوّے ۔ ۹۰) ۔ آٹھ اور نوّے ۔ دو کم سو ۔
اٹھاون (اَٹھ ٹھا وَن) ۔ اٹھا + ون (پچاس) ۔ آٹھ اور پچاس ۔ دو کم ساٹھ ۔
اٹھائیس (اَٹھ ٹھا ئیس) ۔ اٹھا + ئیس (بیس ۔ کوڑی) ۔ آٹھ اور بیس ۔ دو کم تیس ۔
اٹھتر (اَٹھ ہت تَر) ۔ اٹھ + اتّر (ستر) ۔ آٹھ اور ستر ۔ دو کم اسی ۔
اٹھکھیلی (اَٹھ کھے لی) ۔ اٹھ + کھیل + ای (تانیثی) ۔ ناز و ادا کا کھیل ۔ اڑکھیلی ۔ اینڈ کھیلی ۔
اٹھنّی (اَٹھ ہن نی) ۔ اٹھ + انّی (آنے والی) ۔ ایک سکہ جو روپے کا آدھا ہوتا ہے ۔ آٹھ آنی ۔
اٹھوارہ (اَٹھ واڑ) ۔ اٹھ + وار (دن) + ا (تذکیری) ۔ آٹھ دن کا عرصہ ۔ آٹھ والا ۔
اٹھوانس (اَٹھ واں س) ۔ اٹھ + وانس (بل ۔ پہل ۔ پان) ۔ چوڑا ۔ ہاتھوں کا ایک زیور ۔ اَڑبل ۔ اَڑپہل ۔ اَڑپان ۔ اڑوانس ۔ اڑاس ۔ اٹھماس ۔
اٹھوانسا (اَٹھ واں سا) ۔ اٹھوانس + آ (تذکیری) ۔ آٹھویں مہینے کا حمل یا بچا ۔ اٹھ بلا ۔ اٹھ پہلا ۔ اٹھ ماسا ۔ باڑوانا ۔
اج (اَج) ۔۱۔ بھلاؤ ۔ مٹائی ۔ اچھ ۔۲۔ گرمی ۔ آگ ۔ آنچ ۔۳۔ نقش ۔ آدج ۔ اب ۔ اچھ ۔۴۔ بلندی ۔ اونچ ۔

اجد (ءَجَ د)۔ خاتمہ۔ آخری سرا۔ کثرت۔ انت۔ ات۔ ازحد۔
اجگر (ءَج گَ ر)۔ اج+گر (نسبتی)۔ اژدھا۔ اژدر۔ چتی۔ اجات۔ اجنگر۔
اجنتا (ءَ جَ ن ٹا)۔ اج+انتا (مذکر فاعلی)۔ دکن کا ایک پہاڑ جس کی کھوؤں میں مورتیاں بنی ہوتی ہیں۔ اجاتا۔ اُجاتا۔
اجوان (ءَج وٰن)۔ اج + وان (نسبتی)۔ زیرے جیسا ایک بیج۔ آنجوان۔ اچھوان۔
اجی (ءَجِ)۔ اَ (فالتو) + جی (مخاطب کرنے کا بول)۔ جی۔
اچ (ءَچ)۔ ا۔ باضمہ۔ پچ۔ ۲۔ خمیر۔ اُٹھ۔ اُپھ۔
اچار (ءَچٰ ر)۔ اچ+ آر (نسبتی)۔ خمیر والا۔ مسالے کے ساتھ تیل، پانی یا سرکے میں ڈال کر بنائی ہوئی سبزی۔ پچار۔ اُٹھار۔ اُپھار۔
اچانک (ءَچٰ نَ ک)۔ ا (نہیں) +چان (دھیان) +اک (نسبتی)۔ بے دھیانی میں۔ بے خبری میں۔ ناگہاں۔ اَدھیانک۔ اجاگ۔ انچک۔ اچک۔
اچک (ءَچَ ک)۔ ا+چک (رگڑ۔ لمس۔ لگ)۔ بے ٹکرائے۔ بغیر کسی چیز سے لگے ہوئے۔ الگ۔ اُچال۔ اُچھال۔
اچھ (ءَچھ)۔ ا۔ خوبی۔ بھلائی۔ بلندی۔ اونچ۔ ۲۔ گرمی۔ آنچ۔ ۳۔ علٰحدگی۔ دوری۔ اوچ۔ اوپ۔ ۴۔ بک۔ آنٹ۔ آنک۔
اچھا (ءَچھ چھٰ)۔ اچھ+ آ (تذکیری)۔ خوب۔ بھلا۔ عمدہ۔ پسندیدہ۔ اونچا۔
اچھر (ءَچھ چھَ ر)۔ اچھ+ار (نسبتی)۔ حرف۔ آنکڑ۔ اکھر۔
اچھوانی (ءَ چھ وٰنِ)۔ اچھوان (اجوان) + ای (تانیثی)۔ زچا کو پلانے کا ایک نشاستہ جو اجوان سے بنتا ہے۔ اجوانی۔ آنجوانی۔
اچھوپا (ءَچھ وٗ پٰ)۔ اچھ + اُوپ (اُوپر) + آ (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔ وہ عورت جو سب سے الگ تھلگ رہ کر اپنے آپ کو ستی ساوتری جتائے۔ اچھوپرا۔ اچھوترا۔
اچھوت (ءَچھ وٗت)۔ ا۔ اچھ + اوت (نسبتی)۔ الگ تھلگ۔ سب سے دور۔ ہندوؤں کی نیچ ذات کا آدمی۔ اَچھوُل۔ اَجوڑ۔ ۲۔ اَ (نہیں) + چھوت (چھونے کا عمل)۔ وہ شخص جس کو چھونا منع ہو۔ اَچھُل۔ ۳۔ اَ (فالتو) + چھوت۔ چھوڑا ہوا۔

اچھوتا　(ءَ چھُو تْ)۔ اچھوت +آ (تذکیری)۔ نذر نیاز کا کھانا جو سب سے الگ تھلگ رکھا جائے۔ اچھورا۔ اجوڑا۔ اَچھلا۔ چھوٹا۔

اچھوتی　(ءَ چھُو تِ)۔ اچھوت +ای (تانیث)۔ وقف کی ہوئی غذا یا لڑکی۔ کنواری۔ اَچھلی۔ چھوتی۔

اد　(ءَ د)۔ ۱۔ سختی۔ ہڈ۔ انڈ۔ ۲۔ گانٹھ۔ آنٹ۔ ۳۔ روک۔ آڑ۔

ادرک　(ءَ دَرَ ک)۔ ادر (سخت۔ ہڈر) +اک (نسبتی)۔ گٹھل۔ گٹھیلی۔ ایک سخت جڑ جو سوکھنے پر سونٹھ کہلاتی ہے۔ ادلک۔ ہڈرک۔

ادلا　(ءَ دلْ)۔ ادل (سخت ہڈی) +آ (تذکیری)۔ سخت۔ کڑا۔ پنڈلی یا بازو کی مچھلی۔ ہڈرا۔ ہڈلا۔

ادوان　(ءَ دْوٰن)۔ اد + وان (نسبتی)۔ چارپائی کسنے کی رسی۔ اڑوان۔ اڑوانس۔

ادھ　(ءَ دھ)۔ ۱۔ نصفی۔ آدھ۔ ۲۔ بھراؤ۔ آنٹ۔ آند۔ ۳۔ جلانا۔ ایندھ۔ ارتھ۔ ابر۔ ۴۔ جوش۔ کھولن۔ اُبال۔

ادّھ　(ءَ ں دھ دھ)۔ ۱۔ کمی۔ فرق۔ آنٹ۔ ۲۔ دھند۔ ہلکا پن۔ غبار۔ آب۔ ۳۔ اُبال۔ گرمی۔ آنچ۔ اونٹ۔ ۴۔ سختی۔ اکڑ۔ اد۔ ہڈ۔ اڑ۔ ۵۔ آدھے والا۔ آدھر۔ سنسکرت اردھ۔

اَدّھا　(ءَ ں دھ دْھ)۔ اَدّھ +آ (تذکیری)۔ ۱۔ کمی والا۔ ہلکا۔ کم۔ چھوٹی بوتل۔ آنٹا۔ ۲۔ آدھ والا۔ آدھرا۔ اردھا۔

ادھار　(ءَ دْھ ر)۔ ۱۔ ادھ +آر (نسبتی)۔ بھراؤ والا۔ بنیاد۔ قاعدہ۔ اٹار۔ اندار۔ آدھار۔ ۲۔ اَ (فالتو) + دھار (بوجھ)۔

ادھاڑ　(ءَ دْھ ڑ)۔ ۱۔ سہارا۔ بھار۔ ٹال۔ ۲۔ سختی۔ اڈہ۔

ادھر　(ءَ دَھ ر)۔ اَ (نہیں) + دھر (سہارا۔ دھار)۔ بے سہارا۔ معلق۔ لٹکا ہوا۔ جو نہ لڑھکے۔ ادھار۔ اڈھل۔ اڈول۔

ادھن　(ءَ دَھ ن)۔ ادھ +ان (نسبتی)۔ وہ مسالے دار پانی جو دال پکانے کو پہلے سے گرم کیا جاتا ہے۔ ابالن۔

ادھنّا　(ءَ دَھ ں ن نْ)۔ ادھ +انا (مذکر فاعلی)۔ نصف آنے کا سکہ جو پرانے دو پیسوں کے برابر ہوتا تھا۔ آدھ آنے والا۔ آدھانرا۔

ادھواڑ　(ءَ دھ وْ ڑ)۔ ادھ +واڑ (حصہ۔ تقسیم۔ وال)۔ آدھے کی لکیر۔ وہ جگہ جہاں سے کوئی لمبائی

آدھوں آدھ بٹ جائے۔ ادھوال۔

ادھوتر (ءَ دھُ تَ ر)۔ ادھ + اوتر (نسبتی۔ ادر)۔ ایک طرح کا سخت موٹا کپڑا۔ اڑار۔ ادھراڑ۔ ادھور۔

ادھورا (ءَ دھُو رٗ)۔ ادھ + اورا (مذکر فاعلی)۔۱۔ کمی والا۔ نامکمل۔ ناقص۔ آنٹا۔ اَپورا۔۲۔ نصفی والا۔ آدھرا۔ اڈھا۔ ادھ پورا۔

ادھوڑی (ءَ دھُو ڑِے)۔ ادھوڑ (ادھاڑ) +ای (نسبتی)۔ سخت موٹا چمڑا۔ ادھاڑی۔ اڑی۔

اڈھی (ءَں دھ دِے)۔ اڈھ +ای (تانیثی)۔۱۔ غباری۔ ہلکا۔ ایک باریک اور سخت سوتی کپڑا۔ آبی۔ ۲۔ ایک ہلکا سخت اور چھوٹا پرانا سکہ۔ پیسے کا آٹھواں حصہ۔ آدھری۔ اردھی۔ ادھاڑی۔

ادھیڑ (ءَ دِے ڑ)۔ ادھ +ایڑ (نسبتی)۔ سختی مائل۔ پکی عمر کا آدمی۔ بڈار۔ بڈال۔

ادھیلا (ءَ دھِے لٗ)۔ ادھ +ایلا (مذکر فاعلی)۔ ایک پرانا سکہ جو ایک پیسے کا آدھا ہوتا تھا۔ اڈھا۔ آدھرا۔ دھیلا۔ اردھا۔

ادھیلی (ءَ دھِے لِے)۔ ادھ +ایلی (مونث فاعلی)۔ ایک سکہ جو روپے کا آدھا ہوتا ہے۔ اٹھنّی۔ آدھلی۔ اردھی۔ دھیلی۔

اڈا (ءَ ڈْ ڈٗ)۔ اڈ (روک۔ ٹھیراؤ۔ قیام۔ اڑ۔ آنٹ۔ آس) + آ (تذکیری)۔ ٹھیرنے کی جگہ۔ منزل۔ گھیر۔ اوٹا۔ اڑگڑا۔

اڈی (ءَ ڈْ ڈِے)۔ اڈا کا مونث۔۱۔ پالتو پرندوں کی بیٹھک۔ آسنی۔ اٹی۔ آلٹی۔۲۔ شلوکے کی آستین کے نیچے کی کلی۔ آنٹی۔ اڑی۔

ار (ءَ ر)۔۱۔ گولی۔ گانٹھ۔ ہٹر۔ آنٹ۔۲۔ بل۔ اینڈ۔ اینٹھ۔۳۔ سختی۔ اڑ۔ کر۔۴۔ ہراپن۔ آل۔ ہار۔

ارتھ (ءَ ر تھ)۔۱۔ عرق۔ ست۔ نچوڑ۔ آٹ۔ آرد۔ رس۔۲۔ مطلب۔ غرض۔ ارج۔۳۔ جلانا۔ ایندھ۔ ۴۔ ڈھلائی۔ روٹ۔ ریل۔ رتھ۔

بھکراند (بَھ ک رٗں د)۔ بھکر (بھنگ) +آند (بو)۔ بھنگ کی بو۔ بھنگاند۔
بھکنا (بَھ ک نْ)۔ بھک+نا (مصدری)۔ ٹوٹ کے کھانا۔ بکرے کی طرح کھانا۔ بھوگنا۔ بکرنا۔
بھکوا (بَھ کَ ءْ)۔ بھک+اوا (مذکر فاعلی)۔ بھولا۔ احمق۔ نادان۔ بھولوا۔ بوَلوا۔ بہکوا۔
بھکوسنا (بَھ کَ س نْ)۔ بھک+اوس (نسبتی) +نا (مصدری)۔ کھانا۔ سمیٹنا۔ بے تحاشا کھانا۔ بھکورنا۔
بھگ (بَھ گ)۔ ۱۔ حصہ۔ بھاج۔ بھاگ۔ ۲۔ دوڑ۔ پگ۔ برج بھاشا اور پنجابی بج۔ ۳۔ فریب۔ لٹا
بگل۔ بھیس۔ ۴۔ یاد۔ عبادت۔ بانگ۔ بج۔ ۵۔ مقعد۔ گابھ۔ گانٹھ۔ گانڑ۔
بھگّا (بَھ گ گْ)۔ بھگّ+آ (تذکیری)۔ بھاگنے والا۔ بھگوڑا۔ بزدل۔ بھاگا۔ ہگّا۔ بونگا۔ بگڑا۔
بھگانا (بَھ گْ نْ)۔ بھگ+آ (امری) +نا (مصدری)۔ اغوا کرنا۔ دوڑانا۔ لگانا۔ برج بھاشا بھجانو۔

بھگت (بَھ گ َت)۔ بھگ+ات (نسبتی)۔ ۱۔ عبادت گزار۔ بھجت۔ سنسکرت بھکت۔ ۲۔ فریبی۔ دھوکے باز۔ بگل۔ بھیک۔ بہروپ۔

بھگتی (بَھ گ تِی)۔ بھگت+ای (تانیثی)۔ ۱۔ عبادت۔ یاد۔ بھجتی۔ سنسکرت بھکتی۔ ۲۔ سوانگ۔ بہروپ۔ بنتی۔ بھیسی۔ بہروپی۔

بھگدڑ (بَھ گ دَ ڑ)۔ بھگ (بھاگ) + دڑ (دوڑ)۔ فرار۔ چلاچلی۔ بھاگ دوڑ۔

بھگل (بَھ گ َل)۔ بھگ+ال (نسبتی)۔ چھل کا کام۔ فریب کا کام۔ بناوٹی کام۔ بھیل۔ بَل۔

بھگندر (بَھ گ َن دَ ر)۔ بھگ+اندر (مذکر فاعلی)۔ ایک پھوڑا جو مقعد پر نکل آتا ہے۔ بھگنڈل۔ بھگدل۔

بھگو (بَھ گ گ ُ)۔ بھگت+او (مذکر فاعلی)۔ بھاگنے والا۔ بھاگا۔ بھگّا۔

بھگوان (بَھ گ وْ ن)۔ بھگ+وان (نسبتی)۔ عبادت کے لائق۔ خدا۔ بھجوان۔

بھل (بَھ ل)۔ ۱۔ اونچائی۔ بانس۔ بھال۔ ۲۔ حباؤ۔ وزن۔ اعتبار۔ ساکھ۔ بھار۔ ۳۔ ترقی۔ کثرت۔ اضافہ۔ باڑھ۔ بہت۔ ۴۔ طاقت۔ توّت۔ ۵۔ قسمت۔ بھاگ۔ ۶۔ خوبی۔ بھال۔ بڑال۔ بڑاس۔ ۷۔ درستی۔ اصلاح۔ بان۔

بھلا (بَھ لْ)۔ بھل+آ (تذکیری)۔ ۱۔ اونچا۔ بانسا۔ ٹالا۔ ۲۔ اضافہ۔ ترقی۔ باڑھا۔ ۳۔ طاقت۔ قوت۔ بوتا۔ برتا۔ ۴۔ وزنی۔ معتبر۔ ساکھ والا۔ بھارا۔ بھرا۔ بڑلا۔ ۵۔ خوش نصیب۔ باگا۔ بھالا۔ ۶۔ ٹھیک۔ درست۔ بنا۔

بھلائی (بَھ لْ ءِ)۔ بھل+آئی (تانیثی)۔ درستی۔ خوبی۔ اچھائی۔ نیکی۔ ترقی۔ فائدہ۔ بھرائی۔ بڑلائی۔ بنائی۔ بڑھائی۔

بھلمنساہٹ (بَھ ل مَ ن سْ ہَ ٹ)۔ بھل (بھلا) + منس (آدمی۔ مانس) + آہٹ (حالت)۔ بھلے مانس کی سی بات۔ شرافت۔ نیکی۔ بھلائی۔

بھلی (بَھ لِ)۔ بھل+ای (تانیثی)۔ بھلا کا مونث۔

بھم (بَھ م)۔ چکّر۔ دائرہ۔ بھانو۔ بھوں۔ گھوم۔

بھمبق (بَھ م بَ ق)۔ دیکھئے بھمبک۔

بھمبک (بَھ م بَ ک)۔ بھمب (دائرہ۔ بھنور) + اک (نسبتی)۔ بڑا سوراخ۔ بھونرک۔

بھمبو (بَھ م بُ)۔ بھمب (ڈھیر) + او (مونث فاعلی)۔ موٹی عورت۔ بوبو۔ بھبلو۔

بھمنا (بَھ م نْ)۔ بھم+نا (مصدری)۔ چکر لگانا۔ گھومتے پھرنا۔ بھانونا۔ گھومنا۔

بھمیری (بَھ م یِ)۔ بھم+ایری (مونث فاعلی)۔ چکّر کھانے والا ایک برساتی پتنگا۔ گھمیری۔

بھن (بھَ ن)۔ ا۔ شور۔ بڑ۔ بج۔ بھانڈ۔ ۲۔ مروڑ۔ بل۔ بٹ۔ بھان۔ بھانج۔ ۳۔ ایک آواز۔ بھُن،

بھنّ (بھَ ن ن)۔ بولنا۔ بوُل۔ بانگ۔ بان۔

بھن بھنانا (بھَن بھَ نْ نْ)۔ بھن بھن + آ (امری) + نا (مصدری)۔ بھن بھن کرنا۔ غصے میں کچھ کہنا۔ بڑبڑانا

بھنتو (بھَ ن تّ)۔ بھنت (مٹائی۔ بوجھ۔ بڑ۔ بوٹ) + او (مذکر فاعلی)۔ مرد کا عضو مخصوص۔ بڑو۔ بوٹو۔ بوجھو۔

بھنڈ (بھَ ن ڈ)۔ ا۔ منتشر۔ بھنگ۔ بھڑ۔ بھاگ۔ ۲۔ خشک راشن۔ بھار۔ پنڈ۔ ۳۔ پھلاؤ۔ بھراؤ۔ بھار

بھنڈار (بھَ ن ڈْ ر)۔ ا۔ کھانے کے سامان کی کوٹھری۔ راشن گودام۔ پنڈار۔ ۲۔ کھانا۔ بھات۔ بھاکر ۳۔ شکم۔ پیٹ۔

بھنڈارا (بھَ ن ڈْ رْ)۔ بھنڈار + آ (تذکیری)۔ ا۔ پیٹ۔ پیٹا۔ ۲۔ دعوت۔ ضیافت۔ لنگر۔ پنڈارا۔ بھاتا۔ بھاکا

بھنڈاری (بھَ ن ڈْ رِ)۔ بھنڈار + ای (نسبتی)۔ بھنڈار کا منتظم۔ پنڈاری۔ بھاکی۔ بھاتی۔

بھنڈک (بھَ ن ڈ ک)۔ بھنڈ + اک (نسبتی)۔ انتشار۔ بکھیر۔ تتر بتر ہونا۔ بھنگ۔ بھاگ۔

بھنک (بھَ نَ ک)۔ بھن + اک (نسبتی)۔ دھیمی آواز۔ بڑک۔ بجک۔

بھنگ (بھَ ں گ)۔ ا۔ انتشار۔ بھنڈ۔ بھاگ۔ ۲۔ چکر۔ ایک نشیلی بوٹی۔ بھام۔ ۳۔ آواز۔ بانگ۔ بوُل۔ ۴۔ فضلہ۔ پینٹ۔ بسٹ۔

بھنگڑ (بھَ ں گ ڑ)۔ بھنگ + اڑ (نسبتی)۔ ا۔ بھنگ پینے والا۔ مخمور۔ بھامر۔ بھوت۔ ۲۔ بو۔ باس۔

بھنگن (بھَ ں گ ن)۔ بھنگ + ان (تانیث)۔ صفائی کرنے والی۔ بسٹن۔

بھنگی (بھَ ں گِ)۔ بھنگ + ای (نسبتی)۔ بھنگن کا مذکر۔ صفائی کرنے والا۔ خاکروب۔ مہتر۔ بسِیَ

بھیَ (بھَ ءِ)۔ بھا۔ (بھر۔ بھرت) + ای (نسبتی)۔ بھائی۔ بھاتری۔ بھاری۔

بھیا (بھَ ءِ ءْ)۔ بھیَ + آ (فالتو)۔ بھائی۔ بھائیا۔ بھاریا۔ بھرتیا۔ بھتریا۔

بھیانک (بھَ یْ نَ ک)۔ بھا۔ (خوف۔ بھَے) + آن (لانا) + اک (نسبتی)۔ خوف دلانے والا۔ ڈرانے والا۔ بھے آنک۔

بھَں

بھنبھوڑنا (بھَں بھُ وْ ڑ نْ)۔ بھں (نقلی) + بھوڑ (کھانا۔ بھات) + نا (مصدری)۔ دانتوں سے نوچ نوچ کر کھانا۔ بھک بھوڑنا۔

بھنڈ (بھَں ڈ)۔ بہت بولنا۔ بکھاں۔ بھانڈ۔ بھاٹ۔ ۲۔ تفریح۔ ہنسی۔ ہنس۔

بھنڈیلا (بھَں ڈِ لْ)۔ بھنڈ + ایلا (مذکر فاعلی)۔ بھنڈی کرنے والا۔ نقال۔ ہنسانے والا۔ ہنسیلا۔

بھنگ (بھَں گ)۔ ۱۔ چکر۔ گرداب۔ بھم۔ ۲۔ انتشار۔ علیحدگی۔ بکھ۔ باکھ۔ برج بھاشا بگ۔

بھنگڑا (بھَں گ ڑْ)۔ بھنگڑ (چکر۔ گھوم) + آ (تذکیری)۔ پنجاب کا ایک چکریلا ناچ۔ ایک قسم کی نشیلی بوٹی۔ بھمرا۔ بھونرا۔

بھنگیڑ (بھَں گِ ڑ)۔ بھنگ + ایڑ (نسبتی)۔ بکھری ہوئی چیزیں۔ بھنڈیر۔ بکھیر۔ برج بھاشا بگیر۔

بھنور (بھَ ں وَ ر)۔ بھانو (چکر۔ بھوں۔ بھام) + ار (نسبتی)۔ پانی کا چکر۔ گرداب۔ بھانور۔ بھمر۔ سنسکرت بھرمر۔

بھُ

بھا (بھُ)۔ ۱۔ خوبی۔ پسند۔ بھال۔ ۲۔ گرانا۔ ڈھا۔ بہا۔

بھابی (بھُ بِ)۔ بھاب (بھاو) + ای (تانیثی)۔ بھائی کی بیوی۔ بھادی۔ بھاتری۔ بھادج۔

بھاپ (بھُ پ)۔ پھیلاؤ۔ گرمی سے پانی کا بنا ہوا بادل۔ انجرہ۔ باپھ۔ باد۔

بھات (بھُ ت)۔ ۱۔ اُبلے ہوئے چاول۔ کھانا۔ بھاک۔ بھوگ۔ بھوج۔ ۲۔ لڑکا لڑکی کی شادی پر ان کی ننھیال سے دی جانے والی چیزیں۔ بوسات۔ بیات۔ بسات۔ ۳۔ عادت۔ باندھ۔

بھاتا (بھُ تْ)۔ بھات + آ (تذکیری)۔ پسندیدہ۔ مرغوب۔ بھانوتا۔ پیارا۔

بھاٹ (بھُ ٹ)۔ ۱۔ گن گانے والا۔ بکھات۔ ۲۔ کمی۔ گھاٹ۔ گھٹ۔ بانٹ۔ بٹ۔ بل۔

بھاٹا (بھُ ٹْ)۔ بھاٹ + آ (تذکیری)۔ ۱۔ سمندر کے پانی کا اتار۔ جوار کی ضد۔ گھاٹا۔ ۲۔ راجستھانی

میں پتھر کو کہتے ہیں۔ اردو پٹ (آ)۔ ۳۔ برج بھاشا میں بینگن کو کہتے ہیں۔

بھاج (بھْ ج)۔ ۱۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ بھار۔ بھاگ۔ بھند۔ بنڈل۔ بیج۔ بھیل۔ ۲۔ کھلنا۔ بھرت۔ بھُور

بھاجی (بھْ جِ)۔ بھاج+ای (تانیث)۔ ۱۔ کسی تقریب کے کھانے کا وہ حصہ جو گھر گھر بھیجا جاتا ہے بھیجی۔ بھیلی۔ ۲۔ پکی ہوئی ترکاری۔ بھَرتی۔

بھار (بھْ ر)۔ ۱۔ وزن۔ اضافہ۔ کثرت۔ باڑھ۔ بہت۔ ۲۔ بھیتر کی ضد۔ خارج۔ پار۔ باہر۔

بھاری (بھْ رِ)۔ بھار+ای (نسبتی)۔ کثیر۔ وزنی۔ باڑھی۔ بڑھی۔ بہتی۔

بھاڑ (بھْ ڑ)۔ ۱۔ بھٹی۔ بھٹ۔ ۲۔ کرایہ۔ کمیشن۔ دلالی۔ بھت (بھاڑ)۔ ۲۔ تجارت۔ سود۔ بیاج بان۔ ۳۔ سَیر۔ بھال۔ ۴۔ سوراخ۔ بھٹ۔ بل۔

بھاڑا (بھْ ڑْ)۔ بھاڑ+آ (تذکیری)۔ کرایہ۔ سیر وسفر کا خرچ۔ بھالا۔ بھتّا۔

بھاڑو (بھْ ڑُ)۔ بھاڑ+او (مذکر فاعلی)۔ بھاڑ کھانے والا۔ زنا کاری کی کمائی کھانے والا۔ بھتّو۔

بھاس (بھْ س)۔ ۱۔ اندازہ۔ بھانپ۔ سنسکرت آبھاس۔ ۲۔ بولی۔ آواز۔ بانگ۔ بان۔ باک۔ بول ۳۔ گرمی۔ بھاڑ۔ بھڑک۔

بھاسا (بھْ سْ)۔ بھاس+آ (سنسکرت کی نسبت تانیث) بولی۔ زبان۔ باکا۔ باتا۔ سنسکرت بھاشا۔

بھاسن (بھْ سَ ن)۔ بھاس+ان (نسبتی)۔ تقریر۔ بولن۔ سنسکرت بھاشن۔

بھاشا (بھْ شْ)۔ دیکھئے بھاسا۔

بھاشن (بھْ شَ ن)۔ دیکھئے بھاسن۔

بھاگ (بھْ گ)۔ ۱۔ نوع۔ قسم۔ بھانت۔ ۲۔ قسمت۔ کرم۔ سامنے آنے والا۔ آگ۔ ۳۔ ڈور۔ پاگ پنجابی اور برج بھاشا بھج۔ ۴۔ حصہ۔ بھاج۔ بھنگ۔ بھیل (آ)۔ برگ۔ ۵۔ ترقی۔ اضافہ۔ باڑھ بھال۔ ۶۔ بوجھ۔ بھار۔

بھاگڑ (بھْ گَ ڑ)۔ بھاگ+اڑ (نسبتی)۔ بھاگنے کا کام۔ پاگڑ۔ برج بھاشا بھاجڑ۔

بھاگنا (بھْ گ نْ)۔ بھاگ+نا (مصدری)۔ دوڑنا۔ جلد جلد چلنا۔ پاگنا۔ بڑھنا۔ برج بھاشا بھجنو۔ پنجابی بھجنا۔

بھاگوان (بھْ گ وْ ن)۔ بھاگ+وان (نسبتی)۔ قسمت والا۔ خوش نصیب۔ باڑھ وان۔ بھل وان۔

بھاگی (بھْ گِ)۔ بھاگ+ای (نسبتی)۔ ۱۔ قسم والا۔ بھانتی۔ برگی۔ ۲۔ سزاوار۔ حصہ دار۔ بھاجی۔

بھال (بھْ ل)۔ ۱۔ اچھا۔ بہال (بحال)۔ ۲۔ وزن۔ بھار۔ باڑھ۔ ۳۔ آگ۔ آل۔ بھاڑ۔ بھٹ۔ ۴۔ بانس

بان۔ بانڈ۔ ۵۔ خبر گیری۔ پرورش۔ پال۔ ۶۔ سیر۔ تفریح۔ سیل۔ بہل۔ ۷۔ اندازہ۔ بھانپ۔ بھاس۔

بھالا (بھُ لْ)۔ بھال+آ (تذکیری)۔ ۱۔ برچھا۔ بانڈا۔ ۲۔ خوب۔ اچھا۔ بھلا۔

بھالنا (بھُ ل نْ)۔ بھال+نا (مصدری)۔ غور سے دیکھنا۔ جانچنا۔ بھانپنا۔

بھالو (بھُ لُ)۔ بھال+او (مذکر فاعلی)۔ بھاری۔ ریچھ۔ بھارو۔

بھان (بھُ ن)۔ ۱۔ ہمشیر۔ خواہر۔ بہن۔ ۲۔ پنجابی میں ریزگاری کو کہتے ہیں۔ برج بھاشا بھانج۔ ہریانی
بھانگ۔ ۳۔ مروڑ۔ بل۔

بھانا (بھُ نْ)۔ بھا+نا (مصدری)۔ ۱۔ اچھا لگنا۔ بھرنا۔ مہرنا۔ ۲۔ گرانا۔ ڈھانا۔ بہانا۔ جھیلنا۔

بھانجا (بھُ ن جْ)۔ بھان+جا (بیٹا)۔ بہن کا بیٹا۔ بہن جا۔ بہن جایا۔

بھانجی (بھُ ن جِ)۔ بھانجا کا مونث۔ بہن جائی۔

بھانا (بھُ ن نْ)۔ بھان+نا (مصدری)۔ بل دینا۔ مروڑنا۔ بٹنا۔

بھاؤ (بھُ ءُ)۔ ۱۔ شرح۔ مول۔ بدلائی۔ پاؤ۔ بھار۔ بھرت (پڑت)۔ بٹاؤ۔ برتاؤ۔ ۲۔ خواہش۔ چاؤ۔
بہاؤ۔ ۳۔ برادر۔ بھائی۔ بھاتر۔ بھار۔

بھاوج (بھُ وَ ج)۔ بھاو+اج (نسبتی)۔ بھائی کی بیوی۔ بھابی۔ بھابر۔

بھائی (بھُ ءِ)۔ بھا۔ (خوبی۔ بھال۔ ۲۔ حصہ۔ بانٹ)+ای (نسبتی)۔ برادر۔ بھاتری۔ بانٹی۔

بھُں

بھانپ (بھُں پ)۔ حساب۔ اندازہ۔ جانچ۔ بھانت۔ بھال۔

بھانپنا (بھُں پ نْ)۔ بھانپ+نا (مصدری)۔ جانچنا۔ اندازہ لگانا۔ پہچاننا۔ بھانتنا۔ بھالنا۔

بھانت (بھُں ت)۔ قسم۔ نوع۔ پانت۔ بھاگ۔ برگ۔

بھانج (بھُں ج)۔ ۱۔ روک۔ بچاؤ۔ باج۔ بانچ۔ پیچ۔ ۲۔ برج بھاشا میں ریزگاری کو کہتے ہیں۔ پنجابی
بھان۔ ہریانی بھانگ۔

بھانجی (بھُں جِ)۔ بھانج+ای (تانیثی)۔ روکنے کا کام۔ رخنہ اندازی۔ باجی۔ پیچی۔ بھینچی۔

بھانڈ (بھاں ڈ)۔ ۱۔ ہنسانے والا۔ نقال۔ یاوہ گو۔ بانس۔ ہنساک۔ ۲۔ تقسیم۔ بانٹ۔ ۳۔ کھانا۔ بھانت بھاک۔ ۴۔ استعمال۔ بوس۔ برت۔ ۵۔ دائرہ۔ حلقہ۔ بانڈ۔
بھانڈا (بھاں ڈا)۔ بھانڈ+آ (تذکیری)۔ برتن۔ باسن۔ بوٹ۔ ہانڈا۔ بانٹا۔ برتا۔ بوسا۔ بوٹا۔
بھانڈی (بھاں ڈی)۔ بھانڈ+ای (تانیث)۔ کمر کے نیچے ہڈیوں کا ڈھانچا۔ ہانڈی۔ ہٹی۔ بندھی۔
بھانگ (بھاں گ)۔ ہریانی میں ریزگاری کو کہتے ہیں۔ برج بھاشا بھانج۔ پنجابی بھان۔

بھ

بھدنا (بھِ دنْ)۔ بھد (داخلہ۔ سرایت کرنا) +نا (مصدری)۔ ۱۔ جذب ہونا۔ سوکھا جانا۔ بھنڈنا۔ ۲۔ چبھنا۔ گھسنا۔ بھکنا۔
بھڑ (بھِ ڑ)۔ ۱۔ دھکا۔ رگڑ۔ پل۔ پڑ۔ ۲۔ روک۔ بندش۔ بھیچ۔ باڑھ۔
بھڑانا (بھِ ڑانْ)۔ بھڑ+آ (امری) +نا (مصدری)۔ ملانا۔ ٹکرانا۔ مقابلے میں اتار دینا۔ بڑھانا۔
بھڑنا (بھِ ڑنْ)۔ بھڑ+نا (مصدری)۔ ٹکرانا۔ دھکا دینا۔ رگڑنا۔ پلنا۔ پڑنا۔ بڑھنا۔

بھ
۱

بھیٹ (بھ ٹ)۔ ۱۔ ملاقات۔ بھینٹ۔ ۲۔ خیرات۔ انعام۔ تقسیم۔ برت۔ بانٹ۔ بیل۔ ۳۔ تحفہ۔ نذرانہ۔ باج۔ ۴۔ قربانی۔ بَل۔
بھیج (بھ ج)۔ ۱۔ گودا۔ مغز۔ بیج۔ ۲۔ حصہ۔ لگان۔ بھار۔ بھاج۔ بھاگ۔ ۳۔ روانگی۔ حرکت۔ بھیل۔ ۴۔ روک۔ بھیچ۔ باڑھ۔
بھیجا (بھ جُ)۔ بھیج+آ (تذکیری)۔ ۱۔ مغز۔ سر کا گودا۔ بیجا۔ بھیجا۔ بجلا۔ بھورا۔ ۲۔ روانہ کیا ہوا۔ بھیلا۔
بھیجنا (بھ ج نْ)۔ بھیج+نا (مصدری)۔ روانہ کرنا۔ چلانا۔ بھیلنا۔

بھید (بھ د)۔ ۱۔ راز۔ چھپی ہوئی بات۔ روک۔ باڑھ۔ بھیت۔ بھیچ۔ بات۔ ۲۔ سوراخ۔ بھاڑ۔ بھٹ۔ بِل۔ بوُر۔ بینده۔ بھونک۔

بھیدنا (بھ دنْ)۔ بھید+نا (مصدری)۔ سوراخ کرنا۔ بیندھنا۔ بھونکنا۔

بھیدی (بھ دِی)۔ بھید+ای (نسبتی)۔ بھید معلوم کرنے والا۔ رازدار۔ اندر پہنچے والا۔ بوُری۔ بڑمی۔

بھیڑ (بھ ڑ)۔ ۱۔ رگڑ۔ ٹکراؤ۔ بھڑ کر چلنے والا ایک چوپایہ۔ بھیل۔ پیڑ۔ پیل۔ ۲۔ آہنگی۔ بھار۔ بہیڑ۔ ۳۔ غار۔ بھٹ۔ بھاڑ۔

بھیڑچال (بھ ڑچ ل)۔ دیکھا دیکھی کام۔ بھیڑ کی چال۔ بہیڑ چال۔

بھیڑنا (بھ ڑ نْ)۔ بھیڑ+نا (مصدری)۔ ۱۔ آگے بڑھانا۔ ملانا۔ کسی کے سر چپکانا۔ بھیلنا۔ پیلنا۔ ۲۔ مقابل کرنا۔ بھیجنا۔ ۳۔ روکنا۔ بھیچنا۔ ۴۔ قیمت سے دینا۔ بیچنا۔

بھیڑیا (بھ ڑِ ءٔ)۔ بھیڑ+ای (نسبتی)+آ (فالتو)۔ بھٹ میں رہنے والا ایک مشہور درندہ۔ گرگ۔ بھیٹا۔

بھیڑیادھسان (بھ ڑِ ءٔ دَھ سٗ ن)۔ بھیڑیا+دھسان (گھسان)۔ بھیڑیوں کے ہجوم کا طریقہ۔ بھیڑیا گھسان۔

بھیس (بھ س)۔ ۱۔ وضع۔ بناوٹ۔ سوانگ۔ بان۔ ۲۔ دکھلاوا۔ ظاہر۔ باہر۔

بھیل (بھ ل)۔ ۱۔ زور۔ دھکا۔ پیل۔ ہیل۔ ٹیل۔ بھیڑ۔ ۲۔ گانٹھ۔ ڈھیر۔ بھار۔

بھیلا (بھ لْ)۔ بھیل+آ (تذکیری)۔ ڈھمّا۔ ڈھیر۔ بھارا۔

بھیلنا (بھ ل نْ)۔ بھیل+نا (مصدری)۔ زور لگا کر آگے بڑھانا۔ ہیلنا۔ پیلنا۔ ٹیلنا۔ بھیڑنا۔

بھیلی (بھ لِی)۔ بھیل+ای (تانیثی)۔ چھوٹی بھیلی۔

بھِ

بھِترانا (بِھ ت رٰ نْ)۔ بھتر (بھیتر۔ اندر)+آ (امری)+نا (مصدری)۔ اندر ہو جانا۔ بیٹھ جانا۔ بِلانا۔

بھِٹ (بِھ ٹ)۔ ۱۔ غار۔ کھوہ۔ بھَٹّ۔ بھاڑ۔ ۲۔ روک۔ بھیچ۔ گھٹ۔ ۳۔ گول دانہ۔ بٹن۔ بونڈ۔ ۴۔ نوک۔ بھونک۔

بھِٹنی (بِھ ٹ نِی)۔ بھٹ+نی (تانیثی)۔ عورتوں کی چوچیوں کی گھنڈی۔ بونڈی۔ بٹنی۔ گھٹنی۔ بھکُنی۔

بھٹول (بِھ ٹ ل)۔ بھٹ +اول (نسبتی)۔ بھاڑ کی مٹی۔ آگ سے پکی ہوئی مٹی۔ بھبوت۔ بھٹرول
بھچی (بِھ چ چِ)۔ بھچ (روک۔ بندش۔ اندرون) +ای (تانیثی)۔ مشکل۔ پھنساؤ۔ سنکٹ۔ پچی۔ بھڑی
بھرسٹ (بِھ رَس ٹ)۔ ناپاک۔ نجس۔ گندہ۔ بِسٹ۔ بھیٹ۔ کرِسٹ۔
بھڑ (بِھ ڑ)۔ ا۔ ڈنک مارنے والا ایک مشہور کیڑا۔ تتیا۔ بَرّ۔ پنجابی بھونڈ۔ ۲۔ چکی کے پاٹوں کے گرد کی دیوار۔ باڑ۔ بھینت۔
بھست[1] (بِھ س ت)۔ پانی۔ بار۔
بھستن (بِھ س تَ ن)۔ بھست +ان (تانیثی)۔ پانی بھرنے والی عورت۔ بارن۔ بھشتن۔
بھستی (بِھ س تِ)۔ بھست +ای (نسبتی)۔ پانی بھرنے والا مرد۔ سقّا۔ باری۔ بھشتی۔
بھشت (بِھ ش ت)۔ دیکھیے بھست۔
بھشتن (بِھ ش تَ ن)۔ دیکھیے بھستن۔
بھشتی (بِھ ش تِ)۔ دیکھیے بھستی۔
بھک منگا (بِھ ک مَ ں گ)۔ بھک (بھیک) +منگا (مانگا)۔ بھیک مانگنے والا۔ مفلس۔ غریب۔ بھیک مانگا۔ بھاگ مانگا۔
بھکاری (بِھ ک رِ)۔ بھک +آری (مذکر فاعلی)۔ بھیک مانگنے والا۔ بھیکاری۔ بھوکی۔
بھن (بِھ ن)۔ ا۔ ایک آواز۔ بھنگ۔ بھاں۔ بھوں۔ پن۔ ۲۔ انتشار۔ بکھیر۔ بھر۔ بھنڈ۔
بھنّ (بِھ ن ن)۔ ا۔ چکر۔ گردش۔ بھونر۔ بھمر۔ بھنڈ۔ ۲۔ آگ۔ گرمی۔ بھن۔ بھون۔
بھنانا (بِھ ن نْ نْ)۔ بھنّ +آ (امری) +نا (مصدری)۔ گرم ہونا۔ جل جانا۔ غصہ ہونا۔ بھننا۔ ۲۔ چکرانا۔ بھونرانا۔ بھیرانا۔
بھن بھنانا (بِھ ن بِھ نْ نْ)۔ بھن بھن + آ (امری) +نا (مصدری)۔ بھن بھن کی آواز نکالنا۔ بھنکنا۔ بھر بھرانا۔
بھنڈ (بِھ ن ڈ)۔ ا۔ بندھا ہوا ڈھیر۔ بوجھ۔ باندھ۔ پنڈ۔ ۲۔ بھونتا۔ بھون۔
بھنڈا (بِھ ن ڈْ)۔ بھنڈ +آ (تذکیری)۔ بھنڈ۔ پنڈا۔ بندھا۔ بوٗٹا۔ بھنّا۔
بھنڈی (بِھ ن ڈِ)۔ بھنڈ +ای (تانیثی)۔ انگلیوں کی طرح کی ایک لمبی ترکاری۔ پنڈی۔ بیٹی۔ بوجھی۔ بالی۔ بھنی۔

ا۔ اردو کی ایک پہیلی ہے: چار گھڑے بھست بھرے۔ چور نکیں لے نہ سکیں (تھن)۔

بھنک (بِھ ں َ ک)۔ بھن+اک (نسبتی)۔ ۱۔ بھن بھن کی آواز۔ ۲۔ غنودگی۔ نشہ۔ پنک۔
بھنکتا (بِھ ں َ ک ٹ)۔ بھنک+تا (تذکیری)۔ اونگتا ہوا۔ سست۔ پنکتا۔
بھنکنا (بِھ ں َ ک نْ)۔ بھنک+نا (مصدری)۔ بھن بھن کرنا۔ بھن بھنانا۔ ۲۔ اونگنا۔ پنکنا۔
بھنگی (بِھ ں گ ی)۔ بھنگ (چکر۔ گردش۔ بھونر)+ای (تانیثی)۔ بھمری۔ بھونری۔

بِھں

بھنچ (بِھ ں چ)۔ دباؤ۔ بھینچ۔ باندھ۔
بھنچنا (بِھ ں چ نْ)۔ بھنچ+نا (مصدری)۔ دبنا۔ بندھنا۔

بھ

بھیت (بھِ ت)۔ ۱۔ روک۔ پشتہ۔ باڑھ۔ بھڑ۔ بھیچ۔ ۲۔ حلقہ۔ داخلہ۔ گھسنا۔ بھید۔ بھد۔ بھیل۔ ۳۔ ڈر۔ بھے۔
بھیتر (بھِ تَ ر)۔ بھیت+ار (نسبتی)۔ روک۔ احاطہ۔ گھراؤ۔ اندرونی۔ اندر۔ درمیان۔ دباؤ۔ باڑ۔
باندھ۔ بھینچ۔ بھونر۔ بیچ۔
بھیترا (بھِ ت رُا)۔ بھیتر+آ (تذکیری)۔ گھنا آدمی۔ اندر کا اندر کام کرنے والا۔ بندھا۔ بھینچا۔ بینڈا۔ بھونرا۔
بھیتری (بھِ ت رِ)۔ بھیتر+ای (نسبتی)۔ ۱۔ درمیان کا۔ اندر کا۔ بیچی۔ بھینچی۔ بندھی۔ ۲۔ بھیترا کا مونث۔
بھیچ (بھِ چ)۔ ۱۔ روک۔ بھیت۔ باڑھ۔ بھڑ۔ ۲۔ گانٹھ۔ بھیل۔ بنٹ۔
بھیر (بھِ ر)۔ ۱۔ مجمع۔ لوگوں کا گھیرا۔ باڑ۔ بھونر۔ بھینچ۔ بھر۔ ۲۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ بےقراری۔ بھیر۔ بیل۔
بھیڑ (بھِ ڑ)۔ لوگوں کا گھیرا۔ ہجوم۔ بھیر۔ باڑ۔
بھیک (بھِ ک)۔ ٹکڑا۔ خیرات۔ بھار۔ بھاگ۔
بھیگ (بھِ گ)۔ ۱۔ تری۔ نمی۔ پانی۔ توڑ۔ بار۔ ۲۔ گزر۔ بہاؤ۔ بیت۔ ۳۔ لپیٹ۔ مروڑ۔ بیل۔ باندھ۔ بینڈ۔ بیٹ۔

بھیگنا (بھِ گ نا)۔ بھیگ+نا (مصدری)۔۱۔ ڈوبنا۔ تر ہونا۔ بوڑنا۔ برج بھاشا بھیجنا۔۲۔ گزرنا۔ بیتنا۔
بھیگی (بھِ گی)۔ بھیگ+ای (تانیثی)۔۱۔ سکڑی۔ سمٹی۔ بندھی۔ ٹھگی۔۲۔ تر۔ نم آلود۔ گیلی۔ بوڑی۔
۳۔ گزری ہوئی۔ بیتی۔
بھیل (بھِ ل)۔ گٹھیلے جسم کا آدمی۔ عظیم الجثہ۔ ہندوستان کی ایک پرانی جات کا آدمی۔ بوبو
بوٹ۔ بھوت۔
بھینی (بھِ نی)۔ بھین (گھسنا۔ سرایت کرنا۔ بھید۔ بھد) +ای (تانیثی)۔ دماغ میں گھس جانے والی
تیز بو۔ بھیدی۔ بھدی۔
بھینچ (بھِں چ)۔۱۔ دباؤ۔ بند۔ باندھ۔ بیٹھ۔ بست۔ پیس۔۲۔ اندر۔ بیچ۔ بھیتر۔
بھینچنا (بھِں چ نا)۔ بھینچ+نا (مصدری)۔ دبانا۔ پیسنا۔

بھُ

بھج (بھُ ج)۔ بھونا۔ بھون۔ برج بھاشا بھونج۔ ۲۔ کھانا۔ بھوج۔ بھوگ۔ بھات۔ ۳۔ بدزیب۔
بدصورتی۔ بھونڈ۔ ۴۔ بازو۔ بال۔ بالا۔
بھجا (بھُ جا)۔ بھج+آ (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔ ڈنڈ۔ بازو۔ بالا۔
بھجنگ (بھُ جَں گ)۔ بھج+انگ (نسبتی)۔ کالا بھدے جسم کا۔ بھونڈگ۔ بھونرنگ۔
بھر (بھُ ر)۔۱۔ ٹکڑا۔ ریزہ۔ بورّ۔ ۲۔ بے قراری۔ بیل۔
بھرّا (بھُ ر را)۔ بھرّ+آ (تذکیری)۔ بکھرا ہوا۔ ریزہ ریزہ۔ بورّا۔ بھنا۔ بھکرا۔ بھربھرا۔
بھربھرا (بھُ ر بھُ را)۔ بھربھر+آ (تذکیری)۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ ریزہ ریزہ۔ بکھرنے والا۔ تتر بتر۔ بھرّا۔۲۔
بے قرار۔ بلبلا۔
بھربھرانا (بھُ ر بھُ را نا)۔ بھربھر+آ (امری) +نا (مصدری)۔۱۔ بکھرنا۔ ریزہ ریزہ ہونا۔ تتر بترانا۔ بھرّانا۔
۲۔ طبیعت کا بے قرار ہونا۔ بلبلانا۔
بھربھری (بھُ ر بھُ ری)۔ بھربھرا کا مونث۔

بھڑی (بھُ رِی)۔ بھڑا کا مونث۔

بھکرنا (بھُ کَ رنْ)۔ بھکر (بھون) + نا (مصدری)۔ جلنا۔ بھننا۔

بھکنا (بھُ ک نْ)۔ بھک (چبھ) + نا (مصدری)۔ بھونکا جانا۔ اندر جانا۔ پیوست ہوجانا۔ بھِدنا۔

بھگ (بھُ گ)۔ ۱۔ خاتمہ۔ چک۔ بھوُر۔ بھوگ۔ ۲۔ بہاؤ۔ گزر۔ بھیگ۔ بیت۔ ۳۔ سادگی۔ بھول۔ گھوگ۔ ۴۔ بوجھ۔ تقسیم۔ بانٹ۔

بھگّا (بھُ گ گْ)۔ بھگ + آ (تذکیری)۔ سیدھا۔ بھولا۔ گھگّا۔

بھگت (بھُ گَ ت)۔ بھگ + ات (نسبتی)۔ ۱۔ خاتمہ۔ چکت۔ ۲۔ سہن۔ برداشت۔ برت۔

بھگتان (بھُ گ تْ ن)۔ بھگت + آن (نسبتی)۔ خاتمہ۔ چکاؤ۔ چکتان۔ بِتان۔ برتان۔ بٹان۔

بھگتانا (بھُ گ تْ نْ)۔ بھگت + آ (امری) + نا (مصدری)۔ ۱۔ ختم کرنا۔ نبیڑنا۔ نمٹانا۔ چکتانا۔ بِتانا۔ برتانا۔ ۲۔ ٹالنا۔ بٹانا۔ برانا۔

بھگتنا (بھُ گَ ت نْ)۔ بھگت + نا (مصدری)۔ ۱۔ برداشت کرنا۔ سہنا۔ بھوگنا۔ برتنا۔ ۲۔ ختم کرنا۔ چکتنا۔ بِتنا۔

بھُ

بھوج (بھُ ج)۔ ۱۔ کھانا۔ بھوگ۔ بھاک۔ بانٹ۔ بھانڈ۔ ۲۔ پکانا۔ بھونج۔ بھون۔

بھوجن (بھُ جَ ن)۔ بھوج + ان (نسبتی)۔ پکا ہوا کھانا۔ کھانے کی چیز۔ کھانے کا کام۔ بھوگن۔ بھونجن۔

بھور (بھُ ر)۔ ۱۔ خاتمہ۔ انجام۔ سرا۔ صبح۔ بیت۔ اُور۔ کور۔ بَس۔ ۲۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔ تُوّر۔

بھوس (بھُ س)۔ ۱۔ دائرہ۔ حلقہ۔ بھونر۔ بھول۔ ۲۔ جماع۔ بھس۔ بھوگ۔ ۳۔ داخلہ۔ گھونس۔ گھوس۔

بھوسڑا (بھُ س ڑْ)۔ بھوس + ڑا (تذکیری)۔ عورت کا مقام مخصوص۔ بھوگڑا۔ گھوسڑا۔

بھوگ (بھُ گ)۔ ۱۔ کھانا۔ بھوج۔ ۲۔ جماع۔ بھوس۔ ۳۔ سہن۔ برداشت۔ برت۔ بیل۔ ۴۔ بری باتیں۔ تُوّر۔ ۵۔ حماقت۔ گھوگ۔ بھول۔

بھوگنا (بھُ گ نْ)۔ بھوگ + نا (مصدری)۔ ۱۔ سہنا۔ برتنا۔ بیلنا۔ ۲۔ جماع کرنا۔ بھوسنا۔

بھول (بُھول)۔ ۱۔ کچاپن۔ سیدھا پن۔ بھوگ۔ بوَل۔ ۲۔ بھلاؤ۔ خلا۔ پول۔ بھول۔ بوٗٹ۔
بھولا (بُھولٰ)۔ بھول+آ (تذکیری)۔ سیدھا۔ بھگا۔ بوَلا۔ بادلا۔
بھولوا (بُھولَ ءٖ)۔ بھول+اوا (مذکر فاعلی)۔ مٹی کا گہرا کوپ۔ آبخورہ۔ پولوا۔ بوٗٹوا۔ بٹلوا۔

بھَ

بھتنا (بھَت نٰ)۔ بھت (بھوت) + نا (تصغیری)۔ بھوت۔ بھوتنا۔
بھتنی (بھَتِےٖ)۔ بھتنا کا مونث۔ بھوتنی۔
بھٹ (بھَ ٹ)۔ ۱۔ مرد۔ لپیٹ۔ بیٹ۔ بینڈ۔ باندھ۔ ۲۔ دانہ۔ بور۔ ۳۔ پھلی۔ بال۔
بھٹّا (بھَٹ ٹٰ)۔ بھٹّ+آ (تذکیری)۔ جوار اور مکا کا پھل۔ بیٹیا۔ بوَرا۔ بالا۔ پنجابی سٹا۔
بھجیا (بھَجِ ءٖ)۔ بھج (ٹکڑا) +ای (تانیث) +آ (فالتو)۔ ترکاری کے بھنے ہوئے ٹکڑے۔ بھاجیا۔
بھرتا (بھَرتٰ)۔ بھرت (بھراؤ۔ بھرت) +آ (تذکیری)۔ کچلا ہوا۔ ریزہ ریزہ۔ بھوّرا۔ چوّرا۔ بھرَا۔
بھرکس (بھَر کَ س)۔ بھرک (ریزہ) +اس (نسبتی)۔ ریزہ ریزہ۔ چورا۔ بھوّرس۔ چوّرس۔ چرَکس۔
بھس (بھَ س)۔ اناج کا چھلکا اور اناج کے پودوں کا چورا۔ بھوّر۔ چوّر۔ توّبل۔ بکل۔
بھل (بھَل)۔ بھول کا چھوٹا روپ۔ ۱۔ گرمی۔ آگ۔ بھاڑ۔ بھوّب۔ ۲۔ فروگزاشت۔ چوک۔ خطا۔ گول۔
بھلبھل (بھَل بھَ ل)۔ بھلبھ (گرمی۔ آگ) +ال (نسبتی)۔ گرم۔ راکھ۔ بھوبل۔
بھلبھلانا (بھَل بھَلٰ نٰ)۔ بھلبھل+آ (امری) +نا (مصدری)۔ گرم راکھ میں الٹ پلٹ کر نرم کر لینا۔ بھوبلانا۔
بھلس (بھَلَ س)۔ بھل+اس (نسبتی)۔ ۱۔ گرم راکھ۔ بھوبل۔ ۲۔ آگ پر سینکنا۔ بھون۔ جھلس۔
بھلسنا (بھَ لَ س نٰ)۔ بھلس+نا (مصدری)۔ گرم راکھ میں سکنا۔ سک کر گرم ہونا۔ جلنا۔ بلنا۔ بھوبلنا۔ بھننا۔ جھلسنا۔
بھن (بھَ ن)۔ ۱۔ جلن۔ بھلس۔ بھونج۔ بل۔ ۲۔ کھیل۔ بھوُر۔ توَر۔ ۳۔ تقسیم۔ بانٹ۔ ۴۔ دائرہ۔ حلقہ۔ بھنور۔ بھنک۔ ۵۔ خاموش۔ باندھ۔ بَست۔ بَس۔
بھنگا (بھَن گٰ)۔ بھن+گا (تذکیری)۔ دائرے میں اڑنے والا بہت ننھا سا کیڑا۔ بھاگا۔ بھنگڑا۔ بنگا۔
بھننا (بھَن نٰ)۔ بھن+نا (مصدری)۔ ۱۔ خشک ہونا۔ بھلسنا۔ جلنا۔ بھنجنا۔ بلنا۔ بھلسنا۔ ۲۔ روپے کا ٹوٹنا۔ بٹنا۔

بھ

بھوبل (بھُو بَ ل)۔ بھوب (گرمی۔ آگ۔ بھاڑ) + ال (نسبتی)۔ گرم راکھ۔ بھاڑبل۔ بھلبھل۔

بھوت (بھُو ت)۔۱۔ بے چین۔ بے قرار۔ بیلوت۔ ۲۔ بے قراری۔ بیل۔۳۔ گزرا ہوا۔ مرا ہوا۔ مرنے والے کی روح۔ بیت۔ بتیال۔۴۔ ناچ۔ چکر۔ بگولا۔ بھنور۔ ۵۔ مٹی میں لتھڑا ہوا۔ بھوڑل۔ ۶۔ شوق۔ جنون۔ باج۔ بہک۔ ۶۔ ہوا۔ باؤ۔ بتاس۔

بھوتنی (بھُو ت نِی)۔ بھوت + نی (تانیث)۔ بھوت کا مونث۔

بھور (بھُو ر)۔۱۔ ریت۔ بھوڑ۔۲۔ ریزہ۔ ذرّہ۔ چوُر۔ بھس۔ ۳۔ چھلکا۔ بوبل۔ ابکل۔

بھورا (بھُو رٰ)۔ بھور + آ (تذکیری)۔ بھوڑ کے رنگ کا۔ بھوڑا۔ گھورا۔

بھوری (بھُو رِی)۔ بھورا کا مونث۔

بھوڑ (بھُو ڑ)۔ ریت۔ بھور۔

بھوسا (بھُو سٰ)۔ بھوس (ریزہ۔ ذرّہ) + آ (تذکیری)۔ ریت۔ چورا۔ بھس۔ بھورا۔ بوبلا۔

بھوک (بھُو ک)۔ کھانے کی خواہش۔ تُوکھ۔ بھُوگ۔

بھوکا (بھُو کٰ)۔ بھوک + آ (تذکیری)۔ کھانا کھانے کا خواہشمند۔ وہ شخص جس نے کھانا نہ کھایا ہو۔ تُوکھا۔ بھُوگا۔

بھوکی (بھُو کِی)۔ بھوک + ای (تانیث)۔ بھوکا کا مونث۔

بھول (بھُو ل)۔۱۔ فراموشی۔ گوُل ۔۲۔ لغزش۔ لڑکھڑاہٹ۔ جھُول۔ ڈُول۔۳۔ الانگنا۔ آدل۔

بھولنا (بھُو ل نٰ)۔ بھول + نا (مصدری)۔۱۔ فراموش کرنا۔ غائب کرنا۔ گوُلنا۔ بھٹکنا۔ جھُولنا۔ ڈُولنا۔ بیچ میں کچھ چھوڑ جانا۔ آدلنا۔

بھوم (بھُو م)۔ بھون۔

بھومڑا (بھُو م ڑٰ)۔ بھومڑ (بھوبل) + آ (تذکیری)۔ بھنی ہوئی مکا کی ٹھڈی۔ بھونجڑا۔

بھومی (بھُو مِی)۔ بھوم + ای (تانیث)۔ زمین۔ بھوئیں۔

بھون (بھُو ن)۔۱۔ خشکی۔ بھوُر۔ برج بھاشا بھونج۔ ۲۔ جلن۔ بھلس۔ پنجابی بال۔۳۔ گرم راکھ۔ بھوبل۔

بھوننا (بھُو ن نٰ)۔ بھون + نا (مصدری)۔ آگ پر سینکنا۔ اکورنا۔ بھلسنا۔

بھٓں

بھونج (بھٓں ج)۔ جلن۔ گرمی۔ بال۔ بھون۔ یہ لفظ برج بھاشا میں زیادہ بولا جاتا ہے۔
بھونجنا (بھٓں ج نٗ)۔ بھونج+نا (مصدری)۔ آگ پر سینکنا۔ بھونا۔
بھونس (بھٓں س)۔۱۔ شور۔ بونک۔۲۔ پاگل پن۔ بَور۔ بَوَل۔
بھونسنا (بھٓں س نٗ)۔ بھونس+نا (مصدری)۔۱۔ کتے کا شور مچانا۔ بونکنا۔ بمکنا۔۲۔ پاگلوں کا سا شور مچانا۔ بَورنا۔ بَولنا۔

بھٖ

بھیر (بھٖ ر)۔۱۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ بےقراری۔ بیل۔۲۔ چکر۔ بھنور۔ بھوت۔۳۔ تتیا۔ بھڑ۔ بر۔
بھیرانا (بھٖ رٗ نٗ)۔ بھیر+آ (امری)+نا (مصدری)۔ ۱۔ بےقرار ہونا۔ بیلنا۔۲۔ بڑبڑانا۔ بڑانا۔ منڈلانا۔ بھونرانا۔
بھیروں (بھٖ رٗں)۔ بھیر+اوں (نسبتی)۔ ناچنے والا۔ رقاص۔ نٹ راج۔ شیو جی کا لقب۔ بھونرال۔ بھونرم۔ بھوتوں۔ بھوتم۔
بھیردیں (بھٖ ردٖں)۔ بھیروں+ای (تانیثی)۔ بھیروں کی۔ ایک راگنی کا نام۔ بھیری۔ بھامی۔ گھوئی۔

بھٖں

بھینٹ (بھٖں ٹ)۔۱۔ ملاقات۔ بھیٹ۔۲۔ انعام۔ تقسیم۔ خیرات۔ بیل۔ بانٹ۔ بونت۔۳۔ تحفہ۔ نذرانہ۔ باج۔ قربانی۔ بل۔
بھینٹر (بھٖں ڑ)۔ ایک چیز کی دو نظر آنا۔ بھینگ۔ بھیڑ۔

بھینڑا (بھِں ڑا)۔ بھینڑ+آ (تذکیری)۔ وہ شخص جس کو ایک چیز کی دو نظر آئیں۔ بھینگا۔ بھیڑا۔ بانکڑا۔
بھینڑی (بھِں ڑی)۔ بھینڑا کا مونث۔
بھینس (بھِں س)۔ ۱۔ مثائی۔ ایک مشہور موٹا جانور۔ بھار۔ بھوپ۔ بھیت۔ سنسکرت مہش۔ ۲۔
سیاہ۔ سیاہی۔ بھٹ۔ ۳۔ گری۔ بھاڑ۔ بھاس۔ بَیس۔
بھینسا (بھِں سا)۔ بھینس+آ (تذکیری)۔ بھینس کا نر۔ بھارا۔ بھوُپا۔
بھینگ (بھِں گ)۔ ایک چیز کی دو نظر آنا۔ بھینڑ۔
بھینگا (بھِں گا)۔ بھینگ+آ (تذکیری)۔ وہ شخص جس کو ایک چیز کی دو نظر آئیں۔ بھینڑا۔ بانکڑا۔
بھینگی (بھِں گی)۔ بھینگا کا مونث۔

بھٗ

بھو (بھٗ)۔ گمراہی۔ بہک۔
بھونا (بھٗ نا)۔ بھو+نا (مصدری)۔ چکرانا۔ گمراہ ہونا۔ بہکنا۔

بھٗں

بھوں (بھٗ ں)۔ ۱۔ کمان۔ موڑ۔ آنکھوں کے اوپر بالوں کی کمان۔ ابرو۔ بھام۔ گھوم۔ ۲۔ ایک آواز۔
ہوں۔ بھونک۔ پوں۔
بھونپو (بھٗں پو)۔ بھونپ (شور) +او (مذکر فاعلی)۔ ایک شور مچانے والا آلہ۔ پونپو۔ بھونکو۔
بھونٹ (بھٗں ٹ)۔ گولائی۔ گھونٹ۔ ٹونٹ۔ بونڈ۔
بھونٹا (بھٗں ٹا)۔ بھونٹ+آ (تذکیری)۔ دھار مڑا۔ کند۔ موتھرا۔ گھونٹا۔ بونڈا۔ ٹونٹا۔
بھونٹی (بھٗں ٹی)۔ بھونٹا کا مونث۔

بھونچ (بھؐں چ)۔۱۔ شور۔ بھونپ۔۲۔ گولائی۔ بھونٹ۔ گھونچ۔ ۳۔ بھاگ دوڑ۔ انتشار۔ بھاگڑ۔ بھر۔ بھگ

بھونچکا (بھؐں چَ ک کُ)۔ بھونچ+اکا (مذکر فاعلی)۔ چکرا جانے والا۔ حیران۔ دنگ۔ بھونچال۔
بھونچالا۔ بھونچکرا۔ بھچکا۔

بھونچکی (بھؐں چَ ک کِی)۔ بھونچکا کا مونث۔

بھوندو (بھؐں دُو)۔ بھوند (پھلاؤ) +او (مذکر فاعلی)۔ بھاری۔ بے ہنگم۔ پوندو۔ بادو۔ بھونڈو۔

بھونڈا (بھؐں ڈا)۔ بھونڈ (ناموزونی) +آ (تذکیری)۔ بد وضع۔ بھدا۔ بد قطع۔ بھوندا۔ بھونگا۔
پنجابی بھینٹرا۔

بھونڈی (بھؐں ڈِی)۔ بھونڈا کا مونث۔

بھونر (بھؐں ر)۔۱۔ گانٹھ۔ گولائی۔ بیٹ۔ بست۔ باندھ۔ ۲۔ چکر۔ بھنور۔ بھمر۔ پھیر۔ ۳۔ بے قراری
بھیر۔ بیل۔ ۴۔ بڑبڑاہٹ۔ بر۔ بڑ۔ ۵۔ باڑ۔ بھینٹ۔

بھونرا (بھؐں رٗا)۔ بھونر+آ (تذکیری)۔۱۔ کالا کیڑا جو رس چوسنے کے لئے پھولوں پر منڈلاتا رہتا ہے
برا۔ بھیرا۔ پنجابی بھونڈا۔۲۔ سر کے بالوں کا چکر۔ باڑا۔ پھیرا۔۳۔ کنوئیں سے ملی ہوئی وہ اونچی
زمین یا چبوترا جس پر پانی کھینچنے کو بیل چکر لگاتے رہتے ہیں۔ بندا۔ باندھا۔

بھونری (بھؐں رِی)۔ چھوٹا بھونرا۔

بھونک (بھؐں ک)۔۱۔ شور۔ بھونپ۔ بھڑک۔ ۲۔ چبھن۔ گھسیڑنا۔ بھوک۔ بھیل۔ بھید۔

بھونکنا (بھؐں ک نٗا)۔ بھونک+نا (مصدری)۔۱۔ شور مچانا۔ بھونپنا۔ بھڑکنا۔ ۲۔ گھسیڑنا۔ چبھونا۔
بھیلنا۔ بھیدنا۔ بھُوکنا۔

پَ

پپ (پَ پ)۔۱۔ باریک ورق۔ ہلکا۔ پت۔ پات۔ پھول۔۲۔ ہضم۔ پیچ۔ پاچ۔ ۳۔ گردش۔ پھیر۔

پپٹ (پَ ں پ)۔۱۔ لمبا ٹکڑا۔ پانت۔ چپ۔ ۲۔ ڈھانکنا۔ ڈھانپ۔ ۳۔ پلک۔

پپڑ (پَ ں پ پَ ڑ)۔ پپ+اڑ (نسبتی)۔ دیوار کے پلستر کا ٹکڑا۔ چنڑ۔ پاپ۔ پڑپڑ۔ پھول۔

پپڑانا (پَ پ ڑٰ نٰ)۔ پپڑ (پاپڑ) + آ (امری) + نا (مصدری)۔ کسی چیز پر پپڑی آنا۔ پترانا۔

پپڑی (پَ پ ڑِ)۔ پپڑ +ای (تانیث)۔ پتلا سا ورق جو کسی پتلی یا نرم چیز پر جم جائے۔ پتری۔ پاپڑی۔ پڑی۔ پھولڑی۔ پھپھڑی۔

پپوٹا (پَ ل پ ٹٰ)۔ پپ+اوٹ (پردہ) + آ (تذکیری)۔ گوشت کا وہ پتلا پردہ جو آنکھ کے ڈیلے پر رہتا ہے۔ پلکوٹا۔

پپولنا (پَ پُ ل نٰ)۔ پا (نلی) + پول (پھیر) + نا (مصدری)۔ دانتوں کے بغیر کسی چیز کو منہ میں گھانا۔ پھیرنا۔

پپیتا (پَ پِ تٰ)۔ پپ+ا یتا (مذکر فاعلی)۔ ایک مشہور پھولا ہوا پھل۔ ارنڈ خربوزہ۔ پچیتا۔ پھولرا۔ پھوٹا۔

پت (پَ ت)۔۱۔ ہلکا پن۔ پاپ۔ پات۔ پان۔ پھول۔ پانکھ۔۲۔ پانی۔ پانس۔ ۳۔ اڑنا۔ پھر۔ ۴۔ گردش۔ پھیر۔ ۵۔ ڈھکاؤ۔ پاٹ۔۶۔ کھانا۔ پاک۔

پتّ (پَ ل ت ت)۔۱۔ تہ۔ پرت ۔۲۔ پھیلاؤ۔ پنکھ۔ پانت۔ پاتھ۔ پھیل۔۳۔ اونچائی۔ پال۔ پاڑ۔ ۴۔ حساب۔ پڑت۔ ۵۔ پختگی۔ پکّ۔۶۔ ساکھ۔ مضبوطی۔ عزت۔ پٹھ۔ پچھ۔ پچ (پیچ)۔۷۔ ملکیت۔ مالک۔ پال۔ ۸۔ واپسی۔ موڑ۔ پلٹ۔ ۹۔ محبت۔ پیار۔ پیت۔ ۱۰۔ پھونس۔

پتّا (پَ ل ت تٰ)۔ پتّ+ آ (تذکیری)۔ پرت والا۔ درخت کا ورق۔ پالا۔ پنکھا۔ پتلا۔ ۲۔ پتی کا مذکر۔ لمبی دھاپ۔ پٹّا۔ پترا۔ پھیلا۔

پتّر (پَ ل ت تَ ر)۔ پتّ+ار (نسبتی)۔ لوہے یا کاغذ کا لمبا پھیلا ہوا ٹکڑا۔ خط۔ باریک ورق۔ پات۔ پتّل۔ پھاڑ۔

پتّرا (پَ ل ت ت رٰ)۔ پتّر+ آ (تذکیری)۔ لمبا کاغذ۔ لمبی بہی۔ دھجّی۔ پھاڑا۔ پھرا۔

پتری (پَ ت رِ)۔ پت+ری (تانیث)۔ لوہے کا لمبا چپٹا ٹکڑا۔ پھیلی۔ تپلی۔ پتی۔ پنکھی۔

پتّری (پَ ل ت ت رِ)۔ پتّ+ری (تانیث)۔ چھوٹا پترا۔ پھاڑی۔ پاتی۔ پنکھڑی۔ پھری۔

پتّل (پَ ل ت تَ ل)۔ پتّ+ال (نسبتی)۔ پتوں کی تھال۔ پاتل۔ پرتل۔ پنکھل۔

پتلا (پَ ت لٰ)۔ پت+لا (تذکیری)۔۱۔ ہلکا۔ باریک۔ دبلا۔ پرتا۔ پترا۔ پتّا۔ پنکھا۔ ۲۔ رقیق۔ پانی والا۔ پانسلا۔ پنسا۔ پتیا۔ پھیلا۔

پتنگ (پَ تَ ن گ)۔ پت+انگ (نسبتی)۔ کنکوا۔ پنکھ۔ پھڑال۔

پتنگا (پَ تَ ن گا)۔ پتنگ+آ (تذکیری)۔ ہلکے جسم کا۔ اڑنے والا۔ پروانہ۔ پلما۔ ب
پھولنگا۔

پتنی (پَ ت نِی)۔ پت+نی (تانیث)۔ پھیروں والی۔ بیوی۔ پھیرنی۔ پتنی۔

پتوار (پَ ت وا ر)۔ پت+وار (نسبتی۔والی)۔ ناؤ پھیرنے کا ایک آلہ۔ جو پیچھے لگا ہوتا ہے۔ پھیر

پتی (پَ تِی)۔ پت+ای (نسبتی)۔ پھیروں والا۔ شوہر۔ پھیری۔

پتّی (پَ ں ت تِی)۔ پتّ+ای (تانیث)۔ ۱۔ درخت کا ورق۔ چھوٹا پتا۔ پالی۔ پلمی۔
پرتی۔ ۲۔ چندہ۔ بھراؤ۔ بھری۔ حصہ۔ پڑتی۔ نورتی۔ ۳۔ لمبا ٹکڑا۔ پٹی۔ پھیلی۔ پتری۔

پتیل (پَ ں تِ ل)۔ پت+ایل (نسبتی)۔ ہلکے پتوں کی گھاس جس سے چھپر چھاتے ہیں۔

پتیلا (پَ تِی لا)۔ پت+ایلا (مذکر فاعلی)۔ پکانے کا دیگچا۔ پکیلا۔

پتیلی (پَ تِی لِی)۔ چھوٹا پتیلا۔ دیگچی۔ پکیلی۔

پتھ (پَ تھ)۔ ۱۔ پھیلنا۔ پھیل۔ پانت۔ پست۔ پل۔ ۲۔ تہ۔ پرت۔ ۳۔ سخت۔ کٹھ۔ پٹھ۔ ۴۔
پیٹ۔ پھینٹ۔ ۵۔ گانٹھ۔ پوٹ۔

پتھر (پَ تھ تھَ ر)۔ پتھ+ار (نسبتی)۔ ۱۔ سنگ۔ پٹ۔ پاٹ۔ پستر۔ سنسکرت پرستر۔ ۲۔ تہ دار۔ تہ۔
پرتار۔ ۳۔ سخت چیز۔ کٹھ۔ پٹھر۔

پتھرانا (پَ تھ را نا)۔ پتھر+آ (امری)+نا (مصدری)۔ پتھر ہو جانا۔ سخت ہو جانا۔ پٹھرانا۔ کٹھ

پتھراؤ (پَ تھ را ؤ)۔ پتھر+آؤ (نسبتی)۔ پتھر پھینکنے کا کام۔ پٹاؤ۔

پتھری (پَ تھ رِی)۔ پتھر+ای (تصغیری)۔ چھوٹا پتھر۔ پاٹی۔ پٹی۔ پوٹلی۔

پتھریلا (پَ تھ رِی لا)۔ پتھر+ایلا (مذکر فاعلی)۔ پتھر کا بنا ہوا۔ پٹیلا۔

پتھنا (پَ تھ نا)۔ پتھ+نا (مصدری)۔ ۱۔ کندی ہونا۔ مار پڑنا۔ پٹنا۔ ۲۔ گردش کھانا۔ گندھنا۔ بھ

پٹ (پَ ٹ)۔ ۱۔ پھلاؤ۔ پیٹ۔ پھیر۔ پھول۔ ۲۔ عرض۔ چوڑائی۔ پھانٹ۔ ۳۔ کولا۔ گھونگٹ
سرا۔ پھاڑ۔ ۴۔ بھراؤ۔ آٹ۔ آند۔ بھٹ۔ ۵۔ سکڑنا۔ بھچنا۔ پٹک۔ پیچ۔ پچک۔ ۶۔ پتھر۔ ۷۔ نب
چکاؤ۔ خاتمہ۔ پیچ۔ پک۔ خوش۔ پھل۔

پٹّ (پَ ں ٹ ٹ)۔ ۱۔ پھیلاؤ۔ پھیل۔ پل۔ پتّ۔ پتھ۔ ۲۔ اوندھا۔ الٹا۔ پلٹ۔ ۳۔ ترت۔ جھ

۴۔ مضبوطی۔ تیاری۔ پکت۔ پچ۔ ۵۔ سختی۔ پٹھ۔ ۶۔ ایک آواز۔ پڑ۔ پھٹ۔ ۷۔ چکر۔ گردش۔ بھینٹ۔
پاگ۔ ۸۔ حساب۔ جانچ۔ پڑت۔ ۹۔ مار۔ پیٹ۔ ۱۰۔ دھوکا دینا۔ سکھانا۔ پھانس۔ پُوٹ۔ پڑھ۔ ۱۱۔
گراوٹ۔ لٹائی۔ پڑ۔ ۱۲۔ بھراؤ۔ بوٗر۔ ۱۳۔ پرونا۔ پیل۔ پیر۔ ۱۴۔ دبلا پن۔ پتلا پن۔ جھٹ۔ جھٹک۔

پٹّا (پَ ں ٹ ٹُ)۔ پٹ + آ (تذکیری)۔ ۱۔ کپڑے کی دھاپ۔ بالوں کی لٹ۔ پلّا۔ پھاٹا۔ پترا۔
پٹھا۔ تپا۔ ۲۔ حساب۔ تخمینہ۔ پڑتا۔ ۳۔ چکر۔ مال۔ پھیٹا۔ پاگا۔ پھیلا۔ ۴۔ مضبوط عہد۔ معاہدہ۔ پکّا۔

پٹاخا (پَ ں ٹُ خُ)۔ دیکھئے پٹاکا۔

پٹاکا (پَ ں ٹُ کُ)۔ پٹ + آکا (مذکر فاعلی)۔ پٹ کی آواز والا۔ ایک بھانت کی آتش بازی۔
پڑاکا۔ پھٹاکا۔ پڑاقا۔

پٹانا (پَ ٹُ نُ)۔ پٹ + آ (امری) + نا (مصدری)۔ طے کرنا۔ فیصل کرنا۔ چکانا۔ نمٹانا۔ پنچانا۔
۲۔ خوش کرنا۔ آمادہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ پھسلانا۔ پھرانا۔

پٹانا (پَ ں ٹُ نُ)۔ پٹ + آ (امری) + نا (مصدری)۔ مانوس کرنا۔ ہلانا۔ پرچانا۔ ۲۔ سکھانا۔
پڑھانا۔ ۳۔ ورغلانا۔ پلٹانا۔ پھنسانا۔

پٹخن (پَ ٹ خَ ن)۔ دیکھئے پٹکن۔

پٹخنا (پَ ٹَ خ نُ)۔ دیکھئے پٹکنا۔

پٹرا (پَ ٹ رُ)۔ پٹ + را (تذکیری)۔ لکڑی کا لمبا اور چوڑا تختہ۔ پٹلا۔ پاٹلا۔ پتلا۔ پھیلا۔

پٹری (پَ ٹ رِ)۔ چھوٹا پٹرا۔ پٹلی۔ تپلی۔ پھلی۔

پٹک (پَ ٹَ ک) پٹ + اک (نسبتی)۔ ۱۔ بھنچن۔ سکڑن۔ پچک۔ ۲۔ گردش۔ پھیر۔ ۳۔ دھاپ۔
پھاڑ۔ پھانٹ۔

پٹک (پَ ں ٹَ ک)۔ ۱۔ پٹ + اک (نسبتی)۔ ۱۔ مار۔ پٹھک۔ پٹیک۔ ۲۔ لمبائی۔ چکر۔ پھینٹ۔
پاگ۔ پل۔ ۳۔ گراوٹ۔ پھسل۔ پھنیک۔

پٹکا (پَ ٹ کُ)۔ پٹ + کا (تذکیری)۔ کمر سے باندھنے کا پٹا۔ پیٹ کا۔ پھیر کا۔ پھانٹا۔ پھاڑا۔

پٹکن (پَ ٹ کَ ن)۔ پٹک + ان (تانیثی)۔ جسم کا درد۔ تپکن۔ پٹخن۔

پٹکنا (پَ ٹَ ک نُ)۔ پٹک + نا (مصدری)۔ بھنچنا۔ کم ہونا۔ سکڑنا۔ دبنا۔ نیچا ہونا۔ بھچکنا۔ بچکنا۔

پٹکنا (پَ ں ٹَ ک نُ)۔ پٹک + نا (مصدری)۔ ۱۔ دے مارنا۔ گرانا۔ پھینکنا۔ پنجابی پاڑنا۔ ۲۔ مارنا۔

پھکنا۔ پیٹنا۔

پٹکورنا (پَ ٹ کْ ر نْ)۔ پٹک+اور (نسبتی) +نا (مصدری)۔ ۱۔ مٹی کو پیٹ کر ہموار کرنا۔ نیچا کرنا۔ پتھکورنا۔ ۲۔ پٹکور+نا (تذکیری)۔ مٹی کو پیٹ کر ہموار کرنے کے لئے لکڑی کا ایک چپٹا سا ڈنڈا۔ تھپکورنا۔ پتھکورنا۔

پٹم (پَ ٹَ م)۔ پٹ+ام (نسبتی)۔ بند۔ بھرا ہوا۔ بھیٹم۔ اٹم۔

پٹنا (پَ ٹ نْ)۔ پٹ+نا (مصدری)۔ ۱۔ ابھرنا۔ اٹنا۔ ۲۔ ختم ہونا۔ نمٹنا۔ نپٹنا۔ پھلنا۔ پکنا۔ ۳۔ خوش ہونا۔ آمادہ ہونا۔ پھولنا۔ ابھرنا۔ ۴۔ تقسیم ہونا۔ شگافتہ ہونا۔ پھٹنا۔ بٹنا۔

پٹنا (پَ ں ٹ نْ)۔ پٹ+نا (مصدری)۔ ۱۔ مانوس ہونا۔ ہلنا۔ پرچنا۔ ۲۔ سیکھنا۔ پڑھنا۔ پاٹھنا۔ ۳۔ ورغلانے میں آجانا۔ پلٹنا۔ پھنسنا۔

پٹو (پَ ں ٹ ٹُ)۔ پٹ+او (مذکر فاعلی)۔ ۱۔ لمبا اور کم چوڑا ٹکڑا۔ ایک کم چوڑائی کا اونی کپڑا۔ پٹی۔ پٹا۔ پھیلو۔ پٹکو۔ بھینٹو۔ پاگو۔ ۲۔ پھانسنے کی ترکیب۔ سکھانے کا حربہ۔ پوٹو۔ پکڑو۔ پھانسو۔ پکٹو۔

پٹوا (پَ ں ٹ وْ)۔ پٹ+وا (تذکیری)۔ وہ شخص جو زیوروں اور چٹیلوں میں تاگے ڈالتا ہے۔ پیردا۔

پٹوار (پَ ں ٹ وْ ر)۔ پٹ+وار (نسبتی)۔ حساب کتاب کا کام۔ زمین اور فصل کی جانچ کا کام۔ پرت وال۔

پٹواری (پَ ں ٹ وْ رِ)۔ پٹوار+ای (نسبتی)۔ وہ سرکاری ملازم جو کھیتوں اور فصلوں کا حساب رکھتا ہے۔ پرت داری۔

پٹی (پَ ں ٹ ٹِ)۔ پٹ+ای (تانیثی)۔ ۱۔ چھوٹا پٹا۔ کپڑے، لکڑی یا زمین کا لمبا ٹکڑا۔ پتی۔ پتری۔ تپلی۔ پاگی۔ پھینٹی۔ پاکھی۔ پالی۔ ۲۔ سیکھ۔ بہکاوا۔ پلٹی۔ پوٹی۔ پھانسی۔

پٹیا (پَ ٹِ یْ)۔ پٹ+ای (تصغیری) +آ (فالتو)۔ پتھر کا ایک لمبا چوڑا ٹکڑا۔ پتھریا۔

پٹیل (پَ ٹِ ل)۔ پٹ +ایل (نسبتی)۔ مکھیا۔ مقدم۔ پنچیل۔

پٹیلنا (پَ ں ٹِ ل نْ)۔ پٹ+ایل (نسبتی) +نا (مصدری)۔ وصول کرنا۔ اگھانا۔ پتھیلنا۔ پوٹیلنا۔

پٹھ (پَ ٹھ)۔ ۱۔ گائے، بھینس، بکری اور مرغی کی جوان مادہ۔ پڑ۔ پد۔ ۲۔ پھیلاؤ۔ پتھ۔ پانت۔ پوت۔ ۳۔ سختی۔ سخت۔ کٹھ۔

پٹھا (پَ ٹھ ٹھْ)۔ پٹھ+آ (تذکیری)۔ ۱۔ پٹھ کا مذکر۔ جوان نر۔ پڈا۔ پڑا۔ پلا۔ ۲۔ گوشت کا ایک لمبا

اور سخت ٹکڑا۔ بالوں کی لٹ۔ گھاس کا پولا۔ بھاڑا۔ پترا۔ پٹا۔

پٹھار (پَ ٹھ ر)۔ پٹھ+ آر (نسبتی)۔ اونچا اور پتھریلا میدان۔ پتمار۔ پہاڑ۔ پاٹ۔

پٹھان (پَ ٹھ ن)۔ پٹھ+ آن (نسبتی)۔ سخت اور مضبوط جسم کا انسان۔ طاقتور آدمی۔ کٹھان۔

پٹھور (پَ ٹھ ر)۔ پٹھ+اور (فالتو)۔ جوان مادہ۔ جوان گائے بھینس۔ پڈور۔ تھور۔

پٹھوری (پَ ٹھ رِ)۔ پٹھ+اوری (فالتو)۔ جوان مرغی۔ پٹھور۔ پڈوری۔

پٹھی (پَ ٹھ ٹھِ)۔ پٹھ+ای (فالتو)۔ جوان عورت۔ پٹھ۔ پٹھور۔ پٹھا کا مونث۔ پڈی۔

پٹھیا (پَ ٹھِ ء)۔ پٹھ+ایا (فالتو)۔ جوان بکری۔ جوان مادہ۔ پٹھ۔ پٹھور۔ پڑیا۔

پج (پَ ج)۔۱۔ گراوٹ۔ بے دقعتی۔ پد۔ پچھ۔ ۲۔ پھیلاؤ۔ پس۔ پل۔ پھیل۔ پسر۔ پنج۔

پجوڑا (پَ ج ڑ)۔ پج+اوڑا (مذکر فاعلی)۔ گرا ہوا۔ بے دقعت۔ پدوڑا۔ پچھوڑا۔

پچ (پَ چ)۔۱۔ ہاضمہ۔ پک۔ ۲۔ برادا۔ سفوف۔ پھول۔ پانج۔ پیس۔ پھانک۔ ۳۔ اضافہ۔ بھار۔ لچھ۔ ۴۔ شگاف۔ چنخ۔ پھاڑ۔

پنچ (پَ ں چ)۔۱۔ مضبوطی۔ ساکھ۔ عزت۔ پٹھ۔ پک۔ پچھ۔ ۲۔ پھیلاؤ۔ پانت۔ پت۔ ۳۔ گھسیڑنا۔ ڈھکیلنا۔ پیل۔ ۴۔ روک۔ گرفت۔ بھیچ۔ پکڑ۔ پھانس۔

پچانا (پَ چ نْ)۔ پچ+آ (امری) +نا (مصدری)۔ ہضم کرنا۔ پیسنا۔ پکانا۔ پھلانا۔ پھرانا۔

پنچر (پَ ں چ چَ ر)۔ پنچ+ار (نسبتی)۔۱۔ لکڑی چیرتے وقت اس کے شگاف میں پھنسانے والا لکڑی کا ٹکڑا۔ پھانا۔ پھاڑ۔ ۲۔ شرط۔ پک (پنچ)۔

پچنا (پَ چ نْ)۔ پچ+نا (مصدری)۔ ہضم ہونا۔ پسنا۔ پکنا۔ پھولنا۔

پچونی (پَ چّ نِ)۔ پچ+اونی (مونث فاعلی)۔ پچانے کی تھیلی۔ اوجڑی۔ پسونی۔ پکونی۔

پچھ (پَ چھ)۔۱۔ گراوٹ۔ شکست۔ ہزیمت۔ پیٹ۔ پڑ۔ پد۔ ۲۔ واپسی۔ پیچ۔ پلٹ۔ سنسکرت پشچ۔ ۳۔ پانچ (۵)۔ ۴۔ ساکھ۔ قدر۔ پچ۔ پت۔ ۵۔ پھیلاؤ۔ پل۔ پھیل۔ پس۔

پنچھ (پَ ں چھ)۔ شگاف۔ پنخ۔ پھاڑ۔

پچھاڑ (پَ چھ ڑ)۔ پچھ+ آڑ (نسبتی)۔۱۔ گراوٹ۔ کھڑے سے گر پڑنا۔ پلاڑ۔ پلٹار۔ ۲۔ پھیلاؤ۔ پسار۔

پچھاڑنا (پَ چھ ڑ نْ)۔ پچھاڑ+نا (مصدری)۔ گرانا۔ ہرانا۔ پھیلانا۔ پسارنا۔ پلاڑنا۔

پچھیتا (پَ چھ ں ت تْ)۔ پچھ+اتا (مذکر فاعلی)۔۱۔ گرانے والا۔ پٹا۔ پچھاڑا۔ پچھیٹا۔ ۲۔ قد آور جوان۔

پانچ ہاتھ کا۔ پانچ ہتھا۔

پچھتانا (پَ چھ ٹ نٰ)۔ پچھ+ات (نسبتی)+آ (امری)+نا (مصدری)۔ افسوس کرنا۔ پستانا۔ پلٹانا۔

پچھتاوا (پَ چھ ٹ وٰ)۔ پچھت+آوا (مذکر فاعلی)۔ افسوس کی حالت۔ شکایت۔ ملال۔ پٹاوا۔ پستاوا۔ پلٹاوا۔ سنسکرت پشچاتاپ۔

پچھڑنا (پَ چھ ڑنٰ)۔ پچھڑ (پچھاڑ)+نا (مصدری)۔ مارنا۔ گرنا۔ پیچھے رہ جانا۔ پسرنا۔

پچھم (پَ چھ چھَ م)۔ پچھ+ام (نسبتی)۔ وہ سمت جدھر سورج ڈوبتا ہے۔ پاچھم۔ پلٹم۔ پسم۔ سنسکرت پشچم

پچھنا (پَ ں چھ نٰ)۔ پچھ+نا (تذکیری)۔ ایک آلہ جس سے پیٹھ پر چوٹ مار مار کر خراب خون نکالا جاتا ہے۔ پھاڑنا۔ پچھنا۔

پچھیٹنا (پَ چھِ ٹ نٰ)۔ پچھ+ایٹ (نسبتی)+نا (مصدری)۔ کپڑے کو پاٹ پر مار مار کر دھونا۔ پچھاڑنا۔

پخ (پَ خ)۔ دیکھئے پک۔

پد (پَ د)۔ ۱۔ بے وقعتی۔ بھد۔ بج۔ ۲۔ ساکھ۔ وقعت۔ پت۔ بچ۔ ۳۔ پانو۔ قدم۔ پگ۔ ۴۔ پاد۔ گوز پونک۔ ۵۔ دوڑ۔ پگ۔ پھاند۔ بھاگ۔

پدانا (پَ دٰ نٰ)۔ پد+آ (امری)+نا (مصدری)۔ دوڑانا۔ پگانا۔ پھندانا۔

پدر پدر (پَ دَر پَ دَر)۔ تیزی سے بھاگنا۔ پھر پھر۔

پدک (پَ دَ ک)۔ پد+اک (نسبتی)۔ کود۔ اچھل۔ پھندک۔

پدکنا (پَ دَ ک نٰ)۔ پدک+نا (مصدری)۔ پھاندنا۔ پھندکنا۔

پدنا (پَ د نٰ)۔ پد+نا (مصدری)۔ بھاگنا۔ دوڑنا۔ پگنا۔ پھاندنا۔ بھاگنا۔

پدو (پَ دٗ)۔ پد+او (مذکر فاعلی)۔ بہت پادنے والا۔ پونکو۔

پدوڑا (پَ دٗ ڑٰ)۔ پد+اوڑا (مذکر فاعلی)۔ بہت پادنے والا۔ پنکوڑا۔ ۲۔ بے وقعت۔ بھدوڑا۔ بکوڑا۔ ۳۔ بزدل۔ بھگوڑا۔ بگوڑا۔ پھندوڑا۔

پدوڑی (پَ دٗ ڑِی)۔ پدوڑا کا مونث۔

پدیڑنا (پَ دے ڑ نٰ)۔ پد+ایڑ (نسبتی)+نا (مصدری)۔ ساکھ ماننا۔ قدر کرنا۔ خاطر میں لانا۔ پتیڑنا۔ پچیڑنا۔

پدھ (پَ ں دھ)۔ ۱۔ قدم۔ پانو۔ پد۔ پگ۔ ۲۔ پھیلاؤ۔ پتھ۔

پدھارنا (پَ ں دھٰ ر نٰ)۔ پدھ+آر (نسبتی)+نا (مصدری)۔ قدم رکھنا۔ قدم رنجہ کرنا۔ تشریف لانا۔

آنا۔ پگارنا۔ پدارنا۔ پگ دھرنا۔

پدھراڑ (پَ دھ رٗ ڑ)۔ نمک کے پہاڑ پر ایک مقام کا نام۔ پتھراڑ۔

پڈا (پَ ڈ ڈٗ)۔ پڈ (مضبوطی) + آ (تذکیری)۔ بھینس کا موٹا تازہ بچا۔ پٹھا۔ پڑا۔

پر (پَ ر)۔۱۔ سلسلہ۔ تار۔ پانت۔ ۲۔ غیر۔ باہر۔ بھار۔ پار۔ ۳۔ گردش۔ چکر۔ واپسی۔ پلٹ۔ پرک۔ پھینٹ۔ پھرک۔ ۴۔ وزن۔ اضافہ۔ بھار۔ ۵۔ پیچھے۔ اخیر۔ بعد۔ کر۔ پاچھ۔ ۶۔ پھیلاؤ۔ پھیل۔ پلینگ۔ پل۔ ۷۔ قرب۔ پاس۔ پاکھ۔ ۸۔ گراوٹ۔ پڑ۔ ۹۔ سبزی۔ ہر۔ ۱۰۔ چمک۔ تر۔ تار۔ ۱۱۔ اوپر۔ پے (پہ)۔ ۱۲۔ پور۔ پرت۔ ۱۳۔ قدیم۔ پور۔ پھونس۔ ۱۴۔ بھراؤ۔ کھانا۔ پاگ۔ پال۔ پنڈ۔ ۱۵۔ محبت۔ پیت۔ ۱۶۔ نرمی۔ رقت۔ پیچ۔ پیپ۔ پل۔ پگھل۔ ۱۸۔ دباؤ۔ پلچ۔ پچل۔ پل۔

پرا (پَ رٗ)۔ پر + آ (تذکیری)۔ سلسلہ۔ قطار۔ پانتا۔

پرات (پَ رٗ ت)۔ پر + آت (نسبتی)۔ پھیلی ہوئی تھالی۔ پھیلات۔ پلات۔

پراٹھا (پَ رٗ ٹھ)۔ پر + آٹھ (بل۔ آنٹ) + آ (تذکیری)۔ گھی میں تلی ہوئی پرت دار پوری جو بل دے کر بنائی جاتی ہے۔ پرکارا۔ پرانٹا۔ پسارا۔ پھیرا۔ پھانڈا۔ پٹیا۔ پوٹلا۔ پنجابی پردٹھا۔

پرایا (پَ رٗیٗ)۔ پر + آیا (مذکر فاعلی)۔ غیر کا۔ دوسرے کا۔ باہر کا۔ پارایا۔ پاراللہ باہراللہ باہروالا۔

پربال (پَ ر بٗ ل)۔ پر + بال۔ آنکھوں کا ایک طرح کا بال جو پپوٹے سے نکلتے ہی مڑ جاتا ہے اور آنکھوں میں کھٹکتا ہے۔ پلٹ بال۔

پربس (پَ ر بَ س)۔ پر + بس (قابو)۔ مجبور۔ مجبوری کا۔ باہر بس۔

پرت (پَ رَ ت)۔۱۔ ورق۔ تہ۔ پت۔ پال۔ ۲۔ حساب۔ جانچ۔ پڑت۔ ۳۔ لمبائی۔ پانت۔ پھیل۔

پرتال (پَ ر تٗ ل)۔ پرت + آل (نسبتی)۔ حساب کی کتاب۔ جانچ پرکھ۔ پڑتال۔ پنسال۔

پرتل (پَ ر تَ ل)۔ پرت + ال (نسبتی)۔ لمبا۔ سلسلے والا۔ قطار۔ پاتنل۔ پسار۔

پرتلا (پَ ر تَ لٗ)۔ پرتل + آ (تذکیری) چمڑے کی لمبی پیٹی۔ پتلا۔ پانتلا۔ پاتا۔

پرچ (پَ ر چ)۔۱۔ واقفیت۔ جانکاری۔ ذکر۔ خبر۔ چرچ۔ توچھ۔ پچھ۔ ۲۔ لمبائی۔ ٹکڑا۔ پرت۔ پانت۔ پھیل۔ ۳۔ اُنس۔ قرب۔ پھسلاوا۔ پٹ۔ پوٹ۔

پرچا (پَ ر چٗ)۔ پرچ + آ (تذکیری)۔۱۔ خبر کا لمبا کاغذ۔ پرتا۔ پتا۔ ۲۔ تذکرہ۔ خبر۔ واقفیت۔ پوچھا۔ پچا۔ پتا۔ ۳۔ ٹکڑا۔ پارچا۔ پٹا۔ پانتا۔

پرچانا (پَ رچ نْ)۔ پرچ+آ(امری)+نا(مصدری)۔ واقف کرانا۔ قریب لانا۔ مانوس کرانا۔ پٹانا۔

پرچون (پَ رچّ ن)۔ پرچ+اون(نسبتی)۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ پھٹکر بکری۔ پرتون۔ پھٹیلون۔

پرچھ (پَ ر چھ)۔ ۱۔ پٹاؤ۔ پات۔ پل۔ ۲۔ پانی۔ پانچھ۔ پانس۔ پان۔ ۳۔ صفائی۔ پونچھ۔ ۴۔ دُم۔ پشت۔ غیر حاضری۔ پیچھ۔ تونچھ۔

پرچھا (پَ ر چھ)۔ پرچھ+آ(تذکیری)۔ ۱۔ کنوئیں کا وہ ادھورا پٹاؤ جس پر چرس سے پانی انڈیلا جاتا ہے۔ پاٹا۔ پٹا۔ پانچھا۔ پلّا۔ پرسا۔ پارچھا۔ ۲۔ صفائی۔ بھیڑ کا چھٹاؤ۔ تخلیہ۔ عدم موجودگی۔ پونچھا۔ پردا۔

پرچھانوا (پَ رچھوں ڈ)۔ پر+چھانو(عکس)+آ(تذکیری)۔ عکس۔ چھوٹ۔ پلٹ چھاما۔ پلٹ چھاپا۔

پرچھائیں (پَ رچھِیں)۔ پر+چھاں(چھانو)+ای(تانیثی)۔ پرچھانوا کا مونث۔ پرچھانوی۔ پلٹ چھائی۔

پرچھتی (پَ ر چھَ تِی)۔ پر+چھت+ای(تانیثی)۔ باہر نکلی ہوئی چھت۔ برساتی۔ پرستی۔ پارچھتی۔ پٹتی۔ پُلی۔ پٹی۔

پردا (پَ ر ڈ)۔ پرد(بھراؤ۔ پاٹ)+آ(تذکیری)۔ ۱۔ پٹاؤ۔ چھت۔ ڈھکاؤ۔ پاٹا۔ پٹا۔ ۲۔ تخلیہ۔ پرچھا۔ پونچھا۔

پردادا (پَ ر ڈ ڈ)۔ پر+دادا۔ دادا کا باپ۔ پار دادا۔ پوردادا۔ پھونس دادا۔

پردیس (پَ ر دِ س)۔ پر+دیس(ملک)۔ غیر دیس۔ وطن سے باہر کا ملک۔ پاردیس۔ بھاردیس۔ باہردیس۔

پرس (پَ رَس)۔ ۱۔ تقسیم حصہ۔ بانٹ۔ بھانٹ۔ بھاڑ۔ ۲۔ قوت۔ کھانا۔ پاک۔ پوس۔ پونچ۔

پرسنا (پَ رَس نْ)۔ پرس+نا(مصدری)۔ ۱۔ کھانا دینا۔ پُوسنا۔ پاٹنا۔ ۲۔ تقسیم کرنا۔ حصہ لگانا۔ بھانٹنا۔

پرک (پَ ر ک)۔ ۱۔ چکر۔ گردش۔ پھینک۔ پھینٹ۔ پاگ۔ ۲۔ واپسی۔ پلٹ۔ پھرک۔

پرکار (پَ ر کْ ر)۔ پرک+آر(نسبتی)۔ دائرہ بنانے یا گھومنے والا آلہ۔ پھرکی۔ پھرکار۔ پلٹار۔

پرکما (پَ ر کَ م مْ)۔ پرک+اما(مذکر فاعلی)۔ طواف۔ چکر۔ پرکارواں۔ پرکارما۔

پرگاس (پَ ر گْ س)۔ پرگ(صفائی)+آس(نسبتی)۔ اجالا۔ باہرلا۔ ۲۔ پہلا۔ ۳۔ آخری۔ پیچھا۔

پرنالا (پَ رنْ لْ)۔ پرن(بارش۔ برس۔ پڑن۔ بھرن)+آلا(مذکر فاعلی)۔ چھت پر سے بارش کا پانی نکالنے کی موری۔ بھرنالا۔ پنالا۔ پڑنالا۔

پروس (پَ ڑ س)۔ پر+اوس(نسبتی)۔ ۱۔ ہمسائیگی۔ پاسوس۔ پڑوس۔ پردکھ۔ سنسکرت پردکش۔ ۲۔ کھانے کا حصہ۔ بھروس۔ پنڈوس۔ ۳۔ پھیلاؤ۔ پاس۔

پروسا (پَ ڑ سْ)۔ پروس+آ(تذکیری)۔ کھانے کا حصہ۔ بھروسا۔ پنڈوسا۔ پھاندا۔

پروسنا (پ رَس نا)۔ پروس+نا (مصدری)۔ کھانا کھلانا۔ حصہ دینا۔ بھروسنا۔ پنڈوسنا۔ پاسنا۔

پری (پ رِے)۔ پر+ای (تانیثی)۔۱۔ بھڑکیلے کپڑے پہنے ہوئے عورت۔ ناری۔ پرنی۔ پنی۔ ۲۔ محبوبہ۔ چہیتی۔ پیتی۔

پڑ (پ ڑ)۔۱۔ طاقتور۔ پڈ۔ پٹھ۔۲۔ گرنا۔ لیٹنا۔ پد۔ پل۔ ۳۔ پھیلاؤ۔ پھیل۔ پاس۔ ۴۔ قرب۔ نزدیک۔ پاس۔ پاکھ۔ ۵۔ ابھار۔ آپڑ۔ ۶۔ مار۔ پیٹ۔ ۷۔ پر۔ پنکھ۔ ۸۔ واپسی۔ پلٹ۔ ۹۔ گرفت۔ پکڑ۔ ۱۰۔ لاگت۔ پڑت۔

پڑا (پ ڑا)۔ پڑ+آ (تذکیری)۔۱۔ بھینس کا بچہ۔ پڈا۔ ۲۔ مضبوط۔ طاقتور اور موٹا۔ پٹھا۔ پلا۔ ۳۔ ابھرا۔ اپڑا۔ ۴۔ گرا۔ لیٹا۔ پھیلا۔

پڑاؤ (پ ڑاؤ)۔ پڑ+آؤ (نسبتی)۔ قیام۔ منزل۔ کیمپ۔ چھاونی۔ پھیلاؤ۔

پڑبال (پ ڑب ل)۔ پڑ+بال۔ دیکھئے پر بال۔ پلٹ بال۔

پڑت (پ ڑَت)۔ پڑ+ات (نسبتی)۔۱۔ پڑنے والی قیمت۔ لاگت۔ پاگت۔ پھیلت۔ ۲۔ حساب۔ جانچ۔ ترٹت۔ پرت۔

پڑتا (پ ڑتا)۔ پڑت+آ (تذکیری)۔ تخمینہ۔ لاگت۔ پڑت۔ ترٹتا۔ پرتا۔ پھیلتا۔

پڑتال (پ ڑت ل)۔ پڑت+آل (نسبتی)۔ جانچ۔ پرکھ۔ حساب۔ کتاب۔ ترٹال۔ پڑتال۔

پڑنا (پ ڑ نا)۔ پڑ+نا (مصدری)۔۱۔ گرنا۔ لیٹنا۔۲۔ گرفت کرنا۔ پھانسنا۔ پکڑنا۔ ۳۔ ابھرنا۔ اپڑنا۔ ۴۔ فاصلہ طے کرنا۔ کودنا۔ پہنچنا۔ پھاندنا۔ ۵۔ گرفتار ہونا۔ پھنسنا۔ ۶۔ لاگت آنا۔ حساب بیٹھنا۔ پرسنا۔ مارا جانا۔ پٹنا۔ ۸۔ بھڑنا۔ پلنا۔

پڑوس (پ ڑوس)۔ پڑ+اوس (نسبتی)۔ قرب۔ ہمسائیگی۔ پروس۔

پڑیا (پ ڑِیا)۔ پڑ+ای (تانیثی)+آ (فالتو)۔ پڈا کا مونث۔ پٹھیا۔ پڈیا۔

پڑھ (پ ڑھ)۔۱۔ سبق۔ نصیحت۔ سیکھ۔ پاٹھ۔۲۔ دھوکا۔ پھانس۔ بوٹ۔ پلٹ۔

پڑھانا (پ ڑھ نا)۔ پڑھ+آ (امری)+نا (مصدری)۔۱۔ سبق دینا۔ پٹھانا۔ ۲۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ دھوکا دینا۔ پلٹانا۔ پھنسانا۔

پڑھنا (پ ڑھ نا)۔ پڑھ+نا (مصدری)۔۱۔ سبق لینا۔ پٹھنا۔۲۔ بہکنا۔ دھوکا کھانا۔ پھنسنا۔ پلٹنا۔ پٹنا۔

پس (پ س)۔۱۔ پانی۔ پان۔ پانس۔ ۲۔ درازی۔ پھاڑ۔ ۳۔ بلال۔ بانس۔ داس۔

پسار (پَ سْ ر)۔ پس+آر (نسبتی)۔۱۔ کشادگی۔ درازی۔ پھاڑ۔ پھانٹ۔ پاٹ۔ ۲۔ پھل۔ پھول۔ پنہار

پسارنا (پَ سْ رنْ)۔ پسار+نا (مصدری)۔ پھیلانا۔ کشادہ کرنا۔ لمبا کرنا۔ پھاڑنا۔ پھانٹنا۔ پاٹنا۔

پساری (پَ سْ رِ)۔ پسار+ای (نسبتی)۔ خشک پھل پھول بیچنے والا۔ مرچ، دھنیا، گرم مصالہ وغ
بیچنے والا۔ پنساری۔

پسانا (پَ سْ نْ)۔ پس+آ (امری)+نا (مصدری)۔ ابلے ہوئے چاول وغیرہ کی پیچ چھانٹنا۔ پکھا
پلچانا۔ پنسانا۔

پسر (پَ سَ ر)۔۱۔ پانی۔ پن۔ پان۔ ۲۔ پھلاؤ۔ پھّول۔ پیٹ۔ پھیر۔ ۳۔ بھراؤ۔ آمادگی۔ ترغیب
پاٹ۔ پٹ۔ ۴۔ ہلال۔ پانس۔ پانکھ۔ ۵۔ درازی۔ پھاڑ۔ ۶۔ گراوٹ۔ پچھاڑ۔

پسرانا (پَ س رْنْ)۔ پسر+آ (امری)+نا (مصدری)۔ گائے بھینسوں کے تھنوں میں ہاتھ ر
سہلا کر دودھ اتروانا۔ پھسلانا۔ پڑانا۔ پھُسلانا۔

پسرٹا (پَ س رَں ٹ ٹْ)۔ پسر (پنسار)+اٹا (بازار۔ ہٹا)۔ پنساریوں کا بازار۔ پنسار ہٹا۔ پسرہٹا

پسرنا (پَ سَ رنْ)۔ پسر+نا (مصدری)۔ گائے بھینس کا تھنوں میں دودھ اتارنا۔ عورت کا ...
کے لئے آمادہ ہونا۔ پھولنا۔ پکنا۔ پھلنا۔ پتنا۔ پھٹنا۔ ۲۔ گرنا۔ لیٹنا۔ پچھڑنا۔ سرنا۔

پسرنا (پَں سَ رنْ)۔ پسر+نا (مصدری)۔ پھیلنا۔ پھسلنا۔

پسرہٹا (پَ سَ رہَ ٹ ٹْ)۔ دیکھئے پسرٹا۔

پسلی (پَ س لِ)۔ پسل (ہلال)+ای (تانیث)۔ چھاتی کی لمبی ہلالی ہڈی۔ پانسی۔ پنکھڑی۔ پھانکی۔ پھاڑی

پسیج (پَ سِ ج)۔ پس+ایج (نسبتی)۔۱۔ اخراج۔ پھینک۔ پیل۔ پسان۔ ۲۔ نمی۔ بوند۔ چھوٹ
پھینچ۔ پسیو۔ سینچ۔

پسیجنا (پَ سِ ج نْ)۔ پسیج+نا (مصدری)۔ بھیگنا۔ نم ہونا۔ نمی چھوڑنا۔ پھوٹنا۔ پیچنا۔ پنسجنا۔ سینچنا۔

پسینا (پَ سِ نْ)۔ پس+اینا (مذکر فاعلی)۔ بدن کی کھال سے نکلا ہوا پانی۔ پرینا۔ پنسینا۔ پھلکا (چھلکا)۔

پسیو (پَ س ءُ)۔ پس+ایو (نسبتی)۔ نمی۔ پانی۔ پسیج۔ پساج۔ پریو۔

پک (پَ کْ)۔۱۔ کھانا۔ پاک۔ بھاک۔ ۲۔ موٹائی۔ پھل۔ پھول۔ ۳۔ شرط۔ ساتھ لگی ہوئی چز
پچر۔ بد۔ پخ۔ ۴۔ چکوتا۔ فیصلہ۔ پٹ۔

پکّ (پَں ک ک)۔۱۔ مضبوطی۔ سختی گرفت۔ پیچ۔ پکڑ۔ پھانس۔ ۲۔ ترمی۔ پرورش۔ تیاری۔ ملا

پُوڑھ ۔۳۔ آگ۔ بھک۔ بھڑک۔

پکّا (پَ ں ک کُ)۔پک+آ(تذکیری)۔۱۔ مضبوط۔ پچاّ۔ پکڑا۔ ۲۔ تیار۔ پالا۔ پال کا۔ ۳۔ آگ پر تیار کیا ہوا۔ بھتّا۔ بھاڑ کا۔ ۴۔ تجربہ کار۔ توڑھا (بوڑھا)۔ پڑھا۔ تورا۔

پکّانا (پَ ں کُ نْ)۔ پک+آ (امری) + نا (مصدری)۔۱۔ سکھانا۔ پڑھانا۔ پٹانا۔ پلٹانا۔ ۲۔ مضبوط بنانا۔ پچانا۔ ۳۔ نرم کرنا۔ پلانا۔

پکانا (پَ کُ نْ)۔ پک+آ (امری) +نا (مصدری)۔ انجام تک پہنچانا۔ فیصلہ کرنا۔ پٹانا۔

پکڑ (پَ کَ ڑ)۔۱۔ گرفت۔ دباؤ۔ پھانس۔ پینڈ۔ ۲۔ وسعت۔ پھیلاؤ۔ پہنچ۔ پھیل۔ پھاند۔

پکڑنا (پَ کَ ڑنْ)۔ پکڑ+ نا (مصدری)۔۱۔ گرفت میں لینا۔ گرفتار کرنا۔ پھانسنا۔ پینڈنا۔ ۲۔ جا لینا۔ پاس آجانا۔ پہنچنا۔ پھیلنا۔ پھاندنا۔

پکوڑا (پَ کٗ ڑٗ)۔ پک+اوڑا (مذکر فاعلی)۔ روغن میں تلے ہوئے بیسن کے بڑے۔ پھلکی۔ پھلوری۔ پھلوار۔

پکھ (پَ کھ)۔۱۔ پاکھ کا چھوٹا روپ۔۲۔ پر۔ پنچھ۔ پنکھ۔ ۳۔ پندرہ (پندرھا۔ پندھرا)۔۴۔ اخراج۔ پھینک۔ پونک۔ پھوٹ۔ پھُوب۔ پلچ۔ پر۔ ۵۔ حصہ۔ پاکھ۔ پاگ۔

پکھال (پَ کھُ ل)۔ پکھ+ آل (نسبتی)۔ چھڑکاؤ کرنے کی بڑی مشک۔ پھینکال۔ پھبُار۔ پھوار۔ پلچال۔ پرال۔

پکھواڑا (پَ کھ وُ ڑٗ)۔ پکھ+ واڑا (مذکر فاعلی)۔ پندرہ دن کا عرصہ۔ پندھرواڑا۔

پکھیرو (پَ کھ رٗ)۔ پکھ+ ایرو (مذکر فاعلی)۔ اڑنے والا پرندہ۔ پنچھیرو۔ پنکھیرو۔ پریرو۔

پگ (پَ گ)۔۱۔ صافہ۔ پگڑی۔ پھینٹ۔ ۲۔ پاؤں۔ پد۔ ۳۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ پاکھ۔ بھاگ۔ پُوٹ۔ ۵۔ جنون۔ وحشت۔ بونگ۔ پھرک۔ ۶۔ معاوضہ۔ بدلا۔ پلٹ۔ ۷۔ پرورش۔ پل۔

پگار (پَ گٗ ر)۔ پگ+ آر (نسبتی)۔ مزدوری۔ معاوضہ۔ پھل۔ پلٹار۔ پلا۔ پُوٹار۔ پھیر۔

پگڈنڈی (پَ گ ڈَن ڈِ)۔ پگ+ ڈنڈی (پتلا راستا)۔ پیدل چلنے کا پتلا راستا۔ پگ دَوڑی۔

پگڑ (پَ گ گَ ڑ)۔ پگ+ اڑ (نسبتی)۔ صافہ۔ پھینٹا۔ پھاڑ۔ پیچ۔ پاگڑ۔ پھیٹر۔

پگڑی (پَ گ ڑِ)۔ پگ+ ڑی (تانیثی)۔۱۔ صافہ۔ پاگ۔ پھیٹری۔ پھاڑی۔ پیچی۔ پھڑی۔ ۲۔ وہ رقم جو کرائے کا مکان یا دوکان کسی دوسرے کرایہ دار کو دینے کے بدلے میں حاصل کی جاتی ہے۔ بھاگڑی۔

پگلا (پَ گ لْ)۔ پگ+ لا (تذکیری)۔ سڑی۔ دیوانہ۔ باولا۔ بھگلا۔ بونگڑا۔ پھرا۔ پونگا۔

پگھا (پَ گھْ)۔ پگھ (لسانی) + آ (تذکیری)۔ مویشی باندھنے کے لئے رسی کا ٹکڑا۔ پاگرا۔ پھاڑا۔ پھانٹا۔ پینڈرا۔

پل (پَ ل)۔ ۱۔ وسعت۔ پھیل۔ ۲۔ درازی۔ فاصلہ۔ دوری۔ پہنچ۔ پھاند۔ پھینک۔ ۳۔ گرفت۔ پکڑ۔ ۴۔ گردش۔ واپسی۔ پلٹ۔ پھینٹ۔ پھرک۔ ۵۔ پرورش۔ تیاری۔ موٹائی۔ پوٹ۔ بھر۔ ۶۔ پختگی۔ مضبوطی۔ پکّ۔ رچ۔ ۷۔ مدت کا ایک حصہ۔ پھیلاؤ۔ پاس۔ ۸۔ نرمی۔ زوال۔ ڈھل۔

پلّا (پَ ل لْ)۔ پلّ + آ (تذکیری)۔ ۱۔ دامن۔ آنچل۔ پھیلا۔ پکڑا۔ پھانسا۔ ۲۔ دوری۔ پھاسلا۔ پھاندا۔ پہنچا۔ پھینکا۔

پلا (پَ لْ)۔ پل + آ (تذکیری)۔ ۱۔ پھیلا ہوا ٹوکرا۔ مٹی ڈھونے کی چھبڑی۔ پاسا۔ پھاندا۔ پھیلا۔ ۲۔ رقیق۔ پتلا۔ ۳۔ موٹا۔ پوٹا۔ بھرا۔ پٹھا۔

پلانا (پَ لْ نْ)۔ پل + آ (امری) + نا (مصدری)۔ گائے بھینس کے تھن سہلا کر ان میں دودھ اتروانا۔ بھرانا۔ پٹانا۔

پلستر (پَ لَ س تَ ر)۔ پ (فالتو) + لست (لیس) + ار (نسبتی)۔ فرش پر لگانے کا پتلا سیمنٹ۔ لیسر۔ لیتھر۔

پلک (پَ لَ ک)۔ پل + اک (نسبتی)۔ آنکھوں کے پپوٹوں پر کے بال۔ پھرک۔ پرک۔ پھُدک۔

پلنا (پَ ل نْ)۔ پل + نا (مصدری)۔ ۱۔ پرورش پانا۔ پھیلنا۔ بھرنا۔ ۲۔ نرم ہونا۔ اترنا۔ ڈھلنا۔

پلنگ (پَ لَ ں گ)۔ پل + انگ (نسبتی)۔ چارپائی۔ کھاٹ۔ پڑنگ۔ پھیلنگ۔ پسار۔ برج بھاشا پلگا۔

پلّو (پَ ل لُ)۔ پلّ + او (مذکر فاعلی)۔ آنچل۔ پھیلو۔ پکڑو۔ پکو۔

پلی (پَ لِ)۔ پل + ای (تانیثی)۔ ۱۔ تیل نکالنے کا آلہ۔ پکڑی۔ پھیلی۔ پھرکی۔ ۲۔ موٹی۔ پوٹی۔ پڈی۔ پٹھی۔ بھری۔

پلیتھن (پَ لِ تھَ ن)۔ پ (فالتو) + لیتھ (لیس) + ان (نسبتی)۔ روٹی پر لگانے کا سوکھا آٹا۔ لیتھن۔ لیسن۔

پن (پَ نْ)۔ ۱۔ پان کا چھوٹا روپ۔ پانی کا چھوٹا روپ۔ ۲۔ اسم کے ساتھ کیفیت یا حالت بتانے والا پچھ لگوا۔ پت۔ ۳۔ کھانا۔ پاک۔ ۴۔ پانی۔ پنس۔ ۵۔ عرض۔ کشادگی۔ پھیر۔ پاٹ۔ پیٹ۔

پنّ (پَ ں ن ن)۔ ۱۔ پینے کی چیز۔ پن۔ ۲۔ تہ۔ پرت۔ بتّ۔ ۳۔ سبزی۔ پال (آل)۔ چمک پار۔ پرن۔ ۵۔ گردش۔ پھینٹ۔ ۶۔ نرمی۔ پلَ۔

پن چکی (پَ ن چَ ک کِی)۔ پانی سے چلنے والی چکی۔ پانی چکی۔

پن ڈبی (پَ ن ڈُب بِی)۔ پانی کے اندر چلنے والی کشتی۔ پانی ڈوبی۔

پن کٹی (پَ ن کُٹ ٹِی)۔ پان کوٹنے کی اوکھلی۔ پان کوٹی۔

پن گھٹ (پَ ن گھَ ٹ)۔ پن (پانی) + گھٹ (گھاٹ۔ کنارا)۔ پانی گھاٹ۔

پنا (پَ نا)۔ پن + آ (تذکیری)۔ حالت۔ پن۔ تپا۔ ۲۔ کپڑے کی چوڑائی۔ عرض۔ پھیرا۔ پٹیا۔ پاٹا۔

پنّا (پَ ن نا)۔ پنّ + آ (تذکیری)۔ ۱۔ خربوزے یا آم کا مل کر پتلا کیا ہوا گودا۔ پنیا۔ پتلا ۲۔
کتاب کا ورق۔ پنّا۔ ۳۔ سبز۔ ہرے رنگ کا ایک قیمتی پتھر۔ پالا پرا (ہرا)۔

پنتھ (پَ ن تھ)۔ ۱۔ راہ۔ پانو۔ پاتھ۔ پدَ۔ پگ۔ پینڈ۔ ۲۔ قسم۔ فرقہ۔ پانت۔

پنتھی (پَ ن تِھی)۔ پنتھ + ای (نسبتی)۔ ۱۔ راہگیر۔ مسافر۔ پانوی۔ پتھی۔ پاتھی۔ ۲۔ فرقے والا۔ پانتی۔

پنج (پ ن ج)۔ پھیلاؤ۔ پھیل۔ پس۔

پنجاب (پَ ن جا ب)۔ پنج + آب (نسبتی)۔ پساؤ۔ پھیلاؤ۔ پاکستان کا ایک بڑا صوبہ۔

پنچ (پَ ن چ)۔ ۱۔ خاص۔ اہم۔ پاٹ۔ ۲۔ بزرگ۔ پرکھ۔ ۳۔ دباؤ۔ گھوم۔ پیچ۔ پھیر۔ ۴۔ فیصلہ۔
چکوتا۔ صفائی۔ پھانٹ۔ پھیل۔ پونچھ۔ پھاڑ۔ ۵۔ منصدہ۔ پارکھ۔ ۶۔ پھیلاؤ۔ پسار۔ پاٹ۔

پنچایت (پَ ن چا یَ ت)۔ پنچ + آیت (نسبتی)۔ پنچوں کی جماعت۔ کچہری۔ پنچال۔ پنچانت۔

پنچم (پَ ن چَ م)۔ پنچ + ام (نسبتی)۔ سات سروں میں سب سے اونچا سر۔ پانم۔ پسارم۔

پنچھ (پَ ن چھ)۔ ۱۔ پیچ۔ پنس۔ ۲۔ اڑان۔ پرَ۔ پنکھ۔

پنچھا (پَ ن چھا)۔ پنچھ + آ (تذکیری)۔ پانی یا پسینہ پونچھنے کا رومال۔ پنسا۔ پونچھلا۔ پونچھڑا۔

پنچھی (پَ ن چِھی)۔ پنچھ + ای (نسبتی)۔ پرندہ۔ پنکھی۔

پندرہ (پَ ن درَہ)۔ دیکھئے پندھرا۔

پندھر (پَ ن دھَ ر)۔ مہینے کا نصف حصہ۔ پاکھ۔

پندھرا (پَ ن دھ را)۔ پندھر + آ (تذکیری)۔ دس اور پانچ۔ پندرہ والا۔ پکھواڑا۔

پنڈ (پَ ن ڈ)۔ ۱۔ سوکھا راشن۔ رسد۔ پاکل۔ ۲۔ مٹائی۔ طاقت۔ پڈ۔ پٹھ۔ پوٹ۔ ۳۔ بھراؤ۔ پینڈ۔ ۴۔
سبق۔ پڑھ۔ پاٹھ۔

پنڈا (پَ ن ڈا)۔ پنڈ + آ (تذکیری)۔ کھانے کا منتظم۔ پاکلا۔ پانتا۔ ۲۔ موٹا آدمی۔ مندر کا مہنت۔

پٹھا۔ پلا۔ پینڈا۔ ۳۔ عالم۔ پڑھا۔

پنڈت (پَ ن ڈَت)۔ پنڈ+ات (نسبتی)۔ پڑھا ہوا۔ عالم۔ پڑھت۔ پاٹھک۔

پنس (پَ ن س)۔ ۱۔ خراج۔ دباؤ۔ بوند۔ پھوٹ۔ بیل۔ بلچ۔ پیپ۔ پس۔ ۲۔ جانچ پرکھ۔ حساب

کتاب۔ پڑت۔

پنسار (پَ ن سُ ر)۔ پنس+آر (نسبتی)۔ پھل۔ پھول۔ پسار۔

پنساری (پَ ن سُ رِی)۔ پنسار+ای (نسبتی)۔ دھنیا، مرچ، گرم مصالحہ بیچنے والا۔ پساری۔

پنسال (پَ ن سُ ل)۔ پنس+آل (نسبتی)۔ ۱۔ پانی کی جگہ۔ پانی کا بہاؤ۔ پسال۔ ۲۔ پانی کے بہاؤ

حساب۔ پڑتال۔

پنسوئی (پَ ن سُ ئے)۔ پن+سوئی (سیلی)۔ چھوٹی ناؤ۔ پن سیلی۔

پنکھ (پَ ن کھ)۔ ۱۔ ہلال۔ پانکھ۔ پانسر۔ ۲۔ اڑان۔ پر۔ ۳۔ پھیلاؤ۔ پس۔ ۴۔ ہلکا پن۔ پرت۔

گھماؤ۔ گردش۔ پرگ۔ پھرک۔

پنکھا (پَ ن کھُ)۔ پنکھ+آ (تذکیری)۔ ہوا چلانے کا آلہ۔ بادزن۔ پھرکا۔ پنجابی پکھا۔

پنکھڑی (پَ ن کھ ڑِی)۔ پنکھ+ڑی (تانیثی)۔ پھول کا ورق۔ پاتی۔ پکھری۔ پھانکی۔

پنکھیا (پَ ن کھِ ءُ)۔ پنکھ+ای (تانیثی)+آ (فالتو)۔ چھوٹا پنکھا۔

پنگ (پَ ن گ)۔ گردش۔ پھرک۔ پانو۔ پگ۔ پینگ۔

پنگا (پَ ن گُ)۔ پنگ+آ (تذکیری)۔ پھرے ہوئے پاؤں والا مرد۔ پاؤں گھما کر چلنے والا مرد۔ پھرکا

پنگت (پَ ن گَ ت)۔ قطار۔ پانت۔

پنگی (پَ ن گِی)۔ پنگا کا مونث۔

پنواڑ (پَ ن وُ ڑ)۔ پن+واڑ (تجارت۔ بان)۔ پان بکنے کی جگہ۔ پن بان۔ پناڑ۔ پن وال۔

پنواڑی (پَ ن وُ ڑِی)۔ پنواڑ+ای (نسبتی)۔ پانوں کا بیوپاری۔ پان بیچنے والا۔ پانی کاری۔

پنہاری (پَ نِ ہُ رِی)۔ پنّ+ہ (بچلگوا)+ہاری (مونث فاعلی)۔ پانی بھرنے والی۔ پانی والی۔ پانی کاری

پنّی (پَ ن نِی)۔ پنّ+ای (تانیثی)۔ ایک پتلا چمکیلا ورق۔ پرنی۔ پاری۔ پری۔

پوّا (پَ وّ ءُ)۔ پوَ (ایک چوتھائی)+آ (تذکیری)۔ ایک پاؤ کا بانٹ یا حصہ۔ پاردا۔ پاولا

پہاڑ (پَ ہُ ڑ)۔ پاہ (۱۔ پھیلاؤ۔ پاتھ۔ ۲۔ سلسلہ۔ قطار۔ پانت۔ ۳۔ چکر۔ گردش۔ پھرک۔ پھیلا

پلٹ۔ ۴۔ اونچائی۔ پال)+آڑ (نسبتی)۔ ۱۔ پتھروں کا اونچا طویل سلسلہ۔ پتھاڑ۔ پاٹ۔ ۲۔ تقسیم۔ پھانٹ۔ پھاڑ۔ پھیر۔

پہاڑا (پَ ہ اُ ڑ)۔ پہاڑ+آ (تذکیری)۔ ایک ہندسے کا اکائی سے دہائی تک کی لگاتار ہندسوں سے ضرب۔ پھانٹا۔ پھیرا۔

پہیا (پَ ہِ یْ)۔ پاہ (گردش۔ پلٹ۔ پھرک)+ای (نسبتی)+آ (فالتو)۔ گاڑی کے نیچے لگنے والا چکر۔ پھرکیا۔ پلیا۔ پیلیا۔

پہیلی (پَ ہِ لِ)۔ پاہ+ایلی (مونث فاعلی)۔ چکر دار بات۔ چیستاں۔ پھرکیلی۔ پلٹیلی۔

پئی (پَ ئِ)۔ ایک کیڑا جو گیہوں میں پڑ جاتا ہے۔ پڑی۔ پتلی۔

پیا (پَ ئِ یْ)۔ پئی (چکری)+آ (فالتو)۔ گاڑی کے دھرے میں گھومنے والا چکر۔ پہیا۔ پھرکیا۔ پیلیا۔ پلیا۔

پَ ں

پنج (پَ ں ج)۔ برادا۔ سفوف۔ پیس۔ پھانک۔

پنجیری (پَ ں جِ رِ)۔ پنج+ایری (مونث فاعلی)۔ زچہ کی ایک غذا۔ پھنکیری۔ پھریری۔

پا

پا (پا)۔ وصول۔ حصول۔ پار۔ پیٹھ۔

پاپ (پا پ)۔ ۱۔ ہلکا ورق۔ پھونک۔ پات۔ پھول۔ ۲۔ گناہ۔ زنا۔ پھند۔ سنسکرت پانس۔ ۳۔ فرق۔ عیب۔ پھیر۔ پھرک۔

پاپا (پا پا)۔ پاپ+آ (تذکیری)۔ ہلکا لمبا بسکٹ۔ پاتا۔ پھولا۔ پھلکا۔

پاپڑ (پَ پَ ڑ)۔ پاپ+اڑ (نسبتی)۔ ہلکے پرت کی روٹی۔ پاتل۔ پھولر۔ پاتڑ۔ مصالحے دار پوری
کی طرح اور کرکری۔

پاپی (پَ پِی)۔ پاپ+ای (نسبتی)۔۱۔ گناہگار۔ بھوگی۔ پانسی۔۲۔ عیبی۔ جالیا۔ بھیری۔ بھنڈی

پات (پَ ت)۔۱۔ ہلکا باریک ورق۔ پان۔ ۲۔ برتن۔ پانڈ۔ بھانڈ۔ ۳۔ کھانا۔ پاک۔ بھات۔
قدم۔ پیر۔ پَید۔ پَنٹ۔ ۵۔ لباس۔ باس۔ باگ۔ ورد۔ ۶۔ گھوم۔ پیٹ۔ پھول۔ بھیر۔

پاتا (پَ ٹ)۔ پات+آ (تذکیری)۔ پہناوا۔ پاسا۔ باگا۔ وردا۔

پاتال (پَ ٹ ل)۔ پات+آل (نسبتی)۔ پاؤں کے نیچے زمین کا سب سے نچلا طبقہ۔

پاتر (پَ تَ ر)۔ پات+ار (نسبتی)۔ ناچنے والی۔ پیدل چلنے والی۔ رنڈی۔ پھرتک۔ پھرکی
پیدل۔ پھرنگ۔

پاتراب (پَ ت رْ ب)۔ پاتر+آب (نسبتی)۔ پاؤں کی جگہ بدلنے کا کام۔ سفر کے لئے جگہ بدلنا
پینتراؤ۔ پَیدلاؤ۔ پھیر کاؤ۔

پاتی (پَ تِی)۔ پات+ای (تانیثی)۔۱۔ چٹھی۔ کاغذ کا لمبا پرزہ۔ پھرتی۔ لباس۔ یونیفارم۔ وردی۔

پاتھ (پَ تھ)۔۱۔ پھیلاؤ۔ پاس۔ پھیل۔ ۲۔ مار۔ ضرب۔ پیٹ۔ تھاپ۔

پاتھنا (پَ تھ نْ)۔ پاتھ+نا (مصدری)۔ پھیلانا۔ پاگنا۔ تھاپنا۔ پیٹنا۔

پاٹ (پَ ٹ)۔۱۔ پتھر۔ راجستھانی بھاٹا۔ ۲۔ بھراؤ۔ آٹ۔ ۳۔ چوڑائی۔ پان۔ پھیر۔ پیٹ۔ پھول
پھانٹ۔ خاص۔ اہم۔ پرکھ۔ پیچ۔ ۵۔ کشتی کا دباؤ۔ پیچ۔ پہلی سانی۔ پہل۔

پاٹنا (پَ ٹ نْ)۔ پاٹ+نا (مصدری)۔ بھرنا۔ آٹنا۔ آندنا۔

پاجی (پَ جِی)۔ پاج (پستی۔ کمنگی)+ای (نسبتی)۔ کمینہ۔ اوچھا۔ کم ظرف۔ گرا ہوا۔ ذلیل۔ پاچھی۔ پاذی

پاچ (پَ چ)۔ پتھر۔ پاٹ۔ پوتھ۔

پار (پَ ر)۔۱۔ دوسری طرف۔ خارج۔ بھار (باہر)۔ ۲۔ کثرت۔ ڈھیر۔ وزن۔ بھار۔ پور۔ ۳۔ محبت
پیت۔ چار۔ ۴۔ چمک۔ پرن۔ ۵۔ گرفت۔ قابو۔ پکڑ۔ پھانس۔ ۶۔ وصولی۔ حصول۔ پیٹ۔ گھاٹ۔ پاٹ۔

پارا (پَ رْ)۔ پار+آ (تذکیری)۔۱۔ وزنی۔ بھارا۔ ۲۔ ایک قسم کی چمکیلی اور بھاری دھات۔ پارہ
نارا۔ ۳۔ محبوب۔ چارا۔ ۴۔ پاپڑ۔ پاپڑا۔

پارس (پَ رَ س)۔ پار+اس (نسبتی)۔۱۔ پاٹ۔ پتھر۔ ۲۔ چاند کے گرد کا ایک روشن حلقہ۔ پانس۔ پرکاس

پارنا (پ ر نْ)۔ پار+نا (مصدری)۔ ڈھیر لگانا۔ کاجل جمع کرنا۔ بھرنا۔ پورنا۔

پاروا (پ ر وْ)۔ پار+وا (مذکر فاعلی)۔ دوسرے علاقے والا۔ دریا کے پار کا رہنے والا۔ بھاروا۔

پاڑ (پ ڑ)۔ ۱۔ اونچائی۔ مچان۔ پال۔ ۲۔ علاقہ۔ واڑ۔ ۳۔ مضبوطی۔ مٹائی۔ پاٹھہ۔ پڈ۔ پوٹ۔ ۴۔ گراوٹ۔ آڑ۔ پیٹ۔

پاڑا (پ ڑْ)۔ پاڑ+آ (تذکیری)۔ ۱۔ نیل گائے۔ پڈا۔ پٹھا۔ پڑا۔ ۲۔ علاقہ۔ محلہ۔ پالا۔ واڑا۔

پاڑنا (پ ڑ نْ)۔ پاڑ+نا (مصدری)۔ اونچا ڈھیر لگانا۔ بھرنا۔ پارنا۔ پورنا۔ پنجابی میں گرانے کو کہتے ہیں۔ آڑنا۔ پیٹنا۔ پاچھنا۔

پاس (پ س)۔ ۱۔ قریب۔ بازو۔ پاکھ۔ ۲۔ فریب۔ گرفت۔ پھانس۔ پکڑ۔

پاسی (پ سِ)۔ پاس+ای (تانیثی۔ نسبتی)۔ ۱۔ گھاس باندھنے کی جالی۔ گانسی۔ پکڑی۔ ۲۔ ایک جرائم پیشہ قوم۔ گھاٹ۔ پھانسنے والا۔ پھانسی۔

پاکھ (پ کھ)۔ ۱۔ پندرہ دن کی مدت۔ مہینے کا آدھا حصہ۔ پندھرواڑا۔ پندھر۔ ۲۔ سلسلہ۔ قطار۔ پانت۔ ۳۔ فریب۔ پھانس۔ پاس۔ ۴۔ جھوٹا۔ پینگ۔ ۵۔ بیٹھک۔ آس۔ آکھ۔

پاکھا (پ کھْ)۔ پاکھ+آ (تذکیری)۔ دیوار۔ پانسا۔ پاسا۔

پاکھر (پ کھَ ر)۔ پاکھ+ار (نسبتی)۔ گھوڑے کی جھول۔ پینگر۔ آکھڑ۔

پاکھڑ (پ کھَ ڑ)۔ دیکھئے پاکھر۔

پاکھنڈ (پ کھَ ن ڈ)۔ پاکھ+انڈ (نسبتی)۔ فریب کا کام۔ دھوکا۔ پھند۔ پاسنڈ۔

پاکھنڈی (پ کھَ ن ڈِ)۔ پاکھنڈ+ای (نسبتی)۔ فریبی۔ پاسندی۔ پھندی۔

پاگ (پ گ)۔ ۱۔ چکر۔ صافہ۔ پھینٹا۔ پھینٹ۔ پینگ۔ ۲۔ دوڑ۔ بھاگ۔ پھاند۔ ۳۔ تہ۔ پرت۔ پوت۔

پاگل (پ گَ ل)۔ پاگ+ال (نسبتی)۔ سڑی۔ دیوانہ۔ بھاگل۔ بادل۔ پھرکل۔

پاگنا (پ گ نْ)۔ پاگ+نا (مصدری)۔ مٹھائی پر بار بار شکر چڑھانے کا عمل۔ پھینٹنا۔ پوٹنا۔ پورنا۔

پال (پ ل)۔ ۱۔ اونچائی۔ پاڑ۔ ۲۔ قطار۔ سلسلہ۔ قسم۔ پانت۔ ۳۔ خبر گیری۔ پرورش۔ سیر بھال۔ ۴۔ علاقہ۔ وال۔ ۵۔ قرب۔ پاس۔ ۶۔ لیٹنا۔ گرنا۔ پڑ۔ پھیل۔ ۷۔ تہ۔ پرت۔ پوت۔ ۸۔ جھوٹا۔ پینگ۔ ۹۔ پھندا۔ پھانس۔ ۱۰۔ رگڑ۔ چک۔ پار۔ ۱۱۔ سیری۔ ٹھانس۔ بھر۔

پالا (پ لْ)۔ پال+آ (تذکیری)۔ ۱۔ میدان۔ علاقہ۔ پاڑا۔ پھیلا۔ ۲۔ رگڑ۔ مڈبھیڑ۔ واسطہ۔ سابقہ۔

پاسا۔ ۳۔ گرنے والا۔ برف۔ پاڑا۔ ۴۔ پیڑ کا ورق۔ پتا۔ پترا۔ ۵۔ پالنے والا۔ محافظ۔ پالک۔ ۶۔ نم والا۔ پانتا۔ والا۔ ۷۔ پتوں کا ڈھیر۔ پولا۔

پالتو (پ ل ت) ۔ پال+تو (مذکر فاعلی) ۔ پالا ہوا۔ پرورش یافتہ۔ مقبوضہ۔ پالو۔ پھلتو۔ پنھو

پالتی (پ ل ت) ۔ پالت (پھنساؤ۔ پھانس) +ای (تانیثی) ۔ ایک بیٹھک جس میں دونوں ٹانگیں ایک دوسرے میں پھنس جاتی ہیں۔ پھانسی۔ پھنستی۔ پھینٹی۔

پالس (پ ل س) ۔ پال+اس (نسبتی) ۔ صفائی ۔ صیقل۔ جلا۔ رگڑ۔ چمک۔ پونچھ۔ پارس۔ پالش۔

پالک (پ ل ک) ۔ پال+اک (نسبتی) ۔ ۱۔ بڑے بڑے پتوں کی ایک ترکاری۔ پتنگ۔ پھیلک ۲۔ محافظ۔ پالا۔

جھلکی (جَھ ل کِے)۔ جھلک+ای (فالتو)۔ ذرا سی دیر کا جلوہ۔ جھلک۔ جھانکی۔ چلکی۔

جھلنا (جَھ ل نْ)۔ جھل+نا (مصدری)۔ ۱۔ پنکھا ہلا کر ہوا کو حرکت دینا۔ جھونکنا۔ جھکڑنا۔ ہلانا۔ چالنا۔ جوگنا۔ ۲۔ سوراخ بند ہونا۔ جڑنا۔ ۳۔ خوب ٹھنڈا ہونا۔ جھرنا۔ ٹھیرنا۔

جھل بائی (جَھ ل ہْ ئے)۔ جھل+ بائی (آئی۔ تانیثی)۔ جھل والی عورت۔ چڑچڑی۔ جھلیائی۔

جھلیائی (جَھ لِ ءْ ئے)۔ جھل+ ء (بچلگوا) + آئی (تانیثی)۔ جھل والی عورت۔ جھل بائی۔ جھل والی۔

جھم (جَھ م)۔ ۱۔ ذرا سی دیر کا جلوہ۔ چم۔ ٹم۔ ۲۔ الجھن۔ جکڑ۔

جھمک (جَھ مَ ک)۔ جھم+اک (نسبتی)۔ آب و تاب۔ روشنی۔ چمک۔

جھمکّا (جَھ مَں ک کْ)۔ جھم+اکّا (مذکر فاعلی)۔ جلوہ۔ دیدار۔ چمکّا۔ جھمکڑا۔

جھمکڑا (جَھ مَ ک ڑْ)۔ جھمک+ڑا (تذکیری)۔ جھلک۔ جلوہ۔ چمکڑا۔ جھمکّا۔

جھمکنا (جَھ مَ ک نْ)۔ جھمک+نا (مصدری)۔ روشنی دینا۔ چمکنا۔

جھمیلا (جَھ مِ لْ)۔ جھم+ایلا (مذکر فاعلی)۔ الجھانے والا۔ بکھیڑا۔ مشغولیت۔ جالا۔ جکڑیلا۔

جھن (جَھ ن)۔ ۱۔ ایک آواز۔ ٹن۔ جھیں۔ ۲۔ ساتھ۔ سنگت۔ جل۔

جھنّ (جَھ ن ن)۔ ۱۔ صفائی۔ جھاڑ۔ جھڑن۔ ۲۔ سوراخ۔ جھنج۔ جھانک۔ چھن۔ ۳۔ ایک باریک آواز۔ جھنگ۔

جھنّا (جَھ ن نْ)۔ جھنّ+آ (تذکیری)۔ ۱۔ جھاڑنے کا کپڑا۔ جھاڑن۔ جھاڑنا۔ جھڑنا۔ ۲۔ سوراخ دار کفگیر۔ باریک سوراخ دار کپڑا۔ چھننا۔ چھانا۔

جھنّاٹا (جَھ ن نْ ٹْ)۔ جھنّ+آٹا (مذکر فاعلی)۔ جھینگر کی سی آواز۔ جھنگاٹا۔ جھرّاٹا۔

جھنانا (جَھ‌ن‌ن‌نْ‌نْ)۔ جھن+آ(امری)+نا(مصدری)۔ جھن جھن کرنا۔ جھن جھنانا۔ جھڑانا۔ جھنگانا۔
جھنجھ (جَھ‌ن جھ)۔ الجھاؤ۔ پریشانی۔ مشغولیت۔ گرفت۔ قید۔ جال۔ جنج۔ جکڑ۔ جھانکڑ۔
جھنجھٹ (جَھ‌ن جَھ ٹ)۔ جھنجھ+اٹ(نسبتی)۔ الجھاؤ۔ جھمیلا۔ بکھیڑا۔ جنجٹ۔ جکڑ۔ جھانکڑ۔
جھن جھنانا (جَھ‌ن جَھ‌نْ نْ)۔ جھن جھن+آ(امری)+نا(مصدری)۔ جھن جھن کرنا۔ جھنانا۔
جھنڈ (جَھ‌ن ڈ)۔۱۔ بلندی۔ جھاڑ۔ جھال۔ ۲۔ حرکت۔ جھل۔ ۳۔ طبقہ۔ قسم۔ نوع۔ جات۔
جھنڈا (جَھ‌ن ڈْ)۔ جھنڈ+آ(تذکیری)۔ نشانی۔ علم۔ جھاڑا۔ جھالا۔ جاتا۔
جھنڈی (جَھ‌ن ڈِ)۔ جھنڈ+ای(تانیثی)۔ چھوٹا جھنڈا۔
جھنک (جَھ‌نَ ک)۔ جھن+اک(نسبتی)۔ ایک آواز۔ جھن جھن۔ جھیں جھیں۔
جھنکار (جَھ‌ن کْ ر)۔ جھن+کار(آواز)۔ جھن جھن کی آواز۔ جھنَ۔ جھار۔ جھینگ۔
جھنکارنا (جَھ‌ن کْ ر نْ)۔ جھنکار+نا(مصدری)۔ جھن جھن کی آواز نکالنا۔ جھینگنا۔
جھوا (جَھ وْ ءْ)۔ جھو(پھیلاؤ۔ گھیر)+آ(تذکیری)۔ بڑا ٹوکرا۔ جھابا۔ جھبا۔ جھبوا۔

جَھں

جھنجھوڑ (جَھں جْھ ڑ)۔ جھاں(بکی)+جھوڑ(ہالہ چکر۔ بھنور۔ جھونر)۔ گھماؤ۔ جھکور۔ جھک جھور۔
جھنجھوڑنا (جَھں جْھ ڑ نْ)۔ جھنجھوڑ+نا(مصدری)۔ گھمانا۔ خوب ہلانا۔ جھٹکے دینا۔ جھکورنا۔ جھکولنا۔ جھنکورنا۔ جھک جھورنا۔
جھنجھوٹی (جَھں جْھ ٹِ)۔ جھاں(بکی)+جھوٹ(پینگ)+ای(تانیثی)۔ جھٹکے دینے کا کام۔ جھکوٹی۔ جھک جھوٹی۔ جھنکوتی۔ جھک جھالی۔ جھنکاری۔
جھنڈ (جَھں ڈ)۔ سر کے بال۔ جال۔ جھونڈ۔ پنجابی جھُت۔
جھنڈولا (جَھں ڈْلْ)۔ جھنڈ+اولا(مذکر فاعلی)۔ بچے کے سر کے بال۔ چھلے دار بال۔ جھولا۔

جھا

جھاب (جھ و ب)۔ ۱۔ پھیلاؤ۔ جھال۔ جھول۔ ۲۔ جھپاؤ۔ ڈھاب۔ جھانپ۔

جھابا (جھ و بٗ)۔ جھاب+آ (تذکیری)۔ بڑا پھیلا ہوا ٹوکرا۔ جھوا۔ جھالا۔ ڈھابا۔ جھانپا۔

جھابڑ (جھ و بَ ڑ)۔ جھاب+اڑ (نسبتی)۔ ڈھیلا ڈھالا۔ پھیلا ہوا۔ پھولا ہوا۔ ڈھابر۔ جھالر۔ جھولر۔ جھول۔

جھاپڑ (جھ و پَ ڑ)۔ مار۔ ضرب۔ تھپڑ۔ جھاڑ۔

جھاج (جھ و ج)۔ پھیلاؤ۔ پھیلی ہوئی چیز۔ جھال۔ جھول۔ جہاج۔

جھارسائی (جھ و رَ سٗ یِ)۔ جھارس (فریب)+آئی (نسبتی)۔ فریب کا۔ مصنوعی۔ جھانسائی۔ جالائی۔ جھارشائی۔

جھاڑ (جھ و ڑ)۔ ۱۔ ایک کانٹوں دار پیڑ۔ جھانک۔ دکنی کاڑ۔ ۲۔ کثرت۔ بہت سی ٹہنیوں اور پتوں کا پیڑ۔ جھال۔ جھاج۔ ۳۔ چھت میں لٹکانے کا روشنی کا آلہ۔ فانوس۔ جھینج۔ ۴۔ ایک طرح کی آتشبازی۔ جاگر۔ ۵۔ تواتر۔ سلسلہ۔ جھڑ۔ تار۔ ۶۔ باتوں کا سلسلہ۔ جھک۔ ۷۔ دوری۔ علیحدگی۔ صفائی۔ چھوٹ۔ چھان۔ جھنک۔ جھام۔ ۸۔ ملامت۔ سرزنش۔ ڈانٹ پھٹکار۔ جھڑک۔ جھوڑ۔ جھونک۔ جھڑپ۔ ۹۔ وظیفہ۔ ورد۔ جاپ۔ ۱۰۔ اخراج۔ وصولی۔ جھنک۔ ۱۱۔ ضرب۔ مار۔ جھوڑ۔ ۱۲۔ سوراخ۔ جھانک۔

جھاڑا (جھ و ڑٗ)۔ جھاڑ+آ (تذکیری)۔ ۱۔ پاخانہ۔ جھٹکا۔ ۲۔ تلاشی۔ چھانا۔ ۳۔ صفائی۔

جھاڑن (جھ و ڑَ ن)۔ جھاڑ+ان (تانیثی)۔ جھاڑنے کا کپڑا۔ جھوڑن۔ جھالن۔

جھاڑنا (جھ و ڑ نٗ)۔ جھاڑ+نا (مصدری)۔ ۱۔ دور کرنا۔ صاف کرنا۔ جھٹکنا۔ ۲۔ مارنا۔ جھوڑنا۔ ۳۔ دعا پڑھ کر مرض دور کرنا۔ جاپنا۔ ۴۔ وصول کرنا۔ اونکنا۔ گھاڑنا۔ پارنا۔ ۵۔ ملامت کرنا۔ جھڑکنا۔ جھونکنا۔ ۶۔ ٹپکانا۔ چھانٹنا۔ چھوڑنا۔

جھاڑو (جھ و ڑٗ)۔ جھاڑ+او (مذکر فاعلی)۔ زمین صاف کرنے کا آلہ۔ جاروب۔ جھالو۔

جھاڑی (جھ و ڑِ)۔ جھاڑ+ای (تانیثی۔ تصغیری)۔ چھوٹا کٹیلا پیڑ۔ چھوٹا جھاڑ۔ جھالی۔ جھانکی۔ جھنی۔ جنگی۔ جھانکنی۔

جھاگ (جھ و گ)۔ پھین۔ کف۔ جھاڑ۔ جھنک۔ جلوگ۔

جھال (جھ و ل)۔ ۱۔ چڑ۔ جھل۔ جھونجھ۔ ۲۔ ٹانکا۔ جوڑ۔ ۳۔ بڑا اور چوڑا ٹوکرا۔ جھاب۔ ۴۔ پانی کی چادر۔ آبشار۔ ڈھال۔ تال۔ جلدَ۔ ۵۔ تیل کی تیزبو۔ جھار۔ ۶۔ ٹھنڈک۔ چل۔ ۷۔ ٹپک۔ ترادش۔ جھڑ۔

لٹکن۔ جھول۔۹۔پھیلا ہوا درخت۔ جھاڑ۔ ۱۰۔بلور۔ ریلا۔ جھونک۔ جوگ۔ چال۔۱۱۔ مزاج کی برہمی۔ جھک۔ جلال۔

جھالا (جھ‌اُ لا)۔ جھال+آ (تذکیری)۔۱۔زور کا مینہ جو ایک بار برس کر کھل جائے۔ جھڑا۔ جھاڑا۔ جھوکا۔ ۲۔عورتوں کے کانوں کا ایک زیور جس میں موتیوں کی لڑیاں ہی لڑیاں ہوتی ہیں۔ جھولا۔ بالا۔

جھالر (جھالَ ر)۔ جھال+ار (نسبتی)۔۱۔ کسی کپڑے کے کنارے پر لٹکنے والی گوٹ یا جالی۔ لٹکن۔ جھولر۔ بالر۔ جال۔ جھول۔۲۔ جھیل۔

جھالرا (جھال رُ)۔ جھال+را (تذکیری)۔ باولی۔ بڑا کنواں۔ جلکا۔ جھیلا۔

جھالنا (جھ ل نُ)۔ جھال+نا (مصدری)۔۱۔ ٹانکا لگانا۔ جوڑنا۔۲۔ ٹھنڈا کرنا۔ جھرنا۔ جھارنا۔ ۳۔حرکت دینا۔ بالنا۔ جھلنا۔

جھام (جھ م)۔صاف کرنے والا۔ لوہے کا چرس جس سے کنوئیں کی مٹی نکالتے ہیں۔ جھانو۔

جھاما (جھ مُ)۔ جھام+آ (تذکیری)۔ صاف کرنے والا۔ آگ میں تپی ہوئی ایک کھردری اینٹ جس سے جسم کا میل اتارتے ہیں۔ جھانوا۔

جھامر (جھ مَ ر)۔ جھام+ار (نسبتی)۔ صاف کرنے والا۔ چمڑے کا ایک ٹکڑا جس پر تکلے اور سوئیاں صاف کئے جاتے ہیں۔ جھانور۔ چامر۔

جھاؤ (جھ ؤ)۔ جھا (جھاڑ) +او (مذکر فاعلی)۔ ایک درخت جس کی پتیاں بال کی طرح باریک ہوتی ہیں۔ فراش۔ جھاڑو۔

جھائیں (جھ ءِ ں)۔ جھاں (عکس۔ جھانول) +ای (تانیثی)۔ذرا سی سیاہی۔ چھوٹا سا دھبا۔ عکس۔ جھانولی۔ جائیں جائیں (جھ ءِ ں جھ ءِ ں)۔ بحث۔ جھگڑا۔ تکرار۔ بہت سی آوازیں۔ چائیں چائیں۔ جھک جھک۔

جھں

جھانپ (جھں پ)۔۱۔ پردہ۔ اوٹ۔ خوان پوش۔ ڈھانپ۔ چھاپ۔ ۲۔ بانس کا ٹوکرا۔ جھاب۔ ۳۔ اشارہ۔ حرکت۔ جھال۔

جھانپنا (جھُں پ نٰ)۔ جھانپ+نا (مصدری)۔ چھپانا۔ ڈھانپنا۔

جھانپو (جھُں پُ)۔ جھانپ+اوُ (مونث فاعلی)۔ ۱۔ چھپ کر بدکاری کرنے والی۔ فاحشہ۔ بدکار عورت۔ ڈھانپو۔ ۲۔ دھوبن چڑیا۔ جھابو۔ جھبّوُ۔ جھالو۔ جھاڑو۔

جھانٹ (جھُں ٹ)۔ ٹنڈی کے نیچے کے بال۔ جھاڑ۔ جھونٹ۔

جھانج (جھُں ج)۔ ۱۔ آواز۔ باج۔ جاج۔ ۲۔ پیتل کی دو طشتریوں کا ایک باجا۔ جھنجھ۔ جلد جل۔

جھانجن (جھُں جَ ن)۔ جھانج+ان (نسبتی)۔ عورتوں کے پاؤں کا ایک بجنے والا زیور۔ باجن۔ جھنجن۔

جھانجھ (جھُں جھ)۔ غصہ۔ جھونجھ۔ جھار۔ جھل۔

جھانس (جھُں س)۔ ۱۔ دھوکہ۔ فریب۔ جال۔ جوُٹ۔ جھارس۔ ۲۔ گرفت۔ جکڑ۔ پنجابی جپھہ۔

جھانسا (جھُں سٰ)۔ جھانس+آ (تذکیری)۔ ۱۔ دھوکے کا کام۔ فریب۔ دغا۔ جوٹا۔ جالا۔ جھارسا۔ ۲۔ جکڑنے والا۔ جاکڑا۔ پنجابی جپھا۔

جھانسی (جھُں سِی)۔ جھانس+ای (تانیثی)۔ یو۔پی (بھارت) کے ایک نگر کا نام۔ جوٹی۔ جالی۔ جھارسی۔ جاکڑی۔ پنجابی جپھی۔

جھانک (جھُں ک)۔ ۱۔ کانٹا۔ جھاڑ۔ ۲۔ لگاتار دیکھنا۔ تک۔ ۳۔ دیدار۔ جلوہ۔ جھلک۔

جھانکڑ (جھُں کَ ڑ)۔ جھانک+اڑ (نسبتی)۔ ۱۔ الجھاؤ۔ گرفت۔ جال۔ جکڑ۔ ۲۔ لٹکن۔ جھالر۔ ۳۔ جلانے کی تپلی تپلی لکڑیاں۔ جھونکڑ۔

جھانکنا (جھُں ک نٰ)۔ جھانک+نا (مصدری)۔ ۱۔ دیکھنا۔ تاڑنا۔ تکنا۔ ۲۔ نظر آنا۔ جھلکنا۔

جھانگ (جھُں گ)۔ ۱۔ صفائی۔ جھک۔ جاگ۔ جال۔ اجال۔ ۲۔ گرفت۔ جکڑ۔ دھانگ۔

جھانگنا (جھُں گ نٰ)۔ جھانگ+نا (مصدری)۔ ۱۔ صاف کرنا۔ درختوں کے اوپری پتے اور شاخیں کاٹنا۔ جھاکنا۔ جالنا۔ اجالنا۔ ۲۔ پکڑنا۔ قابو میں کرنا۔ جکڑنا۔ دھانگنا۔

جھانو (جھُں وٗ)۔ ۱۔ صفائی۔ جھام۔ ۲۔ اشارہ۔ جھالر۔

جھانوا (جھُں وٰ)۔ جھانو+آ (تذکیری)۔ ایک کھردری اینٹ جس سے مل مل کر بدن کا میل اتارتے ہیں۔ سنگ پا۔ جھاما۔ جھاکا۔

جھانولی (جھُں وٗ لِی)۔ جھانو+لی (تانیثی)۔ اشارہ۔ جھلکی۔ جھمکڑی۔

جِھ

جھجھک (جِھ جَھ ک)۔ جھجھ (روک۔ شرم۔ جھینپ) +اک (نسبتی)۔ رکاوٹ۔ ہچکچاہٹ۔ جھپک۔ جھَپک۔

جھجھکنا (جِھ جَھ ک نا)۔ جھجھک+ نا (مصدری)۔ رکنا۔ ہچکچانا۔ شرمانا۔ جھینپنا۔ جھپکنا۔ جھپکنا۔ ٹھٹھکنا۔

جھچک (جِھ چَ ک)۔ روک۔ شرم۔ جھینپ۔ جھجھک۔ جھپک۔ جھَپک۔

جھچکنا (جِھ چَ ک نا)۔ جھچک+ نا (مصدری)۔ رکنا۔ شرمانا۔ ہچکچانا۔ جھجھکنا۔ جھپکنا۔ جھَپکنا۔

جھر (جِھر)۔۱۔ سوراخ۔ جھانک۔ دِھل۔۲۔ ٹپک۔ تقاطر۔ جھَر۔ جھڑ۔۳۔ ڈھیلا پن۔ پھیلاؤ۔ جھیل۔ جھوّل۔ جھال۔

جھر، جھرا (جِھر، جِھ را)۔ جھر، جھر+ آ (تذکیری)۔ بہت باریک اور چھدرا بُنا ہوا کپڑا۔ دِ جھِلمِلا۔ جھلّا۔

جھرنا (جِھ ر نا)۔ جھر+ نا (مصدری)۔ رسنا۔ ٹپکنا۔ جَھڑنا۔

جھڑ (جِھ ڑ)۔ ڈانٹ۔ جھاڑ۔

جھڑک (جِھ ڑَ ک)۔ جھڑ+اک (نسبتی)۔ ملامت۔ پھٹکار۔ دھتکار۔ سرزنش۔ جَھڑک۔

جھڑکنا (جِھ ڑَک نا)۔ جھڑک+ نا (مصدری)۔ ملامت کرنا۔ ڈانٹنا۔ جھڑکنا۔ جھاڑنا۔

جھڑکی (جِھڑ کی)۔ جھڑک+ ای (تانیث)۔ جَھڑکی۔ جَھاڑی۔ جھوَڑی۔ جھونکی۔

جھک (جِھ ک)۔۱۔ تنگی۔ گھٹن۔ کساؤ۔ گرفت۔ جھینک۔ جکڑ۔۲۔ دکھ۔ کڑھن۔ جال۔ ۳۔ ضد۔ جِد۔ ۴۔ بحث۔ لڑائی۔ جھائیں۔

جھکانا (جِھ کا نا)۔ جھک+ آ (امری) + نا (مصدری)۔ ستانا۔ جلانا۔

جھل (جِھ ل)۔۱۔ حرکت۔ پینگ۔ لہر۔ جھَل۔ ہِل۔ جھوّل۔۲۔ سوراخ۔ جھانک۔ جھیر۔ جھینج۔۳۔ چمک۔ جَھلک۔ چل۔ رِتل۔

جھلگا (جِھل گا)۔ جھل+ گا (تذکیری)۔ چارپائی کے بیچ کے بان جو ڈھیلے ہو کر لٹک پڑے ہوں۔ جھُولا۔ جھِلنگا۔ جھِنگلا۔

جھلنگا (جِھ لَن گا)۔ جھل+ انگا (مذکر فاعلی)۔ جھلگا۔ جھُولا۔

جھلم (جِھ لَ م)۔ جھل+ ام (نسبتی)۔ سوراخ دار۔ مشبک۔ زرہ جیسی لوہے کی نقاب۔ جھیرم۔ چلم۔ جھینجم۔ جھالر۔

جھلمل (جِھل مِل)۔ جھل+ مل (بے معنی پچھوا)۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔ جھولنا۔ تلمل۔ ہلمل۔

جھلملانا (جِھ ل مِ لْ نْ)۔ جھلمل + آ (امری) + نا (مصدری)۔ ذرا سی دیر کے لئے چمکتے رہنا۔ تلملانا۔ بلملانا۔

جھلی (جِھ لِ یِ)۔ جھل + ای (تانیث)۔ بہت باریک، چکیلا اور لچکیلا پردہ۔ جھلّی۔ جھیری۔ جھِجی۔ جھِل جھلی۔ جھر۔ جھری۔ جِلی۔ جھِلی۔

جھ ُ

جھیج (جھِ ج)۔ پھیلاؤ۔ لڑکی کو رخصت کے وقت ملنے والا سامان جو پھیلا کر دکھایا جاتا ہے۔ جہاز۔ جہیز۔ دہیج۔ دیج۔

جھیر (جھِ ر)۔ ۱۔ احاطہ۔ گھیر۔ ۲۔ سوراخ۔ جھانک۔ ۳۔ لہر۔ حرکت۔ جھول۔

جھیرا (جھِ رْ)۔ جھیر + آ (تذکیری)۔ سامان رکھنے کا تھیلا۔ جھولا۔ گھیرا۔

جھیل (جھِ ل)۔ برداشت۔ سہار۔ سمائی۔ پیل۔ جھینگ۔

جھیلنا (جھِ ل نْ)۔ جھیل + نا (مصدری)۔ برداشت کرنا۔ سہارنا۔ اٹھانا۔ بھگتنا۔ پیلنا۔ جھینگنا۔

جھِ

جھنجی (جھِ ن جِ)۔ جھنج (۱۔ ٹوٹ۔ شکست۔ ۲۔ آواز) + ای (تانیث)۔ پھوٹی کوڑی۔ بجنے والی کوڑی۔ جھنجری۔ جوجری۔ جھانجی۔

جھنکار (جھِں گ ر)۔ جھنگ (ایک آواز۔ جھنک) + آر (نسبتی)۔ مور، جھینگر اور نوبت کی آواز۔ جھنکار۔ جھار۔

جھِں

جھنجھری (جھِں جھِ رِ)۔ جھنجر (سوراخ۔ جھانک) + ای (تانیث)۔ سوراخ دار۔ جالی۔ جھانکی۔

جھنگلا (جھِ ں گ لِ)۔ جھنگ (سوراخ۔ جھانک) +لا (تذکیری)۔ چارپائی کے ڈھیلے ہو کر لٹکے ہوئے بان۔ جھُولا۔

جھِ

جھیر (جھِ ر)۔ دھجی۔ کپڑے کی لمبی دھاپ۔ چیر۔
جھیل (جھِ ل)۔۱۔ نشیب۔ جھُول۔ ڈھیل۔ ۲۔ تالاب۔ جَل۔

جھِں

جھینک (جھِں ک)۔۱۔ گھٹن۔ تنگی۔ جیک (ضیق)۔ جکڑ۔ جال۔ جیل۔ ۲۔ بٹھان۔ دھل۔ جماؤ۔ جڑ۔ ۳۔ کڑھن۔ جَل۔ ۴۔ کمی۔ جُھرک۔
جھینکنا (جھِں ک نِ)۔ جھینک+نا (مصدری)۔۱۔ گھٹنا۔ تنگ ہونا۔ کڑھنا۔ جلنا۔ ۲۔ موقع سے کہہ دینا۔ جتانا۔ جڑنا۔ ۳۔ ترسنا۔ جُھرکنا۔
جھینگا (جھِں گ)۔ جھینگ (جھاڑ) +آ (تذکیری)۔۱۔ جھاڑ جھنکاڑ والا۔ ایک بھانت کی مچھلی۔ جھاڑا۔ جھارا۔ جھانکا۔ ۲۔ نیا پیدا ہونے والا ذرا سا بچا۔ جھڑا۔ جھنکا۔ جنّا۔
جھینگر (جھِں گ ر)۔ جھینگ+ار (نسبتی)۔ جھاڑ جھنکاڑ والا۔ اُچکنے والا ایک مشہور کیڑا۔ جھانکڑ۔ جال۔

جھُ

جھجو (جھُ ج جّ)۔ جھجھ (کھوکھلا پن۔ پول) +او (مذکر فاعلی)۔ لاغر۔ دبلا پتلا آدمی جس کی کھال لٹک آئی ہو۔ جوجو۔ جُوجرد۔ جھیرد۔

جھر (جھُر)۔ ۱۔ کھال کی شکن۔ جھُور۔ جھُول۔ جال۔ ۲۔ لگاتار حرکت۔ سکڑن۔ چلُ۔ ۳۔ کمی۔ جَل۔ جڑ۔

جھر جھرانا (جھُر جھُ رُ نْ)۔ جھر جھر+ ۳ (امری) + نا (مصدری)۔ جھر جھری لینا۔ کھال میں شکن پڑنا۔ جھُلجھُلانا۔ چلُچلانا۔

جھر جھری (جھُر جھُرِے)۔ جھر جھر+ ای (تانیث)۔ ۱۔ کپکپی۔ لرزہ۔ جھُلجھُلی۔ چلُچلی۔ ۲۔ غصے کی لہر۔ جلَجلی۔

جھرک (جھُرَک)۔ جھر+ اک (نسبتی)۔ ۱۔ کمی۔ شکن۔ جھُول۔ جھلُک۔ جال۔ جَل۔ ۲۔ ترسنے کی حالت۔ جھینک۔

جھرکانا (جھُرکْ نْ)۔ جھرک+ ۳ (امری) + نا (مصدری)۔ کمی رکھنا۔ ترسانا۔ جھکانا۔ جلانا۔

جھرکتا (جھُرَک تْ)۔ جھرک+ تا (تذکیری)۔ کم۔ جھلکتا۔ جلتا۔

جھرکنا (جھُرَک نْ)۔ جھرک+ نا (مصدری)۔ کمی رکھنا۔ ترسنا۔ جھلکنا۔ جلنا۔

جھرّی (جھُرِے)۔ جھرّ+ ای (تانیث)۔ انسانی جلد کی شکن۔ سکڑن۔ جھوّلی۔ جالی۔

جھک (جھُک)۔ جھوک کا چھوٹا روپ۔ خم۔ ڈھک۔ جھوّل۔ ڈک۔

جھکانا (جھُکْ نْ)۔ جھک+ ۲ (امری) + نا (مصدری)۔ خم کرنا۔ ٹیڑھا کرنا۔ نیچا کرنا۔ ڈھکانا۔ جھّلانا۔ ڈکانا۔

جھکاؤ (جھُکْ ؤ)۔ جھک+ آؤ (نسبتی)۔ خم۔ ٹیڑھ۔ جھلاؤ۔ ڈھکاؤ۔ ڈکاؤ۔

جھکنا (جھُک نْ)۔ جھک+ نا (مصدری)۔ ۱۔ خم ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔ نیچا ہونا۔ ڈھکنا۔ جھّولنا۔ ڈکنا۔
۲۔ جھونکا جانا۔ جھڑنا۔ جلُنا۔

جھلانا (جھُلْ نْ)۔ جھل+ ۲ (امری) + نا (مصدری)۔ کمی رکھنا۔ ترسانا۔ جھڑکانا۔

جھو

جھوت (جھُت)۔ ۱۔ کونا۔ کچیلا۔ آڑ۔ پردہ۔ اوت۔ اوٹ۔ ۲۔ سوراخ۔ جھیر۔ جھانک۔

جھوٹا (جھُٹْ)۔ جھوٹ (لہر) + آ (تذکیری)۔ پینگ۔ جھوَنٹا۔ جھوّلا۔ جھالا۔ پنجابی: ہتّونٹا۔

جھوجھ (جھُجھ)۔ پیٹ۔ اُوجھ۔

جھوک (جھُک)۔ ۱۔ جھکاؤ۔ گراوٹ۔ خم۔ ٹیڑھ۔ جھپک۔ ڈھوک۔ جھوّل۔ ۲۔ زور۔ حرکت۔ ریلا۔ جھال۔ جھونک۔ جھٹک۔

جھوکا (جھُوکا)۔ جھوک+ا (تذکیری)۔ ہوا کا ریلا۔ نیند کا ہچکولا۔ جھوکا۔ جھالا۔ جھوکا۔

جھول (جھُول)۔۱۔ سلوٹ۔ شکن۔ ڈھیل۔ نشیب۔ جھول۔ جھیل۔ پول۔ جھیر۔۲۔ کمی۔ غلطی۔ فرق۔ جھوٹ۔ ۳۔ ملمع۔ پانی۔ جھلک۔ جوت۔ جاگ۔ ۴۔ ساتھ ایک بار پیدا ہونے والے بچے۔ جوٹ۔ جیل۔۵۔ لٹک۔ جھالر۔ جال۔

جھولا (جھُولا)۔ جھول+ا (تذکیری)۔ ڈھیلا۔ لٹکنے والا تھیلا۔ چارپائی کے ڈھیلے اور لٹکے ہوئے بان۔ ڈھولا۔ پولا۔ جھونڈا۔ جھالرا۔ جھنگلا۔ جھاکا۔ جھانگا۔۲۔ فریب۔ غلط بیانی۔ جھوٹا۔ جالا۔

جھولی (جھُولی)۔ جھول+ای (تانیثی)۔ چھوٹا جھولا۔ جھولا کا مونث۔ اولی۔

جَھ

جھٹالنا (جَھ ٹا ل نا)۔ جھٹ (جھوٹ) +آل (نسبتی) +نا (مصدری)۔ جھوٹا کرنا۔ تھوڑا سا چکھنا۔ جُھرکالنا۔ جیبھالنا۔

جھٹل (جَھ ٹ َل)۔ جھٹ+ال (نسبتی)۔ زبانی۔ جھوٹ موٹ۔ دکھاوے کا۔ نمائشی۔ فریب کا۔ ذرا سا۔ جھوٹل۔ جوٹل۔ جُھرکل۔ جیبھل۔

جھٹلانا (جَھ ٹ ل نا)۔ جھٹ+ال (فالتو)۔آ (امری) +نا (مصدری)۔۱۔ جھوٹا بنانا۔ جھلانا۔ چلانا۔ جُھکانا۔ جھٹالنا۔ ہریانی۔ جھٹاونا۔ زبان چلاکر دبانا۔ جیبھلانا۔

جھرکٹ (جَھ ر ک َ ٹ)۔ جھرک (جھونک) +اٹ (نسبتی)۔ جھونکنے کا۔ پتوں اور چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا ایندھن۔ جھونکٹ۔ جھڑت۔ جھوڑت۔

جھرمٹ (جَھ ر م َ ٹ)۔ جھرم (ساتھ۔ جوڑ) +اٹ (نسبتی)۔ حلقہ۔ ہجوم۔ ساتھ۔ جھنڈ۔ جھومر۔

جھلانا (جَھ ل نا)۔ جھل (جھول) +آ (امری) +نا (مصدری)۔۱۔ لہرانا۔ پینگ دینا۔ جھُوٹا دینا۔ اَلانا۔ جھُوٹانا۔ جھلانا۔ ہلانا۔ جلُانا۔۲۔ انتظار کرانا۔ جھمانا۔

جھلس (جَھ ل َس)۔ سینک۔ تپش۔ آگ۔ جال۔ بھلس۔

جھلسا (جَھ ل سا)۔ جھلس+ا (تذکیری)۔ تپش۔ سینک۔ جالا۔ بھلسا۔

جھلسانا (جَھ ل سَ نُ)۔ جھلس+آ(امری)+نا(مصدری)۔ آگ کی لو سے جلانا۔ بھلسانا۔

جھمانا (جَھ م نُ)۔ جھم(جھوم)+آ(امری)+نا(مصدری)۔۱۔ لہرانا۔ پھرانا۔ گھمانا۔۲۔ انتظار میں رکھنا۔ جھلُانا۔

جھن (جَھ ن)۔ایک آواز۔ جھَن۔

جھنجھنا (جَھ ن جَھ نُ)۔ جھن جھن+آ(تذکیری)۔ جھن جھن کرنے والا۔ بچوں کا ایک بجنے والا کھلونا۔ جھَن جھنَا۔ جھانجنا۔

جھنڈ (جَھ ن ڈ)۔ ہجوم۔ کثرت۔ بھیڑ۔ جھاڑ۔ جنگل۔

جھوا (جَھ ءُ)۔ جھو(بال)+آ(تذکیری)۔ بالوں کا جھنڈ۔ جھُولا۔ جالا۔ جھونڈا۔

جَھں

جھنج (جَھں ج)۔ گرمی۔ آگ۔ جل۔ جال۔ جھونج۔

جھنجل (جَھں جَ ل)۔ جھنج+ال(نسبتی)۔ غصہ۔ چڑچڑاہٹ۔ جھونجل۔ جھن۔ جلال۔

جھنجلانا (جَھں ج لُ نُ)۔ جھنجل+آ(امری)+نا(مصدری)۔ غصہ کرنا۔ چڑچڑانا۔ الجھنا۔ جھرّانا۔ جھلّانا۔

جھنجلاہٹ (جَھں ج لُ ہَ ٹ)۔ جھنجل+آہٹ(کیفیت)۔ غصہ۔ چڑچڑاہٹ۔ جھلّاہٹ۔ جھرّاہٹ۔

جھٓ

جھوٹ (جھٓ ٹ)۔۱۔ کمی۔ جھُول۔ ٹوٹ۔۲۔ فریب۔ غلط۔ جال۔ کوٓٹ۔ کھُوٹ۔۳۔ زبان۔ جیبھ۔

جھوٹا (جھٓ ٹُ)۔ جھوٹ+آ(تذکیری)۔۱۔ کمی والا۔ ناقص۔ جھولا۔ ٹوٹا۔ ۲۔ فریبی۔ فریبی کا۔ دکھاوے کا۔ مصنوعی۔ جالا۔ کھُوٹا۔ کوٹا۔۳۔ چکھا ہوا۔ جیبھا۔

جھوڑ (جھٓ ڑ)۔ مارپیٹ۔ جوٓت۔ چوٓر۔ جھاڑ۔

جھوڑنا (جھوڑنْ)۔ جھوڑ+نا (مصدری)۔ مارنا۔ پیٹنا۔ جوتنا۔ چوْرنا۔ جھاڑنا۔

جھول (جھول)۔۱۔ ڈھیلا ڈھالا لباس۔ چارپایوں کی پیٹھ پر اڑھانے کا کپڑا۔ جھال۔ جھانپ۔۲۔ اچھال۔ پینگ۔ اول۔ جھُوٹ۔

جھولا (جھولْا)۔ جھول+آ (تذکیری)۔ جھولنے کی رسی۔ جوکھا۔ اوْلا۔ جھُوٹا۔ جھونٹا۔ جھُوکا۔ جھالا۔ جوڑا۔

جھولن (جھولَن)۔ جھول+ان (نسبتی)۔ جھولنے کا کام۔ اوْلن۔ جھُوٹن۔

جھولنا (جھولنْ)۔ جھولن+آ (تذکیری)۔ بچوں کا پالنا۔ گہوارہ۔ اوْلنا۔ جھُوٹنا۔

جھولنا (جھول نْ)۔ جھول+نا (مصدری)۔ ۱۔ پینگ لینا۔ جھُوٹا لینا۔ اچھلنا۔ اوْلنا۔ جھُوٹنا۔۲۔ انتظار میں رہنا۔ جھومنا۔

جھوم (جھوم)۔۱۔ حرکت۔ لہر۔ جھُول۔ گھوم۔۲۔ انتظار۔ گھوم۔

جھومر (جھومَر)۔ جھوم+ار (نسبتی)۔ عورتوں کے ماتھے کا ایک زیور۔ جھُولر۔ چومر۔

جھومنا (جھومنْ)۔ جھوم+نا (مصدری)۔۱۔ لہرانا۔ گھومنا۔۲۔ انتظار کرنا۔ گھومنا۔

جھں

جھونج (جھوں ج)۔ گرمی۔ آگ۔ جل۔ جال۔

جھونجل (جھوں جَل)۔ جھونج+ال (نسبتی)۔ چڑچڑاہٹ۔ غصہ۔ چڑچڑاہٹ۔ جھلَ۔ جھار۔ جلَال۔

جھِں

جھینپ (جھِں پ)۔ شرم۔ ہچکچاہٹ۔ جھِپ۔ جھِپک۔

جھینپو (جھِں پو)۔ جھینپ+او (مذکر فاعلی)۔ جھینپنے والا۔ شرمیلا۔ جھیپو۔ جھپکو۔ جھکو۔

جھینج (جھِں ج)۔ سوراخ۔ جھجھ۔ جھیر۔ جھانک۔

جھینجی (جھِں جِ)۔ جھینج+ای (تانیث)۔ ایک سوراخ دار کلھیا جس میں چراغ رکھ دیتے ہیں۔ جھیری۔ جھانکی۔

جھُ

جھوڑ (جھُ ڑ)۔ بحث۔ لڑائی۔ تکرار۔ جوجھ۔ جھاڑ۔ جھونک۔

جھُں

جھونپ (جھُں پ)۔۱۔ ڈھکاؤ۔ جھانپ۔ جھُوپ۔ ڈھانپ۔ ڈھوپ۔۲۔ سوراخ۔ جھینج۔
جھونپڑا (جھُں پ ڑٰ)۔ جھونپ+ڑا (تذکیری)۔ ڈھکی ہوئی جگہ۔ چھپر یا پھوس کا گھر۔ جھُوپڑا۔ ڈھانپڑا۔ جھنپڑا۔
جھونپڑی (جھُں پ ڑِ)۔ چھوٹا جھونپڑا۔
جھونت (جھُں ت)۔ بے نوک کا۔ کنارے ٹوٹا۔ گول۔ ٹُوٹ۔ تونت۔ ۲۔ پینگ۔ لہر۔ جھونٹ۔ جھوّل۔
جھونترا (جھُں ت رٰ)۔ جھونت+را (تذکیری)۔ سوکھی بیلوں کی الجھی ہوئی ڈنڈیاں۔ تونترا۔ جھونٹرا۔ جھوا۔
جھونٹ (جھُں ٹ)۔ دیکھئے جھونت۔
جھونٹا (جھُں ٹٰ)۔ جھونٹ+آ (تذکیری)۔ عورتوں کے سر کا بال جس کا کنارا جھڑ گیا ہو۔ ٹونٹا۔ تونتا۔ جھاڑا۔ جھڑا۔ ۲۔ پینگ۔ لہر۔ جھُوٹا۔ جھالا۔ جھوّلا۔
جھونج (جھُں ج)۔ پھیلاؤ۔ سر کے الجھے ہوئے بالوں کا گچھا۔ جھول۔ جھونڈ۔ جال۔
جھونجھ (جھُں جھ)۔ سوراخ۔ بئے کا سوراخ دار گھونسلا۔ جونج۔ جھینج۔
جھونڈا (جھُں ڈٰ)۔ جھونڈ (پھیلاؤ)+آ (تذکیری)۔ بالوں کا گچھا۔ جھُولا۔ چونڈا۔ جوڑا۔
جھونر (جھُں ر)۔ لہر۔ لہک۔ چونر۔ چنور۔ جھانور۔ جھومر۔
جھونرا (جھُں رٰ)۔ جھونر+آ (تذکیری)۔ ٹہنی کے سرے کے پتے۔ لہرا۔ چونرا۔ جھومرا۔ جھوّلا۔ جھانولا۔
جھونرانا (جھُں رٰ نٰ)۔ جھونر+آ (امری)+نا (مصدری)۔ گائے بھینس کا مارنے کو سر گھمانا۔ چونرانا۔ جھلانا۔

جھونک (جْھوں ک)۔ ۱۔ لڑائی۔ بحث۔ جھوڑ۔ جھاڑ۔ جھونجھ۔ جھار۔ ۲۔ ریلا۔ جھوک۔ جھال۔
جھونکا (جْھوں کْ)۔ جھونک+آ (تذکیری)۔ ریلا۔ جھوکا۔ جھوٹا۔ جھالا۔ جھڑکا۔
جھونکنا (جْھوں ک نْ)۔ جھونک+نا (مصدری)۔ ڈالنا۔ ریلنا۔ جھاڑنا۔ جھوکنا۔

چَ

چب (چَ ب)۔ ۱۔ ریزہ۔ چیپ۔ چوّر۔ ۲۔ شوخی۔ چونچ۔ چہل۔ ۳۔ کھانا۔ چر۔ چب۔ ۴۔ اونچائی۔ چڑھ۔ چر۔ چانٹ۔ ۵۔ پھسلن۔ چیک۔ ۶۔ چمک۔ چم۔
چبانا (چَ بْ نْ)۔ چب+آ (امری) +نا (مصدری)۔ دانتوں سے پیسنا۔ چوّرانا۔
چبڑ (چَ بَ ڑْ)۔ چب+اڑ (نسبتی)۔ زیادہ باتیں کرنے کی آواز۔ چکنی چپڑی باتیں۔ چپڑ۔
چبنی (چَ ب نِ)۔ چب+نی (تانیثی)۔ کرکری ہڈی۔ چبانے کی ہڈی۔ چکنی۔ چوّرانی۔
چبوترا (چَ بُ ت رْ)۔ چب+اوتر (نیچے آنا) +آ (تذکیری)۔ چڑھنے اترنے کا اونچا پلیٹ فارم۔ چڑھوترا۔ چوترا۔
چبوڑ (چَ بُ ڑْ)۔ چب+اوڑ (نسبتی)۔ ہنسی۔ دل لگی۔ چھیڑ چھاڑ۔ چپوڑ۔ چہل۔
چبینا (چَ بِ نْ)۔ چب+اینا (مذکر فاعلی)۔ چبانے کا بھنا ہوا اناج یا سوکھا میوہ۔ چربینا۔ چنا۔
چپ (چَ پ)۔ ۱۔ جھکاؤ۔ خم۔ چاند۔ چاک۔ ۲۔ چھلکا۔ چھال۔ ۳۔ کھانے کی ایک آواز۔ چبڑ۔ ۴۔ تقاطر۔ ٹپکن۔ رساؤ۔ ٹپ۔ چُور۔ ۵۔ چاٹنا۔ چاٹ۔ ۶۔ لیس۔ چیپ۔ چینپ۔ چوّپ۔ چوپڑ۔ چیل۔ چرب۔ لب۔ ۷۔ خموشی۔ چپ۔ ۸۔ نسوں کی حرکت۔ تپ۔ ٹپ۔
چپْ (چَں پ)۔ ۱۔ چانپ کا چھوٹا روپ۔ ۲۔ ریزہ۔ ذرا سا ٹکڑا۔ چیپ۔ ۳۔ روک۔ نشان۔ دباؤ۔ چھاپ۔ چانک۔ ۴۔ شوخی۔ چہل۔ چونچ۔ ۵۔ چھپاؤ۔ ڈھکاؤ۔ جھانپ۔ ڈھانپ۔ ۶۔ ضرب۔ چوٹ۔ چانٹ۔ ۷۔ حرکت۔ چال۔ ۸۔ مربع۔ عرض۔ چوڑائی۔ چوڑ۔
چپا (چَں پ پْ)۔ چپْ+آ (تذکیری)۔ ۱۔ ذرا سی جگہ۔ مربع۔ چورا۔ چوڑا۔ ۲۔ ذرا سا نشان۔ چھاپا۔ چانکا۔
چپاتی (چَ پْ تِ)۔ چپ+آتی (مونث فاعلی)۔ پتلی، گول اور پھیلی ہوئی روٹی جو ہتھیلی اور

انگلیوں کی چوٹ سے پکائی جاتی ہے۔ چکاتی۔

چپت (چَ پَ ت)۔ چپ+ات (نسبتی)۔ انگلیوں کی چوٹ۔ چٹرت۔ چنکٹ۔ جھپٹ۔ چکت

چپٹا (چَ ں پ ٹ)۔ چپ+ٹا (تذکیری)۔ دبا ہوا۔ ہموار۔ چورس۔ چانپ کی طرح۔ چوٹ کھایا ہوا۔ چوڑا۔ چپیا۔ چوٹا۔

چپٹی (چَ ں پ ٹِ)۔ چپٹا کا مونث۔

چپٹی (چَ پ ٹِ)۔ چپ+ٹی (تانیثی)۔ دو عورتوں کا آپس میں تلے اوپر گھسا لڑانے کا ... چپٹی۔ دوچپکی۔ چودی۔

چپر (چَ پ ر)۔ چوڑان۔ چوڑ۔

چپراس (چَ پ رٰ س)۔ چپر+آس (نسبتی)۔ سرکاری پیادے کی چوڑی پیٹی۔ کرتے کے گریبان کی چوڑی پٹی۔ بٹن ٹیک۔ چوڑاس۔

چپراسی (چَ پ رٰ سِ)۔ چپراس+ای (نسبتی)۔ چپراس والا۔ سرکاری پیادہ۔ چوڑاسی۔

چپڑ (چَ پَ ڑ)۔ ۱۔ چوڑائی۔ چوڑ۔ ۲۔ غیبت۔ چگل (چغل)۔ ۳۔ نعمت۔ ملیدہ۔ چوپڑ۔ پنجابی چوری۔ ۴۔ شوخی۔ چپل۔ چُپل۔ ۵۔ زبان سے عرق کھینچنا۔ چوس۔ ۶۔ بہت زیادہ باتیں بنانا۔ خوشامد۔ چتر بتر۔ ۷۔ دباؤ۔ نشان۔ چھاپ۔ ۸۔ پاخانہ۔ چوڑ۔ ۹۔ فریب۔ چال۔ ۱۰۔ بگدا۔ جاڑ

چپڑا (چَ پ ڑٰ)۔ چپڑ+آ (تذکیری)۔ وہ لاکھ جس پر مہر لگائی جاتی ہے۔ چھاپا۔ چاڑا۔

چپڑاس (چَ پ ڑٰس)۔ دیکھئے چپراس۔

چپڑاسی (چَ پ ڑٰ سِ)۔ دیکھئے چپراسی۔

چپڑخندی (چَ پَ ڑ خَ ن دِ)۔ دیکھئے چپڑ کھندی۔

چپڑغٹو (چَ پَ ڑ غَ ں ٹ ٹُ)۔ دیکھئے چپڑ گٹو۔

چپڑقناتی (چَ پَ ڑ قَ نٰ تِ)۔ دیکھئے چپڑ کناتی۔

چپڑ کناتی (چَ پَ ڑ کَ نٰ تِ)۔ اصل چاپڑ کا ناتی۔ کتا۔ ۲۔ خوشامدی۔ چوپڑ کا ناتی۔

چپڑ کھندی (چَ پَ ڑ کھَ ن دِ)۔ چپڑ+ کھند (فریب) +ای (تانیثی)۔ دل لگی کرنے والی۔ بہت زیادہ بولنے والی۔ خوشامد کرنے والی۔ چغلی کھانے والی۔ فربین۔ چپل چھندی۔

چپڑ گٹو (چَ پَ ڑ گَ ں ٹ ٹُ)۔ چپڑ+ گٹ (گلا) +او (مذکر فاعلی)۔ گرفتار۔ چھاپ گلو۔ چھاپ گم...

چپک (چَ پَ ک)۔ لہر۔ ٹیس۔ تپک۔

چپل (چَ پَ ل)۔ شوخ بل والی عورت۔ چنچل۔ چرَبرَ۔

چپّل (چَ پ پَ ل)۔ چپّ+ال (نسبتی)۔۱۔ ایک بھانت کا سلیپر۔ چپّٹی۔ چپیل۔ ڈچپل۔ چپٹل۔ ۲۔ روغن۔ چرب۔ جوُپڑ۔ چیل۔

چپلی (چَ پ پَ لِی)۔ چپل+ای (نسبتی)۔ چربی میں تلے ہوئے کباب۔ جوپڑی۔ چیلی۔ چربی۔

چپنی (چَ پ نِی)۔ چپ+نی (تانیث)۔ ڈھکن۔ گھٹنے کے اوپر کی گول ہڈی۔ گھڑے کے منہ پر رکھنے کی رکابی۔ ڈھپنی۔

چپو (چَ پ پُو)۔ چپّ+او (مذکر فاعلی)۔ چلانے والا۔ کشتی چلانے کا ایک آلہ۔ چالو۔ چھاپو۔

چپی (چَ پ پِی)۔ چپّ+ای (تانیث)۔ پاؤں دبانے کا کام۔ چھاپی۔

چپیٹ (چَ پِ ٹ)۔ چپ+ایٹ (نسبتی)۔۱۔ مار۔ ضرب۔ ٹکر۔ جھپیٹ۔ جھپیڑ۔ ۲۔ حلقہ۔ گرفت۔ لپیٹ۔

چتر (چَ تَ ر)۔۱۔ عقلمند۔ ہوشیار۔ چیترَ۔ چنْدر۔ ۲۔ مربع۔ چوڑ۔ چور۔

چترائی (چَ ت رٰ ءِ)۔ چتر+آئی (تانیث)۔ ہوشیاری۔ عقلمندی۔ چیترائی۔ چنْدرائی۔ چلتائی۔

چترنجا (چَ ت رَن جْ)۔ چتر+انج (حصہ۔ ٹکڑا۔ انگ)+آ (تذکیری)۔ کدو کے مربع نما ٹکڑوں کا میٹھا سالن۔ چوڑنگا۔ شطرنجا۔

چترنجی (چَ ت رَن جِ)۔ چتر+انج (حصہ)+ای (تانیث)۔ فرش پر بچھانے کی چادر جس پر مربع خانے بنے ہوتے ہیں۔ چوڑنگی۔ شطرنجی۔

چترنگ (چَ ت رَن گ)۔ چتر+انگ (حصہ)۔ ایک قسم کا کھیل جس کی بساط پر مربع خانے بنے ہوتے ہیں۔ چوڑنگ۔ شطرنج۔

چٹ (چَ ٹ)۔۱۔ چاٹ کا چھوٹا روپ۔ ۲۔ چھل۔ چھند۔ ۳۔ فوراً۔ جھٹ۔ پٹ۔ کھٹ۔ ۴۔ آگ۔ جلن۔ جال۔ ۵۔ چوُر۔ ۶۔ روغن۔ چرب۔ چیل۔

چٹّ (چَ ں ٹ)۔۱۔ بندش۔ نشان۔ روک۔ چانک۔ ۲۔ کسی چیز کے ٹوٹنے کی سی آواز۔ چڑ۔ ۳۔ ایک لمبا اور پتلا ٹکڑا۔ چِٹ۔ چیپ۔ ۴۔ چوڑائی۔ چوڑ۔ ۵۔ کھانے کا کام۔ چکھ۔ چاپ۔ ۶۔ ذائقہ۔ چَس۔ چوّس۔ ۷۔ روک۔ ڈھٹ۔ ۸۔ ختم۔ چل۔ ۹۔ اونچائی۔ چڑھ۔ چھُود۔ ۱۰۔ صدمہ۔ چوٹ۔ ۱۱۔ لمس۔ مس۔ چھو۔ چھوت۔ چھُل۔ ۱۲۔ ریزہ۔ پسینا۔ چوّر۔ ۱۳۔ صفائی۔ اجلاپن۔ چِٹ۔ چم۔ (چ ں

چٹّا (چَ ں ٹ ٹُ)۔ چٹ+آ (تذکیری)۔ ۱۔ اونچا ڈھیر۔ چکا۔ ۲۔ الزام۔ بہتان۔ پڑھا۔ پر
تھُدا۔ ۳۔ چوڑا نشان۔ چٹھا۔ چوڑا۔

چٹاپٹی (چَ ں ٹُ پَ ں پٹ)۔ چٹ+آ (بچلگوا) + پٹی (ٹکڑا۔ پٹی)۔ کپڑے کے ٹکڑوں کی سلائی۔ چتا پٹی

چٹاخ (چَ ں ٹُ خ)۔ دیکھئے چٹاک۔

چٹاک (چَ ں ٹُ ک)۔ چٹ+آک (نسبتی)۔ چٹ کی آواز۔ پٹاک۔ چڑاک۔

چٹّان (چَ ں ٹ ٹُ ن)۔ چٹ+آن (نسبتی)۔ اونچا چپٹا پتھر۔ پہاڑ کا ٹکڑا۔ چٹان۔ پرچ
چڑھان۔ چوڑان۔

چٹانا (چَ ں ٹُ نُ)۔ چٹ+آ (امری) +نا (مصدری)۔ لگانا۔ مس کرنا۔ تھلانا۔ چھوانا۔ ۲۔
رکھنا۔ چڑھانا۔ ۳۔ ذائقہ دینا۔ چکھانا۔ چسانا۔

چٹائی (چَ ں ٹُ ي)۔ چٹ+آئی (تانیثی)۔ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں یا چٹوں سے بنی ہوئی۔ کھجور کے
پتوں سے بنی ہوئی صف۔ چٹائی۔

چٹ پٹ (چَ ٹ پَ ٹ)۔ ۱۔ فوراً۔ ترت۔ جھٹ پٹ۔ ۲۔ تیزی۔ تندی۔ مرچ کی تیزی۔ چرپرا۔ تمل با۔
جلبل۔

چٹ پٹا (چَ ٹ پَ ٹُ)۔ چٹ پٹ+آ (تذکیری)۔ ۱۔ پھرتیلا۔ جھٹ پٹا۔ چھلبلا۔ ۲۔ تیز مرچ کا سالن
وغیرہ۔ چرپرا۔ جلبلا۔

چٹ پٹی (چَ ٹ پَ ٹِي)۔ چٹ پٹا کا مونث۔

چٹخ (چَ ں ٹَ خ)۔ دیکھئے چٹک۔

چٹخا (چَ ں ٹ خُ)۔ دیکھئے چٹکا۔

چٹخارا (چَ ں ٹ خُ رُ)۔ دیکھئے چٹکارا۔

چٹخانا (چَ ں ٹ خُ نُ)۔ دیکھئے چٹکانا۔

چٹخنا (چَ ں ٹَ خ نُ)۔ دیکھئے چٹکنا۔

چٹخنی (چَ ں ٹ خَ نِي)۔ دیکھئے چٹکنی۔

چٹک (چَ ں ٹَ ک)۔ چٹ+اک (نسبتی)۔ ۱۔ ذائقہ۔ چسک۔ ۲۔ ٹوٹنے یا کھلنے کی آواز۔ چڑک۔
جھٹک۔ چٹخ۔ ۳۔ روک۔ چانک۔ ۴۔ تیزی۔ ہشیاری۔ چرک۔ چپک۔ ۵۔ حیرانی۔ چونک۔ ۱۔

چیک۔ چیخ۔،۔ چمک۔

چٹکا (چَ ں ٹ کْ ا)۔ چٹک+آ (تذکیری)۔۱۔ صدمہ۔ ٹوٹنے کی آواز۔ چڑکا۔ چنکا۔ جھٹکا۔ ۲۔ ذائقہ۔ چسکا۔ ۳۔ خواہش۔ پیاس۔ گرمی۔ چہکا۔ چٹخا۔

چٹکارا (چَ ں ٹ کْ ا ر)۔ چٹک+آرا (مذکر فاعلی)۔ مزے کی کیفیت۔ چسکارا۔ چٹخارا۔

چٹکانا (چَ ں ٹ کْ ا ن)۔ چٹک+آ (امری)+نا (مصدری)۔ چٹ چٹ کی آواز نکالنا۔ چڑکانا۔ چیکانا (چکانا)۔۲۔ اشتعال دینا۔ گرمانا۔ چہکانا۔ چٹخانا۔

چٹکنا (چَ ں ٹَ ک ن)۔ چٹک+نا (مصدری)۔۱۔ چٹ چٹ کی آواز کرنا۔ چڑکنا۔ چیکنا (چیخنا)۔ چٹخنا۔ ۲۔ چڑنا۔ چہلنا۔ چڑکنا۔ چِرکنا۔ ۳۔ حیران ہونا۔ چونکنا۔

چٹکنی (چَ ں ٹَ ک نِ)۔ چٹک+نی (تانیثی)۔ دروازے کے کواڑوں کو بند کرنے والا ایک آلہ۔ چانکنی۔

چٹکیلا (چَ ں ٹ کِ ے ل)۔ چٹک+ایلا (مذکر فاعلی)۔۱۔ چٹک والا۔ مزیدار۔ چسکیلا۔ ۲۔ روشن۔ اجاگر۔ بھڑکدار۔ چمکیلا۔ چونکیلا۔

چٹنی (چَ ں ٹ نِ)۔ چٹ+نی (تانیثی)۔ سالن کے ساتھ دھنیے، پودینے اور نمک مرچ وغیرہ پیس کر بنائی ہوئی لبدی۔ چکھنی۔ چکنی۔ چورنی۔

چٹورا (چَ ٹ ر)۔ چٹ+اورا (مذکر فاعلی)۔ مزے کا شوقین۔ مرغن چیزوں کا شائق۔ چربورا۔ چاٹورا۔

چٹّی (چَ ں ٹ ٹِے)۔ چٹ+ای (تانیثی)۔۱۔ کھڑاؤں۔ چپٹی۔ چوڑی۔ چپی۔ ۲۔ صفائی۔ اجلاپن۔ چٹی۔ جھاڑی۔

چٹیل (چَ ں ٹِ ے ل)۔ چٹی+ال (نسبتی)۔ صاف میدان۔ چٹیل۔ جھڑیل۔

چٹھ (چَ ٹھ)۔۱۔ نشان۔ چانک۔ چھاپ۔ چوٹ۔ ۲۔ مزہ۔ ذائقہ۔ چس۔ چکھ۔

چٹھا (چَ ٹھ ٹھا)۔ چٹھ+آ (تذکیری)۔۱۔ داغ۔ جلد کا چوڑا دھبا۔ چانکا۔ چوٹا۔ چھاپا۔ ۲۔ مزیدار چیز۔ چکھا۔ چسکا۔ مٹھا کے ساتھ بولا جاتا ہے۔

چج (چَ ج)۔۱۔ کارنامہ۔ چوٹ۔ چھاپ۔ چونک۔ چمک۔ ۲۔ ضیافت۔ چھاک۔ چھاند۔ ۳۔ خرچ۔ صرفہ۔ چھیچ۔

چچ (چَ چ)۔۱۔ سوراخ۔ چھاج۔ چوج۔ چھید۔ ۲۔ چھٹائی۔ چھوٹ۔

چچ (چَ ں چ)۔ چوسنا۔ چکھنا۔ چٹ۔ چس۔ چوس۔

چچا (چَ چْ)۔ چچ+آ (تذکیری)۔ باپ کا چھوٹا بھائی۔ چھوٹا۔

چچوڑنا (چَ چْ ڑنْ)۔ چچ +اوڑ (نسبتی) +نا (مصدری)۔ زبان سے چوسنے کا کام۔ سوتنا۔ چاٹنا۔ چ

چچی (چَ چِ)۔ چچا کی بیوی۔ چھوٹی۔

چچیرا (چَ چِ رْ)۔ چچ (چچا) + ایرا (مذکر فاعلی)۔ چچا کا بیٹا۔ عم زاد۔ چھُٹیرا۔

چچیری (چَ چِ رِ)۔ چچیرا کا مونث۔ چچا کی بیٹی۔ چھُٹیری۔

چچینڈا (چَ چِ ں ڈْ)۔ چچ +اینڈا (مذکر فاعلی)۔ چھیدوں والا۔ ایک قسم کی لمبی ترکاری جس میں لمبے
چھید ہوتے ہیں۔ چوچینڈا۔ چھدیرا۔

چخ (چَ خ)۔ دیکھئے چک۔

چڈ (چَ ڈْ ڈ)۔ ۱۔ ہنسی۔ دل لگی۔ چہل۔ چبوڑ۔ ۲۔ چڑھائی۔ چاڑ۔ چڑھ۔

چڈا (چَ ڈْ ڈْ)۔ چڈ +آ (تذکیری)۔ ۱۔ مسخرا۔ چہلا۔ چبوڑا۔ ۲۔ چڑھا ہوا۔ چڑھنے والا۔ چاڑا۔ چڑھا۔

چڈی (چَ ڈْ ڈِ)۔ چڈ +ای (تانیثی)۔ ۱۔ چڑھنے والی۔ لنگوٹ۔ جانگیا۔ چاڑی۔ ۲۔ سواری۔ چڑھنے ۔۔۔
چالی۔ چڑھی۔

چڈھی (چَ ں ڈھ ڈِھ)۔ چڈھ (اونچائی) + ای (تانیثی)۔ ۱۔ ران کے اوپر کا جوڑ۔ چوّل۔ تڑی۔ ۔۔۔
سواری۔ چاڑی۔ چڈی۔

چر (چَ ر)۔ ۱۔ کپڑا پھٹنے کی آواز۔ جھر۔ ۲۔ دیوار۔ چانٹ۔ ۳۔ کھانا۔ سری چاب۔ بھر۔ ۴۔ زبر
چال۔ ۵۔ تناؤ۔ سختی۔ کر۔ تر۔ ۶۔ چوڑائی۔ چوڑ۔ ۷۔ حرکت۔ روانگی۔ چل۔

چرّاٹا (چَ رْ رْ ٹْ)۔ چرّ+آٹا (مذکر فاعلی)۔ چر کی آواز۔ کپڑا پھٹنے کی آواز۔ جھرّاٹا۔

چرانا (چَ رْ نْ)۔ چر+آ (امری) +نا (مصدری)۔ ۱۔ مویشیوں کو گھاس کھلانا۔ بھرانا۔ ۲۔ دھوکا دینا
چلانا۔ چنْدرانا۔

چرّانا (چَ رْ رْ نْ)۔ چرّ+آ (امری) +نا (مصدری)۔ ۱۔ چرچر کی آواز نکالنا۔ چرچرانا۔ جھرانا۔ چ
چڑکانا۔ ۲۔ سخت ہونا۔ تننا۔ کرّانا۔ ترّانا۔ چوڑانا۔

چربانک (چَ رْ بْ ں ک)۔ چر + بانک (عادت۔ شوق۔ باج)۔ چالاک عورت۔ چال بانک۔ چال
(چال باز)۔ چالاک۔ سنسکرت چارورک۔

چربرا (چَ ر بْ رْ)۔ چربر (شوخی۔ چونچال پن۔ چپل۔ چہل) +آ (تذکیری)۔ شوخ۔ چونچال۔ ۔۔۔

چھلا۔ چنچلا۔

چربرانک (چَ رَبْ رَاں ک)۔ چربر + آنک (نسبتی۔ آل)۔ شوخ۔ ہشیار۔ چنچل۔ چونچال۔

چربری (چَ رَب رِی)۔ چربر + ای (تانیثی)۔ چربرا کا مونث۔ چپلی۔ چہلی۔ چنچلی۔

چرتر (چَ رَں ت تَ ر)۔ چر + اتر (مذکر فاعلی)۔ چال بازی۔ چالاکی۔ چھل بنا۔ چلتر۔ چھلت۔

چرچ (چَ رچ)۔ ۱۔ خبر۔ تذکرا۔ پرچ۔ ۲۔ حیرانی۔ چونک۔

چرچا (چَ رچْ)۔ چرچ + آ (تذکیری)۔ تذکرہ۔ شہرت۔ پرچا۔

چرچرانا (چَ رچَ رَانْ)۔ چرچر + آ (امری) + نا (مصدری)۔ ۱۔ چرچر کی آواز نکالنا۔ چرّانا۔ ۲۔ خوش ہونا۔ چرکنا۔

چرچنا (چَ رَچ نْ)۔ چرچ + نا (مصدری)۔ ۱۔ واقف ہونا۔ جان لینا۔ سمجھ لینا۔ پرچنا۔ ۲۔ حیران ہونا۔ چونکنا۔

چرخ (چَ رخ)۔ دیکھیے چرک۔

چرخا (چَ رخْ)۔ دیکھیے چرکا۔

چرخی (چَ رخِی)۔ دیکھیے چرکی۔

چرس (چَ رَس)۔ ۱۔ آگ۔ ایک نشیلی بوٹی جو تمباکو کی طرح آگ پر جلا کر پی جاتی ہے۔ چاڈ۔ چوّرس۔ ۲۔ سینچائی کے لیے چمڑے کا بڑا ڈول۔ چاک۔ چھاب۔ چپ۔ ۳۔ آلکس۔ سستی۔ چور۔ آلس۔

چرسا (چَ رسْ)۔ چرس + آ (تذکیری۔ فالتو)۔ چرس۔ چمبا۔ چھابا۔

چرسی (چَ رسِی)۔ چرس + ای (نسبتی)۔ ۱۔ چرس پینے والا۔ چانڈی۔ ۲۔ سست۔ آلسی۔

چرسیا (چَ رسِ یْ)۔ چرسی + آ (فالتو)۔ چرسی۔ چانڈیا۔

چرغا (چَ رغْ)۔ دیکھیے چرگا۔

چرک (چَ رَک)۔ ۱۔ ایک جنگلی جانور جس کی ہڈیاں چلنے میں بولتی ہیں۔ لکڑ بگھا۔ چڑک۔ چنک۔ چٹخ۔ ۲۔ نشان۔ چانک۔ ہنڈولا۔ پانی کھینچنے کا پہیا۔ چکٹ۔ چکر۔ چرخ۔ ۴۔ ہشیاری۔ چونک۔ چمک۔ جاگ۔ ۵۔ دھوکا۔ چال۔

چرکا (چَ رکْ)۔ چرک + آ (تذکیری)۔ ۱۔ زخم۔ گھاؤ۔ چانکا۔ ۲۔ سوت کاتنے کا آلہ۔ چکرا۔ چرخا۔ ۳۔ دھوکہ۔ بہانہ۔ چکرا۔ چالا۔

چرکٹ (چَ رکَ ٹ)۔ چرک + اٹ (نسبتی)۔ چالاک۔ چال باز۔ چھاکٹ۔

چرکٹا (چَ رکَ ٹْ)۔ چرکٹ + آ (فالتو)۔ چرکٹ۔ چھاکٹا۔ چلتا۔

چرکی (چَ رکِ)۔ چرک+ای (تانیث)۔ اُ دٹنی۔ پانی کھینچنے کا پہیا۔ بادلا یا پتنگ کی ڈور لپیٹنے کا
آلہ۔ چکلی۔ چکری۔ چرخی۔

چرگا (چَ رگا)۔چرگ (روغن) +آ (تذکیری)۔روغن میں بھنا ہوا مرغ۔ چربا۔ چُرڑا۔ چوزگا۔

چرن (چَ رَن)۔چر +ان (نسبتی)۔چلنے والا۔ قدم۔ پیر۔ پاؤں۔ چلن۔

چرنا (چَ رنا)۔ چرن+آ (مصدری)۔ا۔ گھاس کھانا۔ چارا کھانا۔ منہ بھر بھر کر کھانا۔ چابنا۔ بھر
۲۔ دھوکا کھانا۔ چلنا۔ ۳۔ چکر کھانا۔ گھومنا۔ پھرنا۔ چکرنا۔

چرنی (چَ رنِی)۔ چر+نی (تانیث)۔ا۔ مویشیوں کے دانہ چارا کھانے کی ٹوکری۔ چابنی۔ چورنی۔ ۲۔
چھاننے کا آلہ۔ چلنی۔

چروا (چَ رَوا)۔چر+اوا (مذکر فاعلی)۔بڑی ہانڈی۔ چوڑوا۔ کروا۔

چرواہا (چَ رواہا)۔چر+واہا (مذکر فاعلی)۔چرانے والا۔ گوالا۔ چروالا۔

چری (چَ رِی)۔چر+ای (تانیث)۔ہرے پودے کی کرب۔ چارا کا مونث۔ چاری۔ ہری۔

چڑ (چَ ڑ)۔ا۔ پھٹنے، تڑقنے کی آواز۔ چر۔ تڑ۔ پڑ۔ چٹ۔ ۲۔ چاڑ کا چھوٹا روپ۔ اونچائی۔ چڑھ۔ چال۔

چڑبڑا (چَ ڑبَ ڑا)۔چڑبڑ (زیادہ باتیں۔ شوخی) +آ (تذکیری)۔ زیادہ باتیں کرنے والا۔ تیز۔ شوخ
چپلا۔ چپکا۔

چڑبڑی (چَ ڑبَ ڑِی)۔چڑبڑا کا مونث۔

چڑھ (چَ ں ڑھ)۔اونچائی۔ سواری۔ برتری۔ چاڑ۔ چانٹ۔ چال۔ ۲۔ اشتعال۔ چپک۔ چڑ۔ ۳۔ ڈھکاؤ
اُوڑھ۔ آڑ۔ چھاپ۔ ۴۔ چھونا۔ چھو۔ ۵۔ بوجھ۔ بھار۔ چھاند۔ ۶۔ لڑائی۔ چھوٹ۔

چڑھانا (چَ ں ڑھا نا)۔چڑھ+آ (امری) +نا (مصدری)۔ا۔ اونچا کرنا۔ چڑانا۔ ۲۔ اشتعال دلانا۔ چکانا۔
چڑانا۔ چلانا۔ ۳۔ ڈھانکنا۔ اُڑھانا۔ ۴۔ پہننا۔ اڑانا۔ ۵۔ قربانی دینا۔ چرکانا۔ ۶۔ دھوکا دینا۔ بہکانا۔ چکرانا۔

چڑھاؤ (چَ ں ڑھاؤ)۔ چڑھ+آؤ (نسبتی)۔ اونچائی۔ اٹھاؤ۔ چڑاؤ۔

چڑھاوا (چَ ں ڑھاوا)۔ چڑھ+آوا (مذکر فاعلی)۔ا۔ صدقہ۔ نوچھاور۔ قربانی کا سامان۔ چرکاوا۔ چھلاوا۔
۲۔ دلہن کے یہاں دولہا کے گھر سے شادی پر جانے والا سامان، زیور اور کپڑے وغیرہ۔ چھنڈاوا۔

چڑھائی (چَ ں ڑھائی)۔ چڑھ+آئی (تانیث)۔ا۔ چڑھنے کا عمل۔ بلندی۔ چڑائی۔ ۲۔ حملہ۔ لڑائی۔ چھوٹائی۔
چھپائی۔

چس (چَ س)۔ ذائقہ۔ چکھ۔

چسک (چَ سَ ک)۔ چس+اک (نسبتی)۔ مزہ۔ ذائقہ۔ چٹک۔

چسکا (چَ س کٗ)۔ چسک+آ (تذکیری)۔ ذائقہ۔ چٹکا۔

چغلا (چَ غ لٗ)۔ دیکھئے چگلا۔

چغلی (چَ غ لِی)۔ چغلا کا مونث۔ دیکھئے چگلی۔

چک (چَ ک)۔۱۔ زمین کا ٹکڑا۔ چوک۔ چودند۔ چورس۔۲۔ چاک کا چھوٹا روپ۔ چاند۔ ۳۔ پانی۔ چھل۔ ۴۔ زمین۔ مقام۔ جگہ۔ جگ۔ ۵۔ آک۔ آنکھ۔ چکر۔ ۶۔ لڑائی۔ جھڑ۔ ۷۔ اونچی کود۔ چھال۔ اچھال۔

چنک (چَں ک ک)۔۱۔ حد۔ نشان۔ چانک۔ چٹ۔ ۲۔ دھکاؤ۔ چھت۔ چھاپ۔ ۳۔ اونچائی۔ چٹ۔ چانٹ۔ چاڑ۔ ۴۔ فریب۔ چال۔ ۵۔ ریزہ۔ چوّر۔ ۶۔ چکنائی۔ پھسلن۔ چیک۔ ۷۔ زخم۔ چرک۔ ۸۔ ذائقہ۔ چکھ۔ چَس۔ ۹۔ دیکھنا۔ تک۔ ۱۰۔ ہوشیاری۔ حیرانی۔ چونک۔

چکا (چَ کٗ)۔ چک+آ (تذکیری)۔ روٹی بیلنے کے لئے لکڑی کا ہموار تختہ۔ چاندا۔ چاکا۔

چنکا (چَں ک کٗ)۔ چنک+آ (تذکیری)۔۱۔ اونچا ڈھیر۔ چٹا۔ ۲۔ جمی ہوئی ٹکیا۔ چکلا۔ چوڑا۔

چکاچوندھ (چَ کٗ چوٗں دھ)۔ چک+آ (بچلگوا) + چوند (چمک)۔ آنکھوں پر پڑنے والی چمک۔ چکا چمک۔ چکا چونک۔

چکت (چَ کَ ت)۔۱۔ تھپڑ۔ چانٹا۔ چپت۔ ۲۔ نقصان۔ ضرب۔ مار۔ چڑت۔

چکتا (چَ کَں ت تٗ)۔ چک+اتّا (مذکر فاعلی)۔۱۔ چکنائی کا دھبا۔ چیکتا۔ چتھا۔ ۲۔ فریبی۔ چلتا۔ ۳۔ ہوشیار۔ چترا۔ ۴۔ دیکھنے والا۔ تکتا۔ ۵۔ اچھا۔ چاکلا۔ چانگلا۔

چکتی (چَں ک تِی)۔ چک+تی (تانیثی)۔ حلوے یا صابن کی ٹکیا۔ چوڑی۔ چیٹی۔ ۲۔ دنبے کی دم۔ چکّی۔ چکری۔ چکلی۔

چکتی (چَ کَں ت تِی)۔ چک+اتّی (مونث فاعلی)۔۱۔ فریبن۔ چلتی۔ ۲۔ ہوشیار۔ عقلمند۔ چتری۔ ۳۔ اچھی۔ خوب۔ چاکلی۔ چانگلی۔

چنکر (چَں ک کَ ر)۔ چنک+ار (نسبتی)۔۱۔ سائبان۔ چھتر۔ ۲۔ سفر۔ پھیر۔ چرکل (چرخل)۔ چھیڑ۔ ۳۔ پوشیدہ بات۔ راز۔ پھیر والی بات۔ چُور۔

چکر (چَ کَ ر)۔۱۔ گولائی۔ چرک (چرخ)۔ ۲۔ فریب۔ چال۔ چھل۔ ۳۔ حیرت۔ ہوشیاری۔ چونک۔

چمک۔ چرچ۔ چتر۔ چندر۔

چکرانا (چَ کَ رٰ نْ)۔ چکر + ۳(امری) + نا (مصدری) ۔۱۔ گھومنا۔ گھمانا۔ چلانا۔ چرکانا۔ ۲۔ حیرت زدہ کرنا۔ چوکانا۔ چنکانا۔ چرانا۔ چندرانا۔

چکربا (چَ کَ رَ بْ)۔ چکر + با (تذکیری)۔ تذکرہ۔ ۲ آہستہ گفتگو۔ چاپکا۔ چپتا۔

چکری (چَ کَ رِ)۔ چکر + ای (تانیثی)۔ لکڑی کا چھوٹا سا پہیا جسے لڑکے ڈوری سے گھماتے ہیں۔ چرکی (چرخی)۔ چکئی۔

چکریلا (چَ کَ رِ لْ)۔ چکر + یلا (مذکر فاعلی)۔ گھماؤ والا۔ دائرہ نما۔ گول۔ چندریلا۔ چرکیلا (چرخیلا)۔

چکریلی (چَ کَ رِ لِ)۔ چکریلا کا مونث۔

چکلا (چَ کَ لْ)۔ چک + لا (تذکیری) ۔۱۔ چوڑا۔ ۲۔ علاقہ۔ چودھرا۔ ۳۔ رنڈیوں کا محلّہ۔ چوک۔ چوکلا۔ چہلا۔

چکما (چَ کَ مْ)۔ چک + ما (تذکیری) ۔۱۔ فریب کا کام۔ چھل داں۔ ۲۔ ہوشیاری کا کام۔ چوکا۔ چمکا۔

چکناچور (چَ ں کَ نْ چ ر)۔ چکن (چون) + ۳ (بچگوا) + چور (ریزہ)۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ ریزہ ریزہ۔ چوناچور۔

چکو (چَ ں کَ کَ)۔ چک + او (مذکر فاعلی)۔ زخم لگانے والا آلہ۔ چرکو۔ چوٹو۔

چکوا (چَ کَ ڈ)۔ چک + وا (تذکیری)۔ پانی کے کنارے رہنے والا ایک مشہور پرند۔ چھلوا۔ چادکا۔

چکوتا (چَ کَ تْ)۔ چک + اوتا (مذکر فاعلی)۔ پھیلنے والا ایک داد۔ چمبل۔ چندوتا۔ چھلوتا۔ اکوتا۔

چکوترا (چَ کَ ت رْ)۔ چک + اوترا (مذکر فاعلی)۔ ایک مشہور کھٹا پھل۔ چندُورا۔ چیتُورا۔

چکور (چَ کَ ر)۔ چک + اور (نسبتی)۔ بہت اونچا اڑنے والا ایک پرند جس کی چال مشہور ہے۔ کبک۔ چندور۔ چھالُور۔

چکوی (چَ کَ وِ)۔ چکوے کی مادہ۔

چکئی (چَ کَ ءِ)۔ چک + ائی (تانیثی)۔ ایک پھرکی جو ڈور سے پھرائی جاتی ہے۔ چکری۔

چکّی (چَ کَ کِ)۔ چک + ای (تانیثی) ۔۱۔ آٹا پیسنے کا آلہ۔ اناج پیسنے کا آلہ۔ چلنے والی۔ چالی۔ ۲۔ دنبے کے پیچھے لٹکتا ہوا گوشت۔ چکتی۔ چکری۔

چکھ (چَ کھ)۔ ذائقہ۔ چس۔ چٹ۔ چسک۔ چتھ۔

چکھنا (چَ کھ نْ)۔ چکھ + نا (مصدری)۔ ذائقہ لینا۔ چسکنا۔

چکھوتی (چَ کھ وْتِے)۔ چکھ+اوتی (مونث فاعلی)۔ مزیدار غذا۔ چٹھوتی۔ چَسکوتی۔

چکھی (چَ کھ کھِے)۔ چکھ+ای (تانیثی)۔ چکھنے کی چیز۔ ذائقے کی چیز۔ ملیدہ۔ بٹیروں کا دانہ۔ چَسکی۔ چوری۔ چٹنی۔ چکھنی۔

چگلا (چَ گ لْ)۔ چنگل (دانہ۔چُگ)+لا (تذکیری)۔ جگہ جگہ سے چکھا ہوا کھانا۔ چودگا۔ گِلا (نِگلا)۔ چغلا۔

چگلی (چَ گ لِے)۔ چگلا کا مونث۔

چل (چَ ل)۔ ۱۔ چال کا چھوٹا روپ۔ حرکت۔ لہر۔ بل۔ ۲۔ فریب۔ جُوٹ۔ چھَل۔ چھاک۔ ۳۔ اشتعال۔ چڑھائی۔ اونچائی۔ چڑھ۔ چاڑ۔ ۴۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔ چُور۔ چھان۔ جھاڑ۔ چھَج۔ ۵۔ خاتمہ۔ چوٹ۔ ۶۔ روانگی۔ دوری۔ چھوڑ۔ چھیل۔ چھُوٹ۔ ۷۔ لڑائی۔ چھوٹ۔ چوٹ۔ ۸۔ زوال۔ ڈھل۔ ۹۔ زور کی آواز۔ چیک۔ چل۔

چلانا (چَ لْ نْ)۔ چل+آ (امری)+نا (مصدری)۔ ۱۔ حرکت میں لانا۔ ہلانا۔ ۲۔ دھوکا دینا۔ چندرانا۔

چلت (چَ لَ ت)۔ چل+ات (نسبتی)۔ چلنے کا کام۔ ہلت۔

چلتا (چَ ل تْ)۔ چل+تا (تذکیری)۔ ۱۔ فریبی۔ مکّار۔ چال باز۔ چھاکٹا۔ ۲۔ ہوشیار۔ عقلمند۔ چترا۔ ۳۔ جاری۔ ہلتا۔ ۴۔ دور۔ الگ۔ چھوڑا۔

چلتاؤ (چَ لْ تْ وٗ)۔ چلت+آؤ (مذکر فاعلی)۔ سرسری سا۔ پیچھا چھڑانے والا۔ چھڑاؤ۔

چلتّر (چَ لَ ت تَ ر)۔ دیکھیے چرتر۔

چلتی (چَ ل تِے)۔ چلتا کا مونث۔

چلکار (چَ ل کْ ر)۔ چل+کار (آواز)۔ ڈانٹ پھٹکار۔ زور کی آواز۔ چیکار (چکار)۔ چلاّر۔ چنگھاڑ۔

چلکارا (چَ ل کْ رْ)۔ چلکار+آ (تذکیری)۔ چلکار کا مذکر۔ ڈانٹ پھٹکار۔ چیکارا (چکارا)۔ چلاّرا۔ چنگھاڑا۔

چلن (چَ لَ ن)۔ چل+ان (تانیثی)۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ برتاؤ۔ معمول۔ شیوہ۔ سلوک۔ ہلن۔ چالن۔

چلنا (چَ ل نْ)۔ چل+نا (مصدری)۔ ۱۔ حرکت کرنا۔ روانہ ہونا۔ ہلنا۔ چھوٹنا۔ ۲۔ فریب دینا۔ چندرانا۔ ۳۔ لڑائی ہونا۔ چوٹنا۔ چڑھنا۔ ۴۔ الگ ہونا۔ چھکنا۔ چھلنا۔ چھِجنا۔ ۵۔ ریزہ ریزہ ہونا۔ چُورنا۔ چھننا۔ ۶۔ خراب ہوجانا۔ ڈھکنا۔ پکنا۔

چلنی (چَ ل نِے)۔ چل+نی (تانیثی)۔ آٹا وغیرہ چھاننے کا آلہ۔ چھننی۔

چلو (چَ ل لُو)۔ چل+او (مذکر فاعلی)۔ ۱۔ چلتا ہوا۔ جاری۔ چالو۔ چلتو۔ ۲۔ ابتدا۔ آغاز۔ چھُوٹو۔ چھوڑو۔

چم (چَ م)۔ ۱۔ چام کا چھوٹا روپ۔ ۲۔ صفائی۔ جمام۔ جھانو۔ کام۔ ۳۔ سفیدی۔ چانو۔ چند۔ ۴۔ حرکت۔ لہر۔ چال۔ جھوم۔ ۵۔ جلد۔ چھال۔

چمار (چَ مْ ر)۔ چم+آر (نسبتی)۔ چمڑے کا کام کرنے والا۔ کمار۔ چمالر۔ چرمکار۔

چمب (چَ م ب)۔ ۱۔ پھیلاؤ۔ چھاب۔ ۲۔ پانی۔ جھاگ۔ ۳۔ رونق۔ روشنی۔ چاند۔ چمبہ۔ ۴۔ سوراخ۔ چھید۔ چھاج۔ ۵۔ رزق کمانا۔ چوب۔

چمبل (چَ م بَ ل)۔ چمب+ال (نسبتی)۔ ۱۔ بھارت کا ایک مشہور دریا جس کا پانی دودھیا ہے۔ چمائل۔ چاندل۔ ۲۔ کشکول۔ بڑا کٹورا۔ چھابل۔ چوبل۔ ۳۔ ایک بھانت کا مشہور داد۔ چمبیل۔ چمابل۔

چمپ (چَ م پ)۔ ۱۔ زردی مائل سفیدی۔ چھاپ۔ جاپ۔ ۲۔ حرکت۔ لہر۔ روانگی۔ چل۔

چمپا (چَ م پْ)۔ چمپ+آ (تذکیری)۔ ایک پتلا اور اونچا پودا جس کا پھول زردی مائل سفید ہوتا ہے۔ جاپا۔ چھاپا۔

چمپت (چَ م پَ ت)۔ چمپ+ات (نسبتی)۔ روانہ۔ رفوچکر۔ چلتا۔ چلپت۔ چھوٹت۔

چمپئی (چَ م پَ یِ)۔ چمپ+ائی (نسبتی)۔ چمپا کے پھول کا رنگ۔ اس رنگ کی کوئی چیز۔ چمپلی۔

چمچا (چَ م چْ)۔ چچ (چونچ)+آ (تذکیری)۔ ۱۔ بڑے چونچ کا ایک دریائی پرند۔ پتلی غذا نکالنے، چلانے، کھانے یا پینے کا ایک آلہ۔ چونچا۔ ۲۔ خوشامدی مصاحب۔ کان بھرنے والا۔ چُگلا (چُغلا)۔ چیڑا۔ چڑبڑا۔ چیچا۔

چمچچڑ (چَ م چِ چ چَ ڑ)۔ چم+چچڑ (چمٹنا)+اڑ (نسبتی)۔ چمٹ جانے والا۔ پیچھا نہ چھوڑنے والا۔ چام چیچڑ۔

چم چمانا (چَ م چَ مْ نْ)۔ چم چم+آ (امری)+نا (مصدری)۔ چم چم کرنا۔ چمکنا۔ جھم جھمانا۔

چمچی (چَ م چِ)۔ چھوٹا چمچا۔

چمر (چَ مَ ر)۔ ۱۔ چمار کا چھوٹا روپ۔ ۲۔ مور چھل۔ چنور۔ چونر۔ چامر۔

چمرخ (چَ م رَ خ)۔ دیکھئے چمرک۔

چمرس (چَ م رَ س)۔ چم+رس (رگڑ)۔ چمڑے کا زخم۔ چمرگ۔ چمڑس۔

چمرک (چَ م رَ ک)۔ چمر+اک (نسبتی)۔ چمڑے کی ٹکلی جس کے اندر تکلا گھومتا ہے۔ چمڑک۔ چکر۔ چونرک۔

چمڑا (چَ م ڑْ)۔ چم+ڑا (تذکیری)۔ کھال۔ چامڑا۔ چھالا۔

چمک (چَ مَ ک)۔ چم+اک (نسبتی)۔۱۔روشنی۔ جھمک۔ ۲۔ بھڑک۔ چونک۔ ۳۔ فریب۔ چال۔
چمکو (چَ مَ ک کُ)۔ چم+اکو (مونث فاعلی)۔فریبن۔ چھب دکھانے والی۔فاحشہ۔ چھبکو۔ چُدکو۔
چمکی (چَ م کِی)۔ چمک+ای (تانیثی)۔ چمک والی۔ چھوٹے سلمے ستارے۔ جھمکی۔ جالی۔
چمیلی (چَ م لِی)۔چم+ایلی (مونث فاعلی)۔سفید پھولوں کی ایک بیل۔چندیلی۔
چن (چَ ن)۔۱۔زخم۔ چاک۔ چاند۔ ۲۔ بینا۔ چننا۔ چُن۔ چونگ۔ ٹھگ۔ ۳۔ چھلکا۔ چھال۔ ۴۔ مسلسل حرکت۔ چُل۔ چوند۔ ۵۔ چھٹائی۔ چھوٹ۔
چنا (چَ نا)۔چن+آ (تذکیری)۔ایک اناج جس کا دانہ چھوٹا اور گول ہوتا ہے۔ چھالا۔ چُوبا۔چھترا۔ چھُوٹا۔چبینا۔
چنٹ (چَ ن ٹ)۔ چالباز۔ چُور۔چَندر۔ چالر۔ چھانٹ۔
چنچل (چَ ن چَ ل)۔ چنچ (مسلسل حرکت۔ چوند) +ال (نسبتی)۔ شوخ۔ چھل بل والا۔ نچلا نہ بیٹھنے والا۔ چونَدل۔ چپل۔
چند (چَ ن د)۔۱۔سفیدی۔ صفائی۔ چانول۔چٹّا۔ ۲۔ فریب۔ چال۔ ۳۔ حصّہ۔ چھاند۔ ۴۔ پیارہ۔ چارہ۔ ۵۔ عقلمند۔ چتر۔۶۔ آرام۔ چَین۔
چندا (چَ ن دا)۔ چند+آ (تذکیری)۔۱۔لوگوں سے کسی کام کے لئے مانگی ہوئی رقم۔ چھاندا۔ چوتھا۔ ۲۔ پیارا۔ بیٹا۔ چارا۔چترا۔ چینا۔ ۳۔سفید۔ اجلا۔چٹّا۔
چندر (چَ ن دَ ر)۔چند +ار (نسبتی)۔ چالاک۔ چنٹ۔ چُور۔
چندگی (چَ ن د گِی)۔ چند+ گی (تانیثی)۔ رونق۔ خوبی۔ خوش حال۔ چاکی۔
چندن (چَ ن دَ ن)۔چند +ان (نسبتی)۔سفید۔ چمکیلا۔ایک خوشبودار پیڑ۔ چٹن۔چرن۔ چین۔ صندل۔
چنڈ (چَ ن ڈ)۔۱۔ پاخانہ۔ چوڑ۔ چُوت۔ ۲۔ جھاڑ۔ جھنڈ۔ ۳۔ حصہ۔چند۔ چھاند۔ چھاک۔ ۴۔سفیدی۔ آگ۔چند۔ ۵۔ لُبدی۔ چاڑ۔چیڑ۔۶۔ بال۔ بنگالی۔ چول۔۷۔ وسعت۔مرتبہ۔ چوڑ۔
چنڈال (چَ ن ڈال)۔چنڈ+آل (نسبتی)۔ ہندوؤں کی ایک جات۔ بھنگی۔ہندوؤں کے مردے جلانے والا۔ بھنگی جو چاند گہن کے وقت گھر گھر مانگتے پھرتے ہیں۔ پرانے زمانے میں پہچان کرنے کے لئے ان کے سروں پر لمبے لمبے بال ہوتے تھے۔ چوڑال۔ جھنڈال۔ چوّلال۔
چنڈو (چَ ن ڈو)۔چنڈ+او (مذکر فاعلی)۔افیم کی ٹکیا جو چراغ کی لو پر جلا کر پی جاتی ہے۔ چاڑو۔ چیڑو۔

چنڈول (چَن ڈُل) ۔ چنڈ + اول (نسبتی) ۔ ایک پرند ۔ جھنڈول ۔
چنڈول (چَن ڈَل) ۔ چنڈ + اول (نسبتی) ۔ ایک زنانی سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں ۔ چوڑک ۔
چنکٹا (چَن کَ ٹُ) ۔ چنکٹ (تمتڑ ۔ چکت ۔ چپت) + آ (تذکیری) ۔ تمتڑ ۔ چکتا ۔ چپتا ۔
چنکٹی (چَن کَ ٹِ) ۔ چنکٹا کا مونث ۔
چنگ (چَ ن گ) ۔ ا ۔ ہوشیاری ۔ چاکل ۔ چانگل ۔ ۲ ۔ ایک کنکوا جس میں ایک گیند روشن کرکے اڑاتے ہیں ۔ چاندل ۔
چنگا (چَ ن گُ) ۔ چنگ + آ (تذکیری) ۔ ہوشیار ۔ اچھا ۔ صحت مند ۔ چانگا ۔ چاکلا ۔
چنگی (چَ ن گِ) ۔ چنگ + ای (تانیثی) ۔ چنگا کا مونث ۔
چنونا (چَ نَ نُ) ۔ چن + اونا (مذکر فاعلی) ۔ ایک باریک اور سفید کیڑا جو اپنی مسلسل حرکت سے مقعد میں کھجلی پیدا کرتا رہتا ہے ۔ چلونا ۔
چوّا (چَ ءُ) ۔ چوّ (مربع والا) + آ (فالتو) ۔ تاش کا چار بوندوں والا ایک پتّا ۔ کرکٹ میں چار دوڑیں مکمل کرنے کے قابل بنانے والی ایک چوٹ ۔ چوڑوا ۔
چہا (چَ ہُ) ۔ چاہ (شور ۔ چل) + آ (تذکیری) ۔ ایک شور مچانے والا پرند جو گلگلیا سے ملتا ہے ۔ چلڑ چیکا (چیخا) ۔
چہاڑ (چَ ہُ ڑ) ۔ چاہ (پتلا ٹکڑا ۔ چیپ) + آڑ (نسبتی) ۔ پلستر وغیرہ کا ایک چوڑا ٹکڑا ۔ چیپاڑ ۔ چھوپ ۔ چیر ۔ چاک ۔
چہیتا (چَ ہِ تُ) ۔ چاہ (محبت ۔ پیار ۔ چاہ) + ایتا (مذکر فاعلی) ۔ پیارا ۔ محبوب ۔ چاریتا ۔ پریتا ۔

چَں

چنبیلی (چَں بِ لِ) ۔ چنب (رونق ۔ اُجالا) + ایلی (مونث فاعلی) ۔ سفید اور خوشبودار پھولوں کی ایک بیل ۔ چندیلی ۔ چھیلی ۔
چند (چَں د) ۔ ا ۔ چاند کا چھوٹا روپ ۔ ۲ ۔ فریب ۔ چھل ۔ چھند ۔ ۳ ۔ ہوشیاری ۔ چیت ۔ ۴ ۔ اچھال ۔ چھال ۔

چندر (چَ ں دَر)۔ چند+ار (نسبتی)۔۱۔ فریب۔ دھوکا۔ چال۔ ۲۔ عقلمند۔ چتر۔ چَند۔

چندرانا (چَ ں د رٗ نٗ)۔ چندر+آ (امری) +نا (مصدری)۔ دھوکا دینا۔ تجاہل عارفانہ کرنا۔ انجان بننا۔ چلانا۔ چرانا۔

چندن ہار (چَ ں دَن ہٗ ر)۔ چند+ان (نسبتی) + ہار (مالا)۔ چاندی کا ایک پھیلا ہوا ہار جو عورتیں گلے میں پہنتی ہیں۔ چھالن ہار۔ چاندن ہار۔ چَنن ہار۔

چندوا (چَ ں دَ ءٗ)۔ چند+اوا (مذکر فاعلی)۔ ٹوپی کا وہ گول حصہ جو کھوپڑی کے اوپر رہتا ہے۔ چھوا۔ چاکوا۔

چندیا (چَ ں دِ ءٗ)۔ چند+ای (تانیثی) +آ (فالتو)۔۱۔ ٹانٹ۔ چھپیا۔ چاکیا۔ چھتریا۔ ۲۔ چھوٹی روٹی۔ ٹکیا۔ چھُوٹیا۔

چنگ (چَ ں گ)۔ پھیلاؤ۔ چاک۔ چھاپ۔ چاند۔

چنگیر (چَ ں گ ِ ر)۔ چنگ+ایر (نسبتی)۔ آٹے کا کچھ پھیلا ہوا پیڑا۔ پھیلی ہوئی ٹوکری۔ چکیر۔ چندیر۔ چھبیر۔

چنور (چَ ں وَ ر)۔ چانو (گھوم۔ پھیر) +ار (نسبتی)۔ مور چھل۔ چونر۔ چامر۔

چُ

چاب (چُ ب)۔۱۔ دانتوں سے ریزہ ریزہ کرنے کا کام۔ چر۔ چانپ۔ جپ۔ ۲۔ ڈھکاؤ۔ چھاپ۔ ۳۔ حرکت۔ لہر۔ چال۔

چابک (چُ بَ ک)۔ چاب+اک (نسبتی)۔ چلانے والا کوڑا۔ ہنٹر۔ چالک۔

چابنا (چُ ب نٗ)۔ چاب+نا (مصدری)۔ دانتوں سے ریزہ ریزہ کرنا۔ چرنا۔ چبانا۔ جپنا۔

چابی (چُ بِ)۔ چاب+ای (تانیثی)۔۱۔ تالا کھولنے کا آلہ۔ لوہے کا لمبا اور پتلا ٹکڑا۔ چانپی۔ چپّی۔ ۲۔ تدبیر۔ کام چلانے کی ترکیب۔ چالی۔

چاپ (چُ پ)۔۱۔ پاؤں کی آہٹ۔ ٹاپ۔ ۲۔ چھلکا۔ چھال۔ چُوکر۔ چھانٹ۔

چاپٹ (چُ پَ ٹ)۔ چاپ+اٹ (نسبتی)۔ بھوسی۔ چُوکر۔ چھانٹ۔ چھانس۔

چات (چ ت)۔ ۱۔ ہوش۔ دانائی۔ چیت۔ ۲۔ چاند۔ ۳۔ پانی۔ چھل۔ ۴۔ فریب۔ مُوہ۔ چھند۔ چھل۔
چاتر (چ تَ ر)۔ چات + ار (نسبتی)۔ ہوشیار۔ عقلمند۔ چتر۔ چیتر۔
چاتک (چ تَ ک)۔ چات + اک (نسبتی)۔ پپیہا۔ موہنے والا۔ چھندک۔ چھالک۔
چاٹ (چ ٹ)۔ ۱۔ مزیدار چیز۔ شوق۔ لپکا۔ چاؤ۔ ۲۔ گھوم۔ پھیر۔ چاک۔ باٹ۔ چاند۔ ۳۔ آگ۔ جل۔ ۴۔ پانی۔ چھل۔ ۵۔ ہضم کرنا۔ ڈکار جانا۔ پی جانا۔ چیر۔ ۶۔ لیس۔ چیپ۔ چینپ۔
چاٹنا (چ ٹ نْ)۔ چاٹ + نا (مصدری)۔ ۱۔ زبان سے کھانا۔ چسرنا۔ ۲۔ جلانا۔ جالنا۔ ۳۔ شگافتہ کرنا۔ چیرنا۔
چاٹی (چ ٹے)۔ چاٹ + ای (تانیث)۔ پانی کا گول برتن۔ دودھ کی ہانڈی۔ ہاٹی۔ یہ بول پنجابی میں بولاجاتا ہے۔
چار (چ ر)۔ ۱۔ مربع۔ چَور۔ چَوڑ۔ چونت۔ سنسکرت چتر۔ ۲۔ کشادہ۔ چوڑان۔ سیردا۔ آٹہ۔ ۳۔ کھانا۔ چاب۔ چر۔ ۴۔ تمنا۔ خواہش۔ چِت۔ چاہ۔ چاؤ۔ ۵۔ ہریالی۔ سبزی۔ لہر۔ آر۔
چارا (چ رْ)۔ چار + آ (تذکیری)۔ چارپایوں کے کھانے کی گھاس۔ چری۔ چابا۔ ہرا۔
چارپائی (چ ر پ ئے)۔ چار + پاء (لمبائی۔ پانت) + ای (تانیث)۔ لمبائی چوڑائی والی۔ سیردے پٹی والی۔ پلنگ۔ کھاٹ۔ چوڑپارٹی۔ چوڑپٹی۔
چارخانہ (چ ر خَ نَ ہ)۔ دیکھئے چارکانا۔
چارکانا (چ ر کْ نْ)۔ چار + کانا (گوشہ۔ کونا)۔ وہ مربع جس پر مربعے بنے ہوتے ہیں۔ چوڑکونا۔ چوڑکھنڈا۔
چاڑ (چ ڑ)۔ ۱۔ دباؤ۔ چھاپ۔ ۲۔ پتلا ٹکڑا۔ ریزہ۔ چاب۔ چانپ۔ چیپ۔ ۳۔ چڑھاؤ۔ چڑھ۔
چاڑا (چ ڑْ)۔ چاڑ + آ (تذکیری)۔ آگ پر پکا ہوا گڑ کا سخت قوام۔ چڑا۔
چاڑی (چ ڑے)۔ چاڑ + ای (تانیث)۔ چڑھائی۔ چڑھی۔ یہ بول حیدرآباد (سندھ) میں بولا جاتا ہے۔
چاسنی (چ س نِے)۔ چاس (ذائقہ۔ مٹھاس۔ چس) + نی (تانیث)۔ قوام۔ ذائقہ۔ مزے کی چیز۔ مٹھاس۔ چکھنی۔ چکنی۔ چاشنی۔
چاشنی (چ ش نِے)۔ دیکھئے چاسنی۔
چاق (چ ق)۔ دیکھئے چاک۔
چاقو (چ قُو)۔ دیکھئے چاکو۔
چاک (چ ک)۔ ۱۔ گھوم۔ پھیر۔ پہیا۔ چاند۔ ۲۔ صحت مند۔ چُست۔ چونکل۔ چونچال۔ ۳۔ شگاف۔ چھید۔ چیر۔

چاکو (چ کٓ)۔ چاک+او (مذکر فاعلی)۔ چیرنے کا آلہ۔ چیرو۔ چاقو۔

چال (چ ل)۔۱۔ حرکت۔ رفتار۔ روانگی۔ بال۔ چھوٹ۔ ۲۔ دھوکا۔ فریب۔ چھل۔ چند۔ ۳۔ زخم۔ چانک۔ چرک۔ ۴۔ کارنامہ۔ چوٹ۔

چالا (چ لٗ)۔ چال+آ (تذکیری)۔ سفر۔ روانگی۔ بالا۔ چھوٹا۔

چالاک (چ لٗ ک)۔ چال+آک (نسبتی)۔ مکار۔ فریبی۔ عیار۔ دھوکے باز۔ چنداک۔ چوٹاک۔ چربانک۔ پنجابی چلاک۔ سنسکرت چارواک۔

چالاکی (چ لٗ کیِ)۔ چالاک+ای (تانیثی)۔ مکاری۔ فریب۔ عیاری۔ دھوکا۔ چانکی۔ چربانکی۔ پنجابی چلاکی۔

چالان (چ لٗ ن)۔ چال+آن (نسبتی)۔ چلانے کا کام۔ بھیجنے کا کام۔ چلان۔ چھوٹان۔

چالیا (چ لِ ۂ)۔ چال+ای (نسبتی)+آ (فالتو)۔ فریبی۔ چال چلنے والا۔ چوٹیا۔ چانکیا۔

چام (چ م)۔ کھال۔ چھال۔

چانا (چ نٗ)۔ چان (چاند)+آ (تذکیری)۔ مچھلی کا چھلکا۔ سنہ۔ چاندا۔

چاؤ (چ ٗ)۔ رغبت۔ شوق۔ بھاؤ۔ چاہ۔ چار۔

چاوڑی (چ ٗ ڑِ)۔ چاڑو (مربع۔ چوڑ)+ای (نسبتی)۔ چوڑی۔ چوکڑی۔ چوپڑی۔ چاڑی۔

چاہ (چ ہ)۔ رغبت۔ شوق۔ خواہش۔ چاؤ۔ چار۔ چیت۔

چاہنا (چ ہ نٗ)۔ چاہ+نا (مصدری)۔ محبت کرنا۔ رغبت کرنا۔ خواہش کرنا۔ چارنا۔ چیتنا۔

چاہیے (چ ہِ)۔ خواہ۔ پسند آئے۔ بھائے۔ پنجابی بھادیں۔

چائیں چائیں (چ ءِ ں چ ءِ ں)۔ شوروغل۔ بحث و تکرار۔ جھائیں جھائیں۔ چیں چیں۔ چک چک۔

چائیں مائیں (چ ءِ ں م ءِ ں)۔ چائیں (چکر)+ای (تانیثی)+مائیں (مکر)+ای (مہمل پچھوا۔ تانیثی)۔ گھومنا۔ گھماؤ۔ چکر۔ چکری۔ مکری۔

چانٗ

چانپ (چٗں پ)۔۱۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔ چپٹا اور لمبا ٹکڑا۔ بندوق کی نال کو کندے سے جوڑنے والا پرزہ۔

پسلیوں کے نیچے کی طرف کی ہڈی۔ چیپ۔ کانپ۔ چاب۔ ۲۔ مصنوعی دانتوں کی کمانی۔ چرم۔ چاڑ

چانٹ (چٗ ں ٹ)۔ ۱۔ ایک آواز۔ چڑ۔ نشان۔ چانک۔ چھاپ۔

چانٹا (چٗ ں ٹٗ)۔ چانٹ+آ (تذکیری)۔ آواز دار طمانچہ۔ چاڑا۔ جھاڑا۔ چادکا۔ چھاپا۔

چاند (چٗ ں د)۔ ۱۔ ماہ۔ قمر۔ روشنی۔ جاگ۔ جوت۔ چات۔ ۲۔ گھوم۔ پھیر۔ گول چیز۔ چاک۔ ۳۔ آگ۔ جال۔ چینک۔ ۴۔ سفید۔ چانول۔ چٹّل۔ چامر۔ ۵۔ موہ۔ چھل۔ چھند۔ چُور۔ ۶۔ چھال۔ چھار۔ ۷۔ چدّر۔ چادر۔ ۸۔ خوبی۔ اچھائی۔ چانگ۔ چاک۔ ۹۔ کھوپڑی کا اوپری حصہ۔ چھتر۔

چاندا (چٗ ں دٗ)۔ چاند+آ (تذکیری)۔ کمان۔ نصف دائرہ۔ چاکا۔ چوکا۔

چاندنی (چٗ ں دنِ)۔ چاند+نی (تانیث)۔ ۱۔ چاند کی روشنی۔ جاگی۔ جوتی۔ چاتی۔ چندری۔ ۲۔ سفید چادر جو فرش پر بچھائی جاتی ہے۔ چادرنی۔ ۳۔ ایک پھول دار بیل کا نام۔ چھانونی۔ چنورنی۔

چاندی (چٗ ں دِے)۔ چاند+ای (تانیث)۔ ۱۔ ایک سفید دھات۔ چانولی۔ ۲۔ جلی ہوئی سفید راکھ۔ چھاری۔ چھائی۔ ۳۔ حسب دل خواہ۔ اچھا۔ چانگی۔ چاکی۔

چانک (چٗ ں ک)۔ ۱۔ روک۔ بندش۔ نشان۔ چھاپ۔ ۲۔ فریب۔ چال۔ ۳۔ زخم۔ چرک۔ چوٹ۔

چانکیا (چٗ ں کِ ءٗ)۔ چانک+ای (نسبتی)+آ (فالتو)۔ قدیم ہندوستان کا ایک سیاست داں۔ چالیا۔

چانگلا (چٗ ں گ لٗ)۔ چانگ (خوبی۔ اچھائی)+لا (تذکیری)۔ ہوشیار۔ چوکنا۔ چاکلا۔ چونکا۔ چنگا۔

چانو (چٗ ں ءٗ)۔ سفیدی۔ چاند۔

چانول (چٗ ں وَل)۔ چانو+ال (نسبتی)۔ سفید دانے کا ایک اناج۔ چاندل۔ چند۔

چِ

چب (چِ ب)۔ ہنسی۔ دل لگی۔ چَب۔ چہل۔ چُوچ۔

چبل (چِ بَ ل)۔ ۱۔ چھیڑ۔ ۲۔ موہ۔ چھل۔ چھند۔

چبلا (چِ بَ ل لٗ)۔ چبل+آ (تذکیری)۔ ہنسی مذاق کرنے والا۔ ہنسوڑ۔ چھیڑا۔ چھندا۔

چبلنا (چِ بَ ل نٗ)۔ چبل+نا (مصدری)۔ ہنسنا۔ مذاق کرنا۔ چھیڑنا۔ چھلنا۔ چھندنا۔ چُلنا۔

چپ (چِ پ)۔ چیپ کا چھوٹا روپ۔ لیس۔ چینپ۔
چپٹ (چِ پَ ٹ)۔ چپ+اٹ (نسبتی)۔ اصل۔ پیوند۔ جوڑ۔ یکجائی۔ چپک۔ چمٹ۔
چپٹنا (چِ پَ ٹ نا)۔ چپٹ+نا (مصدری)۔ وصل ہونا۔ جُڑنا۔ یکجا ہونا۔ چپکنا۔ چمٹنا۔
چپچپا (چِ پ چِ پا)۔ چپ چپ+آ (تذکیری)۔ لیس دار۔ چپ چپ کرنے والا۔ چپکنے والا۔ چپکنا۔ چپ چپا۔
چپچپی (چِ پ چِ پی)۔ چپچپا کا مونث۔
چپک (چِ پَ ک)۔ چپ+اک (نسبتی)۔ جوڑ۔ لیس۔ لیس دار ہونے کی حالت۔ چیپ۔ چپک (چوپک)۔ چپٹ۔
چپکنا (چِ پَ ک نا)۔ ۱۔ چپک+نا (مصدری)۔ لگنا۔ جڑنا۔ پیوند ہونا۔ چپٹنا۔ ۲۔ چپک+نا (تذکیری)۔ چپکنے والا۔ لیس دار۔ چپکنا۔
چت (چِ ت)۔ ۱۔ روشنی۔ یاد۔ ہوش۔ چیت۔ ۲۔ نقش۔ چیل۔ چیر۔ چھیپ۔ ۳۔ چھید۔
چتا (چِ تا)۔ چت+آ (تذکیری)۔ منقش۔ چھپیا۔ چھدا۔
چتلا (چِ ت لا)۔ چت+لا (تذکیری)۔ منقش۔ دھبے دار۔ چیترا۔ چِتیا۔ چِتّھا۔
چتلی (چِ ت لی)۔ چتلا کا مونث۔
چتی (چِ تی)۔ چتا کا مونث۔
چتیرا (چِ تے را)۔ چت+ایرا (مذکر فاعلی)۔ چیتنے والا۔ نقش بنانے والا۔ چھیرا۔
چتھ (چِ تھ)۔ چھوٹا ٹکڑا۔ چینتھ۔ چِن۔ چیپ۔
چتھاڑ (چِ تھا ڑ)۔ چتھ+آڑ (نسبتی)۔ چیر پھاڑ۔ چینتھاڑ۔ چیر۔
چٹ (چِ ٹ)۔ کپڑے یا کاغذ کی ایک لمبی دھاپ۔ پھاڑ۔ چیر۔
چٹھ (چِ ٹھ)۔ ۱۔ چھوٹا ٹکڑا۔ چینتھ۔ چیپ۔ ۲۔ محصول۔ ٹیکس۔ چوتھ۔ ۳۔ تقسیم۔ چونٹ۔ ۴۔ کیفیت۔ حال۔ چال۔
چٹھا (چِ ٹھ ٹھا)۔ چٹھ+آ (تذکیری)۔ ۱۔ بٹنے والی رقم۔ تنخواہ۔ مزدوری۔ چونٹا۔ چوتھا۔ ۲۔ کیفیت۔ حال۔ چالا۔
چٹھی (چِ ٹھ ٹھی)۔ چٹھ+ای (تانیثی)۔ ۱۔ خیریت کا خط۔ چانگی۔ چالی۔ ۲۔ گشتی مراسلہ۔ چلتی۔ چکری۔

چر (چِ ر)۔۱۔ ایک آواز۔ چرَ۔ ۲۔ روغن۔ چیل (تیل)۔۳۔ ناخوشی۔ چڑ۔ ۴۔ ریزہ۔ نشان۔ چن۔

چراند (چِ رر'ں د)۔ چر+ آند (بو)۔ تیل کے جلنے کی بو۔ چلاند۔ تلاند۔ چرانس۔

چرچٹا (چِ ر چِ ٹ)۔ چرچ (وصل۔ پیوند) +اٹا (مذکر فاعلی)۔ چمٹنے والا۔ ایک خاردار پودا۔ چپٹا۔ چمٹا۔ چنچٹا۔

چرک (چِ رَ ک)۔ چر+اک (نسبتی)۔۱۔ ذراسا پاخانہ۔ چھینٹ۔ چھرک۔ چنک۔ ۲۔ ناخوشی۔ چڑک ۳۔ چکنائی۔ میل۔ چیک۔ چِل۔ چیم۔

چرکنا (چِ رَ ک نا)۔ چرک +نا (مصدری)۔۱۔ ذرا ذرا سا پاخانہ پھرنا۔ چھینٹنا۔ چھرکنا۔ ۲۔ ناخوش ہونا۔ چڑکنا۔ چپکنا۔

چرونجی (چِ رُں جِ)۔ چر+ونج (بھراؤ) +ای (تانیثی)۔ تیل بھری۔ اچار کے پھل کی گٹھلی کا روغنی گودا جو میوے کی طرح حلوے میں ڈالا جاتا ہے۔ چرونی۔ چلونی۔ چرونگی۔

چڑ (چِ ڑ)۔۱۔ غصہ۔ ناخوشی۔ چن۔ چِنک چینگ۔ ہریانی چِس۔ چیند۔ ۲۔ بولنا۔ چیک۔ چیک (چیخ)۔ ۳۔ نشان۔ بوند۔ چِل۔ چھینٹ۔ ۴۔ گرمی۔ اشتعال۔ جوش۔ چڑھ۔

چڑا (چِ ڑ)۔ چڑ+ آ (تذکیری)۔ ایک بہت چھوٹا سا پرند۔ چنکا۔ چکا۔ چیکا۔ چلکا۔ چتلا۔ چڈا۔ چڑھا۔

چڑانا (چِ ڑں)۔ چڑ + آ (امری) + نا (مصدری)۔ ناخوش کرنا۔ چنگانا۔ چنکانا۔ چکانا۔ چڑھانا۔

چڑچڑا (چِ ڑ چِ ڑ)۔ چڑچڑ+ آ (تذکیری)۔ ذرا سی بات پر ناخوش ہونے والا۔ بدمزاج۔ چنچنا۔ چیچڑا۔

چڑچڑانا (چِ ڑ چِ ڑں)۔ چڑچڑ+ آ (امری) + نا (مصدری)۔ ذرا ذرا سی بات پر ناخوش ہونا۔ چنچنانا۔

چڑچڑی (چِ ڑ چِ ڑِ)۔ چڑچڑ+ای (تانیثی)۔ چڑچڑا کا مونث۔

چڑنا (چِ ڑں)۔ چڑ +نا (مصدری)۔ ناخوش ہونا۔ چڑھنا۔ چرکنا۔ چنکنا۔ چگنا۔ چپکنا۔ چرھنا۔

چڑونٹا (چِ ڑُں ٹ)۔ چڑ +ونٹا (مذکر فاعلی)۔ چڑا۔ چڑالا۔ چڑھالا۔

چڑیا (چِ ڑِ ء)۔ چڑ+ای (تانیثی) + آ (فالتو)۔ چڑا کا مونث۔

چل (چِ ل)۔۱۔ چیل کا چھوٹا روپ۔ ۲۔ نشان۔ نقطہ۔ چانک۔ تِل۔ چھینٹ۔ ۳۔ درز۔ چیر۔ جھیر۔ چک۔ ۴۔ چمک۔ روشنی۔ چَم۔ چھوٹ۔ چر۔ تر۔ جھَل۔ چلک۔ ۵۔ زور کی آواز۔ چیک (چیخ)۔ ۶۔ حرکت۔ چَل۔ بل۔ ۷۔ روغن۔ چکنائی۔ تیل۔ چیک۔ ۸۔ گولائی۔ گھیر۔ چرک (چرخ)۔ چکر۔ چانک۔ ۹۔ ہشیاری۔ چونک۔ ۱۰۔ لمبائی۔ خط۔ دھاگا۔ چار۔ تار۔ ۱۱۔ سرا۔ چھور۔ ۱۲۔ غصہ۔ چڑ۔ تیزی۔ جھَل۔ جھال۔

چِلّا (چِ ل لْ)۔ چل+آ (تذکیری)۔ ۱۔ وظیفے پڑھنے کے لئے کھینچا ہوا حصار۔ گھیرا۔ دائرہ۔ چکرا۔ چاھکا۔ ۲۔ مزار کی جالی پر بندھنے والا منّت کا تاگا۔ پنجابی تِلّا (تاگا)۔ چھینکا۔ ۳۔ کمان کی تانت۔ جِھلّا۔ چاڑا۔ چڈّھا۔ چڑھا۔ چھُوڑا۔

چِلّانا (چِ ل لْ نْ)۔ چِلّ +آ (امری) +نا (مصدری)۔ ۱۔ ناخوش ہونا۔ جَھلّانا۔ چِڑانا۔ ۲۔ زور سے آواز نکالنا۔ چیکنا (چیخنا)۔ برج بھاشا اِلّانو۔

چِلچِلانا (چِ ل چِ لْ نْ)۔ چِل چِل+آ (امری) +نا (مصدری)۔ چل چل کرنا۔ چمکنا۔ چلکنا۔ جَھلجَھلانا۔

چِلڑ (چِ ل لَ ڑ)۔ چِلّ +اڑ (نسبتی)۔ سر کے بالوں میں پڑنے والا کیڑا۔ جوں۔ چھینٹر۔ تِلّر۔

چِلک (چِ لَ ک)۔ چل+اک (نسبتی)۔ روشنی۔ چمک۔ جھلک۔

چِلکنا (چِ لَ ک نْ)۔ چلک+نا (مصدری)۔ روشنی دینا۔ چھوٹ ڈالنا۔ چمکنا۔ جھلکنا۔

چِلم (چِ لَ م)۔ چل+ام (نسبتی)۔ ۱۔ جھرّیوں والی۔ آگ تمباکو رکھنے کا برتن جو حقے پر جمایا جاتا ہے۔ جِھلم۔ جھرم۔ ۲۔ چھیدال۔

چِلمچی (چِ لَ م چِ)۔ چلم+چی (تانیث)۔ ہاتھ منہ دھونے کا برتن جس کے ڈھکن میں سوراخ ہوتے ہیں۔ جھلمچی۔ جھلمی۔ چھیدالی۔ چھید والی۔

چِلمن (چِ ل مَ ن)۔ چلم+ان (تانیث)۔ چک۔ تیلیوں یا سرکنڈوں کا بنا ہوا پردہ۔ جھلمن۔ چھدرن۔

چِلوا (چِ لَ ہْ)۔ چل+اوا (مذکر فاعلی)۔ جوں۔ تِلوا۔ ٹِلوا۔

چِلی (چِ ل لِ)۔ چل +ای (تانیث)۔ زور کی آواز۔ ڈانٹ۔ چیتاونی۔ تنبیہہ۔ چیکی (چیخی)۔ چونکی۔ چھینٹی۔

چِہانا (چِ ہْ نْ)۔ چہہ (چڑ) +آ (امری) +نا (مصدری)۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔ چِڑانا۔ چِلانا۔

چیونٹا (چِ ءں ٹْ)۔ چیونٹ (۔ چوسنا۔ چکھنا۔ ۲۔ نوچنا۔ چونٹ۔ نوچ) +آ (تذکیری)۔ ایک مشہور کوڑا۔ چکھا۔ چوسا۔ نوچا۔ چونٹا۔

چیونٹی (چِ ءں ٹِ)۔ چونٹا کا مونث۔ چھوٹا چونٹا۔

چ

چیپ (چ پ)۔ ۱۔ لیس۔ لعاب۔ چَپ۔ ۲۔ دھجی۔ دھاب۔ چیر۔
چپی (چ پِ)۔ چیپ +ای (تانیثی)۔ چپکنے والی۔ مُڑنے والی۔ کاغذ کی دھجی۔ چیری۔ چیپی۔
چیت (چ ت)۔ ۱۔ ہوش۔ شعور۔ دھیان۔ جاگ۔ چت۔ چیت۔ چانک۔ چالک۔ ۲۔ تجال۔ اجال۔ چوند۔ نقش گری۔ چیر۔ چھیپ۔
چیتا (چ تُ)۔ چیت +۲ (تذکیری)۔ ۱۔ دھیان۔ ہوش۔ حافظہ۔ یاد۔ چیتا۔ ۲۔ نقش بنانے والا۔ چیترا۔ چھاپلا۔ چھوپا۔ چھیپا۔
چیتنا (چ ت نُ)۔ چیت +نا (مصدری)۔ ۱۔ ہوش میں آنا۔ جاگنا۔ اُچھلنا۔ چڑنا۔ چوندنا۔ ۲۔ نقش بنانا۔ چھیپنا۔ چیرنا۔
چیٹک (چ ٹَ ک)۔ چیٹ (دھیان) +اک (نسبتی)۔ دھیان۔ یاد۔ چیتک۔ چوندک۔
چیچ (چ چ)۔ ۱۔ لیس۔ رطوبت۔ چیپ۔ ۲۔ ابھار۔ چھال۔
چیچک (چ چَ ک)۔ چیچ +اک (نسبتی)۔ ایک مشہور بیماری۔ سیتلا۔ ماتا۔ چیپک۔ چھالک۔
چیر (چ ر)۔ ۱۔ حرکت۔ چلن۔ ڈھنگ۔ چال۔ ۲۔ نشان۔ دباؤ۔ چھاپ۔ ۳۔ عکس۔ چھوٹ۔ چھوڑ۔ چھو
چیرا (چ رُ)۔ چیر +۲ (تذکیری)۔ شاگرد۔ مُقلد۔ چالا۔ چیلا۔ چھاپا۔ ۲۔ غلام۔ داس۔ چھورا۔
چیری (چ رِ)۔ چیرا کا مونث۔
چیل (چ ل)۔ ۱۔ چیر۔ ۲۔ نشان۔ ضرب کا نشان۔ چانک۔ چرک۔ ۳۔ خراش۔ کھرچنا۔ چھیل۔ ۴۔ پیار۔ چاہ۔
چیلا (چ لُ)۔ چیل +۲ (تذکیری)۔ ۱۔ شاگرد۔ مقلد۔ پیرو کار۔ معتقد۔ چھاپا۔ چالا۔ چیلا۔ ۲۔ غلام۔ داس۔ چھورا۔ چھوٹا۔ ۳۔ پیارا۔ چاہا۔
چیلک (چ لَ ک)۔ چیل +اک (نسبتی)۔ ضرب کا وہ نشان جو کسی لفظ کے ناپسند ہونے پر لگا دیتے ہیں۔ چانک۔ چھوٹ۔ چھیل۔
چیلی (چ لِ)۔ دیکھئے چیری۔

چِ

چپ (چِ پ)۔ ۱۔ چینی یا لکڑی کی کرچ۔ چیب۔ چھپل۔ چانپ۔ ۲۔ میل۔ جوڑ۔ چیچ۔

چپّا (چِ پ پُ)۔ چپ+آ (تذکیری)۔ چھوٹا سا ٹکڑا۔ پرزہ۔ چیپا۔

چپّخ (چِ پ پَ خ)۔ دیکھئے چپّک۔

چپّک (چِ پ پَ ک)۔ چپ+اک (نسبتی)۔ دبلا پتلا آدمی۔ چیپ جیسا۔ چیپک۔ چانپک۔ چھپلک۔

چپّی (چِ پ پے)۔ چھوٹا چپّا۔

چت (چِ ت)۔ ۱۔ خواہش۔ چل۔ چاہ۔ ۲۔ اجلا پن۔ سفیدی۔ چِٹ۔ ۳۔ داغ۔ دھبّا۔ نشان۔ بوند۔ چِل۔ چِر۔ تیت۔ چھینٹ۔ ۴۔ بلندی۔ چانٹ۔ چٹ۔ ۵۔ جھلک۔ دیکھن۔ چِل۔ چکر۔

چتا (چِ تُ)۔ چت+آ (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔ لکڑی کا اونچا ڈھیر جس پر رکھ کر ہندوؤں کا مردہ جلایا جاتا ہے۔ چِتّا۔

چتکبرا (چِ ت کَ ب رُ) چت+کبر (سیاہی۔ کاجل)+آ (تذکیری)۔ کالے اور سفید رنگ کا۔ چٹ کجلا۔

چتکبری (چِ ت کَ ب رے)۔ چتکبرا کا مونث۔

چتون (چِ ت وَ ن)۔ چت+ون (تانیث)۔ نظر۔ تیوری۔ چکرون۔ چاکن۔ تاکن۔ چکن۔

ردن (رٓ ن)۔۱۔ گریہ۔ رُدج۔ ۲۔ گشت۔ چل پھر۔ سفر۔ رَوند۔ ۳۔ ناچ۔ نقل۔ سوانگ۔ رہس۔ رَدّپ۔ رَونگ۔ ۴۔ گوُل۔ رُدل۔ ۵۔ اینٹ پتھر کا ٹکڑا۔ رُوڑ۔

رونا (رٓ نٰ)۔ ردن+آ (تذکیری)۔۱۔ دکھڑا۔ بپتا۔ رُوجنا۔ رگڑا۔ ۲۔ اوپر کا کام کرنے والا ملازم۔ روندا۔ لونڈا۔ ۳۔ محصول کا پرچا۔ روندا۔ ۴۔ گھنگھرو یا جھا نجھن کے اندر کے دانے جو بجتے ہیں۔ رُوڑا۔ رُدلا۔ رونگا۔

رونا (رٓ نٰ)۔ رد +نا (مصدری)۔ آنسو بہانا۔ روجنا۔ رُودنا۔

رٓں

رونتھ (رٓں تھ)۔ پسائی۔ جانوروں کی جگالی۔ رِیت۔ رگڑ۔ رَدنس۔

رونتھنا (رٓں تھ نٰ)۔ رونتھ+نا (مصدری)۔ جگالی کرنا۔ ریتنا۔ رگڑنا۔ رونسنا۔

روند (رٓں د)۔ گشت۔ چل پھر۔ پامالی۔ کھوند۔ رگڑ۔ ریت۔

روندنا (رُن دنْ)۔ روند+نا (مصدری)۔ پاؤں تلے کچلنا۔ کھوندنا۔ رگڑنا۔ ریتنا۔

روُنس (رُن س)۔ پسائی۔ مُجگالی۔ رودنتھ۔ ریت۔ رگڑ۔

رونگٹا (رُن گ ٹْ)۔ رونگ (لسانی) + ٹا (تذکیری)۔ انسانی جلد کا نرم بال۔ رواں۔ لونگٹا۔ لاٹا۔

زَ

زبر (زَبَ ر)۔ دیکھیے جبر۔

زپاٹا (زَن پَ ٹْ)۔ دیکھیے جپاٹا۔

زٹل (زَٹَ ل)۔ دیکھیے جٹل۔

زٹیل (زَٹِ ءَل)۔ دیکھیے جٹیل۔

زچّا (زَن چ چْ)۔ دیکھیے جچّا۔

زق زق (زَق زَق)۔ دیکھیے جک جک۔

زک (زَق)۔ دیکھیے جک۔

زن (زَن)۔ دیکھیے جن۔

زناٹا (زَن ن ْ ٹْ)۔ دیکھیے جنّاٹا۔

زناخی (زَنْ خِ)۔ دیکھیے جناکی۔

زنازن (زَنْ زَن)۔ دیکھیے جناجن۔

زنخا (زَن خْ)۔ دیکھیے جنکا۔

زے

زیٹ (زِےٹ)۔ دیکھیے جیٹ۔

زیرا (زِےرْ)۔ دیکھیے جیرا۔

سَ

سب (سَ ب)۔ ۱۔ سختی۔ کساؤ۔ گرفت۔ تنگی۔ حلقہ۔ سانک۔ جب۔ ۲۔ تعلق۔ سلسلہ۔ سَند۔ سانبو۔ سبوہ۔ سیڑھ۔ سَنید۔ سم۔ ۳۔ مکمل۔ پورا۔ درست۔ سار۔ساج۔ ۴۔ روپ۔ انداز۔ ڈھنگ۔ ۵۔ پانی۔ سَل۔ ۶۔ تان۔ سُر۔

سبد (سَ بَ د)۔ لفظ۔ آواز۔ سانگ۔ سَن۔ سنسکرت شبد۔

سبر (سَ بَ ر)۔ سب+ار (نسبتی) پورا۔ مکمل۔ ساجر۔ سبھ۔ برج بھاشا سگر۔

سبر نیل (سَ بَ رنِ ل)۔ سبر+ نیل (نگلنا)۔ پورا سورج گہن یا پورا چاند گہن۔ سبھ نیل۔ سبھ نگل۔

سبّل (سَ ب بَ ل)۔ سبّ +ال (نسبتی)۔ نقب لگانے کا آلہ۔ سَنیدل۔

سبیل (سَ بِ ل) سب+ایل (نسبتی)۔ پانی پلانے کی جگہ۔ پیاؤ۔ سَلیل۔

سبھ (سَ بھ)۔ ۱۔ مجمع۔ انبوہ۔ سمب۔ ۲۔ پورا۔ مکمل۔ ساجر۔ سبر۔

سنبھ (سَ ں بھ بھ)۔ مہذب۔ شائستہ۔ سانبھ۔ سُوبھ۔ چج۔ ساب۔ ساد۔ سنسکرت شبھ۔

سبھا (سَ بھٰ)۔ سبھ +آ (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔ مجمع۔ محفل۔ انجمن۔ مجلس۔ سبرا۔ سمبا۔

سبھی (سَ بھِ)۔ سبھ+ای (تاکیدی۔ ہی)۔ تمام لوگ ہی۔ سبر ہی۔

سپ (سَ پ)۔ ۱۔ صفائی۔ خوبی۔ چمک۔ سینت۔ سانگ۔ سون۔ ۲۔ صاف کرنے والا۔ سوپ۔ ساپھر۔

سپّ (سَ ں پ پ)۔ ۱۔ سانپ۔ ۲۔ چکناہٹ۔ سِیل۔ رپ۔ ۳۔ ساد۔ سیدھ۔ ۴۔ ٹکڑا۔ کھانپ۔ ۵۔ خلا۔ کھال (خال)۔ ۶۔ افواہ۔ آہستہ اور خفیہ ہوا۔ سَر۔ ۷۔ جھوٹ۔ گپّ۔ ۸۔ ساتھ۔ سم

سپا (سَ پٰ)۔ سپ+آ (تذکیری)۔ صاف۔ اچھا۔ سانگا۔ جھڑا۔ سیتا۔ ستھرا۔ سوپا۔ پنجابی سُونا۔

سپاٹ (سَ ں پٰ ٹ)۔ سپ+آٹ (نسبتی)۔ چکنا۔ سِلاٹ۔ رپاٹ۔ سانٹ۔

سپاٹا (سَ ں پٰ ٹٰ)۔ سپ+آٹا (مذکر فاعلی)۔ دھاوا۔ تیزی کا سفر۔ رپاٹا۔ زپاٹا۔ سرّاٹا۔

سپاچٹ (سَ پٰ چَ ں ٹ)۔ سپا+ چٹ (چِٹّا)۔ جھڑا جھڑایا۔ بالکل صاف۔ چٹیل۔ جھڑا جھڑ۔ صفا چٹ۔

سپائی (سَ پٰ ئِ)۔ سپ+آئی (تانیث)۔ ۱۔ ستھرا پن۔ سیتائی۔ سنگائی۔ جھڑائی۔ ستھرائی۔ صفائی۔ ۲۔ خاتمہ۔ سونتی۔

سپایا (سَ پٰ ئی)۔ سپ+آیا (مذکر فاعلی)۔ خاتمہ۔ سونتا۔

سپت (سَ پَ ت)۔ سپ+ات (نسبتی)۔ ۱۔ شرکت۔ ساجھ۔ ۲۔ آوارگی۔ سَیل۔ ۳۔ چمٹنا۔ لپٹ۔

۴۔ سات۔ سینت۔ ۵۔ بزرگ۔ درویش۔ سنت۔ ۶۔ مفت۔ فضول۔ زائد۔ سینت۔

سپتالو (سَ پ ٹ لُ)۔ سپت+ آلو (مذکر فاعلی)۔ ایک سرخ رنگ کا پھل۔ سیندو۔ سترو۔ شفتالو۔

سپتیل (سَ ں پ تَ ل)۔ سپت+ ال (نسبتی)۔ آوارہ اور نکمی عورت۔ چھتل۔ شفتل۔

سپتنی (سَ پ ت نِ)۔ سپت+ نی (تانیثی)۔ سوتن۔ سوتنی۔ یہ بول سنسکرت میں ملتا ہے۔

سپر (سَ پَ ر)۔ سپ+ ار (نسبتی)۔ صاف کرنے والا۔ ساپر۔ سوپر۔ سوپل۔

سپروائی (سَ پَ ر ؤ ےِ)۔ سپر+ واء (طبقہ۔ گروہ۔ دل) +ای (نسبتی)۔ صاف کرنے والی جماعت کا آدمی۔ جھاڑنے والا۔ سوپر دَلی۔ سار دَلی۔

سپرمینا (سَ پَ ر یِ نُ)۔ سپر+ مین (نوع۔ قسم۔ میل) + آ (تذکیری)۔ درست کرنے والی ٹولی کا آدمی۔ سوپرمیلا۔

سپڑ (سَ پَ ڑُ)۔ ۱۔ دُھلائی۔ صفائی۔ نہان۔ سونچ۔ سونت۔ سوپر۔ چُوپڑ۔ ۲۔ سَنیذ۔

سپڑنا (سَ پَ ڑ نُ)۔ سپڑ+ نا (مصدری)۔ نہانا دھونا۔ سوپرنا۔ چُپڑنا۔ سونتنا۔ سونچنا۔

سپڑی (سَ پ ڑِ)۔ سپڑ+ ای (تانیثی)۔ امرود۔ سینڈی۔ سفری۔

سپّم سپّا (سَ ں پ پَ م سَ ں پ پُ)۔ سپّ+ ام (بچگلور) +سپّ+ آ (تذکیری)۔ بربادی۔ خاتمہ۔ ساپھم ساپھا۔ سونتم سونتا۔ سَپڑم سپڑا۔ کھلم کھلا۔ خالم خالا۔ صفم صفا۔

سپّو (سَ ں پ پُ)۔ سپّ+ او (تانیثی)۔ خالی پن۔ گنجفے کا ایک کھیل جس میں کچھ خاص پتے ختم ہو جاتے ہیں۔ ساپھو۔ سونتو۔ صفو۔

سپوٹنا (سَ پُ ٹ نُ)۔ سپ+ اوٹ (نسبتی) +نا (مصدری)۔ بہت بہت سا کھانا۔ سمیٹنا۔ سمَیٹنا۔ سونتنا۔

سپوڑنا (سَ پُ ڑ نُ)۔ سپ+ اوڑ (نسبتی) +نا (مصدری)۔ بہت بہت سا کھانا۔ سمیٹنا۔ سونتنا۔

سپوت (سَ پُ ت)۔ سا (اچھا۔ ست) + پوت (بیٹا)۔ اچھا بیٹا۔ خلف الرشید۔ سوت پوت۔ سنت پوت۔

سپوکا (سَ ں پُ کُ)۔ سپ+ اوکا (مذکر فاعلی)۔ جھوٹی بات۔ افواہ۔ سرکا۔ گپوکا۔ شفوقہ۔

سپولیا (سَ ں پُ لِ ۂ)۔ سپ+ اول (پیدائش۔ جھول) +ای (نسبتی) + آ (فالتو)۔ سانپ کا بچا۔ سپ جھولیا۔

سپیرا (سَ ں پ رُ)۔ سپ+ ایرا (مذکر فاعلی)۔ سانپ کا تماشا دکھانے والا۔ سانپ ہیرا۔ سانپ ہارا۔

سپیل (سَ ں پ ل)۔ سپ+ایل (نسبتی)۔ پشتہ۔ سادنے والی دیوار۔ سدیل۔ سنجیل۔ صفیل۔

سپیلا (سَ ں پ لٰ)۔ سپیل+آ (تذکیری)۔ چھت سادنے کی اڑواڑ۔ پشتہ۔ سدیلا۔ سنبھیلا۔ صفیلا۔

سپھا (سَ پھٰ)۔ سپھ (حقیقت)+آ (تذکیری)۔۱۔ حق گو۔ سچا۔ سوکھا۔۲۔ واضح۔ کھلا ہوا۔ سپاٹ۔ سیدھا۔ سادا۔۳۔ چکنا۔ سپا۔ سِپلا۔۴۔ بالکل ڈھلا مُچھا۔ سپڑا۔ مُتا۔ سوتنا۔

سپھائی (سَ پھٰ ے)۔ سپھ+آئی (تانیث)۔۱۔ سیدھائی۔ سچائی۔۲۔ دھلائی۔ سپڑائی۔ مُتائی۔

ست (سَ ت)۔۱۔ سات (۷)۔۲۔ سفر۔ سادھ۔ ساند۔ گت۔ سَیر۔ سَیل۔ سَن۔۳۔ بزرگ۔ سنت۔۴۔ نقل۔ سانگ۔ سوانگ۔۵۔ وقفہ۔ سکون۔ آرام۔ سینت۔ سانس۔ سُکھ۔ سَینک۔۶۔ حالت۔ گت۔۷۔ آگ۔ چمک۔ سورج۔۸۔ جذب۔ سُوکھ۔۹۔ آب پاشی۔ سینچ۔۱۰۔ گھماؤ۔ ساٹ۔ سانگ۔ داب۔ دباؤ۔ سنکرٹ۔ سہم۔ سَوت۔۱۱۔ قرب۔ یکجائی۔ سانگ۔ سٹ۔ سمٹ۔ سانٹھ۔۱۲۔ سو کا عدد۔ سَو۔ سنسکرت شت (۱۰۰)۔۱۳۔ خموشی۔ سونٹھ۔ سَن۔۱۴۔ قربان۔ سَینت (کھینت)۔

ستّ (سَ ں ت ت)۔۱۔ لِیس۔ سٹ۔۲۔ چکنا پن۔ پھسلن۔ رپٹ۔ سپٹ۔۳۔ قابو۔ اختیار۔ سمپٹ۔۴۔ عرق۔ نچوڑ۔ سار۔ سیت۔ سونت۔۵۔ راست۔ سچ۔۶۔ لمبائی۔ پچھی۔ سانٹ۔ سیدھ۔ ستر۔۷۔ تکلیف۔ دکھ۔ سُوکھ۔ سُوچ۔۸۔ خشکی۔ سُوکھ۔۹۔ جلن۔ سُلگ۔ سُرنگ۔ سِنڈک۔ پنجابی سَوڑ۔۱۰۔ عزت۔ مان۔ سَر۔۱۱۔ طاقت۔ بل۔ ساد۔ سکت۔۱۲۔ مہذب۔ سبھ۔۱۳۔ جوڑ۔ ہمراہی۔ ساتھ۔ سنگ۔۱۴۔ بدکاری۔ چھت۔۱۵۔ صاف۔ سپر۔۱۶۔ سرخی۔ لالی۔ سُور۔ سیند۔۱۷۔ نگلنا۔ سُنک۔

ستّا (سَ ں ت ٹ)۔۱۔ ستّ+آ (تذکیری)۔ تاش کا وہ پتّا جس پر سات بوندیں ہوتی ہیں۔ ساترا۔ سینترا۔۲۔ ست+آ (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔ بدکار عورت۔ فاحشہ۔ چھتا۔ سپتا۔ شفتا (شفتل)۔ شتّا۔

ستانا (سَ ں ٹ نٰ)۔ ست+آ (امری)+نا (مصدری)۔ دبانا۔ بھینچنا۔ تکلیف دینا۔ سیتانا۔ پنجابی سڑانا۔

ستر (سَ تَ ر)۔ ست+ار (نسبتی)۔۱۔ پھیلا ہوا۔ لمبا۔ سیدھا۔ سانٹ۔ سیتر۔۲۔ سات کا۔ ساتر۔ سیتر۔

سترّہ (سَ ں ت ت رٰہ)۔ ستّ (ستر۔ ساتر)+رھا (دس)۔ دس اور سات کی گنتی۔ ستردھا۔ ستردسا۔

ستکار (سَ ت کُ ر)۔ ست+کار (نسبتی)۔ قدر۔ احترام۔ تواضع۔ آؤ بھگت۔ بسکار۔ سار۔

ستّو (سَ ں ت تّ)۔ ست+او (مذکر فاعلی)۔ بھنے ہوئے اناج کا آٹا۔ سُوکھو۔ سُنکو۔

ستوانسا (سَ ت ؤں سٰ)۔ ست+وانس (پہلو۔ بل)+آ (تذکیری)۔ سات مہینے کا حمل۔ ست پہلا۔ ست بلا۔

ستی (سَ تِی)۔ ست+ای (تانیثی)۔ وہ ہندو عورت جو شوہر کی لاش کے ساتھ جل جائے۔ سینتی۔
ستیاناس (سَ ں ت تِیَ ءْ نْ س)۔ ست+ء (بچگلوا)+آ (تذکیری)+ناس (بربادی)۔ بالکل بربادی۔ سونتیاناس۔
سٹ (سَ ٹ)۔۱۔ قرب۔ میل۔ یکجائی۔ سازش۔ سانگ۔ سانٹھ (گانٹھ)۔ ۲۔ یاد۔ ورد۔ دہرانا۔ رٹ۔ سمر۔ سہل۔
سنٹ (سَ ں ٹ ٹ)۔۱۔ چھڑ۔ سَر۔ سانٹ۔ ۲۔ جوڑ۔ ساتھ۔ سنگ۔ سانک۔ ۳۔ قریب۔ سٹ۔ ۴۔ کنارا۔ چھور۔ نمبر۔ سِر۔ ۵۔ ہٹنا۔ بڑھنا۔ سرک۔ ۶۔ جلدی۔ تیز۔ کھٹ۔ سرپٹ۔
سنٹا (سَ ں ٹ ٹ)۔ سنٹ+آ (تذکیری)۔۱۔ ایک قسم کا خفیہ جوا۔ نمبر۔ نمبروں کا جوا۔ باری۔ سٹا۔ سینڈا۔ سِرا۔ ۲۔ تعلق۔ جھگڑا۔ الجھاؤ۔ سنگا۔ سانکا۔ رٹا۔
سٹانا (سَ ٹُ نْ)۔ سٹ+آ (امری)+نا (مصدری)۔ قریب کرنا۔ پاس لانا۔ سمٹانا۔ سنگانا۔
سنٹک (سَ ں ٹَ ک)۔ سٹ+اک (نسبتی)۔۱۔ بیچوان کی لچکیلی نے۔ سونٹک۔ سانک۔ ۲۔ پھسلن۔ سرک۔ ۳۔ ملانے والی۔ سڑک۔ سیدھک۔
سنٹکنا (سَ ں ٹَ ک نْ)۔ سنٹک+نا (مصدری)۔ چپکے سے چلے جانا۔ سرکنا۔
سنٹکنی (سَ ں ٹ کَ نِی)۔ سنٹکن (سٹکنے کا کام)+ای (تانیثی)۔ دروازہ بند کرنے کی ایک چھڑ۔ سٹکنے والی۔ سانکنی۔ سرکنی۔
سٹنا (سَ ٹ نْ)۔ سٹ+نا (مصدری)۔ قریب ہونا۔ مل جانا۔ سنٹھنا۔ سمٹنا۔
سنٹیلی (سَ ں ٹ لِی)۔ سٹ+ایلی (مونث فاعلی)۔ شکر چڑھے لمبے لمبے ٹکڑوں کی ایک مٹھائی۔ سانکیلی۔ سانٹیلی۔
سٹھ (سَ ٹھ)۔۱۔ خشکی۔ سوکھ۔ ست۔ ۲۔ پاگل پن۔ سِڑ۔ سینتر۔ سَن۔ ۳۔ ساٹھ (۶۰)۔
سٹھیانا (سَ ٹھِ ءْ نْ)۔ سٹھ+ء (بچگلوا)+آ (امری)+نا (مصدری)۔ بہک جانا۔ سڑیانا۔ سینترانا۔
سٹھورا (سَ ٹھ وْ رْ)۔ سٹھ+اورا (مذکر فاعلی)۔ زچا کی ستو جیسی ایک خشک غذا۔ سنتورا۔ سوکھورا۔ ستوکھرا۔ گٹھورا۔
سج (سَ ج)۔۱۔ آرائش۔ چھج۔ ۲۔ لگان۔ باج۔ ۳۔ درستی۔ صحت۔ سچ۔ سال۔ ۴۔ ساتھ۔ سنگ۔ ۵۔ بستر۔ سیج۔ ۶۔ شور۔ کھار۔ سار۔

سجانا (سَ جَ نا)۔ سج + آ (امری) + نا (مصدری)۔ سنوارنا۔ ترتیب دینا۔ سلانا۔ سجانا۔

سجاول (سَ جَ وَل)۔ سج + آول (نسبتی)۔ سرکاری روپیا وصول کرنے والا۔ بجاول۔

سجن (سَ جَ ن)۔ سج + ان (نسبتی)۔ پیارا۔ محبوب۔ ساتھی۔ شوہر۔ ساجن۔ راجن۔ سنگن۔

سجّن (سَ ج جَ ن)۔ سجّ + ان (نسبتی)۔ اچھا آدمی۔ شریف۔ مہذب۔ شائستہ۔ سَت جن۔

سجنا (سَ ج نا)۔ سج + نا (مصدری)۔ ۱۔ سنورنا۔ سونا۔ سلنا۔ ۲۔ زیب دینا۔

سجنی (سَ ج نِی)۔ سج + نی (تانیث)۔ پیاری۔ محبوبہ۔ رجنی۔ سجنی۔ سنگنی۔

سجّی (سَ ج جِی)۔ سجّ + ای (تانیث)۔ کپڑا صاف کرنے کا ایک کھار۔ ساری (کھاری)۔ سپری۔ ساپھی (صافی)۔ سابی۔

سجیلا (سَ جِی لا)۔ سج + ایلا (مذکر فاعلی)۔ سج والا۔ بنا سنورا۔ بانکا۔ چھجیلا۔

سجیلی (سَ جِی لِی)۔ سجیلا کا مونث۔

سچ (سَ ں چ چ)۔ ۱۔ درست۔ کھرا۔ ساج۔ سانچ۔ ساکھ۔ ست۔ سنسکرت ستیہ۔ ۲۔ اندازہ۔ تول۔ جانچ۔

سچّا (سَ ں چ چا)۔ سچ + آ (تذکیری)۔ ۱۔ سچ والا۔ سچ بولنے والا۔ راست باز۔ سانچا۔ سیدھا۔ ۲۔ مکمل۔ درست۔ پورا۔ سارا۔ ساجا۔ ۳۔ بنا سنورا۔ سجا۔ ۴۔ کھرا۔ بے میل۔ ساکھا (ساکھ والا)۔ سوکھا۔ ۵۔ اندازے کے مطابق۔ بالکل صحیح۔ جچا (جنچا)۔

سچّی (سَ ں چ چِی)۔ سچّا کا مونث۔

سد (سَ د)۔ ۱۔ ساد کا چھوٹا روپ۔ ۲۔ سلسلہ۔ سیدھ۔ ۳۔ چھڑ۔ سر۔ سانٹ۔ ۴۔ برداشت۔ سانبھ۔

سدا (سَ دا)۔ سد + آ (تذکیری)۔ لگاتار۔ برابر۔ ہمیشہ۔ تت۔ سیدھا۔ سانٹا۔ ستوترا۔ ستّرا۔

سدّا (سَ د دا)۔ سدّ + آ (تذکیری)۔ علم۔ جھنڈا۔ سترا۔ سانٹا۔ شدّا۔

سدابرت (سَ دا بَ رت)۔ سدا + برت (تقسیم۔ بخشش)۔ ہمیشہ جاری رہنے والی خیرات۔ سدا بانٹ۔

سدھ (سَ دھ)۔ تربیت۔ سیکھ۔

سدھانا (سَ دھا نا)۔ سدھ + آ (امری) + نا (مصدری)۔ شائستہ بنانا۔ تربیت دینا۔ درست کرنا۔ سکھانا۔

سدھنا (سَ دھ نا)۔ سدھ + نا (مصدری)۔ شائستہ بننا۔ تربیت لینا۔ درست ہونا۔ سیکھنا۔

سر (سَ ر)۔ ۱۔ اچھائی۔ شُبھ۔ ۲۔ عزت۔ قدر۔ در۔ ساکھ۔ ۳۔ تیلی۔ سلاخ۔ سانٹ۔ چھڑ۔ ۴۔ کاٹ۔ شگاف۔ سانٹ۔ در۔ ۵۔ باریک دانہ۔ چھرہ۔ ۶۔ جلدی۔ جلد جلد آگے بڑھنے کی آواز۔

سٹ۔ سرک۔ پھر۔ سیل۔ ۷۔ پانی سَل۔ ۸۔ برداشت۔ تحمل۔ ذمہ داری۔ ساد۔ ۹۔ انتظام۔ درستی۔ سلیقہ۔ سَل۔ سانبھ۔ سَین۔ ۱۰۔ قانون۔ سوتر۔ گر۔ ۱۱۔ مثل۔ مانند۔ برابر۔ سم۔ سار۔ سا۔

سرابور (سَ رٗ بٗ ر)۔ سر+آ (بجلگوا)+بور (بوڑ۔ بوند)۔ تربتر۔ پانی میں خوب بھیگا ہوا۔ سلابوڑ۔ شرابور۔

سرّاٹا (سَ ر رٗ ٹ)۔ سر+آٹا (مذکر فاعلی)۔ سرسر کی آواز۔ زور سے پانی بہنے کی آواز۔ پھسلن۔ چھلاٹا۔ سپاٹا۔ شرّاٹا۔

سرّانا (سَ ر رٗ نٗ)۔ سرّ+آ (امری)+نا (مصدری)۔ چپکے چپکے جلد جلد آگے بڑھنا۔ سرسرانا۔ پھرّانا۔ شرّانا۔

سرانا (سَ رٗ نٗ)۔ سر+آ (امری)+نا (مصدری)۔ قدر کرنا۔ درانا۔

سراہ (سَ رٗ ہ)۔ سر+آہ (نسبتی)۔ خوبی۔ دوستی۔ اچھائی۔ بھلائی۔ سنبھال۔ سنوار۔ سلار۔ سجار۔ سمار۔ سرار۔

سراہنا (سَ رٗ ہ نٗ)۔ سراہ+نا (مصدری)۔ اچھا کہنا۔ خوبیاں بیان کرنا۔ تعریف کرنا۔ سجارنا۔ سلارنا۔ سنبھالنا۔ سرارنا۔

سرپ (سَ ر پ)۔ ۱۔ سانپ۔ ۲۔ پھسلن۔ چکناہٹ۔ جلدی۔ سوپ۔ رپ۔ ریل۔

سرپٹ (سَ ر پَ ٹ)۔ سرپ+اَٹ (حالت۔ آٹ)۔ جلد جلد۔ تیز تیز۔ سپٹ۔ رپٹ۔ سرّاٹ۔ سپاٹ۔ سٹ پٹ۔

سرپر (سَ ر پَ ر)۔ سرپ+ار (نسبتی)۔ جلدی کا۔ تیزی والا۔ سپٹال۔ رپٹال۔ سانپال۔ سرّال۔

سردل (سَ ر دَ ل)۔ سر+دل (سہارا۔ دھک)۔ چوکھٹ کے اوپر کی لکڑی۔ سہارے کی لکڑی۔ سردھک۔ مُوٹ دھک۔

سرس (سَ ر س)۔ ۱۔ مونڈ۔ سر۔ سلیس۔ ۲۔ پھسلن۔ چھپچھ۔ چھچھل۔ ۳۔ علم۔ سان۔ جان۔ سکھ۔

سرسام (سَ رسْ م)۔ سرس+آم (نسبتی)۔ سر کے بخار کی ایک بیماری۔ سیسام۔ سیسال۔ سیساندھ۔

سرسُتی (سَ رسُ تِی)۔ ۱۔ سرس+اُوت (آڑ)+ای (تانیثی)۔ علم کی دیوی۔ سیئوتی۔ سیساری۔ سکھاری۔ ۲۔ سر+سُت (سوت۔ چشمہ)+ای (تانیثی)۔ پانی کا چشمہ۔ ایک ندی کا نام۔ سوتی۔ سرسوتی۔

سرسرانا (سَ ر سَ رٗ نٗ)۔ سرسر+آ (امری)+نا (مصدری)۔ سرسر کی آواز پیدا کرنا۔ آگے بڑھنا۔ سرکنا۔ سرّانا۔ سلسلانا۔ سرسرانا۔

سرسری (سَ ر سَ رِی)۔ سرسر+ای (تانیثی)۔ جلدی جلدی کی۔ بے توجہی کی۔ اچٹتی ہوئی۔ پھسلتی ہوئی۔ سرّاتی ہوئی۔ پھرپھری۔ چھرچھری۔ سرسری۔ سٹ سٹی۔

سرسوں (سَ رسّ ں)۔ سر+سوں (مانند۔ مثل۔ سم)۔ باریک دانے کا ایک غلہ۔ سرسم۔ پتھرسم۔

سرک (سَ رَک)۔ سر+اک (نسبتی)۔۱۔ میل جوڑ۔ اتفاق۔ سہک۔ سنگ۔ سانک۔ ۲۔ چپکے سے ہٹنا۔ جلدی سے ہٹنا۔ سنک۔ ۳۔ درستی۔ انتظام۔ سانبھ۔ ساد۔ ۴۔ معزز۔ بلند۔ سکیھ (شِنخ)۔ ۵۔ ہوا۔ سونک۔ پھونک۔ سَرک۔

سرکار (سَ رکْ ر)۔ سرک+آر (نسبتی)۔۱۔ انتظام کرنے والی جماعت۔ انتظامیہ۔ حکومت۔ سوترکار۔ سین کار۔ سانبھ کار۔۲۔ بلندی۔ اونچائی۔ چوٹی۔ سکیھر (سنسکرت شکیھر)۔ ۳۔ معززین کی جماعت۔ سِکیھار (شیخار)۔ ۴۔ امداد۔ پناہ۔ سہارا۔ سہار۔

سرکاری (سَ رکْ رِ)۔ سرکار+ای (نسبتی)۔ انتظامیہ کا۔ حکومت کا۔ سوترکاری۔

سرکانا (سَ رکْ نْ)۔ سرک+آ (امری) +نا (مصدری)۔۱۔ ہٹانا۔ ٹالنا۔ کھسکانا۔ سنکانا۔ ۲۔ دینا۔ حوالے کرنا۔ سونپانا۔ ۳۔ قریب کرنا۔ سٹانا۔ سنگانا۔

سرکنا (سَ رَک نْ)۔ سرک+نا (مصدری)۔۱۔ ہٹنا۔ ٹلنا۔ کھسکنا۔ چپکے سے چلا جانا۔ سنکنا۔ ۲۔ قریب آنا۔ سٹنا۔

سرکنڈا (سَ رکَ ن ڈْ)۔ سر+کنڈ (کانس کا۔ کانسر) +آ (تذکیری)۔ کانس کا لمبا ٹھٹھیرا۔ سرکانسرا۔ سینٹا۔

سرگ (سَ رَگ)۔۱۔ خلا۔ آسمان۔ سّون۔ سَن۔ ۲۔ آواز۔ سانگ۔ بانگ۔ سارنگ۔

سرگم (سَ رگَ م)۔ سرگ+ام (نسبتی)۔ موسیقی کی اصطلاح میں سردں کی تقسیم۔ سانگم۔ سرنگم۔

سروابا (سَ رؤ ہْ)۔ سر+وابا (مذکر فاعلی۔ والا)۔ منتظم۔ سردار۔ سروالا۔

سروتا (سَ رّتْ)۔ سر+وتا (مذکر فاعلی)۔ چھالیا کترنے کا ایک اوزار۔ دَردتا۔ دَردلا۔ سَرُدلا۔

سروتیا (سَ رّتِ ءْ)۔ سروت+ایا (تصغیری)۔ چھوٹا سَردتا۔ سردُلیا۔

سروہی (سَ رہِ)۔ سر+اوہی (مونث فاعلی)۔ سیدھی تلوار۔ سرُوئی۔ دَردُئی۔ سَرُدلی۔ سردتی۔ سِدھُولی۔

سری (سَ رِ)۔ سر+ای (تانیث)۔ نیزے کا گز۔ لوہے کا ڈنڈا۔ سلاخ۔ چھڑی۔ سولی۔

سریا (سَ رِءْ)۔ سری+آ (فالتو)۔ سری۔

سریپا (سَ رِپْ)۔ سر+ایپا (مذکر فاعلی)۔ ایک مشہور چکنا پھل جس میں بیجوں کے کوئے ہوتے ہیں۔ سیتا پھل۔ سیپرا۔ سیتلا۔ شریفہ۔

سریکھا (سَ رِ یکھا)۔ سریکھ (برابر) + آ (تذکیری)۔ برابر کا۔ ملتا جلتا۔ سمانا۔

سریکھی (سَ رِ یکھی)۔ سریکھا کا مونث۔

سڑ (سَ ڑ)۔ ۱۔ تحریک۔ حرکت۔ سر۔ ۲۔ سیدھ۔ ستر۔ سانٹ۔ لڑ۔ چھڑ۔ ۳۔ پانی۔ سَل۔ سڑ۔ ۴۔ کش۔ اندر لی جانے والی سانس۔ سونت۔ پنجابی سونٹ۔ ۵۔ دھاپ۔ پھاڑ۔ ۶۔ جوش۔ مستی۔ پھین۔ سَنڈ۔ سِڑ۔ ساٹھ۔ ۷۔ خشکی۔ سوکھ۔ سُکڑ۔

سڑا (سَ ڑا)۔ سڑ + آ (تذکیری)۔ ۱۔ خراب۔ بدبودار۔ اُبھنا ہوا۔ سنڈا۔ گندا۔ ۲۔ ریزہ ریزہ۔ گلا سانٹھا۔

سڑانا (سَ ڑا نا)۔ سڑ + آ (امری) + نا (مصدری)۔ ۱۔ بدبودار کرنا۔ جوش میں لانا۔ سنڈانا۔ گندانا۔ ۲۔ زیادہ دن تک رو کے رکھنا۔ سکھانا۔ سکڑانا۔ ۳۔ پادنا۔ سرکانا۔

سڑاند (سَ ڑاں د)۔ سڑ + آند (بو)۔ سڑنے کی بو۔ سڑان۔ سڑانس۔ سیل۔

سڑسڑانا (سَ ڑ سَ ڑا نا)۔ سڑسڑ + آ (امری) + نا (مصدری)۔ تحریک دینا۔ حرکت میں لانا۔

سڑک (سَ ڑَ ک)۔ سڑ + اک (نسبتی)۔ پکا راستا۔ سنک۔ لڑک۔ سیدھک۔ مارگ۔

سڑنا (سَ ڑ نا)۔ سڑ + نا (مصدری)۔ ۱۔ بدبو دینا۔ پھین لانا۔ سنڈنا۔ سٹھنا۔ سرکنا۔ ۲۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ گندنا۔ گنڈنا۔ گلنا۔ گھلنا۔ ۳۔ زیادہ دن تک رکھا رہنا۔ سوکھنا۔ سکڑنا۔

سڑوپ (سَ ڑُ پ)۔ سڑ + اوپ (پیالہ)۔ شوربے کا بھرا ہوا نوالہ۔ سرکوپ۔

سڑوپا (سَ ڑُ پا)۔ سڑ + اوپ (پیالہ۔ کوپ) + آ (تذکیری)۔ نوالے میں بھرا ہوا شوربے کا گھونٹ۔ سَڑپا۔ سونت کوپا۔ سوترا۔

سڑوپنا (سَ ڑُ پ نا)۔ سڑوپ + نا (مصدری)۔ نوالوں میں بھر بھر کر شوربا پینا۔ سرکوپنا۔ سوترنا۔

سڑوکنا (سَ ڑُ ک نا)۔ سڑ + اوک (اونچائی) + نا (مصدری)۔ سالن کے ساتھ ناک کی رطوبت اوپر کھینچنا۔ سڑونچنا۔

سڑی (سَ ڑی)۔ سڑا کا مونث۔

سڑیل (سَ ڑِ یَ ل)۔ سڑی + ال (نسبتی)۔ سڑا ہوا۔ بدبودار۔ سوکھا۔ زیادہ دن کا رکھا ہوا۔ حقیر۔ گلیل۔ سٹھیل۔ سوکھیل۔ گھٹیل۔

سزاول (سَ زَا وَ ل)۔ دیکھیے سجاول۔

سست (سَ س ت)۔ ۱۔ زیادتی۔ پھیلاؤ۔ سَیل۔ ۲۔ آرام۔ سُکھ۔ سینت۔

سستا (سَ ل س ٹ)۔ سست+آ (تذکیری)۔ ارزاں۔ سَیلا۔
سستانا (سَ ل س ٹ نْ)۔ سست+آ (امری) +نا (مصدری)۔ آرام کرنا۔ دم لینا۔ سانس لینا۔ سینستانا۔
سستی (سَ ل س ٹِ)۔ سست+ای (تانیثی)۔ سستا کا مونث۔
سفروائی (سَ ف ر وْ ءِ)۔ دیکھئے سپروائی۔
سفرمینا (سَ ف رِم نْ)۔ دیکھئے سپرمینا۔
سفری (سَ ف رِ)۔ دیکھئے سپڑی۔
سک (سَ ک)۔ سکون۔ آرام۔ سُکھ۔ سانس۔ سینک۔
سکّ (سَ ل ک)۔۱۔ طاقت۔ زور۔ بل۔ ستّ۔ سکت۔ ۲۔ سیری۔ بھراؤ۔ پورتی۔ سار۔ چمک دمک۔ ۳۔ تنگی۔ حلقہ۔ سانک۔ سٹّ۔ ۴۔ عزت۔ مان۔ سر۔ ساکھ۔
سکار (سَ کْ ر)۔ سک+آر (نسبتی)۔۱۔ بھراؤ کا کام۔ پورنے کا کام۔ سار۔ ۲۔ عزت۔ ساکھ۔
سکارا (سَ کْ ڑ)۔ سکار+آ (تذکیری)۔ ہنڈی کا روپیا وصول کرنے کی فیس۔ سارا۔ ساکھا۔
سکارنا (سَ کْ ر نْ)۔ سکار+نا (مصدری)۔ ہنڈی کا روپیا وصول کرنا۔ سارنا۔ ساکھنا۔
سکت (سَ ل کَ ت)۔ سک+ات (نسبتی)۔۱۔ زور۔ دم۔ بل۔ ستّ۔ ۲۔ کمی۔ چھوٹ۔ سونت۔ سانٹ۔
سکتا (سَ ل ک ٹ)۔ سکت+آ (تذکیری)۔۱۔ مصرعے کی چھُٹائی۔ سانٹا۔ ۲۔ حیرانی۔ ٹھٹھک۔ سناٹا۔
سکتی (سَ ل ک تِ)۔ سکت+ای (فالتو)۔۱۔ طاقت۔ سکت۔ ستی۔ سنسکرت شکتی۔ ۲۔ طاقت کا مظاہرہ۔ سنڈی۔ سختی۔
سکّر (سَ ل ک کَ ر)۔ سکّ+ار (نسبتی)۔۱۔ میٹھا۔ سیر (شیر)۔ شکّر۔ ۲۔ زنجیر۔ سانکل۔ چھاگل۔ ۳۔ تنگی۔ سمٹن۔ سُکڑ۔ سمٹ۔
سکرپارا (سَ ل کَ رپْ ڑ)۔ سکر+پار (۱۔ حصہ۔ بھاگ۔ ۲۔ ڈلنا۔ پڑ) +آ (تذکیری)۔ میٹھی پوری کے ٹکڑے جو زنجیرے کی شکل میں کاٹے جاتے ہیں۔ سانکل پاڑا۔ سیرپڑا۔ شکرپارا۔ شکرپاڑا۔
سکرکندی (سَ ل کَ ر کَ ن دِ)۔ سکر+کند (گانٹھ) +ای (تانیثی)۔ گانٹھوں کی زنجیر والی ایک قسم کی میٹھی جڑ۔ سانکل کندی۔ سیر کندی۔ شکر قندی۔
سکڑا (سَ ک ڑْ)۔ سک (حلقہ۔ تنگی) +ڑا (تذکیری)۔ تنگ۔ چھوٹا۔ کمی والا۔ سٹا۔ سانکلا۔ سکڑا۔

سکڑی (سَ کَ ڑِی)۔ سکڑ+ای (تانیث)۔ سکڑا کا مونث۔

سکلڑ (سَ کَ لَ ڑ)۔ سکل (جوڑ۔ سانٹ۔ سانک) +اڑ (نسبتی)۔ سازش۔ میل۔ سانٹھ۔ سانکل۔ سالڑ۔ ساجھ۔

سکنا (سَ ں کَ نْ)۔ سک+نا (مصدری)۔ طاقت رکھنا۔ اختیار رکھنا۔ اہل بادقار ہونا۔ سنا۔ سکتنا۔ سرنا۔ سلنا۔ ساکھنا۔

سکھ (سَ کھ)۔ قریب۔ ہمراہی۔ ساتھ۔ سنگ۔ ساکھ۔

سکھا (سَ کھْ)۔ سکھ+آ (تذکیری)۔ ساتھ والا۔ عزیز۔ قریب۔ ساتھی۔ مددگار۔ سگا۔ سنگا۔ ساتھ کا۔

سکھر (سَ کھ کھَ ر)۔ سکھ+ار (نسبتی)۔ ملا ہوا۔ میل والا۔ ساکھر۔ سندھ کا ایک نگر۔

سکھی (سَ کھِی)۔ سکھ+ای (تانیث)۔ سکھا کا مونث۔

سگ (سَ گ)۔ ا۔ میل۔ جوڑ۔ سانک۔ ساتھ۔ سنگ۔ ۲۔ کُل۔ پورا۔ سب۔ ۳۔ شادی۔ بیاہ۔

سگا (سَ گْ)۔ سگ+آ (تذکیری)۔ قریب کا۔ عزیز۔ سکھا۔ سنگا۔ پنجابی سکا (سنکا)۔

سگائی (سَ گْ ءِ)۔ سگ+آئی (تانیث)۔ منگنی۔ نسبت۔ رشتہ۔ سکھائی۔ سدائی۔

سگڑدادا (سَ گَ ڑْ دْ دْ)۔ سگڑ (سب کا۔ سیر) +دادا۔ سب کا دادا۔ جگت دادا۔ سبھ دادا۔

سگل (سَ گَ ل)۔ تفریح۔ بہلاوا۔ سَیل۔ شغل۔

سگوت (سَ گْ ت)۔ سگ+اوت (نسبتی)۔ سگا پن۔ قربی رشتہ دار۔ ایک دادا کی اولاد۔ سگ پُوترا۔ سنگوترا۔ سگورا۔ سانکا۔

سگی (سَ گِی)۔ سگا کا مونث۔

سل (سَ ل)۔ ا۔ پانی۔ چھل۔ جل۔ سیت۔ ۲۔ چھڑ۔ تُول۔ سر۔ ۳۔ درستی۔ سلیقہ۔ ترتیب۔ ڈھنگ۔ سانبھ۔ سار۔ سج۔ سُوبھ۔ کُسل۔ کُشل۔ سنسکرت کوشل۔ ۴۔ ذائقہ۔ ساد۔ ۵۔ نچوڑ۔ ست۔ سونت۔ ۶۔ رینگن۔ آگے بڑھنے یا کھجلی کی حرکت۔ سَر۔ ۷۔ نمک۔ شور۔ کھال (کھار)۔ سنید۔ ۸۔ قرب۔ میل۔ جوڑ۔ پیوند۔ وصل۔ چپک۔ سانٹ۔ ساتھ۔ لَس۔ لِیس۔ ۹۔ شامل ہونا۔ ملنا۔ رَل۔ رِل۔ ۱۰۔ خالی پن۔ کھال۔ کھَل۔

سلاہ (سَ لْ ہ)۔ سل+آہ (نسبتی)۔ ا۔ بہتری کی تجویز۔ مشورہ۔ تدبیر۔ جتن۔ سنبھال۔ سدال۔ سیکھ۔ صلاح۔ ۲۔ سازش۔ سانٹھ۔

سلّا (سَ ل لٰ)۔ سلّ+آ (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔ درستی۔ خوشحالی۔ سکون۔ رونق۔ سانجھا۔ ساجا۔ سُوبھا۔ کسلا (سنسکرت کشل، کشلا)۔ پنجابی سُوکھا۔

سلاجیت (سَ لٰ جِ ت)۔ سل+آ (تذکیری) +جیت (پانی، جل)۔ ایک بھانت کا رس جو چٹانوں سے ٹپکتا ہے۔ سُتا جِل۔

سلاخ (سَ لٰ خ)۔ دیکھئے سلاک۔

سلاک (سَ لٰ ک)۔ سل+آک (نسبتی)۔ لوہے کی چھڑ۔ سراک۔ سانٹ۔

سلائی (سَ لٰ ء)۔ سل+آئی (تانیثی)۔ چھوٹی سلاخ۔ سرائی۔

سلسلانا (سَ ل سَ لٰ نٰ)۔ سلسل+آ (امری) +نا (مصدری)۔ کھجلی ہونا۔ رینگن کا احساس ہونا۔ سرسرانا۔

سلنا (سَ ل نٰ)۔ سل+نا (مصدری)۔ مکمل ہونا۔ تیار ہونا۔ درست ہونا۔ پٹی پائے لگا کر چارپائی درست ہونا۔ سرنا۔ سجنا۔ سرنا۔ چست۔

سلوکا (سَ لُ کٰ)۔ سل+اوکا (مذکر فاعلی)۔ بچوں کا جسم سے چپکا ہوا کرتا۔ سُوکا۔ سِلوکا۔ لوکا۔ سکڑا۔ شلوکا۔

سلونا (سَ لُ نٰ)۔ سل+اونا (مذکر فاعلی)۔ ۱۔ درست۔ مزیدار۔ سدونا۔ سوادوا۔ ۲۔ نمکین۔ سیندوا۔ سادوا۔

سلیتا (سَ لِ ٹ)۔ سل+ایتا (مذکر فاعلی)۔ ٹاٹ کا بڑا تھیلا۔ کھیسا۔ کھلیتا۔ شلیتا۔ شلیتہ۔

سم (سَ م)۔ ۱۔ ٹھیکا۔ آواز۔ تال۔ تھم چھم۔ ۲۔ سجاوٹ۔ درستی۔ سنبھال۔ ۳۔ شمولیت۔ سان۔ ۴۔ پانی۔ سَر۔ ۵۔ اکٹھاپن۔ بھراؤ۔ بساؤ۔ رَم۔ جَم۔ ۶۔ پیغام۔ خبر۔ سَنْد (سَنْدیس)۔ ۷۔ برابری۔ مثل۔ مانند۔ سکھار۔ ۸۔ ایک فالتو سابقہ۔

سمّ (سَ م م)۔ ۱۔ سفر۔ سَن۔ ۲۔ بلاوا۔ ساند۔ سانگ۔ سندم۔ سمر۔ ۳۔ درستی۔ اصلاح۔ بہتری۔ سمالہ سوجھ۔ ۴۔ مدد۔ سہارا۔ سادھ۔

سماج (سَ مٰ ج)۔ سم+آج (نسبتی)۔ آدمیوں کی بستی۔ مجمع۔ معاشرہ۔ سوسائٹی۔ رَاج۔ جاج۔

سماچار (سَ مٰ چٰ ر)۔ سم+آ (فالتو) +چار (چال)۔ خبریں۔ سداچال۔

سماس (سَ مٰ س)۔ سم+آس (نسبتی)۔ مجموعہ۔ جھنڈ۔ اسموں کا مرکب۔ سنگاس۔ جماس۔

سمادھی (سَ مٰ دِھ)۔ سمادھ (بیٹھک۔ جماؤ) +ای (تانیثی)۔ مراقبہ۔ چلّہ۔ سماتی۔ سموئی۔ جماتی۔ جموئی۔

سمانی۔ رمانی۔

ان (سَ م مْ ن)۔ سَم+مان (عزت)۔ عزت۔ توضع۔ قدر۔ مان۔ سرمان۔

ان (سَ مْ ن)۔ سم+آن (نسبتی)۔ مثل۔ مانند۔ برابر کا۔ ساتھ کا۔ سنگان۔

اں (سَ مْ ں)۔ سم+آں (نسبتی)۔۱۔ منظر۔ ماحول۔ سماج۔ سنگاج۔۲۔ حسن۔ سجاوٹ۔ سنوار۔ سمار۔

اوار (سَ مْ وْ ر)۔ سم+آ (بجلگوا) +وار (نسبتی)۔ پانی رکھنے کا ظرف۔ سنگاوار۔

ب (سَ م ب)۔ سنگ۔

ائی (سَ مْ ئے)۔ سم+آئی (تانیث)۔ گنجائش۔ بھراؤ۔ جماؤ۔ رمائی۔ جمائی۔ برج بھاشا سمی۔

بت (سَ م بَ ت)۔۱۔ سمب+ات (نسبتی)۔ تقویمی سال۔ سنگت۔ سمت۔

بندھ (سَ م بَ ن دھ)۔ سم (فالتو) + بندھ (تعلق۔ رشتہ)۔ رشتہ داری۔ بندھ۔ بیندھ۔

پ (سَ م پ)۔۱۔ بس۔ طاقت۔ قوت۔ اختیار۔ سکت۔ ست۔ ۲۔ تحویل۔ سپردگی۔ سونپ۔ ۳۔ حلقہ۔ کھمپ۔

پت (سَ م پَ ت)۔۱۔ سمپ+ات (نسبتی)۔ طاقت۔ اختیار۔ دھن دولت۔ اثاثہ۔ سرمایہ۔ ست۔ سمینٹ۔ ۲۔ سم (فالتو) + پت (پُوڑ۔ قوت)۔ سرمایہ۔ پُوکھ۔ پوڑ۔ پونج۔ پُول۔

پٹ (سَ م پَ ٹ)۔ سمپ+اٹ (نسبتی)۔۱۔ قابو۔ اختیار۔ تحویل۔ سَونپٹ۔ سمیٹ۔ سمینٹ۔ سپیٹ۔ سامان۔۲۔ جھنیگ۔ کولی۔ کھمپی۔ کھمپٹ۔۳۔ سم (فالتو) + پٹ (۱۔ طاقت۔ اختیار۔ قابو۔ پیچ۔ ۲۔ گنجائش۔ حلقہ۔ دائرہ۔ پُول۔ پھیر۔ پیٹ۔ پھول)۔۱۔ قابو۔ پیچ۔ ۲۔ حلقہ۔ پھیر۔ پیٹ۔ پُول۔

پورن (سَ م پٗ رَ ن)۔۱۔ سمپ (سب) +اورن (مذکر فاعلی)۔ پورا۔ مکمل۔ سبورن۔ سپٹ (آ)۔ سبرا۔ برج بھاشا سگرد۔ ۲۔ سم (فالتو) + پورن (پورا)۔ مکمل۔ پورا۔

پن (سَ م پَ ں ن ن)۔ سم (فالتو) + پنّ (بھرا ہوا)۔ ٹھوس۔ پُر۔ ٹھنسا ہوا۔ بھرا ہوا۔ پُوٹ۔ پین۔ پینڈ۔

ت (سَ م مَ ت)۔ سمّ+ات (نسبتی)۔۱۔ بہتری۔ بہبود۔ برکت۔ خوشحالی۔ سمار۔ سنبھال۔ سکھ۔ ۲۔ برس۔ سن۔ سمبت۔

جھ (سَ مَ جھ)۔۱۔ حلقہ۔ کھانچا۔ فہم۔ سانچ۔ سوچ۔۲۔ تکمیل۔ اتفاق۔ ساج۔۳۔ تجویز۔ سمجھار۔ ۴۔ درستی۔ سنوارنا۔ سلجھ۔

جھنا (سَ مَ جھ نْ)۔ سمجھ+نا (مصدری)۔۱۔ ذہن میں جمانا۔ پرکھنا۔ سانچنا۔ سُوچنا۔۲۔ درست کرنا۔

تکمیل کرنا۔ ساجنا۔ ۳۔ تصفیہ کرنا۔ نمٹنا۔ سلجھنا۔

سمجھوتا (سَ م جْھ تْ)۔ سمجھ+اوتا (مذکر فاعلی)۔ مصالحت۔ آپس میں اتفاق سے کیا ہوا فیصلہ۔ سمجھوتا۔ سمجھوتہ

سمدھ (سَ م دھ)۔ تعلق۔ رشتہ۔ ساتھ۔ ساد۔ شاد۔

سمدھن (سَ م دھَ ن)۔ سمدھ+ان (تانیث)۔ داماد یا بہو کی ماں۔ ساتھن۔ سنگن۔ سادن (شادن)۔

سمدھی (سَ م دِھِ)۔ سمدھ+ای (نسبتی)۔ داماد یا بہو کا باپ۔ برابر کا ساتھی۔ سنگی۔ سادی (شادی)

سمدھیانا (سَ م دِھ ۂ نْ)۔۱۔ سمدھ+ۓ (بچلگوا) +آنا (گھر۔ علاقہ)۔ شادی کا گھر۔ وہ گھر جن میں لڑکے لڑکی کی شادی ہوتی ہے۔ سادیانہ (شادیانہ)۔۲۔ سم (فالتو) +دھی (شادی) +آنا (گھر) شادی کا گھر۔ سنگیانا۔ سادیانا۔ پنجابی میں سمدھیانے کو دھیانا ہی بولتے ہیں۔

سمر (سَ مَ ر)۔ سم+ار (نسبتی)۔۱۔ یاد۔ ورد۔ دہرانا۔ رگڑ۔ ست۔ رونس۔ سدھ۔ ۲۔ زنجیر۔ سانگل ۳۔ سفر۔ ساند۔ سن۔ سچ۔ ۴۔ اطلاع۔ سوچ۔

سمرن (سَ م رَن)۔ سمر+ان (تانیث)۔ تسبیح۔ مالا۔ سانگلن۔

سمّن (سَ م مَ ن)۔ سمّ+ان (نسبتی)۔ یاد کرنے کی تحریر۔ بلاوا۔ بلاوے کی لکھت۔ اطلاع نامہ سادن۔ سمرن۔ سوچن۔

سمندر (سَ مَ ن دَ ر)۔ سم+اندر (نسبتی)۔ پانی کا بہت بڑا ذخیرہ۔ بحر۔ سرُدتر۔ سمدّر۔ سمندل۔ سُن سُوت۔

سمنگر (سَ مَ ں گَ ر)۔ سم+انگر (نسبتی)۔ سب کا سب۔ پورے کا پورا۔ سمنگل۔ برج بھاشا سگر

سموچا (سَ مّ چْ)۔ سم+اوچا (مذکر فاعلی)۔ پورے کا پورا۔ سالم۔ مسلّم۔ اکٹھا۔ یکجائی۔ سمنگرا۔ سمکا سمیٹنا۔ برج بھاشا سگرو۔

سموچی (سَ مّ چِ)۔ سموچا کا مونث۔

سموسا (سَ مّ سْ)۔ سم+اوسا (مذکر فاعلی)۔ آلو یا قیمہ بھری روغن میں تلی ہوئی پان کے پڑے کی طرح تکونی روٹی۔ سماسا۔

سمونا (سَ مّ نْ)۔ سمو (سماد۔ بھراد۔ سمنٹ) +نا (مصدری)۔ بھرنا۔ ملانا۔ اکٹھا کرنا۔ سمادنا۔ سمانا جمونا۔ سمینٹنا۔

سمے (سَ مِ)۔ سم+اے (نسبتی)۔ گزران۔ بہاؤ۔ چال۔ سفر۔ وقت۔ سمر۔ سیل۔ سَر۔

سمت (سَ مِ ت)۔ ا۔ سم+ایت (نسبتی)۔ ہمراہ۔ ساتھ۔ سمینت۔ سمینٹ۔ ۲۔ سم (فالتو)+ایت (یکجائی)۔ ایک۔

سمٹ (سَ مِ ٹ)۔ سم+ایٹ (نسبتی)۔ یکجائی۔ فراہمی۔ بٹورنا۔ سمینٹ۔ سمپٹ۔ سمور۔ آٹ۔ سپوڑ۔

سمیٹنا (سَ مِ ٹ نْ)۔ سمیٹ+نا (مصدری)۔ اکٹھا کرنا۔ بٹورنا۔ سمینٹنا۔ سپوڑنا۔ آٹنا۔ اُدرنا۔ اُدلنا۔ سنگیٹنا۔

سمینت (سَ مِ ں ت)۔ سم+اینت (نسبتی)۔ ہمراہ۔ ساتھ۔ سمیت۔ سنگات۔

سمینٹ (سَ مِ ں ٹ)۔ سم+اینٹ (نسبتی)۔ یکجائی۔ فراہمی۔ سمیٹ۔ سونت۔ سپوڑ۔ آٹ۔ اُدل۔ اُدر۔

سمینٹنا (سَ مِ ں ٹ نْ)۔ سمینٹ+نا (مصدری)۔ اکٹھا کرنا۔ بٹورنا۔ سمیٹنا۔ سونتنا۔ سپوڑنا۔ آٹنا۔ اُدرنا۔

سن (سَ ن)۔ ا۔ سال۔ برس۔ سمب۔ سمبت۔ سنت۔ ۲۔ باریک ریشوں کا ایک پودا۔ جوٹ۔ سُوت۔ ۳۔ ایک آواز۔ چھَن۔ زن۔ سائیں۔ ۴۔ آواز۔ سبد۔ بان۔ ۵۔ خلا۔ صفر۔ دائرہ۔ سُون۔ ۶۔ خموشی۔ چپ۔ سونٹھ۔ ۷۔ شرکت۔ ساجھ۔ ۸۔ اطلاع۔ پیغام۔ خبر۔ سَندیس۔ سُوچ۔ ۹۔ بہاؤ۔ سفر۔ سَیل۔ سَیر۔ سادھ۔ سانڈ۔ پنجابی نس۔ ۱۰۔ یاد۔ سَدھ۔ سمر۔ ۱۱۔ روک۔ آرام۔ وقفہ۔ تَن۔ سانس۔ سُکھ۔ ۱۲۔ وحشت۔

سنّ (سَ ں ن ن)۔ ا۔ بڑھن۔ بڑھنا۔ سر۔ ۲۔ فقیری۔ ساد۔ ۳۔ خرابی۔ اختلال۔ جوش۔ مستی۔ سڑان۔ سڑ۔ سنک۔ سنکھ۔ سنڈ۔ ۴۔ ایک آواز۔ سُوں۔ سَر۔ سیٹ۔ ۵۔ ٹھمک۔ سَکڑ۔ سُوکھ۔ ۶۔ کش۔ اندر لی جانے والی سانس۔ سونت۔ ۷۔ فکر۔ سوچ۔ ۸۔ ساٹھ (۶۰)۔

سناٹا (سَ ں ن نْ ٹ)۔ سنّ+آٹا (مذکر فاعلی)۔ ا۔ سنّ کی آواز۔ سراٹا۔ ۲۔ تیزی۔ مستی۔ جوش۔ سپاٹا۔ زناٹا۔ ۳۔ حیرانی۔ ٹھٹھکنا۔ سکڑاٹا۔ سکھاٹا۔ سکتا۔

سنانا (سَ ں ن نْ نْ)۔ سنّ+آ (امری)+نا (مصدری)۔ ا۔ سوں سوں کی آواز دینا۔ گہری نیند سونا۔ سَرانا۔ ۲۔ پھیلنا۔ بڑھنا۔ سڑانا۔ ۳۔ مست ہونا۔ جوش میں آنا۔ سنڈانا۔ سکتانا۔

سنت (سَ ن ت)۔ ا۔ سادھو۔ سادھ۔ ۲۔ حالت۔ چال۔ گت۔ گنت۔ ۳۔ ٹھنڈک۔ امن۔ آرام۔ سکون۔ سیر۔ سکھ۔ سنسکرت شانت۔ ۴۔ سفر۔ سَیل۔ سیَر۔ سن۔ ۵۔ حفاظت۔ بچاؤ۔ رکھوالی۔ سینت۔

سنتر (سَ ن تَ ر)۔ سنت+ار (نسبتی)۔ ا۔ نچوڑ۔ رس۔ سار۔ سونت۔ سٹ۔ ۲۔ پھانک۔ سانک۔ ۳۔ رکھوالی۔ انتظام۔ حفاظت۔ سانپ۔ سانبھ۔ سین۔ سَینتر۔ ۴۔ قمچی۔ چھڑی۔ سانٹ۔ ۵۔ گول اور لال چیز۔ سیند۔ ۶۔ پھونکنا۔ سیٹی بجانا۔ سیٹ۔ ۷۔ قانون۔ سوتر۔

سنترا (سَ ن ت ڈ)۔ سنتر+آ (تذکیری)۔ پھانکوں والا ایک پھل۔ سادکا۔ سینترا۔ سنگترا۔ رنترا۔ رنگترا۔ سنترہ

سنتری (سَ ن ت رِ)۔ سنتر+ای (نسبتی)۔ منتظم۔ محافظ۔ پہریدار۔ سَینی (سینا کا آدمی)۔ سانچی۔ سانبھی۔ سینٹی۔ لوتری۔

سنتوس (سَ ن ت س)۔ سنت+اوس (نسبتی)۔ ٹھنڈک۔ صبر۔ اطمینان۔ دھیرج۔ سیتوس۔ سنتست۔ سرک۔ سنسکرت سنتوش۔

سنٹی (سَ ن ٹِ)۔ سنٹ (پتلاپن۔ سینک) +ای (تانیثی)۔ چھوٹی چھڑ۔ پتلی شاخ۔ سَینی۔

سنجوگ (سَ ن ج گ)۔ سنج (سنگ) +اوگ (نسبتی)۔ قرب۔ یکجائی۔ ہمراہی۔ سنگت۔ ست جوگ۔ سَٹ جوڑ۔

سند (سَ ن د)۔۱۔ سوراخ۔ چھپاؤ۔ سیند۔ چھید۔ ۲۔ بھراؤ۔ سم۔ ۳۔ حفاظت۔ سنتر۔ سینتر۔ سانبھ۔

سندوک (سَ ن دٗ ک)۔ سند+اوک (نسبتی۔ ظرف)۔ سامان بھرنے کا ایک ظرف۔ سموک۔ سمنٹ۔ سنگیڑ۔ سنڈوک۔ سیندوک۔ صندوق۔

سندوکچا (سَ ن دٗ ک چٗ)۔ سندوک+چا (تذکیری)۔ چھوٹا سندوک۔ سموکچا۔ سنڈوکچا۔ صندوقچہ۔

سندوکچی (سَ ن دٗ ک چِ)۔ سندوک کا مونث تصغیری۔ صندوقچی۔

سندھ (سَ ن دھ)۔۱۔ بہاؤ۔ سفر۔ چال۔ گزر۔ سادھ۔ سن۔ سَیل۔ ۲۔ سکون۔ امن۔ ٹھنڈک۔ سینٹ۔ سکھ۔ سنت۔ سنسکرت شانت۔ ۳۔ میل۔ جوڑ۔ گانٹھ۔ سانٹھ۔ سٹ۔

سندھلی (سَ ن دھ لِ)۔ سندھ+لی (تانیثی)۔ ایک اونچی میز جس پر چڑھ کر کاریگر کام کرتے ہیں۔ سیڑھی۔ سیندی۔ سانٹی۔

سندھی (سَ ن دھِ)۔ سندھ+ای (تانیثی)۔۱۔ دو بولوں کے کناروں کی آوازوں کا ادغام یا میل۔ سانٹھی۔ سائی۔ ۲۔ دو دشمنوں کا میل۔ صلح۔ سنتی۔ سنسکرت شانتی۔

سنڈ (سَ ن ڈ)۔۱۔ طاقت۔ جوش۔ مستی۔ سن۔ سر۔ سکت۔ ۲۔ بدبو۔ سڑ۔ گند۔ سڑاند۔ ۳۔ طلب۔ سانگ۔ ۴۔ سوراخ۔ سند۔

سنڈا (سَ ن ڈٗ)۔ سنڈ+آ (تذکیری)۔ مست آدمی۔ طاقت ور۔ ستا۔ سترا۔ سکتا۔

سنڈاس (سَ ن ڈٗ س)۔ سنڈ+آس (نسبتی)۔ ایک قسم کا پاخانہ جس میں بیٹھنے کی سل میں سوراخ بنے ہوتے ہیں۔ سڑاس۔ گنڈاس۔ سنداس۔

سنڈی (سَ ن ڈِ) ۔ سنڈا کا مونث۔

سنس (سَ ن س) ۔ ۱۔ سوراخ۔ چھید۔ سند۔ ۲۔ بڑھن۔ پھیلاؤ۔ سنڈ۔ سن۔ سر۔ ۳۔ خلق خالقت۔ سارج

سنسار (سَ ن سِ ر) ۔ ۱۔ سنس + آر (نسبتی) ۔ دنیا۔ خلق کا گھر۔ سا پار۔ سنار۔ ۲۔ سن + سار (جگہ) دنیا۔ کوچ کی جگہ۔ چل چلاؤ کی جگہ۔ سیل سار۔ ۳۔ سانس لینے کی جگہ۔ زندگی کا مقام۔ سانس سار۔

سنسانا (سَ ن سَ نِ نْ) ۔ سن سن + آ (امری) + نا (مصدری) ۔ سن سن کی آواز دینا۔ سن سن کرنا۔ پانی کا ابلنا۔ سنانا۔

سنسی (سَ ن سِ یِ) ۔ سنس + ای (تانیثی) ۔ سوراخ والی۔ قینچی کی طرح کا ایک آلہ جس سے گرم ہانڈی وغیرہ پکڑتے ہیں۔ سنڈی۔ چھیدی۔

سنک (سَ نَ ک) ۔ سن + اک (نسبتی) ۔ ۱۔ خموشی۔ خبط۔ جنون۔ دھنک۔ سنک۔ ست۔ ۲۔ حرکت۔ رفتار۔ سیر۔ سیل۔

سنک (سَ ن ک) ۔ ۱۔ پتلا پن۔ دبلا پن۔ خشکی۔ باریک دھاری۔ سینک۔ سوت۔ ٹوکر۔ ۲۔ بھن۔ سکڑ۔ سمٹ۔

سنکلپ (سَ ن کَ ل پ) ۔ سن (سَو) + کلپ (کھرب) ۔ سو کھرب۔ سنکھ۔

سنکٹ (سَ ن کَ ٹ) ۔ سنک + اٹ (نسبتی) ۔ کساؤ۔ تنگی۔ جکڑن۔ بھینچ۔ سانکل۔ سکڑن۔ سمٹن۔

سنکنا (سَ نَ ک نْ) ۔ سنک + نا (مصدری) ۔ ہوا کا دھیرے دھیرے چلنا۔ سن سن کرنا۔ سیلنا۔ سیرنا۔

سنکی (سَ ن کِ) ۔ سنک + ای (نسبتی) ۔ خبطی۔ جنونی۔ دماغ چلا۔ سکی۔ سیری۔ سنی۔

سنکھ (سَ ن کھ) ۔ ۱۔ آواز۔ ناقوس۔ سیٹ۔ سونت۔ سنسکرت شنکھ۔ ۲۔ سو کھرب کی گنتی۔ سنکلپ۔ ۳۔ خلل دماغ۔ چکر۔ رقص۔ سن۔ سنڈ۔

سنکھنی (سَ ن کھ نِ) ۔ سنکھ + نی (تانیثی) ۔ جھلّے مزاج کی عورت۔ چڑچڑی۔ لڑاکا۔ سنّی۔ سنڈی۔

سنکھیا (سَ ن کھِ ءْ) ۔ سنکھ + ای (تانیثی) + آ (فالتو) ۔ جوش یا چکر پیدا کرنے والا ایک زہر۔ حواس مختل کر دینے والا زہر۔ سنیا۔ سنڈیا۔

سنگ (سَ ن گ) ۔ ۱۔ ہمراہی۔ قرب۔ ساگ۔ ساتھ۔ سم۔ ساکھ۔ سانک۔ سانٹ۔ ۲۔ نچوڑ۔ عرق۔ پانی۔ رس۔ ست۔

سنگت (سَ ن گَ ت) ۔ سنگ + ات (نسبتی) ۔ مجلس۔ صحبت۔ میل۔ سنجوگ۔ سوبت (صحبت)۔

سنگرینی (سَ ن گ رِ نِ)۔ سنگ+رین (رینگ) +ای (تانیث)۔ دست آنے کی بیماری۔ سار رنگی۔ ست رنگی۔

سنگم (سَ ن گَ م)۔ سنگ+ام (نسبتی)۔ میل۔ پیوند۔ ملنے کی جگہ۔ دو دریاؤں کا ملاپ۔ سانگم سانگھر۔ سکھر۔

سنگی (سَ ن گِ)۔ سنگ+ای (نسبتی)۔۱۔ ہم صحبت۔ آڑی۔ ساتھی۔۲۔ایک ریشمی کپڑا جس میں سوت ملا ہوتا ہے۔ سَنّی۔ سانٹی۔ سوتری۔

سنگین (سَ ن گِ ن)۔سنگ+این (نسبتی)۔ گھا ہوا کپڑا۔ سٹین۔ ساٹن۔

سنگھ (سَ ن گھ)۔ جماعت۔ اجتماع۔ سائکل۔ سنگم

سنی (سَ نِ)۔ سن+ای (تانیث)۔ سفر کرنے کی اونٹنی۔ سانڈنی۔ سانڈی۔

سنیاس (سَ ں ن نِ ءَ س)۔ سنّ+ء (بچلگوا) +آس (نسبتی)۔ فقیری۔ جوگ۔ سناس۔ سٹھیاس۔

سنّیاسی (سَ ں ن نِ ءِ سِ)۔ سنّیاس+ای (نسبتی)۔ فقیر۔ جوگی۔ ستاسی۔ سٹھیاسی۔

سنیچر (سَ نِ چَ ر)۔ سنی+چر (سواری۔ چڑھ)۔ پیغام رساں۔ مسلسل سفر کرنے والا۔ سانڈنی سوار۔ ایک ستارے کا نام۔ سندیسر۔ سانڈنی چڑھ۔

سوا (سَ ؤ)۔سو (چوتھائی۔ سر) +آ (تذکیری)۔ چوتھائی ملا۔ سَرا۔ چوسرا (چوتھرا)۔

سوائی (سَ ؤء)۔سو+آئی (تانیث)۔ چوتھائی ملی۔ سواگنی۔ سرائی۔ چوسرائی۔

سوایا (سَ ؤ یْ)۔ سو+آیا (مذکر فاعلی)۔ سواگنا۔ سرایا۔ چوسرایا۔

سوئیّا (سَ وَ ءِ ءْ) سو+ائیا (مذکر فاعلی)۔ سواسیر کا باٹ۔ سوا کا پہاڑا۔ سریا۔ چوسریا۔

سہہ (سَ ہ)۔۱۔ قوت۔ ست۔ ۲۔ہمراہی۔ مدد۔ ساتھ۔ ۳۔جوڑ۔ پیوند۔ تعلق۔ سانک۔ ساکھ۔ سنگ۔ ۴۔راستی۔ سیدھ۔ ۵۔اصلیت۔ سچ۔ ۶۔بزرگ۔ فقیر۔ سنت۔ ۷۔ شادی۔ ساد (شاد)۔ سگ۔ ۸۔ سرخی۔ سور۔ سرک۔ ۹۔برداشت۔ پورا کرنا۔ سار۔

سہاب (سَ ہْ ب)۔ سہہ+آب (نسبتی)۔ سرخ رنگ کا عرق۔ سوراب۔ سرکاب۔ شہاب۔

سہابا (سَ ہْ بْ)۔ سہہ+آبا (مذکر فاعلی)۔ بزرگوں کا مجمع۔ قبرستان میں رات کو دکھائی دینے والی روشنی۔ ستاوا۔ سورابا۔ سرکابا (سرخابا)۔ شہابہ۔

سہابی (سَ ہْ بِ)۔ سہاب+ای (تانیث)۔ سرخ رنگ۔ سرخ رنگ کا۔ سرخی۔ سرکائی (سرخائی)۔

سورائی۔ شہابی۔

سہار (سَ ہٰ ر)۔ سہہ+ آر (نسبتی) ۔۱۔ برداشت۔ ٹھیراؤ۔ سدار۔ رہار۔ سانگ۔ ۲۔شادی کا کام۔ سدار۔ لگار۔ ۳۔ درستی۔ اصلاح۔ سنوار۔ سُدھار۔ سنبھال۔

سہارا (سَ ہٰ رٗ)۔ سہار+ آ (تذکیری) ۔۱۔ مدد۔ آسرا۔ ٹیک۔ رہارا۔ سدارا۔ سنبھالا۔ سانگا۔ ۲۔ اصلاح۔ درستی۔ سنوارا۔ سُدھارا۔ ۳۔ اشارہ سین کارا۔

سہارک (سَ ہٰ رَ ک)۔سہار+ اک (نسبتی)۔ شادی کا وقت۔ سدارک۔ سگارک۔

سہارنا (سَ ہٰ ر نٗ)۔سہار+ نا (مصدری)۔ اٹھانا۔ برداشت کرنا۔ سانگنا۔ دھارنا۔ سنبھالنا۔

سہالک (سَ ہٰ لَ ک)۔ سہارک۔

سہانا (سَ ہٰ نٗ)۔ سہہ+ آنا (مذکر فاعلی) ۔۱۔ شادی کا۔ دلھناپے کا۔ سدانا۔ لگانا۔ شہانہ۔ ۲۔ سرخ۔ لال۔ سَرکانا۔ سُورانا۔

سہانی (سَ ہٰ نِ)۔سہانا کا مونث۔ شہانی۔

سہاول (سَ ہٰ وَ ل)۔سہہ +آول (نسبتی)۔ دیوار کی سیدھ ناپنے کے لئے راجوں کا ایک آلہ۔ سیدھاول۔ سداول۔ سیدھک۔

سہایک (سَ ہٰ یَ ک)۔ سہائے (مدد۔ سہار) +اک (نسبتی)۔ مددگار۔ معاون۔ سہارک۔

سہی (سَ ہِ)۔سہہ+ای (نسبتی۔ تانیثی) ۔۱۔ درست۔ ٹھیک۔ اصلی۔ سچی۔ ساچی۔ صحیح۔ ۲۔ راست۔ سیدھی۔ ۳۔ موزوں۔ مناسب۔ اچھی۔ بھلی۔ خوب۔ سجی۔ سَلی۔ سُوبھی۔ پنجابی سَوکھی۔ ۴۔ طے مقرر کی ہوئی۔ ٹھیری۔ رہی۔ ۵۔ جھیلی۔ اٹھائی۔ سادی۔ ساری۔ ۶۔وصول۔ حاصل۔ سیدھی۔ سِری۔ ۷۔ قسم سے۔ بہ قسم۔ ساکھی۔ ۸۔ کچھ۔ ذرا۔ تھوڑی۔ ذری۔ چھائیں۔ چھاری۔ ۹۔ شامل۔ مِلی۔ سِلی۔ سَنگی۔

سہیلا (سَ ہِ لٗ)۔سہہ+ ایلا (مذکر فاعلی)۔ بہناپا۔ دو عورتوں کی دوستی۔ سکھیلا۔ سگیلا۔ سنگیلا۔

سہیلی (سَ ہِ لِ)۔ سہہ+ ایلی (مونث فاعلی)۔ مددگار عورت۔ ہمجولی۔ ساتھ رہنے والی۔ سکھیلی۔ سگیلی۔ سنگیلی

سیّاں (سَ یِ ءٰں)۔ سائیں+ آ (فالتو)۔شوہر۔ مالک۔ سوامیا۔

س َ ں

سنبھ (سَ ں بھ)۔ ۱۔ درستی۔ انتظام۔ بہتری۔ اصلاح۔ ساد۔ ساج۔ سار۔ ۲۔ حوالہ۔ سپردگی۔ سونپ۔
سنبھال (سَ ں بھ ٰ ل)۔ سنبھ+ آل (نسبتی)۔ ۱۔ درستی کا کام۔ مدد کا کام۔ سہارا۔ سدال۔ سنوار۔ سہار۔ سدھار۔ برج بھاشا سمار۔ ۲۔ سپردگی کا کام۔ تحویل کا کام۔ سونپال۔ ۳۔ حفاظت۔ سینت۔
سنبھالا (سَ ں بھ ٰ ل ٰ)۔ سنبھ+ آلا (مذکر فاعلی)۔ ۱۔ درستی والا۔ افاقہ۔ سنوارا۔ ۲۔ سُدھارا۔ مدد۔ سہارا۔ سدالا۔
سنبھالنا (سَ ں بھ ٰ ل نٰ)۔ سنبھال+ نا (مصدری)۔ ۱۔ مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ سنبھالا دینا۔ درست کرنا۔ روکنا۔ سہارنا۔ سنوارنا۔ سدھارنا۔ ۲۔ سپردگی میں لینا۔ سونپالنا۔ ۳۔ حفاظت کرنا۔ سینتنا۔
سنپولیا (سَ ں پٗ ل ِ ءٰ)۔ سنپ (سانپ)+ اول (جھول۔ پیدائش)+ ای (نسبتی)+ آ (فالتو)۔ سانپ کا بچہ۔ سانپ جھولیا۔ سپ جھولیا۔
سنپیرا (سَ ں پ ِ رٰ)۔ سنپ+ ایرا (مذکر فاعلی)۔ سانپ کا تماشا دکھانے والا۔ سانپ بارا۔
سنجھلا (سَ ں جھ لٰ)۔ سنجھ (سانجھ۔ تعلق)+ لا (تذکیری)۔ ملا ہوا۔ منجھلے سے چھوٹا۔ منجھلے کے بعد کا۔ سیڑھلا۔ سنجا۔ سندھا۔
سند (سَ ں د)۔ سفر۔ سَن۔ سَیر۔
سندیسا (سَ ں دِ سٰ)۔ سند+ ایسا (مذکر فاعلی)۔ پیغام۔ خبر۔ سنیسا۔ سندا۔ پنجابی سنیا۔
سنڈسی (سَ ں ڈ سِ ی)۔ دیکھئے سنسی۔
سنگ (سَ ں گ)۔ ۱۔ احتیاط۔ درستی۔ حفاظت۔ سینت۔ سانگ۔ سپ۔ ۲۔ گولائی۔ سن۔
سنگترا (سَ ں گ تَ رٰ)۔ سنگ+ ترا (مذکر فاعلی)۔ نارنگی جیسا ایک مشہور پھل۔ سنترا۔ سیندا۔ سانگا۔ سانکٹا۔
سنگوانا (سَ ں گ وٰ نٰ)۔ سنگ+ وا (امری)+ نا (مصدری)۔ احتیاط سے رکھونا۔ درست کرانا۔ سینتوانا۔
سنگٹیا (سَ ں گ ٹ ٰ)۔ سنگ+ ایٹا (مذکر فاعلی)۔ باندھنے کی رسی۔ مویشی کو زمین سے اٹھانے کی لکڑی۔ سپیٹا۔ لپیٹا۔ سیتنا۔ سمیٹنا۔
سنگیڑنا (سَ ں گ ڑ نٰ)۔ سنگ+ ایڑ (نسبتی)+ نا (مصدری)۔ درست کرنا۔ مضبوط کرنا۔ جوڑنا۔ اکٹھا کرنا۔ ساکھنا۔ سانٹنا۔ سانکنا۔ سارنا۔ سادنا۔ سمیڑنا۔

سنوار (سَ ں ؤ ر)۔ سانو (درستی۔ سانبھ) + آر (نسبتی)۔ اصلاح کا کام۔ درستی کا کام۔ سنگار۔
سنوارنا (سَ ں ؤ ر نْ)۔ سنوار + نا (مصدری)۔ درست کرنا۔ سنگارنا۔
سنورنا (سَ ں وَ ر نْ)۔ سنور (سنبھل۔ سُدھ) + نا (مصدری)۔ درست ہونا۔ بہتر ہونا۔ سنگرنا۔
سنول (سَ ں وَ ل)۔ سوں (سانو۔ ہلکی سیاہی۔ سام) + ال (نسبتی)۔ ہلکی سیاہ رنگ کی ایک مچھلی۔ چھانول۔ سانل۔ سنسکرت شیامل۔
سنولانا (سَ ں و ل نْ)۔ سنول + آ (امری) + نا (مصدری)۔ سیاہی مائل ہونا۔ چھانوالانا۔ سالانا۔ سملانا۔

سْ

سا (سْ)۔ مانند۔ مثل۔ سار۔
ساب (سْ ب)۔ ۱۔ ہمراہی۔ ساتھ۔ سنگ۔ ۲۔ کھار۔ شور۔ سارسج۔ ۳۔ نچوڑ۔ ست۔ ۴۔ مہذب۔ سبھ۔ ساد۔ ۵۔ عارف۔ پہنچا ہوا۔ ساد۔ ۶۔ صفائی۔ سپر۔ ۷۔ پورا۔ سار۔ سب۔ ۸۔ لمبائی۔ قمی۔ چھڑ۔ سانٹ۔ سَر۔
سابت (سَ بَ ت)۔ دیکھئے سابوت۔
سابقہ (سْ ب قْ)۔ دیکھئے سابکا۔
سابکا (سْ ب کْ)۔ ساب + کا (تذکیری)۔ ناتا۔ تعلق۔ واسطہ۔ یکجائی۔ ساتھ کا۔ سنگ کا۔ سانکا۔ سنگا۔ ستا۔
سابن (سْ بَ ن)۔ ساب + ان (نسبتی)۔ میل صاف کرنے والا ایک مرکب۔ سارن۔ سپڑن۔ ساپھن۔ سجن۔ صابن۔ سابُن۔
سابوت (سْ بٗ ت)۔ ساب + اوت (نسبتی)۔ مکمل۔ پورے کا پورا۔ مسلم۔ سالم۔ ساروت۔ ثابت۔
سابودانہ (سْ بٗ دْ نَ ہ)۔ ساب + او (مذکر فاعلی) + دانہ۔ ایک قسم کا سفید دانہ جو کسی درخت کی چھال کے سَت سے بنتا ہے۔ سَتّودانہ۔ ساگودانہ۔
سابونی (سْ بٗ نِ)۔ ساب + اونی (مونث فاعلی)۔ ایک گول اور لمبی مٹھائی۔ سٹونی۔ سٹوری۔
ساپ (سْ پ)۔ اچھا۔ بے داغ۔ سُوچھ۔ سوتھ۔ سَینت۔ سَدھ۔ سنسکرت شدھ۔
ساپھ (سْ پھ)۔ ۱۔ صفائی۔ صاف کرنے کا کام۔ سیڑ۔ سیاپ۔ شیاف۔ ۲۔ پورا پن۔ لمبائی۔ سار۔ سانپ۔ ۳۔ قطعی۔ بالکل۔ ختم۔ سونت۔ ۴۔ حق سچ۔

سابھا (سْ بھْ)۔ سابھ + آ (تذکیری)۔ ۱۔ پگڑی۔ سرا۔ سیلا۔ سیدھا۔ صافہ۔ ۲۔ مقعد میں رکھنے کا دست آور دواؤں کا فلیتہ۔ سپڑا۔ سونتا۔ سیاپا۔ شافہ۔

سابھی (سْ بھِ)۔ سابھ + ای (تانیث)۔ صاف کرنے کا کپڑا۔ جھاڑن۔ سپڑی۔ سونتی۔ صافی۔

سات (سْ ت)۔ ۱۔ چھے اور ایک کا مجموعہ۔ سَپت۔ ۲۔ بناوٹ۔ فریب۔ سانگ۔ سوانگ۔

ساتھ (سْ تھ)۔ تعلق۔ ہمراہی۔ قرب۔ ساکھ۔ سانٹ (سٹ)۔ سنگ۔

ساتھی (سْ تھِ)۔ ساتھ + ای (نسبتی)۔ ساتھ والا۔ ساکھی۔ سانٹی۔ سنگی۔

ساٹن (سْ ٹَ ن)۔ ساٹ (گھاؤ) + ان (تانیث)۔ ایک دبیز گھا ہوا ریشمی کپڑا۔ ٹاسن۔ ٹھانس۔ سانٹھن۔ گانٹھن۔ گانچھن۔ گانسن۔ سنگین۔

ساٹھ (سْ ٹھ)۔ ۱۔ چھ دہائیاں۔ ساڑ۔ ۲۔ پانی۔ سَل۔ ۳۔ بھک۔ بیڑ۔

ساٹھا (سْ ٹھْ)۔ ساٹھ + آ (تذکیری)۔ ساٹھ برس کا مرد۔ ساڑا۔

ساٹھی (سْ ٹھِ)۔ ۱۔ ساٹھ + ای (تانیث)۔ ساٹھا کا مونث۔ ۲۔ ساٹھ + ای (نسبتی)۔ ایک بھانت کا موٹا اور لال دھان۔ سالی (شالی)۔

ساج (سْ ج)۔ ۱۔ آرائش۔ بناؤ سنگار۔ زیور۔ سج۔ چھج۔ ساز۔ ۲۔ گانے بجانے کا سامان۔ باج۔ گج۔ ۳۔ پورا پن۔ سار۔ ۴۔ ہمراہی۔ ساتھ۔ ۵۔ حکومت۔ راج۔ ۶۔ رج۔ رُج۔ ۷۔ بستر۔ سیج۔

ساجا (سْ جْ)۔ ساج + آ (تذکیری)۔ پورا۔ مسلّم۔ سالم۔ سارا۔

ساجن (سْ جَ ن)۔ ساج + ان (نسبتی)۔ ۱۔ شوہر۔ خاوند۔ سجن۔ ۲۔ خدا۔ مالک۔ حاکم۔ راجن۔

ساجی (سْ جِ)۔ ساجا کا مونث۔

ساجھ (سْ جھ)۔ شرکت۔ ساک۔ سوک۔ ساڑ۔

ساجھا (سْ جھْ)۔ ساجھ + آ (تذکیری)۔ حصہ داری۔ ساکا۔ سَوکا۔ ساڑا۔ پنجابی سانجا۔

ساجھی (سْ جھِ)۔ ساجھ + ای (نسبتی)۔ حصہ دار۔ شریک۔ ساڑی۔ سوکی۔ پنجابی سانجی۔

ساچ (سْ چ)۔ ۱۔ اطلاع۔ سُوچ۔ ۲۔ روانگی۔ ترسیل۔ بھیج۔ سن۔ ساند۔ چھاند۔ سچ۔ ۳۔ بلندی۔ چڑ۔ چڑھ۔

ساچق (سْ چَ ق)۔ دیکھئے ساچک۔

ساچک (سْ چَ ک)۔ ساچ + اک (نسبتی)۔ دلھن کے گھر برات سے پہلے بھیجا جانے والا سامان۔ سوچک۔ سچک۔ چڑھت۔

ساد (سٗ د)۔ ۱۔ راستی۔ سیدھ۔ ۲۔ ازدواج۔ وصل۔ پیوند۔ سانک۔ ساتھ۔ سنگ۔ شاد۔ ۳۔ آرائش۔ ساج۔ ۴۔ مہذب۔ شائستہ۔ سبھ۔ ۵۔ برابری۔ ہمسری۔ سار۔ ۶۔ عزت۔ آن بان۔ اعتبار۔ ساکھ۔ ۷۔ روک۔ ٹھیراؤ۔ تحویل۔ مدد۔ برداشت۔ سانبھ۔ سار۔ سونپ۔ ۸۔ حقیقت۔ اصلیت۔ سانچ۔ ۹۔ پہنچا ہوا۔ عارف۔ سِدھ۔

سادا (سٗ دٗ)۔ ساد+آ (تذکیری)۔ بے تکلف۔ فریب سے پاک۔ راستباز۔ سیدھا۔

ساداپن (سٗ دٗپ ن)۔ سادا+ پن (حالت)۔ سیدھا پن۔ سچا پن۔

سادہ (سٗ دَہ)۔ سونا۔ سَون۔

سادہ کار (سٗ دَہ کٗ ر)۔ سادہ + کار (والا)۔ سونے کا زیور بنانے والا۔ سون کار۔ سنار۔

سادی (سٗ دِی)۔ ساد+ای (تانیثی)۔ ۱۔ سیدھی۔ ۲۔ بیاہ کا کام۔ ازدواج کا کام۔ سانگی۔ سنگی۔ شادی۔

سادھ (سٗ دھ)۔ ۱۔ مشق۔ اختیار۔ سانگ۔ سینت۔ سنبھال۔ دھار۔ ۲۔ سفر۔ سانڈ۔ سَیل۔ سَیر۔ ۳۔ بزرگ۔ سنت۔

سادھنا (سٗ دھ نٗ)۔ سادھ+نا (مصدری)۔ اختیار کرنا۔ پکڑنا۔ سانگنا۔ سینتنا۔ سنبھالنا۔ دھارنا۔

سادھو (سٗ دھٗ)۔ سادھ+او (مذکر فاعلی)۔ ۱۔ درویش۔ بزرگ۔ سنتو۔ ۲۔ سیاح۔ سیر و سفر کرنے والا۔ سَیرو۔ سَیلو۔

سار (سٗ ر)۔ ۱۔ قدر۔ گن۔ ساکھ۔ در۔ ۲۔ جگہ۔ ٹھار۔ سال۔ سنسکرت شالا۔ ۳۔ پورا پن۔ ساج۔ سب۔ ۴۔ پانی۔ سَل۔ ۵۔ برابر۔ ہمراہ۔ مانند۔ یکجائی۔ ساتھ۔ سنگ۔ ۶۔ پھل۔ نچوڑ۔ خلاصہ۔ ست۔ سونت۔ ۷۔ راگ۔ گیت۔ سیت۔ ۸۔ تان۔ تر۔ ۹۔ سلسلہ۔ لمبائی۔ سیدھ۔ ۱۰۔ تعلق۔ سیڑھ۔ ۱۱۔ سولہا چھٹانک کا وزن۔ سیر۔ ثار۔ ۱۲۔ جوڑ۔ پیوند۔ قرب۔ سانک۔ سانٹ۔ ۱۳۔ درستی۔ سنگیڑ۔ سمینٹ۔ ۱۴۔ نمک۔ کھار۔ چھار۔

سارا (سٗ رٗ)۔ سار+آ (تذکیری)۔ تمام۔ مکمل۔ پورا۔ ساجا۔

سارس (سٗ رَ س)۔ سار+اس (نسبتی)۔ لمبی ٹانگوں کا ایک پرند جو پانی کے کنارے رہتا ہے۔ سیتل۔ سانڑ۔ سکینٹ۔ سنت۔

سارنگ (سٗ رَں گ)۔ سار+انگ (نسبتی)۔ ۱۔ شہد کی مکھی۔ سوتر۔ سہارن۔ ۲۔ ایک راگ۔ بول۔ سانگ۔ سبد۔

سارنگی (سٗ رَں گِی)۔ سارنگ+ای (تانیثی)۔ ستار کی قسم کا ایک باجا۔ سانگی۔ سارگی۔ سبدی۔

سارنگیا (سٗ رَن گ یٗ ا)۔ سارنگی+آ (تذکیری)۔ سارنگی بجانے والا۔ سرنگیا۔
ساری (سٗ رِ ی)۔ سار+ای (تانیثی)۔ ۱۔ پوری۔ سالم۔ مسلّم۔ سارا کا مونث۔ ساجی۔ ۲۔ عورتوں کے جسم پر لپیٹنے کا ایک کپڑا۔ سیدھی۔ سانٹی۔ ریلی۔ سَری۔
ساڑی (سٗ ڑِ ی)۔ ساری۔
ساڑھ (سٗ ڑھ)۔ ۱۔ شرکت۔ ساجھ۔ سالڑ۔ ۲۔ نصفی۔ ادھ۔ ۳۔ اضافہ۔ باڑھ۔
ساڑھو (سٗ ڑھُ و)۔ ساڑھ+او (مذکر فاعلی)۔ سالی کا شوہر۔ ہم زلف۔ ساجھو۔ سالڑو۔ پنجابی ساندو۔
ساڑھے (سٗ ڑھ ے)۔ ساڑھ+اے (نسبت۔ جمع مذکر)۔ آدھا بڑھا کر۔ آدھا بڑھا ہوا عدد۔ اَدّھے۔ آدھلے۔ باڑھے
ساز (سٗ ز)۔ دیکھیے ساج۔
ساس (سٗ س)۔ ۱۔ شوہر یا جورو کی ماں۔ سمدھ۔ ۲۔ جُوڑ۔ جماؤ۔ گٹھاؤ۔ تنظیم۔ تدوین۔ سانگھ۔ سنگ۔ سانک۔
ساستر (سٗ س تَ ر)۔ ساست (ساس)+ار (نسبتی)۔ مدوّن۔ مرتب کیا ہوا۔ آئین۔ نظام۔ ضابطہ۔ علم۔ سانگھر۔ سانکل۔ سکھ۔ سنسکرت شاستر۔ سنگرہ۔
ساستری (سٗ س تَ رِ ی)۔ ساستر+ای (نسبتی)۔ ساستر جاننے والا۔ ضابطے اور آئین کا عالم۔ سانگھری۔ سنسکرت شاستری۔
ساغری (سٗ غ رِ ی)۔ دیکھیے ساگری۔
ساکھ (سٗ کھ)۔ ۱۔ بھرم۔ اعتبار۔ قدر۔ عزت۔ سار۔ ۲۔ مدد۔ سہارا۔ ہمراہی۔ ساتھ۔ ۳۔ جوڑ۔ کڑی۔ سانک۔ ۴۔ کمی۔ عیب۔ سانٹ۔ شاخ۔ ۵۔ اگلا حصہ۔ سامن۔
ساکھا (سٗ کھٗ)۔ ساکھ+آ (تذکیری)۔ مدد۔ سہار۔ سانبھا۔ سارا۔ ساد۔
ساکھی (سٗ کھِ ی)۔ ساکھ+ای (تانیثی)۔ ساتھ رہنے کا کام۔ ہمراہی۔ سنگی۔ ساتھی۔
ساگ (سٗ گ)۔ ۱۔ سبزی۔ ترکاری۔ اوپر نکلے ہوئے پتّے جو سونتے جاتے ہیں۔ سونت۔ سنسکرت شاک۔ ۲۔ پانی۔ چھاگ۔ سل۔ ۳۔ نچوڑ۔ رس۔ ستّ۔ ۴۔ حلقہ۔ جوڑ۔ کڑی۔ سانک۔
ساگر (سٗ گَ ر)۔ ساگ+ار (نسبتی)۔ ۱۔ پانی کا بڑا ذخیرہ۔ سمندر۔ چھاگر۔ سانبھر۔ سَرُوَر۔ سَرُودر۔ ۲۔ بھچنا۔ سمٹنا۔ سکڑ۔ سمیٹ۔
ساگری (سٗ گ رِ ی)۔ ساگر+ای (تانیثی)۔ گھوڑے کی گانڑ۔ سانکلی۔
ساگودانہ (سٗ گُ دٗ ن ہ)۔ ساگ+اؤ (مذکر فاعلی)+دانہ۔ ایک درخت کی چھال کے ست کا بنایا ہوا

دانہ جو پانی میں گھل جاتا ہے۔ سنو دانہ۔ سبودانہ۔

سال (سْ ل)۔ا۔ تعلق۔ ساتھ۔ سنگ۔ ساد۔ ۲۔ کانٹا۔ نکیلی چیز۔ سول۔ ۳۔ گڑھا۔ سانچ۔ ۴۔ پانی۔ سل۔ چھل۔ جل۔ ساگ۔ ۵۔ درستی ۔ اصلاح۔ بہتری۔ سار۔ ساج۔ ۶۔ جگہ۔ مقام۔ سار۔ سنسکرت شالا۔ ۷۔ مزہ۔ سل۔ سواد۔ ۸۔ جوڑ۔ پیوند۔ سانک۔

سالا (سْ لْ)۔ سال+آ (تذکیری)۔ بیوی کا بھائی۔ سادا (شادا)۔ سنسکرت شیالک۔

سالن (سْ لَ ن)۔ سال+ان (نسبتی)۔ روٹی کے ساتھ کھانے کی شوربے دار چیز۔ سوادن۔ چھالن۔

سالنا (سْ ل نْ)۔ سال+نا (مصدری)۔ ا۔ پٹی پائے لگا کر چارپائی تیار کرنا۔ ساجنا۔ سانکنا۔ ۲۔ چھید کرنا۔ برمانا۔ سانچنا۔ ستولنا۔

سالی (سْ لِ)۔ سال+ای (تانیثی)۔ بیوی کی بہن۔ سادی۔

سام (سْ م)۔ا۔ روک۔ تھام۔ جام۔ ۲۔ لوہے کا خول جو چھڑی کے نچلے سرے پر چڑھاتے ہیں۔ کھام۔ ۳۔ ہلکی سیاہی۔ چھام۔ چھانو۔ سانو۔ سنسکرت شیام۔ ۴۔ درستی۔ سانبھ۔ سال۔ سار۔ ساد۔ ۵۔ ہمراہی۔ یکجائی۔ ساتھ۔ ساکھ۔ سنگ۔ ۶۔ پانی۔ سل۔ سر۔

ساما (سْ مْ)۔ سام+آ (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔ ایک سیاہی مائل رنگ کی چڑیا۔ سانوا۔ چھاما۔ سنسکرت شیاما۔

سامان (سْ مْ ن)۔ سام+آن (نسبتی)۔ ا۔ اکٹھی کرنے اور بھرنے والی چیزیں۔ اسباب۔ سنگیڑ۔ سمینٹ۔ سمان۔ ۲۔ ہوش۔ اوسان۔ سنگان۔

سامنا (سْ م نْ)۔ سام+نا (تذکیری)۔ مٹھ بھیڑ۔ ملاقات۔ مقابلہ۔ لڑائی۔ سہارنا۔ لامنا۔ تھامنا۔

سامی (سْ مِ)۔ سام+ای (نسبتی)۔ ساتھ دینے والا۔ مددگار۔ حمایتی۔ تھامی۔ سنگیڑی۔ سمیٹنی۔ آسامی۔ سنسکرت سوامی۔

سان (سْ ن)۔ا۔ میل۔ شرکت۔ سانگ۔ سوند۔ سانٹھ۔ ۲۔ خموشی۔ چپ۔ سَن۔ سونٹھ۔ ستون۔ ۳۔ شبہ۔ سانس۔ ۴۔ علم۔ سیکھ۔

سانت (سْ ن ت)۔ پُرامن۔ پرسکون۔ صابر۔ ٹھنڈا۔ دھیما۔ سنت۔ سنکرت شانت۔

سانتی (سْ ن تِ)۔ سان+تی (تانیثی)۔ سکون۔ ٹھنڈک۔ امن۔ خموشی۔ سنتی۔ سنسکرت شانتی۔

سانا (سْ ن نْ)۔ سان+نا (مصدری)۔ ملانا۔ شریک کرنا۔ گوندھنا۔ لتھیڑنا۔ ساندنا۔ سوندنا۔ ساجھنا۔

سانی (سٗ نِیِ)۔سان+ای (تانیثی)۔ گائے بھینس کا چارا جو کھل اور بھوسے کو ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ سَوندی۔

ساو (سٗ ءٗ)۔ا۔ عارف۔ پہنچا ہوا۔ ساد۔ ساب۔ سِدّھ۔ ۲۔ محترم۔ شریف۔ مہذب۔ سجّن۔ سِکھ۔

ساو (سٗ و)۔ا۔ پانی۔ سار۔ سر۔ ۲۔ ہلکی سیاہی۔ سایہ۔ سانو۔ چھانو۔ ۲۔ بہادر۔ سور۔

ساون (سٗ وَ ن)۔ساو (پانی) +ان (نسبتی)۔ برسات کا ایک ہندی مہینا۔ سارن۔ سانون۔ چمان سنسکرت شراون۔

ساونت (سٗ وَن ت)۔ساو+انت (فالتو)۔ بہادر۔ شّور۔ سورنت۔ سانٹ۔ ستر۔

ساونی (سٗ ونِ)۔ ساون+ای (تانیثی)۔ ساون کی فصل۔ خریف کی فصل۔ سارنی۔

ساہ (سٗ ہ)۔ا۔ رشتہ۔ ساد (شاد)۔۲۔ وصولی۔ لین دین۔ گاہ۔ اگاہ۔ سٹ۔ ۳۔ شریف۔ ساد۔ سجّن سِکھ۔ ۴۔ نوک۔ نکیلی چیز۔ سّول۔ سینگ۔

ساہا (سٗ ہٗ)۔ساہ+آ (تذکیری)۔ا۔ شادی کا زمانہ۔ سادا۔ شادا۔ ۲۔ فصل کاٹنے کا زمانہ۔ گاہا۔ سونا۔

ساہب (سٗ ہَ ب)۔ساہ+اب (نسبتی)۔ محترم۔ بزرگ۔ سنت۔ صاحب۔

ساہبا (سٗ ہ بٗ)۔ساہب+آ (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔ محترمہ۔ بزرگ عورت۔ ساہب کا مونث۔

ساہو (سٗ ہٗ)۔ ساہ+او (مذکر فاعلی)۔ لین دین کا کام۔ گاہو۔ سارو۔ اگاہو۔ سو

ساہوکار (سٗ ہٗ کٗ ر)۔ساہو+ کار (نسبتی)۔ لین دین کا کام کرنے والا۔ گاہو کار۔ اگاہو کار۔ سٹّوگار۔

ساہوکارا (سٗ ہٗ کٗ رٗ)۔ ساہوکار+آ (تذکیری)۔ لین دین کی جگہ۔ صرافہ۔ گاہو کارا۔ سٹّو کارا۔

ساہی (سٗ ہِ)۔ ساہ+ای (تانیثی)۔ ایک کانٹے دار جانور۔ سّولی۔ سیئ۔ سنگی۔

سائی (سٗ ءِ)۔ ساہ (ساکھ) +ای (تانیثی)۔ پیشگی رقم۔ بیانہ۔ سودا پکا کرنے کی رقم۔ ساکھی۔ سونپی۔ سٹی۔

سائیس (سٗ ءِ س)۔ساہ (خدمت۔ سیو) +ایس (نسبتی)۔ گھوڑے کی خدمت کرنے والا۔ سیوک۔ سالوتر۔

سائیسی (سٗ ءِ سِ)۔سائیس+ای (تانیثی)۔ سائیس کا کام۔ سیوکی۔ سالوتری۔

سائیں (سٗ ءِ ں)۔ا۔ سفر۔ ہوا کی سنسناہٹ۔ سن۔ ۲۔ درستی۔ انتظام۔ سنبھال۔ سنوار۔

سائیں (سٗ ءِ ں)۔سائیں+ای (نسبتی)۔ا۔ سفر کرنے والا۔ سادھو۔ سنی۔ سنتی۔ ۲۔ منتظم۔ مالک۔ شوہر۔ سیامی۔ سوامی۔

س ا ں

سانبھ (سؒ ں بھ)۔ا۔ شور۔ کھار۔ سار۔ ۲۔ سختی۔ مضبوطی۔ انتظام۔ جکڑ۔ گرفت۔ سام۔ ۳۔ چکنا پن۔ سانپ۔ سیپ۔ سیل۔

سانبھر (سؒ ں بھ ر)۔سانبھ+ار(نسبتی)۔ا۔ ریاست جے پور میں نمکین پانی کی ایک جھیل۔ سابر۔ یم ۲۔ایک جنگلی چوپایا۔ سیپر۔ سیپل۔

سانپ (سؒ ں پ)۔ا۔ایک لمبا زہریلا کیڑا۔ ناگ۔ چھانپ۔ پنجابی سپ۔ سنسکرت سرپ۔

سانٹ (سؒ ں ٹ)۔ا۔ چابک۔ قمچی۔ سَٹ۔ ۲۔سیدھا۔ ستر۔ سینٹر۔ ۳۔ کپڑے میں ایک تاگے کی خالی جگہ۔ کمی۔ پھانٹ۔ چھونٹ۔ سَند۔

سانٹا (سؒ ں ٹ)۔ سانٹ+ آ (تذکیری)۔کوڑا۔ چابک۔ سرا۔ پنجابی چھا

سانٹھ (سؒ ں ٹھ)۔ سازش۔ خفیہ میل۔ جوڑ۔ وصل۔ گانٹھ۔ ساٹ۔ سٹ۔

سانٹھنا (سؒ ں ٹھ نؒ)۔سانٹھ+نا (مصدری)۔سازش کرنا۔ خفیہ طور پر ملانا۔ گانٹھنا۔

سانجھ (سؒ ں جھ)۔ یکجائی۔ دن اور رات کا میل۔ شام۔ سنگ۔ سنج۔ ساتھ۔ سام۔ سانو۔

سانچ (سؒ ں چ)۔ا۔راستی۔ سچ۔ سنسکرت ستیہ۔ ۲۔گڑھا۔ کھانچ۔ سال۔ ۳۔ بناوٹ۔ گھڑت۔ رچ۔

سانچا (سؒ ں چؒ)۔ سانچ+ آ (تذکیری)۔ا۔ راست۔ درست۔ سچا۔ ساجا۔ ۲۔قالب۔ کھانچا۔ رانچا۔

سانڈ (سؒ ں ڈ)۔ا۔ بجار جو گائے گیابھن کرنے کے لئے رکھا گیا ہو۔ عیاش مرد۔ پھند یت۔ پھاند۔ سَن۔ ۲۔سفر۔ رفتار۔ حرکت۔ سَیل۔ سَیر۔ سنک۔ سنچ۔ برج بھاشا کھاند۔ کھند۔ ۳۔ نمی۔ تری۔ سیل۔ سینچ۔

سانڈا (سؒ ں ڈؒ)۔سانڈ+ آ (تذکیری)۔ تری میں رہنے والا ایک قسم کا جانور جس کے تیل سے تلا بنتا ہے۔ سیپلا۔ سینچا۔ سنکا۔ سیرا۔ پھاندا۔

سانڈنی (سؒ ں ڈ نِ)۔سانڈ+ نی (تانیثی)۔ تیز رفتار اونٹنی۔ سیلنی۔ سنکنی۔

سانس (سؒ ں س)۔ا۔ پھونک۔ دم۔ بھاپ۔ ستون۔ ۲۔شبہ۔ خطرہ۔ سان۔ پھانس۔ ۳۔ فریب۔ سانگ۔ سوانگ۔ سات۔ ۴۔ سفر۔ آمد و رفت۔ حرکت۔ سن۔

سانسا (سؒ ں سؒ)۔ سانس+ آ (تذکیری)۔ خطرہ۔ شبہ۔ خدشہ۔ تذبذب۔ پھانسا۔ سنکا۔ سنسکرت شنکا۔

سانسی (سؒ ں سِ)۔ سانس+ ای (تانیثی)۔ ایک خانہ بدوش جرائم پیشہ جات کا آدمی۔ پھانسی۔ سانگی۔

سانک (سٗ ں ک)۔ ۱۔ بلالی ٹکڑا۔ قاش۔ پھانک۔ ۲۔ حلقہ۔ کڑی۔ گرفت۔ جونک۔ سکڑ۔ جکڑ۔ سان

سانکل (سٗ ں کَ ل)۔ سانک+ال (نسبتی)۔ زنجیر۔ سانکر۔ جانکل۔

سانگ (سٗ ں گ)۔ ۱۔ دکھاوا۔ فریب۔ بھیس۔ نقل۔ بہروپ۔ سات۔ سوانگ۔ سان۔ ۲۔ شمولیت۔ سنگم۔ ساجھ۔ ۳۔ قرب۔ سازش۔ سانٹھ۔ ۴۔ بہادری۔ سیورم۔

سانگا (سٗ ں گٗ)۔ سانگ+آ (تذکیری)۔ بہادر۔ سورما۔ ساکھا۔ سَنیا۔

سانگھڑ (سٗ ں گھ ڑ)۔ سانگھ (میل۔ سنگ)+اڑ (نسبتی)۔ دو چیزوں کا میل۔ سندھ کا ایک نگر۔ سانگ

سانو (سٗ ں ۄ)۔ ۱۔ سیاہی مائل۔ چھالو۔ سوں۔ سام۔ سنسکرت سیام۔ ۲۔ پیدائش۔ سانچ۔ ۳۔ پانی۔ ک

سانوا (سٗ ں وٗ)۔ سانو+آ (تذکیری)۔ ایک قسم کا اناج۔ ساما۔ چھانوا۔

سانولا (سٗ ں ولٗ)۔ سانو+لا (تذکیری)۔ گندمی رنگ کا۔ کلھواں۔ چھانولا۔ سانلا۔ برج بھاشا سانو سنسکرت شیامل۔

سانولی (سٗ ں ۄ لِی)۔ سانولا کا مونث۔

سِ

سٹھانی (سِ ٹھٗ نِی)۔ سٹھ (سیٹھ)+آنی (تانیثی)۔ سیٹھ کی جورو۔ مال دار عورت۔

سچ (سِ ج)۔ ۱۔ صفائی۔ ساج۔ ساچھ۔ ۲۔ اصلیت۔ سانچ۔

سچل (سِ جَ ل)۔ سچ+ال (نسبتی)۔ ۱۔ صاف۔ بے میل۔ اُجلا۔ سَچل۔ ۲۔ اصلی۔ حقیقی۔ سَچل۔

سڈول (سِ ڈٗ ل)۔ سڈ (درستی۔ سیدھ)+اول (نسبتی)۔ درست۔ ٹھیک وضع کا۔ سِدھول۔ سُدھول۔

سر (سِ ر)۔ ۱۔ آغاز۔ نکاس۔ منبع۔ چھیڑ۔ سُوت۔ ۲۔ پاگل پن۔ سِڑ۔ جر۔ ۳۔ سیدھ۔ سَر۔ سانٹ سَتر۔ ۴۔ مانند۔ مثل۔ سار۔ سریکھ۔ ۵۔ پانی۔ سَر۔ سَل۔ ۶۔ نچائی۔ نشیب۔ گِر۔

سرا (سِ رٗ)۔ سر+آ (تذکیری)۔ ۱۔ آغاز۔ کنارا۔ چھور۔ چھیڑا۔ سُوتا۔ ۲۔ مانند۔ سریکھا۔

سرانا (سِ رٗ نٗ)۔ سر+آ (امری)+نا (مصدری)۔ گرانا۔

سرسرا (سِ ر سِ رٗ)۔ سرسر+آ (تذکیری)۔ پتلا۔ پانی والا۔ پنیلا۔ سَلسَلا۔ سَر سَرا۔

سڑ (سِ ڑ)۔ پاگل پن۔ سِر۔ جڑ۔ جر۔ سٹھ۔

سڑپن (سِ ڑپَ ن)۔ سڑ+ پن (حالت)۔ پاگل پن۔ بوران۔ جڑپن۔

سڑن (سِ ڑَن)۔ سڑ+ان (تانیثی)۔ پاگل عورت۔ باولی۔ جڑن۔ سِڑن۔

سڑی (سِ ڑِی)۔ سڑ+ای (نسبتی)۔ پاگل مرد۔ سِڑی۔ جڑی۔

سس (سِ س)۔ ا۔ ایک آواز۔ سیٹ۔ ۲۔ تنگی۔ دباؤ۔ بھینچ۔ سانچ۔ ۳۔ حلقہ۔ چاند۔ سانک۔ سنسکرت ششی۔

سسک (سِ سَ ک)۔ سس+اک (نسبتی)۔ ا۔ سس کی آواز۔ سینک۔ ۲۔ دبنے کی حالت۔ سچک۔ بھچک۔ ۳۔ ترسنا۔ محرومی۔ ررک۔ للک۔

سسکار (سِ س کْ ر)۔ سسک+آر (نسبتی)۔ سی سی کی آواز۔ سیکار۔ ششکار۔

سسکارنا (سِ س کْ رنٰ)۔ سسکار+نا (مصدری)۔ سس کی آواز نکالنا۔ سکارنا۔ ششکارنا۔

سسکاری (سِ س کْ رِی)۔ سسکار+ای (فالتو)۔ سس کی آواز۔ سکاری۔ ششکاری۔

سسکانا (سِ س کْ نٰ)۔ سسک+آ (امری)+نا (مصدری)۔ دم نکالنا۔ تھوڑی تھوڑی کرکے چیز دینا۔ تنگ کرنا۔ ترسانا۔ سچکانا۔ ررکانا۔

سسکنا (سِ سَ ک نٰ)۔ سسک+نا (مصدری)۔ ا۔ دبنا۔ گھٹنا۔ سچکنا۔ بھچکنا۔ ۲۔ ترسنا۔

سسکی (سِ س کِی)۔ سسک+ای (فالتو)۔ سس کی آواز جو کسی تکلیف یا رونے میں نکلتی ہے۔ سِکی۔

سک (سِ ک)۔ ا۔ گرمی۔ تپش۔ سینک۔ ۲۔ جذب۔ سوکھ۔ ۳۔ آرام۔ سکھ۔ ۴۔ سیر۔ ۵۔ سمٹ۔ سٹ۔

سکم (سِ کَ م)۔ سک+ام (نسبتی)۔ جوڑ۔ کڑی۔ سانک۔

سکمی (سِ ک مِی)۔ سکم+ای (نسبتی)۔ کاشتکار کا کاشتکار۔ کرایہ دار کا کرایہ دار۔ سانکی۔ سنگی۔ سانٹی۔

سکنا (سِ ک نٰ)۔ سک+نا (مصدری)۔ آگ سے سینکا جانا۔ تپنا۔ سوکھا جانا۔ سکھنا۔ سٹنا۔ سمٹنا۔

سکھ (سِ کھ)۔ بڑا آدمی۔ گرونانک کا ماننے والا۔ سکھ (شیخ)۔ ساد۔

سل (سِ ل)۔ ا۔ پھسلن۔ سیل۔ ریل۔ سیپ۔ سپٹ۔ ۲۔ جوڑ۔ ٹانکا۔ سانک۔ سیت۔ ۳۔ آہستگی۔ دھیما پن۔ دل۔ دھیر۔ ڈھیل۔ ۴۔ پتھر کا ٹکڑا۔ سپاٹ (پاٹ)۔ چیر۔ ۵۔ شکن۔ سانٹ۔

سلائی (سِ لاْ ءِ)۔ سل+آئی (تانیثی)۔ سینے کا کام یا مزدوری۔ سیتائی۔

سلپ (سِ لَ پ)۔ ا۔ سوراخ۔ گڑھا۔ سانچ۔ کھیپ۔ کھانپ۔ سند۔ ۲۔ دھونا۔ سونچ۔ سپڑ۔ ۳۔ کھرچنا۔

سیپ۔ چھیپ۔ کھرپ۔ کھرچ۔

سلپچی (سِ لَ پ چِ)۔ سلپ+چی (تانیث)۔ منہ ہاتھ دھونے کا برتن جس کے ڈھکن میں چھید ہوتے ہیں۔ سانچی۔ سندی۔ سونچی۔

سلپ کلا (سِ لَ پ کَ لا)۔ سلپ+کلا (ہنر)۔ سنگتراشی کا فن۔ سانچ کلا۔ کھرچ کلا۔

سلم (سِ ل لَ م)۔ سل+ام (نسبتی)۔ ایک بھانت کی چکنی مٹی۔ سیپم۔ ریلم۔ سیلم۔ سپٹم۔

سلن (سِ لَ ن)۔ سل+ان (تانیث)۔ ٹانکا۔ جوڑ۔ سینے کا نشان۔ سیتن۔ سلن۔ سانٹن۔

سلنا (سِ ل نا)۔ سل+نا (مصدری)۔ سیا جانا۔ جڑنا۔ سلنا۔ سینا۔ سٹنا۔ سیتنا۔

سلنگا (سِ لَ ں گا)۔ سل+انگا (مذکر فاعلی)۔ بڑا ٹانکا۔ سیونا۔ سانٹرا۔ سمٹا۔ سانگلا۔

سلوٹ (سِ ل وَ ٹ)۔ سل+وٹ (بٹ۔ بل)۔ شکن۔ جھری۔ چُنٹ۔ سلائی کی شکن۔ سانٹر۔ سمٹ۔ سیون۔ سکن۔

سلی (سِ ل لِی)۔ سل+ای (تانیث)۔ استرا تیز کرنے کا چھوٹا سا چکنا پتھر۔ سِتی۔ سیلی۔

سلیتا (سِ لی تا)۔ سل+ایتا (مذکر فاعلی)۔ تسلی۔ ڈھارس۔ دلیتا۔ دلاسا۔ دھیرجتا۔

سو (سِ و)۔ ۱۔ افزونی۔ اضافہ۔ سیٹھ (جیٹھ)۔ ۲۔ باریک ریشہ۔ سیل۔

سوا (سِ وا)۔ سو+آ (تذکیری)۔ زیادہ۔ بڑھا ہوا۔ سیٹھا۔ سرتا۔

سویاں (سِ وَ ئِ یاں)۔ سو+ائی (مونث تذکیری)+آں (نسبت جمع مونث)۔ گندھے ہوئے میدے کے تار۔ سُوتیاں۔ سینکیاں۔ سیلیاں۔

سہرا (سِ ہ را)۔ سہ (بڑھن۔ لٹک۔ سیل)+را (تذکیری)۔ پھولوں یا موتیوں کی لڑیاں جو دولہا دلہن کے سر سے منہ پر لٹکائی جاتی ہیں۔ سیلا۔ سانگا۔

سیار (سِ ءِ ار)۔ ۱۔ نمی۔ ٹھنڈک۔ سیل۔ ۲۔ سیٹی بجانے والا۔ گیدڑ۔ سیٹل۔ سیال۔ سگال۔ فارسی شغال۔ ۳۔ کھیت کی جتائی میں ہل کی پھار سے بنی ہوئی سیدھی لکیر۔ سترار۔ سینک۔ دھار۔ ٹھیٹھرا۔ سنیٹ۔

سیاری (سِ ءِ ا رِی)۔ سیار+ای (تانیث)۔ برسات کی بوئی ہوئی فصل۔ ساونی۔ جوار، باجرے اور مکئی کی فصل۔ سنیٹی۔

سیان (سِ ءِ ان)۔ ۱۔ شعور۔ ہشیاری۔ ساد۔ سمجھ۔ سوچ۔ ۲۔ حلقہ۔ قابو۔ سانچ۔ ساد۔

سیانا (سِ ءان)۔ سیان+آ (تذکیری)۔ا۔ باشعور۔ سمجھ دار۔ ہوشیار۔ سُوچا۔ سمجھا۔ سُوجھرا۔ ۲۔ جوان۔ سنڈا۔ ۳۔ پہنچا ہوا۔ خدا رسیدہ۔ عارف۔ سِدّھ۔ سدّھا۔ سدنا۔ سچا۔

سیان پت (سِ ءان پَ ت)۔ سیان+ پت (حالت)۔ سمجھ داری۔ ہشیاری۔ سیان پن۔ سمجھ پن۔

سیانی (سِ ءانِ)۔ سیانا کا مونث۔

سے

سے (سِ)۔ا۔ سنگ۔ ساتھ۔ ۲۔ محافظ۔ سانپ۔ ۳۔ خدمت۔ سیوا۔ سیو۔ ۴۔ سا کی جمع۔ شریک۔ سارے۔ سرے۔ ۵۔ ایک عامل۔ آغاز۔ سِر۔ سیدھ۔

سیٹھ (سِ ٹھ)۔ دولت مند۔ مہاجن۔ بڑا آدمی۔ ایک خطاب۔ ساد۔ جیٹھ۔ سین۔ سِکھ (شیخ)۔ سونار۔

سیج (سِ ج)۔ سونے کی جگہ۔ بستر۔ لیٹنے کی جگہ۔ شکھار۔ سونار۔ سنسکرت شَیّا۔

سیر (سِ ر)۔ا۔ سوراخ۔ سال۔ سند۔ سانچ۔ چھید۔ ۲۔ سولہا چھٹانک کا وزن۔ سُولھ۔ سار (ثار)۔

سیردا (سِ رَ ءَ)۔ سیر+ادا (مذکر فاعلی)۔ پلنگ کے سرہانے یا پائینتی کی آڑی لکڑی۔ سالوا۔ سانچوا۔ چھیدوا۔ سیڑھوا۔

سیک (سِ ک)۔ا۔ حرارت۔ تپش۔ سینک۔ ۲۔ جذب۔ سُوکھ۔ ۳۔ آرام۔ سُکھ۔

سیکنا (سِ ک نٰ)۔ سیک+نا (مصدری)۔ گرمی پہنچانا۔ آگ سے گرم کرنا۔ نمی خشک کرنا۔ سَنیکنا۔ سُوکھنا۔

سیکھ (سِ کھ)۔ا۔ بزرگ۔ بڑا آدمی۔ ساد۔ سیٹھ۔ شیخ۔ ۲۔ پھلاؤ۔ پھونک۔ گمان۔ سُوج۔ سیٹ۔ ۳۔ خشکی۔ سوکھ۔

سیکھی (سِ کھِ)۔ سیکھ+ای (تانیثی)۔ اپنے آپ کو بڑا جتانے کی بات۔ غرور کی بات۔ ڈینگ۔ دون۔ سیٹھی۔ سونٹی۔ سیٹی۔ سِٹّی۔ سُوکھی۔ شیخی۔

سیل (سِ ل)۔ا۔ تار۔ سوئیوں کا تار۔ مونچھیں۔ بیل۔ بال۔ پنجابی سُوتر۔ ۲۔ پانی۔ سال۔ سیتہ۔ سَر۔ ۳۔ پھسلن۔ چکنا پن۔ ریل۔ سیپ۔

سیلا (سِ لٰ)۔ سیل+آ (تذکیری)۔ا۔ ریشمی صافہ۔ ساپھا۔ ۲۔ ایک بھانت کا ابلا ہوا چکنا چاول۔

سیتا۔ سیپا۔

سیل کھری (س ل کھ ر ی)۔ سیل + کھری (کھریا مٹی)۔ ریل کھری۔ سیپ کھری۔

سیلی (س ل ی)۔ سیل+ای (تانیث)۔ ریشم یا روئی کے تاگوں کی ڈوری جو لوگ گلے میں ڈالتے ہیں۔ سینے اور پیٹ کے بالوں کی لکیر۔ سینکڑی۔ سانٹی۔ سُتلی۔ پنجابی سوتری۔

لاسا (الٗ سٗ)۔ لاس+آ (تذکیری)۔ ۱۔ ایک پیڑ کا لیس دار مادہ۔ لِیسا۔ ۲۔ شوق۔ تعلق۔ چیک۔ لسکا۔ لاگا۔ ۳۔ چڑی ماروں کی چھڑی جس سے وہ چڑیاں پکڑتے ہیں۔ لاگا۔ لگاٗ۔

لاکھ (الٗ کھ)۔ ۱۔ سو ہزار کی گنتی۔ لکت۔ لوکر۔ ۲۔ لگاتار۔ باربار۔ لاگ۔ ۳۔ ایک پیڑ کا لال گوند۔ لَس۔ لِیس۔ ۴۔ سرخی۔ لال۔ ۵۔ خط۔ لکیر۔ لیک۔

لاکھا (الٗ کھٗ)۔ لاکھ+آ (تذکیری)۔ عورتوں کے ہونٹوں پر لگانے کا لال رنگ۔ لکھوٹا۔ لالا۔ لاگا۔ لیکا۔

لاگ (الٗ گ)۔ ۱۔ مدد۔ مزدوری۔ خرچ۔ بیگار۔ لاگت۔ ۲۔ طلب۔ شوق۔ چاہت۔ ولولہ۔ ترنگ۔ للک۔ لہک۔ لونک۔ لپک۔ لُوٹ۔ راگ۔ ۳۔ جواب۔ توڑ۔ دشمنی۔ ان بن۔ لڑت۔ ۴۔ بدرقہ۔ ساتھی۔ لَس۔ ۵۔ ابتدا۔ آغاز۔ لُوک۔ رُوک (رُوپ)۔ رکھ۔ ۶۔ مچھلی کا کھانا جو کانٹے میں اٹکایا جاتا ہے۔ لگت۔

لاگت (الٗ گ ت)۔ لاگ+ات (نسبتی)۔ خرچا۔ اٹھنے والی رقم۔ لگت۔

لاگو (الٗ گُ)۔ لاگ+او (مذکر فاعلی)۔ ۱۔ طلبگار۔ آرزومند۔ للکو۔ ۲۔ دشمن۔ لڑتو۔ لگتو۔

لال (الٗ ل)۔ ۱۔ سرخ۔ سرخ رنگ۔ سرخ رنگ کی ایک چڑیا۔ سرخ رنگ کا ایک پتھر۔ لاکھ۔ رت۔ رج۔ ۲۔ بچا۔ بیٹا۔ لڑکا۔ کمسن۔ لاڑ۔ ۳۔ خواہش۔ طلب۔ لالچ۔ لُوبھ۔

لالا (الٗ لٗ)۔ لال+آ (تذکیری)۔ ۱۔ فکر۔ چٹیک۔ لاگا۔ لونکا۔ ۲۔ بچا۔ لاڑا۔ لڑکا۔ ۳۔ مددگار۔ سہارا دینے والا۔ بنیا۔ مہاجن۔ لاگ لگانے والا۔ لاگا۔ ۴۔ شوق۔ تحریص۔ ترغیب۔ لکا۔ للچا۔ لُوبھا۔ لاسا۔ پنجابی لارا۔

لالچ (ا لَ چ)۔ لال+اچ (نسبتی)۔ طمع۔ شوق۔ للک۔ رُچی۔ لوبھ۔

لالچی (ا ل چِ)۔ لالچ+ای (نسبتی)۔ حریص۔ طماع۔ آرزومند۔ للکی۔ لوبھی۔

لالڑی (ا ل ڑِ)۔ لال+ڑی (تانیث)۔ چھوٹا لال۔ چھوٹا مونگا۔ رتنی۔

لالہ (ا لَ ہ)۔ دیکھئے لالا۔

لالی (ا لِ)۔ لال+ای (تانیث)۔ ۱۔ سرخی۔ لاکھی۔ رتّی۔ راتی۔ ۲۔ بچّی۔ لاڑی۔ لڑکی۔

لام (ا م)۔ ۱۔ خط۔ سیدھ۔ لانب۔ ۲۔ لڑائی۔ لڑاس۔ رن۔

لانا (ا نا)۔ لا+نا (مصدری)۔ ۱۔ بوجھ اٹھانا۔ لدنا۔ ۲۔ دینا۔ ڈالنا۔ ۳۔ ڈھونا۔ لُوڑھنا۔ الرنا (گاڑنا)۔

لاؤ (ا ؤ)۔ لے کر آؤ۔ بوجھ اٹھاؤ۔ لدو۔ لارو۔ لُوڑھو۔ ڈالو۔

لاو (ا و)۔ ۱۔ چرس کھینچنے کی موٹی رسی۔ برج بھاشا لِج۔ ۲۔ قلعی۔ ملمع۔ لیو۔ لیس۔ ۳۔ تعلق۔ لاگ۔ ۵۔ ذرہ۔ باریک دانہ۔ رَج۔

لاوا (ا وَ)۔ لاو+آ (تذکیری)۔ ۱۔ جوالا مکھی پہاڑ سے نکلنے والا مادہ۔ لیوا۔ لیسا۔ ۲۔ بھنی جوار کا دانہ یا پھٹکری کا ٹکڑا۔ لاہا۔ لہا۔ رجا۔ رَوا۔

لاولپیٹ (ا ؤ لَ پ ٹ)۔ لاو+لپیٹ (چھپاؤ)۔ ابہام۔ چھپاؤ۔ بناوٹ۔ منافقت۔ لاگ لپیٹ۔

لاونی (ا ؤ نِ)۔ لاو+نی (تانیث)۔ فصل کی کٹائی۔ لاہنی۔ گاہنی۔

لائنا (ا ءِ نَ)۔ لائن (رشتہ۔ لاگ)+آ (تذکیری)۔ ناتا۔ لینا۔ ناتنا۔ لاگنا۔

لائی (ا ءِ)۔ لاء (دانہ)+ای (تانیث)۔ کٹی ہوئی فصل کے گرے ہوئے دانے۔ راگی۔ رجی۔

لاں

لانب (ا ں ب)۔ درازی۔ عمود۔ لام۔ لٹک۔

لانبا (ا ں بَ)۔ لامب+آ (تذکیری)۔ اونچا۔ دراز۔ لاما۔

لانبی (ا ں بِ)۔ لانبا کا مونث۔

لانچ (ا ں چ)۔ ۱۔ جھول۔ شکن۔ گڑھا۔ کھانچ۔ ۲۔ کمی۔ عیب۔ لچھ۔

لانگ (ا ں گ)۔ آرپار۔ ناف کے نیچے سے پیچھے تک کا حصہ۔ نانگ۔ ۲۔ لنگی کا وہ حصہ جو لانگ کو

ڈھانکتا ہے۔ لنگر۔ ۲۔ کٹی ہوئی فصل۔ کھلیان۔ لاپ۔

لانگر (لٓ ں گ َ ر)۔ لانگ+ار (نسبتی)۔ ۱۔ لنگ۔ لنگوٹ۔ ۲۔ طشت۔ لگن۔

لانگری (لٓ ں گ ِ ی)۔ لانگر+ای (تانیث)۔ ۱۔ تہمد۔ دھبلا۔ مستریوں اور مزدوروں کا کندھے سے پیروں تک ڈھانکنے کا لباس۔ لنگوٹی۔ لنگی۔ ڈانگری۔ ۲۔ طباق۔ لگنی۔

لانگنا (لٓ ں گ نٓ)۔ لانگ+نا (مصدری)۔ ۱۔ لنگی کا سرا آگے سے لے جا کر پیچھے گھرسنا۔ لانگ لگانا۔ نانگنا۔ ۲۔ پار کرنا۔ اوپر سے گزرنا۔ اِدھر سے اُدھر تک عبور کرنا۔ الانگنا۔

لِ

لب (لِ ب)۔ ۱۔ چپک۔ چیپ۔ لَب۔ لَس۔ لِیس۔ ۲۔ جھوک۔ لچک۔ لانچ۔ لپھ۔

لبلبا (لِ ب لِ بٓ)۔ لب لب+آ (تذکیری)۔ چپکنا۔ نرم۔ لسدار۔ لِسلِسا۔ لَبلَبا۔ لَجلَجا۔ لُجلُجا۔ لپھ لپھا۔

لبلبی (لِ ب لِ بِی)۔ لبلبا کا مونث۔

لپ (لِ پ)۔ ۱۔ واپسی۔ لوٹ۔ ۲۔ پلستر۔ تہ۔ لیپ۔ لوند۔ ۳۔ چپک۔ سن جانا۔ لتھڑنا۔ لتھڑ۔

لپٹ (لِ پَ ٹ)۔ لپ+اٹ (نسبتی)۔ ۱۔ آلودگی۔ چپک۔ لتھڑ۔ ۲۔ واپسی۔ لوٹ۔ پلٹ۔

لپٹنا (لِ پَ ٹ نٓ)۔ لپٹ+نا (مصدری)۔ واپس ہونا۔ تہ ہونا۔ پلٹ جانا۔ لوٹنا۔ پلٹنا۔ ۲۔ چپکنا۔ لتھڑنا۔ لسڑنا۔ لِپنا۔

لتھڑنا (لِ تھَ ڑ نٓ)۔ لتھڑ (چپک۔ لیپ)+نا (مصدری)۔ آلودہ ہونا۔ سن جانا۔ لسڑنا۔ لپٹنا۔ لپنا۔

لٹالنا (لِ ٹٓ ل نٓ)۔ لٹ (لیٹ)+آل (نسبتی)+نا (مصدری)۔ لٹانا۔ لمبا کرنا۔ لِٹلانا۔ لُٹانا۔ ہریانی لٹاونا۔

لٹانا (لِ ٹٓ نٓ)۔ لٹ+آ (امری)+نا (مصدری)۔ لمبا کرنا۔ پھیلانا۔ بچھانا۔ لُوتھانا۔ لٹالنا۔

لج (لِ ج)۔ لیس۔ لیچ۔ لب۔

لجلجا (لِ ج لِ جٓ)۔ لج لج+آ (تذکیری)۔ لیس دار۔ چپ چپا۔ لسلسا۔ لبلبا۔

لحاظ (لِ حٓ ظ)۔ دیکھئے لہاج۔

لس (لِ س)۔ ۱۔ لیس۔ لَس۔ لب۔ ۲۔ بھراؤ۔ بندش۔ چھپاؤ۔ رُوک۔ رُوپ۔ لیپ۔ لُوپ۔ لُوک۔

لسائی (لِ سٰ ءِ)۔ لس+آئی (تانیث)۔ گوبر یا مٹی سے کسی سوراخ کو بند کر دینے کا کام۔ لپائی۔ لُپائی۔ لکائی۔

لسنا (لِ س نٰ)۔ لس+نا (مصدری)۔۱۔ چپکنا۔ لَسنا۔ لگنا۔ ۲۔ بھرنا۔ لپ جانا۔ لپنا۔ لُکنا۔ لَپنا۔

لکھ (لِ کھ)۔۱۔ لکیر۔ ریکھ (ریخ)۔ لیک۔ ۲۔ تحریر۔ لیکھ۔ ۳۔ حفاظت۔ سینت۔ روک۔ رکھ۔ ۴۔ چپک۔ لَس۔ لگ۔ ۵۔ ابتدا۔ آغاز۔ لُوک۔

لکھا (لِ کھ کھٰ)۔ لکھّ+آ (تذکیری)۔۱۔ تحریر۔ نوشتہ۔ لیکھا۔ لیکا۔ ۲۔ محفوظ۔ سینتا ہوا۔ رکھّا۔ رُوکا۔ ۳۔ چپکا ہوا۔ بدا ہوا۔ لگا۔ ۴۔ ابتدائی تحریر۔ نوشتۂ تقدیر۔ لُوکا۔

لکھانا (لِ کھٰ نٰ)۔ لکھ+آ (امری)+نا (مصدری)۔ کسی سے لکھنے کا کام کرانا۔ لکھنے کو کہنا۔ محفوظ کرانا۔ لیکانا۔ رَکھانا۔ رِکھانا۔

لکھائی (لِ کھٰ ءِ)۔ لکھ+آئی (تانیث)۔ لکھنے کا کام۔ لکھنے کی مزدوری۔ لیکائی۔ ریکھائی۔

لکھت (لِ کھَ ت)۔ لکھ+ات (نسبتی)۔ تحریر۔ لیکھ۔ مضمون۔ لکھنے کا کام۔ ریکھت۔ لیکھت۔ لیکت۔ رِکھنت۔

لکھنا (لِ کھ نٰ)۔ لکھ+نا (مصدری)۔ لکیریں بنانے کا کام۔ تحریر کا کام۔ ریکھنا۔ لیکنا۔

لکھنی (لِ کھ نِ)۔ لکھ+نی (تانیث)۔ لکھنے والی۔ قلم۔ لیکھنی۔ ریکھنی۔ لیکنی۔

للاٹ (لِ لٰ ٹ)۔ لل (چکناہٹ)+آٹ (نسبتی)۔ ماتھا۔ پیشانی۔ سِلاٹ۔ سپاٹ۔

لوانا (لِ وٰ نٰ)۔ لو (ڈھلائی)+آ (امری)+نا (مصدری)۔ کسی کے ذریعے بوجھ ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا۔ بوجھ پہنچوانا۔ لدانا۔ لُڑھانا۔ لرانا۔

لہاج (لِ ہٰ ج)۔ لہہ (شرم۔ لاج)+آج (نسبتی)۔ خیال۔ پاسداری۔ لجار۔ لَجاج۔ رکھاج۔ لحاظ۔

لیار (لِ ءٰ ر)۔۱۔ شوق۔ لالچ۔ ہَوکا۔ للار۔ للچار۔ لگار۔ ۲۔ ننگنا۔ لیل۔ نیار۔

لیاری (لِ ءٰ رِ)۔ لیار+ای (نسبتی)۔ ہَوکے والا۔ بہت کھانے والا۔ نیاری۔ لیلی۔ ننگی۔

لیاریا (لِ ءٰ رِ ءٰ)۔ لیاری+آ (فالتو)۔ لیاری۔ بہت کھانے والا۔ نیاریا۔ لیلیا۔ ننگیا۔

لیانا (لِ ءٰ نٰ)۔ لے (ڈھونڈ۔ لار)+آ (امری)+نا (مصدری)۔ لے کر آنا۔ لے آنا۔ لرانا۔ لڑھکانا۔ لندھانا۔

لِ

لے (لِ)۔ بوجھ۔ اٹھا۔ لد۔ پوربی لبیب۔

لیپ (لِ پ)۔ غازہ۔ ضماد۔ پلستر۔ لمع۔ پھیلا کر لگائی جانے والی دوا۔ لوَٹ۔ لوند۔ توَپ۔ ترَوپ۔

لیپا (لِ پْ)۔ لیپ+آ (تذکیری)۔ ضماد۔ پلستر۔ لیپ۔ لوندا۔

لے پالک (لِ پْ لَ ک)۔ لے (لیکر) + پال (پرورش) +اک (نسبتی)۔ لے کر پالا ہوا۔ دوسرے کا بچا جو پرورش کیا جائے۔

لیتھن (لِ تھَ ن)۔ لیتھ (چپک۔ لیس) +ان (تانیثی)۔ چپکنے والی چیز یا کام۔ لیسن۔ لگن۔

لیٹ (لِ ٹ)۔ لمبائی۔ درازی۔ پھیلاؤ۔ لاٹ۔ لام۔ لوُتھ۔

لیٹنا (لِ ٹ نْ)۔ لیٹ+ نا (مصدری)۔ پھیلنا۔ دراز ہونا۔ پسرنا۔ پڑنا۔ لمبنا۔ لُوتھنا۔

لیس (لِ س)۔ ۱۔ چپک۔ لَس۔ لیتھ۔ لاگ۔ ۲۔ سوراخ کی بندش۔ روک۔ لیپ۔

لیسنا (لِ س نْ)۔ لیس+ نا (مصدری)۔ چپکانا۔ سوراخ بند کرنا۔ لیتھنا۔ لیپنا۔

لیکھ (لِ کھ)۔ ۱۔ لکھا ہوا۔ تحریر۔ مضمون۔ ریکھ۔ لپاڑ۔ ۲۔ لکیر۔ لیک۔

لیکھا (لِ کھْ)۔ لیکھ+ آ (تذکیری)۔ حساب۔ لکھا ہوا۔ نوشتہ۔ ریکھا۔ لیکا۔

لیو (لِ ءُ)۔ حاصل کرو۔ لے لو۔ لوُ۔

لیو (لِ د)۔ ۱۔ چپکن۔ لیس۔ ۲۔ بھراؤ۔ لیپ۔ ۳۔ لینے کا کام۔ لَین۔

لیوا (لِ دْ)۔ لیو+ آ (تذکیری)۔ ۱۔ پلستر۔ ضماد۔ لیسا۔ لیپا۔ ۲۔ لینے والا۔ لَنیا۔

لیئی (لِ ءِ)۔ لے۔ (چپک۔ لیس) +ای (تانیثی)۔ کاغذ چپکانے کو پکایا ہوا میدہ۔ لیسی۔ ہریانی لئی۔

لِ

لپائی (لِ پْ ءِ)۔ لپ (لیپ) + آئی (تانیثی)۔ گوبر اور مٹی ملا کر دیوار پر یا آنگن میں چپکانے کا کام۔ چکنانے کا کام۔ لِسائی۔ سپائی۔

للاڑ (لِ لْ ڑ)۔ پیشانی۔ ماتھا۔ لِلاٹ۔

لم (لِ م)۔ اضافہ۔ لگی ہوئی چیز۔ بڑھی ہوئی چیز۔ دھجّی۔ پنھلا۔ لاگ۔ لڑ۔
لنگ (لِ ن گ)۔ ۱۔ مرد کا خاص عضو۔ لاٹ۔ لٹک۔ لنگر۔ لگار۔ ۲۔ قسم۔ نوع۔ حصہ۔ جنس۔ بھاگ۔ ۳۔ ناف کے نیچے سے پیچھے کی طرف تک کا حصّہ۔ لانگ۔

لِ

لیپ (لِ پ)۔ ۱۔ چیپک۔ لِیس۔ ۲۔ بھراؤ۔ سوراخ کی روک۔ لُوپ۔ ۳۔ چکناہٹ۔ پھسلن۔ سیپ۔
لیپنا (لِ پ نْ)۔ لیپ+نا (مصدری)۔ چپکانا۔ سوراخ بند کرنا۔ زمین یا دیوار پر گوبر اور مٹی ملا کر چپکانا۔ چکنانا۔ لِیسنا۔ سیپنا۔
لیت (لِ ت)۔ ۱۔ زمین پر گھسٹنا۔ لُوٹ۔ لُڑھک۔ ۲۔ خط۔ لکیر۔ لیک۔
لیتڑا (لِ ت ڑْ)۔ لیت+ڑا (تذکیری)۔ زمین پر گھسٹنے والا۔ پھٹا پرانا جوتا۔ لیکڑا۔ لُوھڑا۔ لیرا۔
لیچ (لِ چ)۔ ۱۔ عیب۔ کمینگی۔ کمینہ۔ ذلیل۔ نیچ۔ لچّ۔ ۲۔ چپکنے والا۔ لِیسڑ۔ لیتھڑ۔ ۳۔ خسیس۔ بخیل۔ للچاڑ۔ لالچی۔ لُوبھی۔
لیچڑ (لِ چَ ڑْ)۔ لیچ +اڑ (نسبتی)۔ ۱۔ حقیر۔ کمینہ۔ ذلیل۔ نیچ۔ لچّ۔ ۲۔ چپکنے والا۔ لِیسڑ۔ لیتھڑ۔ ۳۔ خسیس۔ بخیل۔ للچاڑ۔ لالچی۔ لُوبھی۔
لیچی (لِ چِ)۔ لیچ+ای (تانیثی)۔ چپچپے گودے کا ایک مشہور پھل۔ لِیسی۔
لید (لِ د)۔ گھوڑے گدھے کا فضلہ۔ لُوند۔ گید۔ لوتھ۔
لیر (لِ ر)۔ دھجّی۔ لاٹ۔ لہر۔ لکیر۔
لیک (لِ ک)۔ ۱۔ خط۔ لائن۔ پگڈنڈی۔ ریکھ۔ لہک۔ لیبر۔ لڑ۔ ۲۔ رسم۔ رواج۔ ریت۔
لیل (لِ ل)۔ ۱۔ نیلا نشان۔ نیل۔ ۲۔ کھانا۔ ننگل۔ ۳۔ تفریح۔ شوق۔ بہل۔ لہل۔ لہر۔
لیلا (لِ لْ)۔ لیل+آ (تذکیری)۔ نیلے رنگ کا۔ نیلا۔ ۲۔ کھیل۔ سوانگ۔ بہلا۔ لہرا۔ ۳۔ ضدّی۔ پھیلا (فیلا)۔ لُوبا۔
لیلنا (لِ ل نْ)۔ لیل+نا (مصدری)۔ کھانا۔ ننگلنا۔ نیلنا۔
لیم (لِ م)۔ کھار۔ شور۔ نیم۔ نَونار۔ لَونار۔

لیمو (لِ مُو) ۔ لیم+او (مذکر فاعلی) ۔ ایک مشہور کھٹا پھل ۔ نیبُو ۔

لُ

لبھانا (لُ بھ ا نا) ۔ لبھ (لالچ ۔ لوبھ) +آ (امری) + نا (مصدری) ۔ لوبھ دینا ۔ رغبت دلانا ۔ لگانا ۔ للچانا ۔

لپرلپر (لُ پ رلُ پ ر) ۔ لہرا کر ۔ ٹمٹماہٹ ۔ لپک لپک ۔ لہرلہر ۔

لٹانا (لُ ٹ ا نا) ۔ لٹ (لوٹ ۔ لڑھک) +آ (امری) + نا (مصدری) ۔ا ۔ لوٹنے پر مجبور کرنا ۔ لڑھکانا ۔ لڑھانا ۔ لٹالنا ۔۲ ۔ بیقرار کرنا ۔ شوق میں پھڑکانا ۔ لطف دینا ۔ لبھانا ۔ لگانا ۔ للچانا ۔

لٹیا (لُ ٹ یا) ۔ لٹ+ای (تانیثی) +آ (فالتو) ۔ پانی بھرنے کے لئے بے ٹونٹی کا گول برتن ۔ لُٹیا ۔ لُڑھکیا ۔

لڑھ (لُ ڑھ) ۔ چکر ۔ گھماؤ ۔ لوڑھ ۔ تنڈھ ۔ لوٹ ۔ ڈھول ۔

لڑھانا (لُ ڑھ ا نا) ۔ لڑھ +آ (امری) + نا (مصدری) ۔ گھمانا ۔ پھیلانا ۔ گرانا ۔ لُٹانا ۔ تنڈھانا ۔ لُڑھکانا ۔ ڈُھلانا ۔ ڈھلکانا ۔

لڑھکانا (لُ ڑھ ک ا نا) ۔ لڑھ+اک (نسبتی) +آ (امری) + نا (مصدری) ۔ گھمانا ۔ تنڈھکانا ۔ ڈُھلکانا ۔

لڑھکنا (لُ ڑَھ ک نا) ۔ لڑھک+نا (مصدری) ۔ چکر کھانا ۔ لوٹ لگانا ۔ لوُٹنا ۔ تنڈھکنا ۔ ڈُھلکنا ۔

لڑھکنی (لُ ڑَھ ک نی) ۔ لڑھ+اک (نسبتی) + نی (تانیثی) ۔ قلا ۔ لوُٹنی ۔ تنڈھکنی ۔ ڈُھلکنی ۔

لڑھیانا (لُ ڑھِ یا نا) ۔ لڑھ+ے (بچلگوا) +آ (امری) + نا (مصدری) ۔ گھمانا ۔ گول کرنا ۔ مروڑے دے کر سینا ۔ سیون کے کور دبانا ۔ لوٹیانا ۔ ڈُھلیانا ۔

لک (لُ ک) ۔ پردہ ۔ آڑ ۔ چھپاؤ ۔ ڈک ۔ لُپ ۔ لکھ ۔

لکاٹ (لُ ک ا ٹ) ۔ لک+آٹ (نسبتی) ۔ ایک مشہور پھل جو پتوں میں چھپا رہتا ہے ۔ ڈُکاٹ ۔ لُپاٹ ۔ لکھوٹ ۔

لکانا (لُ ک ا نا) ۔ لک+آ (امری) + نا (مصدری) ۔ چھپانا ۔ ڈُکانا ۔ لُپانا ۔ رُکانا ۔

لکنا (لُ ک نا) ۔ لک+نا (مصدری) ۔ چھپنا ۔ ڈُکنا ۔ رُکنا ۔ لُپنا ۔

لگائی (لُ گ ا ئی) ۔ لگ (لوگ ۔ مرد) +آئی (تانیثی) ۔ عورت ۔ لوگائی ۔ لنگائی ۔

لل (لُ ل)۔ نکمّا۔ سست۔ لُوتھ۔ لدھڑ۔

لہ (لُ ہ)۔ا۔ ایک بھاری دھات۔ ڈھیر۔ لُوتھ۔ لوند۔ لوہ۔۲۔ سیاہی۔ تک۔ ۳۔ ضد۔ فیل۔ لیل۔

لہار (لُ ہْ ر)۔ لہ+ آر (نسبتی)۔ لوہے کا کام کرنے والا۔ لوہے کی چیزیں بنانے والا۔ لُوہار۔ لوہ کار۔

لہارن (لُ ہْ رَ ن)۔ لہار+ ان (تانیثی)۔ لُہار کی جورو۔ لُہار کا مونث۔ لوہارن۔ لوہ کارن۔

لہانا (لُ ہْ نْ)۔ لہ+ آ (امری) + نا (مصدری)۔ پیچھے پڑنا۔ ضد کرنا۔ لیلانا۔

لُ

لو (لْ)۔ حاصل کرو۔ وصول کرو۔ لیُو۔

لوب (لْ ب)۔ا۔ ڈھیر۔ لوند۔ ۲۔ ضماد۔ پلستر۔ لیپ۔

لوبان (لْ بْ ن)۔ لوب+ آن (نسبتی)۔ آگ پر جلانے یا لیپ کرنے کے لئے ایک قسم کا گوند۔ گوندان۔ لیپان۔

لوبھ (لْ بھ)۔ شوق۔ طلب۔ حرص۔ چیک۔ لال۔ لاگ۔ للک۔ لالچ۔ رُچ۔ لُوٹ۔

لوبھی (لْ بھِ)۔ لوبھ+ ای (نسبتی)۔ شوقین۔ حریص۔ طالب۔ خسیس۔ لالچی۔ للکی۔

لوپ (لْ پ)۔ا۔ چھپاؤ۔ چھپا ہوا۔ گُوپ۔ چھُوپ۔ دُوپ۔ رُوپ۔ لُوک۔ اَلُوپ۔ ۲۔ نمود۔ اظہار۔ لگ۔ لکھ۔

لوتھ (لْ تھ)۔ ڈھیر۔ لاش۔ لوند۔ لھاس۔

لوتھڑا (لْ تھ ڑْ)۔ لوتھ+ ڑا (تذکیری)۔ گوشت کا بڑا ٹکڑا۔ جمے ہوئے خون کا تھکّا۔ لوندڑا۔ لادا۔

لوٹ (لْ ٹ)۔ا۔ چکّر۔ گردش۔ گھماؤ۔ لُڑھکنی۔ لُوڑھ۔ رُوٹ۔ ۲۔ آلودگی۔ لیتھ۔ لیس۔ ۳۔ عشق۔ طلب۔ رغبت۔ شوق۔ لُوبھ۔ لاگ۔

لوٹا (لْ ٹْ)۔ لوٹ+ آ (تذکیری)۔ لڑھکنے والا۔ پانی رکھنے کا گول برتن۔ لُوڑھا۔ لُڑھکا۔ بوٹا۔ رُوٹا۔

لوٹن (لْ ٹَ ن)۔ لوٹ+ ان (نسبتی)۔ لوٹنے کا کام۔ کروٹیں بدلنے کا عمل۔ لڑھکن۔ لُوڑھن۔

لوٹنا (لْ ٹ نْ)۔ لوٹ+ نا (مصدری)۔ا۔ چکر کھانا۔ کروٹیں بدلنا۔ لُڑھکنا۔ لَنڈھنا۔ ۲۔ عاشق ہونا۔ بے قرار ہونا۔ لُبھنا۔

لوٹنی (ل ٹ نِ)۔ لوٹ+نی (تانیث)۔ چکر۔ قلا۔ لڑھکنی۔ لڑھلنی۔ تنڈھنی۔

لوچ (ل چ)۔ ۱۔ جھکاؤ۔ نرمی۔ لچ۔ لالچ۔ ۲۔ چپک۔ لَس۔

لودھا (ل دھ)۔ لودھ (بوجھ) + آ (تذکیری)۔ جسیم آدمی۔ بھاری بھر کم۔ ہندوؤں کی ایک جات کا آدمی۔ لادا۔ لُوتھڑا۔

لودھن (ل دھَ ن)۔ لودھ+ان (تانیث)۔ لودھا کا مونث۔

لور (ل ر)۔ ۱۔ حرکت۔ بال۔ ترنگ۔ لہر۔ ۲۔ پھیلاؤ۔ بسرام۔ لیٹ۔

لوری (ل رِ)۔ لور+ای (تانیث)۔ وہ سریلا گیت جسے سنا کر بچے کو سلاتے ہیں۔ لہری۔ لیٹی۔

لوک (ل ک)۔ ۱۔ شرم۔ لاج۔ ۲۔ دنیا۔ ملک۔ دیس۔ رُوک۔ راج۔ لُوگر۔ اُگار۔ ۳۔ چھپاؤ۔ آڑ۔ پردہ۔ دوک۔

لوکھ (ل کھ)۔ مرد۔ لوگ۔

لوگ (ل گ)۔ مرد۔ لُوکھ۔ لُوتھ۔ مرہٹی لنیک۔

لول (ل ل)۔ ۱۔ حرکت۔ لہر۔ ۲۔ ڈھیر۔ لوتھ۔ لوند۔

لولا (ل لَ)۔ لول+آ (تذکیری)۔ مرد کا خاص عضو۔ لُوتھا۔ لوندا۔ لہرا۔ لاٹا۔

لولو (ل لُ)۔ لول+او (مونث فاعلی)۔ بچوں کی پھنّو۔ لہرو۔ لوتھو۔ لوندو۔ لاٹو۔

لوہ (ل ہ)۔ ۱۔ ڈھیر۔ لوند۔ لوتھ۔ ۲۔ سیاہی۔ لَگ۔

لوہا (ل ہَ)۔ لوہ+آ (تذکیری)۔ ایک سخت اور بھاری دھات۔ لوندا۔ لوتھا۔ لاٹا۔ لُوکا۔

لوئی (ل ءِ)۔ لو۔ (ڈھیر۔ لوند) +ای (تانیث)۔ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ لوندی۔ لوتھی۔

لَ

لبد (لَ ب د)۔ پسی ہوئی تر چیز۔ لوند۔ لگد۔

لبدی (لَ ب دِ)۔ لبد+ای (تانیث)۔ گیلی پسی ہوئی چیز کی ڈھیری۔ پتنگ پر چڑھانے کا کلف۔ لوندی۔ لگدی۔

لپڑی (لَ پ ڑِ)۔ لپ (ضماد۔ لیپ) +ڑی (تانیث)۔ روغن ملے آٹے کا لیپ جو میل چھڑانے کو چہرے پر ملتے ہیں۔ لیپڑی۔ ردپڑی۔

لتڑا (لَ ت ڑٗ)۔لت (دہرا پن۔ لوت) +ڑا (تذکیری)۔اِدھر کی اُدھر لگانے والا۔ لگائی بجھائی کرنے والا۔ دوتڑا۔ دورا۔ لاگا۔

لتڑی (لَ ت ڑِ)۔لتڑا کا مونث۔

لٹ (لَ ٹ)۔۱۔ چھین جھپٹ۔ غنڈہ گردی۔ لُوٹ۔ لچ۔ نوچ۔ ۲۔ بربادی۔ رَوند۔ ۳۔ واپسی۔ لَوٹ۔

لٹانا (لَ ٹ نٗ)۔ لٹ+آ (امری) +نا (مصدری)۔ واپس کرنا۔ دے ڈالنا۔ لَوٹانا۔

لٹس (لَ ٹ ٹَ س)۔ لٹ+اس (نسبتی)۔ لوٹنے کا کام یا حالت۔ لچس۔ لُوٹس۔ نُوچس۔ لَنڈ۔

لٹنا (لَ ٹ نٗ)۔ لٹ+نا (مصدری)۔ برباد ہونا۔ کنگال ہونا۔ غندہ گردی کا شکار ہونا۔ رَندنا۔ نچنا۔ ۲۔ واپس ہونا۔ پھرنا۔ لَوٹنا۔

لٹیرا (لَ ٹ ر)۔ لٹ+ایرا (مذکر فاعلی)۔ لوٹنے والا۔ ڈاکو۔ رہزن۔ رَندیرا۔ نچیرا۔

لچ (لَ چ چ)۔۱۔ غنڈہ گردی۔ بدمعاشی۔ رَوند۔ لونڈ۔ لپھنگ۔ ۲۔ غنڈہ۔ شہوت پرست۔ ریچھ۔ ۳۔ چپانا۔ رونتھ۔ رات۔

لچّا (لَ چ چٗ)۔ لچ+آ (تذکیری)۔ بدمعاش۔ غنڈہ۔ شہوت پرست۔ ریچھا۔ رَوندا۔ لونڈا۔ تَکّا (لقا)۔ لپھنگا۔

لچئی (لَ چَ ءِ)۔ لچ+ائی (تانیثی)۔ روٹی۔ لُوچی۔

لچّی (لَ چ چِ)۔ لچ +ای (تانیثی)۔ لچّا کا مونث۔

لقّا (لَ ق قٗ)۔ دیکھئے لکّا۔

لقندرا (لَ قَ ن د رٗ)۔ دیکھئے لکندرا۔

لقندری (لَ قَ ن د رِ)۔ دیکھئے لکندری۔

لک (لَ ک)۔۱۔ بدمعاشی۔ لچ۔ لق۔ ۲۔ شعلہ۔ آنچ۔ لَو۔ لاٹ۔ ۳۔ سیاہی۔ کال۔ پنجابی میں کولتار کو کہتے ہیں۔

لکّا (لَ ک کٗ)۔ لکت+آ (تذکیری)۔۱۔ بدمعاش۔ غنڈا۔ لوّٹا۔ لنگا۔ ۲۔ شعلہ۔ لاٹا۔ لونکرا۔

لکٹی (لَ ک ٹِ)۔ لک+ٹی (تانیثی)۔ چولھے کی جلتی ہوئی لکڑی۔ جلتا ہوا چیلا۔ لاٹی۔ لونکری۔

لکندرا (لَ کَ ن د رٗ)۔ لک+اندرا (مذکر فاعلی)۔ بدمعاش۔ لکّا۔ لچّا۔ لونڈا۔ لکٹا۔ لقندرا۔

لکندری (لَ کَ ن د رِ)۔ لکندرا کا مونث۔ لقندری۔

لنجا (لَ ن جُ)۔ لنج (ہاتھ پاؤں سے معذوری) + آ (تذکیری)۔ وہ آدمی جو ہاتھوں سے معذور ہو۔ لولا۔

لنڈ (لَ ن ڈ)۔ بربادی۔ اجاڑ پن۔ لنّس۔ لنڈور۔

لنڈا (لَ ن ڈُ)۔ اجڑا ہوا۔ برباد۔ محتاج۔ بے نوا۔ لنڈورا۔ لولا۔ لنجا۔

لنڈی (لَ ن ڈِ)۔ لنڈا کا مونث۔

لنگ (لَ ن گ)۔ ۱۔ فساد۔ بدمعاشی۔ عیب۔ لانج۔ ۲۔ ناف سے نیچے کے دھڑ کو ڈھانکنے والا ایک لباس۔ لنگوٹ۔

لنگاڑ (لَ ن گ ڑ)۔ لنگ + آڑ (نسبتی)۔ غنڈا پن۔ شرارت۔ لچّ۔ لکٹ۔ لَوٹ۔

لنگاڑا (لَ ن گ ڑُ)۔ لنگاڑ + آ (تذکیری)۔ غنڈا۔ بدمعاش۔ اچکا۔ لچّا۔ لپھنگا۔

لنگاڑن (لَ ن گ ڑَ ن)۔ لنگاڑ + ان (تانیثی)۔ لنگاڑا کا مونث۔

لنگی (لَ ن گِ)۔ لنگ + ای (تانیثی)۔ تہمد۔ دھبلا۔ لنگوٹی۔ لانگری۔

لَں

لنڈھ (لَ ں ڈھ)۔ گردش۔ گھماؤ۔ کروٹ۔ قلا۔ لوڑھ۔ لُوٹ۔

لنڈھانا (لَ ں ڈھ نُ)۔ لنڈھ + آ (امری) + نا (مصدری)۔ بکھیرنا۔ گرانا۔ گھمانا۔ لڑھانا۔ لڑھکانا۔ لٹانا۔

لَ

لو (لَ)۔ بہت گرم ہوا۔ سموم۔ شعلہ۔ لَو۔ لاٹ۔

لوٹ (لَ ٹ)۔ ۱۔ بربادی۔ غارت گری۔ چھین جھپٹ۔ رَوند۔ لنگاڑ۔ ۲۔ چھینا ہوا مال۔ مفت کا مال۔ لوند۔ لُوتھ۔ نوَچ۔ ۳۔ واپسی۔ لَوٹ۔ ۴۔ کھانا۔ نگل۔ نیل۔ لیل۔

لوٹنا (لَ ٹ نُ)۔ لوٹ + نا (مصدری)۔ ۱۔ چھیننا۔ اجاڑنا۔ نوچنا۔ ۲۔ واپس لینا۔ لوٹنا۔ ۳۔ کھاجانا۔ ہضم کرجانا۔ نگلنا۔ لیلنا۔

لوکا (لَ کُ)۔ لوک (لک) + آ (تذکیری)۔ ۱۔ آنچ۔ شعلہ۔ لکّا۔ لاٹا۔ ۲۔ سیاہی۔ سیاہ۔ کالا۔

لوکٹ (لُ کَ ٹ)۔ لوک+اٹ (نسبتی)۔ سیاہی۔ کالونچ۔ کالک۔ کلونس۔
لولا (لُ لا)۔ لول (گردش۔ گھماؤ۔ لوٹ)+آ (تذکیری)۔ ہاتھوں سے معذور مرد۔ لُوٹا۔ لُڑھکا۔ لنجا۔ لُوتھڑا۔
لولو (لُ لُو)۔ لول+او (مذکر فاعلی)۔ گول۔ احمق۔ لُوٹا۔ لُوٹو۔
لولی (لُ لِی)۔ لول+ای (تانیثی)۔ لولا کا مونث۔

ل
۸

لہ (لِ ہ)۔ ۱۔ نچائی۔ نشیب۔ اتار۔ جھوک۔ ڈہ۔ لانچ۔ ۲۔ لکیر۔ خط۔ لڑ۔ ۳۔ خوشی۔ گہہ۔ ۴۔ اختلاف۔ لڑ۔
لہر (لِ ہِ ر)۔ ۱۔ بلور۔ بال۔ جھوم۔ لاٹ۔ لو۔ لپر۔ ۲۔ امنگ۔ شوق۔ من کی موج۔ ترنگ۔ لہل۔ لیل۔ لپک۔ ۳۔ کثرت۔ زیادتی۔ بہر۔ ۴۔ خط۔ دھجّی۔ لیر۔ دھار۔ ۵۔ عمود۔ لٹکن۔ لمب۔ لٹک۔
لہرا (لِ ہ رٗ)۔ لہر+آ (تذکیری)۔ لہرانے والا۔ ٹہنی کا پتّوں والا سِرا۔ لمبا۔ لٹکا۔ لیرا۔ لپکا۔
لہرانا (لِ ہ رٗ نٗ)۔ لہر+آ (امری)+نا (مصدری)۔ ۱۔ جھومنا۔ ہلنا۔ لپرانا۔ ۲۔ لمبا ہونا۔ لمبا کرنا۔ لمبانا۔ لپکانا۔
لہری (لِ ہ رِی)۔ لہر+ای (نسبتی)۔ شوقین۔ من چلا۔ لہلی۔ لیلی۔ لٹکی۔ لپکی۔
لہریا (لِ ہ رِ ءٗ)۔ لہر+ای (نسبتی)+آ (تذکیری)۔ لہردار۔ دھاری دار۔ لیریا۔ دھاریا۔
لہس (لِ ہِ س)۔ ۱۔ نشان۔ ضماد۔ لیپ۔ لیل۔ نیل۔ ۲۔ لمبا ٹکڑا۔ چیپ۔ لیر۔ لونگ۔ ۳۔ ڈھیر۔ لُوتھ۔ لوند۔
لہسن (لِ ہ سَ ن)۔ ۱۔ لہس+ان (نسبتی)۔ ایک پودے کی گٹھیلی جڑ جس میں جوّے ہوتے ہیں۔ لونگن۔ لُوتھن۔ سنسکرت رسونک۔ ۲۔ بچے کے جسم پر ایک قدرتی نشان۔ لیلن۔ نیلن۔ لیپن۔
لہسنیا (لِ ہ سَ نِ ءٗ)۔ لہسن+ای (نسبتی)+آ (فالتو)۔ ۱۔ جسم کا نیلا نشان۔ لیلیا۔ نیلیا۔ ۲۔ ایک قیمتی پتھر۔ لیلنیا۔
لہک (لِ ہِ ک)۔ ۱۔ شوق۔ ولولہ۔ چاؤ۔ جوش۔ لپک۔ گہک۔ ۲۔ جُھوک۔ لچک۔ ۳۔ روشنی۔ دبک۔ لونک۔
لہکنا (لِ ہِ ک نٗ)۔ لہک+نا (مصدری)۔ ۱۔ سبزے کا لہرانا۔ لچکنا۔ کپکنا۔ ۲۔ بھڑکنا۔ دبکنا۔ لونکنا۔
لہل (لِ ہِ ل)۔ شوق۔ چاؤ۔ خوشی۔ گیل۔ لہر۔
لہلوٹ (لِ ہ لُ ٹ)۔ لہل+اوٹ (نسبتی)۔ عاشق۔ فریفتہ۔ لہروٹ۔ گہروٹ۔ لُوٹ۔
لہلہانا (لِ ہ لَ ہٗ نٗ)۔ لہ لہ (وجد۔ جوش۔ مستی)+آ (امری)+نا (مصدری)۔ سبزے کا جھومنا۔

لہکنا۔ لچلچانا۔ لپلپانا۔

لہلہاہٹ (لِ ہ لَ ہٗ ہَ ٹ)۔ لہ لہ + آہٹ (کیفیت)۔ سبزے کے جھومنے کی کیفیت۔ لچلچاہٹ۔ لہکاہٹ۔

لہنا (لِ ہ نٗ)۔ لہن (لڑائی) + آ (تذکیری)۔ اختلاف۔ خفگی۔ شکایت۔ لڑنا۔

لہنگ (لِ ہِ ں گ)۔ جھوک۔ لچک۔ لہک۔ لنک۔ لوٹ۔

لہنگا (لِ ہ ں گٗ)۔ لہنگ + آ (تذکیری)۔ عورتوں کا کمر سے نیچے کا ایک گھیردار لباس۔ گھاگرا۔ لہکا۔ لچکا۔ لوٹا۔

لے

لے (لے)۔ ۱۔ سلسلہ۔ تانتا۔ سر۔ لہجہ۔ تان۔ لڑ۔ لین۔ لاگ۔ راگ۔ ۲۔ شوق۔ دھن۔ لال۔ للک۔ ۳۔ عادت۔ لٹ۔ رٹ۔ لت۔ ۴۔ جھکاؤ۔ اتار۔ نرمی۔ لپھ۔ رچ۔ لچ۔ لوچ۔ لس۔ ۵۔ ذائقہ۔ خوشبو۔ رس۔ ۶۔ حصول۔ وصول یابی۔ لاد۔ لو۔ برج بھاشا لہہ۔

لیس (لے س)۔ ۱۔ سجا ہوا۔ تیار۔ آراستہ۔ لیپ۔ ٹپ۔ ۲۔ واپسی۔ مڑا ہوا تیر۔ لوٹ۔ ۳۔ کلابتو کا فیتہ۔ لیر۔ لہر۔

لین (لے ن)۔ ۱۔ لکیر۔ قطار۔ خط۔ راستا۔ ریل کی پٹری۔ لڑ۔ لیک۔ ۲۔ پکڑنے یا حاصل کرنے کا کام۔ لاد۔ لار۔ برج بھاشا گہن۔

لینا (لے نٗ)۔ لے + نا (مصدری)۔ حاصل کرنا۔ وصول کرنا۔ برج بھاشا گہنو۔

لیں

لینڈ (لے ں ڈ)۔ ۱۔ بندھے ہوئے پاخانے کی لمبی موٹی بتی۔ لڑ۔ ۲۔ بوجھ۔ لاد۔ عیب۔ کمزوری۔ لانچھ۔ لچھ۔ ۳۔ جوڑ۔ وصل۔ لاگ۔

لینڈرا (لے ں ڈ رٗ)۔ لینڈ + را (تذکیری)۔ پہلے شوہر کا بچا جسے لے کر عورت دوسرے شوہر کے یہاں جاتی ہے۔ لوتّا۔ لوندا۔ لونڈا۔ لاڈلا۔ لدھڑا۔

لینڈو (ل ی ں ڈُو)۔ لینڈ+او (مذکر فاعلی)۔ سامان ڈھونے کی ایک گاڑی۔ ریڑو۔ لادو۔ لدّو۔

لینڈی (ل ی ں ڈِی)۔ لینڈ+ای (تانیثی)۔۱۔ بندھے پاخانے کی بتی۔ لڑی۔ ۲۔ سلسلہ۔ تعلق۔ پیوند۔ جوڑ۔ جفتی کے بعد کتے کتیا کا جُڑ جانا۔ لگی۔ لنڈی۔ لوڑی۔ ۳۔ ڈرپوک۔ کمزور۔ لالچی۔ لچّی۔ ردی۔

لُ

لو (لُ)۔۱۔ ولولہ۔ ترنگ۔ خواہش۔ شوق۔ دھن۔ لہر۔ ۲۔ شعلہ۔ لپٹ۔ لاٹ۔ ۳۔ کان کے نیچے کی نوک۔ لب۔ لٹک۔ لُوب۔

لوٹ (لُ ٹ)۔۱۔ اوندھا۔ الٹا۔ تضاد۔ پٹ۔ پلٹ۔ اُلٹ۔ ۲۔ واپسی۔ لپیٹ۔ ۳۔ ڈھیر۔ تہ۔ گھری۔ لوند۔

لوٹالنا (لُ ٹ ال نَ)۔ لوٹ+آل (نسبتی)+نا (مصدری)۔ واپس کرنا۔ لوٹانا۔ ہریانی لوٹاونا۔

لوٹانا (لُ ٹ نَ)۔ لوٹ+آ (امری)+نا (مصدری)۔ واپس کرنا۔ الٹانا۔ پلٹانا۔

لوٹنا (لُ ٹ نَ)۔ لوٹ+نا (مصدری)۔۱۔ اوندھا کرنا۔ پلٹنا۔ الٹنا۔ ۲۔ واپس ہونا۔ پھرانا۔ لپٹنا۔

لوٹھا (لُ ٹھ)۔ لوٹھ (سختی)+آ (تذکیری)۔ دھینگڑا۔ مسٹنڈا۔ تناہوا۔ لٹھا۔ لکڑا۔

لوٹھی (لُ ٹھِ)۔ لوٹھ+ای (تانیثی)۔ لوٹھا کا مونث۔

لوڑا (لُ ڑَ)۔ لوڑ (مضبوطی۔ سختی۔ اکڑ)+آ (تذکیری)۔ مرد کا خاص عضو۔ لنڈ (آ)۔ لُوتھڑا۔ لمبا۔ لٹکا۔

لوکی (لُ کِی)۔ لوک (لمبائی۔ عمود)+ای (تانیثی)۔ ایک چکنی اور لمبی ترکاری۔ گھیا۔ لائی۔ لبی۔ لٹکی۔

لومڑی (لُ م ڑِی)۔ لوم (بال)+ڑی (تانیثی)۔ لمبے بالوں کا ایک جنگلی جانور۔ رُومڑی۔ لُوکھری۔ لونبڑی۔

لون (لُ ن)۔۱۔ ڈھیر۔ تھکا۔ لوند۔ لبد۔ ۲۔ نمک۔ نُون۔

لونی (لُ نِی)۔ لون+ای (تانیثی)۔۱۔ کھار۔ نونی۔ ۲۔ ڈھیر۔ تھکّا۔ مکھن۔ لوندی۔ لبدی۔ لگدی۔

لُں

لونجی (لُ ں جِی)۔ لونج (لمبا ٹکڑا)+ای (تانیثی)۔ آم کی لمبی لمبی پھانکوں کا اچار۔ لاٹی۔ لاپی۔ لائی۔

لوند (لُ ں د)۔۱۔ ڈھیر۔ لوتھ۔ لبد۔ لگد۔ ۲۔ زائد۔ فالتو۔ مفت۔ بڑھی ہوئی۔ اضافہ۔ لم لیر۔ تُوٹ۔

لوندا (لؔ ں دٰ)۔ لوند+آ (تذکیری)۔ گیلی مٹی کی ایک تہائی۔ مکھن کا ٹکڑا۔ لونا۔ لبدا۔ لگدا۔ لُوتھا۔

لونڈا (لؔ ں ڈٰ)۔ لونڈ (دوڑ۔ چل پھر۔ روند) +آ (تذکیری)۔ ۱۔ چل پھر کر کام کرنے والا۔ کم عمر لڑکا۔ کم عمر خدمتگار۔ ٹہلوا۔ لنڈا۔ روندا۔ رونا۔ ۲۔ پیارا۔ چہیتا۔ لاڈلا۔ ۲۔ مفت میں حاصل کیا ہوا لڑکا۔ لوٹا۔ لینڈرا۔

لونڈی (لؔ ں ڈِی)۔ لونڈ+ای (تانیث)۔ لونڈا کا مونث۔

لونک (لؔ ں ک)۔ تھرتھری۔ ٹمٹماہٹ۔ کپکپی۔ رونک۔ رمک۔ لُپک۔ لک۔ دونک۔ لہک۔

لونکنا (لؔ ں ک نٰ)۔ لونک+نا (مصدری)۔ تھرتھرانا۔ کلیجے کا دھڑکنا۔ لکنا۔ لہکنا۔ لُپکنا۔

لونگ (لؔ ں گ)۔ ایک پیڑ کا پھول۔ ناک کی کیل۔ لام۔ لوَم۔ رونگ۔ لوَ۔ لاٹ۔ لیر۔ لہر۔

مَ

مت (مَ ت)۔ ۱۔ ہار۔ سُستی۔ ماند۔ مات۔ ۲۔ فضلہ۔ مَیل۔ مَسل۔ ۳۔ کام سے روکنے کا کلمہ۔ انکاری کلمہ۔ نہ۔ ناں۔ موڑ۔ نٹ۔

مت (مَں ت)۔ ۱۔ منشا۔ ارادہ۔ رجحان۔ میل۔ ۲۔ نشہ۔ خمار۔ مد۔ مدھ۔ مج۔ ۳۔ رگڑ۔ مالش۔ متھ۔ مَن۔ مَل۔ مَسک۔ مچل۔ مَتل۔

متلانا (مَت لٰ نٰ)۔ متل (مالش۔ متھ) +آ (امری) +نا (مصدری)۔ ابکانا۔ قے کرنے کو جی چاہنا۔ مچلانا۔

متلی (مَت لِی)۔ متل+ای (تانیث)۔ مالش۔ اُبکائی۔ مچلی۔ متھی۔

متوالا (مَت وٰ لٰ)۔ مت+والا (مذکر فاعلی)۔ نشہ باز۔ مخمور۔ سرشار۔ مدوالا۔ مدھ والا۔ مچ والا۔

متی (مَ تِی)۔ مت+ای (تاکیدی)۔ مت ہی۔ ناں ہی۔ نہیں۔

متھ (مَ تھ)۔ ۱۔ ابھار۔ مگ۔ ماس۔ مکھ۔ مینڈ۔ ۲۔ سبب۔ وجہ۔ غرض۔ مار۔ ۳۔ رگڑ۔ منتھ۔ مل۔ مسک۔ ۴۔ بیچ۔ دخل۔ مد۔ مدھ۔ ۵۔ ذمہ۔ گھر۔ مینڈھ۔ ۶۔ منہ۔ مکھ۔ مُہر۔

متھانی (مَ تھٰ نِی)۔ متھ+آنی (تانیث)۔ دہی بلونے کا آلہ۔ رئی۔ مسکانی۔ پنجابی مدھانی۔

متھنا (مَ تھ نٰ)۔ متھ+نا (مصدری)۔ جھاگ پیدا کرنا۔ بلونا۔ ملنا۔ مسکنا۔ مینا۔ مینجنا۔

مٹ (مَ ٹ)۔ ۱۔ پھیر۔ چکر۔ مُوڑ۔ مہر۔ ۲۔ کلف۔ مانڈ۔ ۲۔ گھڑا۔ مون۔ ماٹ۔ ماند۔

مٹّ (مَں ٹ ٹ)۔ ۱۔ ذرہ۔ دانہ۔ ابھار۔ مکھ۔ ماس۔ مگ۔ ۲۔ چھپاؤ۔ ڈھکاؤ۔ مٹھ۔ منڈھ۔ ۳۔ سُستی۔

ڈھیل۔ مدّھ۔ مَند۔ مَل۔ مَر۔ ۳۔ موٹائی۔ مُوٹ۔

مٹر (مَ ٹَ ر)۔ مٹ+ار (نسبتی)۔ ۱۔ گول دانے کا ایک اناج۔ مَور۔ ماکم۔ ۲۔ سُست۔ ڈھیلا۔ آہستہ۔ مدھر۔

مٹک (مَ ٹَ ک)۔ مٹ+اک (نسبتی)۔ چکّر۔ مہر۔ موڑ۔ نٹک۔

مٹکا (مَ ٹ کْ)۔ مٹک+آ (تذکیری)۔ گول۔ گمڑا۔ مُوڑا۔ مَونا۔

مٹکنا (مَ ٹَ ک نْ)۔ مٹک+نا (مصدری)۔ رقص کرنا۔ ناچنا۔ ناٹنا۔

مٹکی (مَ ٹ کِی)۔ مٹک+ای (تانیثی)۔ چھوٹا مٹکا۔

مٹی (مَ ں ٹ ٹِی)۔ مٹّ+ای (تانیثی)۔ ۱۔ خاک۔ دھول۔ مٹری۔ میٹی۔ ۲۔ سُست۔ آہستہ۔ کند۔ ڈھیلی۔ متّھی۔ مدّھی۔ مَندی۔ ۳۔ خراب۔ شکستہ۔ کَلی۔ مَولی۔ مَری۔

مٹیار (مَ ں ٹِ ءْ ر)۔ مٹ+ء (بچلگوا)+آر (نسبتی)۔ وہ زمین جس میں ریت نہ ہو۔ لمیار۔

مٹیالا (مَ ں ٹِ ءْ لْ)۔ مٹّ+ء (بچلگوا)+آلا (مذکر فاعلی)۔ مِٹّی کے رنگ کا۔ بھورا۔ لمیالا۔

مٹیلا (مَ ں ٹِی لْ)۔ مٹّی+لا (تذکیری)۔ مٹّی کے رنگ کا۔ مٹّی یالا۔ مٹیالا۔ لمیلا۔

مٹھ (مَ ٹھ)۔ ۱۔ ہندو فقیروں کی جھونپڑی۔ بت خانہ۔ مندھ۔ ۲۔ سُستی۔ ڈھیل۔ مدّھ۔ ۳۔ مزہ۔ ذائقہ۔ شیرینی۔ مال۔ میٹھ۔ ۴۔ بلونا۔ متھ۔

مٹھا (مَ ٹھْ)۔ مٹھ+آ (تذکیری)۔ بلویا ہوا دہی۔ چھاچ۔ متھا ہوا۔ متھا۔

مٹھّا (مَ ٹھ ٹھْ)۔ مٹھ+آ (تذکیری)۔ ۱۔ سُست۔ ڈھیلا۔ مدّھا۔ مندا۔ مدّا۔ مرا۔ ۲۔ بلویا ہوا دہی۔ چھاچ۔ مَٹھا۔

مٹھارنا (مَ ٹھْ ر نْ)۔ مٹھ+آر (نسبتی)+نا (مصدری)۔ ۱۔ پھانسنے کی باتیں کرنا۔ مزے لے لے کر باتیں کرنا۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔ مٹھارنا۔ مونسنا۔ پیسنا۔ ۲۔ ابھارنا۔ گول کرنا۔ مدوّر بنانا۔ مونٹھنا۔ ۳۔ تیزی مار دینا۔ کند کر دینا۔ موندنا۔ موڑنا۔

مٹھری (مَ ٹھ رِی)۔ مٹھ+ری (تانیثی)۔ ایک بھانت کی تلی ہوئی میٹھی خستہ ٹکیا۔ مٹھی۔ مہری۔ موسمی۔

مٹھور (مَ ٹھْ ر)۔ مٹھ+اور (نسبتی)۔ گول۔ بڑا مٹکا۔ مُوٹ۔

مٹھولا (مَ ٹھ لْ)۔ مٹھ+اولا (مذکر فاعلی)۔ ہتھلس۔ عضو کو ہاتھ سے مل کر منی نکالنے کا کام۔ مَتھُولا۔ کَلوُلا۔

مج (مَ ج)۔ ۱۔ شراب۔ نشہ۔ مد۔ سنسکرت مجا۔ ۲۔ لطف۔ تفریح۔ مزہ۔ پھڑک۔ مٹھ۔ موج۔ مجک۔

٣۔ آواز۔ باج۔ گاج۔ ٤۔ سرخی۔ رج۔

مجاک (مَ جْ ک)۔ مج+آک (نسبتی)۔ پھڑکانے والی بات۔ تفریح کی بات۔ ہنسی۔ دل لگی۔ موجاک۔ مِٹھاک۔ مزاخ۔ مذاق۔

مجیٹھ (مَ جِے ٹھ)۔ مج +ایٹھ (نسبتی)۔ ایک لال لکڑی جس کے رنگ سے کپڑے رنگتے ہیں۔ رجیٹھ۔

مجیرا (مَ جِے رْ)۔ مج +ایرا (مذکر فاعلی)۔ ایک باجا۔ پیتل کی دو کٹوریاں جو ہاتھوں سے بجاتے ہیں۔ گجیرا۔

مچ (مَ چ)۔ ١۔ ابھار۔ اٹھان۔ ماچ۔ مہر۔ مگر۔ ٢۔ جھوک۔ لچ۔ موڑ۔ ٣۔ دباؤ۔ مِنج۔ موند۔

مچ (مَں چ)۔ ١۔ جوش۔ تڑپ۔ حرکت۔ ترنگ۔ موج۔ مچھ۔ مچل۔ ٢۔ موٹائی۔ مینڈ۔ ماس۔

مچان (مَ چْ ن)۔ مچ+آن (نسبتی)۔ ٹانڈ۔ کھیت کی رکھوالی یا شکار کو بلندی پر بیٹھنے کے لئے بندھی ہوئی چارپائی وغیرہ۔ منچان۔ ماچان۔ مہران۔ نگران۔

مچانا (مَ چْ نْ)۔ مچ+آ (امری) +نا (مصدری)۔ اٹھانا۔ گونجانا۔ اونچانا (اُچانا)۔

مچک (مَ چَ ک)۔ مچ+اک (نسبتی)۔ جھوک۔ لچک۔ مٹک۔ نچک۔

مچک (مَں چَ ک)۔ مچ+اک (نسبتی)۔ ١۔ بو۔ گندھ۔ مہک۔ مچھک۔ ٢۔ تڑپ۔ پھڑک۔ موجک۔ مینڈک۔ ملک۔

مچکا (مَں چ کْ)۔ مچک+آ (تذکیری)۔ ١۔ جوش۔ ترنگ۔ تڑپ۔ پھرک۔ اچھال۔ مینڈکا۔ مارکا۔ ٢۔ بُری بو۔ باس۔ مہکا۔ مچھکا۔

مچکنا (مَ چَ ک نْ)۔ مچک+نا (مصدری)۔ جھکنا۔ لچکنا۔ مٹکنا۔ نچکنا۔

مچکنا (مَں چَ ک نْ)۔ مچک+نا (مصدری)۔ ١۔ تڑپنا۔ پھرکنا۔ اچھلنا۔ ملکنا۔ ٢۔ بو دینا۔ مہکنا۔ مچھکنا۔

مچل (مَ چَ ل)۔ مچ +ال (نسبتی)۔ ١۔ تڑپ۔ بلک۔ پھڑک۔ ملک۔ موج۔ مینڈ۔ مچھ۔ ملا۔ ٢۔ رقص۔ نچل۔

مچلنا (مَ چَ ل نْ)۔ مچل+نا (مصدری)۔ ١۔ تڑپنا۔ بلکنا۔ پھیلنا۔ ملکنا۔ مچھکنا۔ ٢۔ رقص کرنا۔ نچلنا۔

مچمچانا (مَ چ مَ چْ نْ)۔ مچ مچ+آ (امری) +نا (مصدری)۔ ہلنا۔ تھلکنا۔ تھلتھلانا۔ لچلچانا۔

مچمچانا (مَں چ مَں چْ نْ)۔ مچ مچ+آ (امری) +نا (مصدری)۔ بو دینا۔ باس دینا۔ مچھ مچھانا۔

مچمچاہٹ (مَں چ مَں چْ ہَ ٹ)۔ مچ مچ +آہٹ (حالت)۔ بو دینے کی حالت۔ سڑاند۔ مچھ مچھاہٹ۔

مچنا (مَ چ نْ)۔ مچ +نا (مصدری)۔ اٹھنا۔ بلند ہونا۔ اونچا ہونا۔ اُچنا۔

مچھ (مَ چھ)۔ ١۔ حرکت۔ تڑپ۔ مُوچ۔ مَوج۔ مینڈ۔ ٢۔ ابھار۔ دانہ۔ مکھ۔ ماس۔ ٣۔ باس۔ مہک۔ مچک۔

مچھر (مَ چھ چھَ ر)۔ مچھ+ار (نسبتی)۔ ایک چھوٹا اڑنے والا پتنگا جو جسم کا خون چوستا ہے۔ مَسَر۔

مچھلی (مَ چھ لِی)۔ مچھ+لی (تانیث)۔ ۱۔ پانی کا ایک مشہور جانور۔ مَکّی۔ بنگالی ماسلی۔ ۲۔ پنڈلی یا بازو کا بھیتری گوشت۔ اَدلا۔ مانسی۔ مُوٹلی۔ مونٹھی۔ مُوسلی۔

مچھوا (مَ چھ وَا)۔ مچھ+وا (مذکر فاعلی)۔ مچھلیاں پکڑنے والا۔ مُچھورا۔

مچھیرا (مَ چھ یِ رَا)۔ مچھ+یرا (مذکر فاعلی)۔ مچھلیاں پکڑنے والا۔ مچھلیاں پکڑ پکڑ کر بیچنے والا۔ مچھ کارا۔ مچھیارا۔

محال (مَ حَ ل)۔ دیکھئے مہال۔

مد (مَ د)۔ ۱۔ سُستی۔ ڈھیل۔ مٹھ۔ مدّھ۔ مدھر۔ مند۔ ۲۔ دانہ۔ ماس۔ ماکھ۔ مُوت۔ ۳۔ نشہ۔ جوش۔ ترنگ۔ ۴۔ مینڈ۔ موَج۔ ۴۔ مزہ۔ لطف۔ ۴۔ نگ۔ ۵۔ مٹاپا۔ موٹ۔ بڈ۔ ۶۔ دخل۔ بیچ۔ مدّھ۔ مانجھ۔ ۷۔ وجہ۔ مار۔ ۸۔ عقل۔ مت۔

مڈا (مَ ڈَا)۔ مدّ+آ (تذکیری)۔ ۱۔ سبب۔ کارن۔ مارا۔ ۲۔ دخل۔ بیچ۔ مدّھا۔ ۳۔ سُست۔ ارزاں۔ مٹھا۔ مندا۔ مدھرا۔

مدماتا (مَ د مَا تَا)۔ مد+مات (بار۔ماند)+آ (تذکیری)۔ شراب کے نشے میں دھت۔ مخمور۔ مست مادھو۔ مَجّ ماندا۔

مدماتی (مَ د مَا تِی)۔ مدماتا کا مونث۔

مدار (مَ دَا ر)۔ مد+آر (نسبتی)۔ ۱۔ آک کا پیڑ جس کا بیج گھوئے میں لپٹا پھرتا ہے۔ مونٹھ۔ مور۔ مینڈار۔ ۲۔ بانسری۔ مندل۔ ۳۔ مجمع۔ منڈل۔

مداری (مَ دَا رِی)۔ مدار+ای (نسبتی)۔ مجمع لگانے والا۔ تماشا دکھانے والا۔ بازی گر۔ مندلی۔ منڈلی۔

مدرا (مَ د رَا)۔ مد+را (تذکیری)۔ نشے کی چیز۔ شراب۔ مجرا۔

مدک (مَ دَ ک)۔ مد+اک (نسبتی)۔ افیم۔ چنڈو کا شغل۔ مہک۔ مجک۔

مدکی (مَ د کِی)۔ مدک+ای (نسبتی)۔ مدک پینے والا۔ مجکی۔ مہکی۔

مدکیا (مَ دَ کِ یَا)۔ مدکی+آ (فالتو)۔ مدک پینے والا۔ مجکیا۔ مہکیا۔

مدن (مَ دَ ن)۔ مد+ان (نسبتی)۔ نشہ باز۔ مخمور۔ مست۔ ہندوستان کی دیومالا میں عشق کا دیوتا۔ مگن۔ مجن۔

مڈو (مَ ڈُو)۔ مدّ+او (مذکر فاعلی)۔ موٹا۔ کوہان۔ موٹو۔

مدّی (مَ دِ یِ)۔ مدّا کا مونث۔

مدھ (مَ دھ)۔ دباؤ۔ ماند۔ میچ۔

مدّھ (مَں دھ دھ)۔ ۱۔ آہستہ۔ سُست۔ نرم۔ مند۔ مدھر۔ ۲۔ درمیان۔ مجّھ۔

مدھ (مَں دھ)۔ نشہ۔ مد۔ مت۔ مج۔

مدّھا (مَں دھ دھٰ)۔ مدّھ + آ (تذکیری)۔ ڈھیلا۔ نرم۔ سست رفتار۔ مٹّھا۔ مدّا۔ مندا۔ مدھرا۔

مدھر (مَ دھَ ر)۔ مدھ + ار (نسبتی)۔ نرم۔ آہستہ۔ مند۔ مدّھ۔

مدھری (مَ دھ رِ یِ)۔ مدھر + ای (تانیثی)۔ مدھر کا مونث۔

مدّھم (مَں دھ دھَ م)۔ مدّھ + ام (نسبتی)۔ نرم۔ دھیما۔ مدّم۔ مندم۔ مٹّھم۔

مدّھی (مَں دھ دِھ)۔ مدّھ + ای (تانیثی)۔ مدّھا کا مونث۔

مذاق (مَ ذٰ ق)۔ دیکھئے مجاک۔

مذاقیہ (مَ ذٰ قِ ءَ ہ)۔ دیکھئے مجاکیا۔

مزاخ (مَ زٰ خ)۔ دیکھئے مجاک۔

مزاخیہ (مَ زٰ خِ ءَ ہ)۔ دیکھئے مجاکیا۔

مر (مَ ر)۔ ۱۔ تکلیف۔ مصیبت۔ مار۔ کل۔ ۲۔ رگڑ۔ گھساؤ۔ متھ۔ ۳۔ ابھار۔ مس۔ گمڈ۔ کمھ۔ مد۔ ۴۔ سختی۔ کساوٹ۔ مڑ۔ ۵۔ رغبت۔ پیار۔ میل۔ مُود۔ ۶۔ نشہ۔ مستد۔ متد۔ ۷۔ پردہ۔ آڑ۔ منڈھ۔ ۸۔ بو۔ گند۔ مہک۔ ۹۔ موت۔ فنا۔ بربادی۔ مٹ۔ ۱۰۔ آہستگی۔ مند۔ مٹھ۔ ۱۱۔ نرمی۔ چکناپن۔ لَ۔ ۱۲۔ سفیدی۔ تَول۔ مُوت۔

مرا (مَ رٰ)۔ مر + آ (تذکیری)۔ ۱۔ برباد۔ فنا ہونے والا۔ مٹا۔ ۲۔ گھسا۔ ملا۔ ۳۔ کمزور۔ سُست۔ مٹھا۔ مندا۔

مرانا (مَ رٰ نٰ)۔ مر + آ (امری) + نا (مصدری)۔ رگڑوانا۔ گھسانا۔ ملانا۔

مرت (مَ رت)۔ ۱۔ شیرینی۔ مٹھاس۔ میٹھ۔ امرت۔ ۲۔ موٹائی۔ مُوٹ۔ بُوٹ۔

مرتبان (مَ رتَ بٰ ن)۔ مرت + بان (وضع۔ بناوٹ)۔ گول بنا ہوا۔ مربّے اور اچار وغیرہ رکھنے کے لئے شیشے یا چینی کا برتن۔ موٹ بان۔ امرت بان۔

مرج (مَ رَج)۔ تھکن۔ سُستی۔ آلکس۔ بے رونقی۔ علالت۔ ماند۔ مورچھ۔

مرجیا (مَ رجِ ءٰ)۔ مرج + ای (نسبتی) + آ (فالتو)۔ بیمار۔ کمزور صحت والا۔ ماندیا۔ مورچھیا۔

مرنیل (مَ رِ نیِ ل) مرن+ایل (نسبتی) اکتا دینے والا۔ بیمار۔ ۲۔ مارنے والا۔ مرنیل۔ مرتھیل

مرنیل (مَ رِ نیِ ل) دیکھئے مرنیل

مرکھنا (مَ رَ کھَ نا)۔ مر(مار)+کھن(عادت۔ قصور)+آ(تذکیری)۔ مارنے کی صفت والا۔ مارنے کا عادی۔ مار کھنورا۔

مرکھنی (مَ رَ کھَ نی)۔ مرکھنا کا مونث۔

مرگھٹ (مَ رَ گھَ ٹ)۔ مر+گھٹ (تشبیہ گھاٹ)۔ مرنے والوں کا گھاٹ۔ قبرستان۔ مرگھاٹ۔

مرمر (مَ رَ مَ ر)۔ ایک سفید چکنا پتھر۔ مول مول۔ موت موت۔

مرن (مَ رَ ن)۔ مر+ان (تانیثی)۔ ۱۔ موت۔ مولن۔ ۲۔ مصیبت۔ پریشانی۔ بربادی۔ متھن۔

مرنا (مَ رَ نا)۔ مر+نا (مصدری)۔ ۱۔ دنیا سے گزر جانا۔ ختم ہوجانا۔ بیتنا۔ مولنا۔ ۲۔ دم پڑ جانا۔ شرمندہ ہونا۔ مرجھانا۔ مندنا۔ مدھنا۔ ۳۔ پریشانی اٹھانا۔ کانا۔ متھنا۔ ۴۔ چاہنا۔ پیار کرنا۔ ماننا۔

مروا (مَ رَ وا)۔ مر+اوا (مذکر فاعلی)۔ ایک بودار پودا۔ مہکوا۔ مڑوا۔

مروڑ (مَ رَ وڑ)۔ مر+اوڑ (نسبتی)۔ اینٹھن۔ ملوڑ۔ مسکوڑ۔

مروڑا (مَ رَ وڑا)۔ مروڑ+آ (تذکیری)۔ بل۔ اینٹھن۔ ملوڑا۔ ملولا۔ مسوسا۔

مروڑنا (مَ رَ وڑ نا)۔ مروڑ+نا (مصدری)۔ بتی بنانا۔ بل دینا۔ گھمانا۔ مسکوڑنا۔

مروڑی (مَ رَ وڑی)۔ مروڑ+ای (تانیثی)۔ میل یا آٹے کی بتی۔ ملوڑی۔

مری (مَ ری)۔ مر+ای (تانیثی)۔ ۱۔ موت۔ دبا۔ مرتی۔ مولی۔ ۲۔ سستی۔ کمزوری۔ متھی۔ مدھی۔ ۳۔ گھسی ہوئی۔ کلی۔

مریل (مَ رِ یَ ل)۔ مری+ال (نسبتی)۔ سست۔ کمزور۔ ڈھیلا۔ دبلا پتلا۔ متھا۔ متھیل۔

مرینا (مَ رِ ینا)۔ مر+ اینا (مذکر فاعلی)۔ ایک نرم اونی کپڑا۔ ملینا۔

مڑوا (مَ ڑَ وا)۔ دیکھئے مروا۔

مڑھ (مَ ڑھ)۔ پردہ۔ ڈھکاؤ۔ منڈھ۔ متھ۔

مڑھا (مَ ڑھا)۔ مڑھ+آ (تذکیری)۔ ڈھکا ہوا۔ مکان۔ جھونپڑا۔ منڈھا۔

مڑھنا (مَ ڑھ نا)۔ مڑھ+نا (مصدری)۔ چھپانا۔ کسی چیز پر کھال یا پوشش چڑھانا۔ ڈھانکنا۔ منڈھنا۔

مڑھی (مَ ڑھی)۔ مڑھ+ای (تانیثی)۔ جھونپڑی۔ متھی۔ منڈھی۔

مڑھیا (مَ س ڑَھ یا)۔ مڑھ+ایا (مونث فاعلی)۔ مڑھی۔ منڈھی۔ منڈھیا۔ منڈھریا۔

مس (مَ س)۔۱۔ دانہ۔ ابھار۔ بال کی جڑ۔ مکھ۔ ۲۔رگڑ۔ خراش۔ چھلائی۔ دہراٹ۔ بار بار کرنا۔ مل۔ مَتھ۔ میلس۔ مانجھ۔ ۳۔جوڑ۔ ساتھ۔ رغبت۔ میل۔۴۔مغز۔ ست۔ مال۔ مین۔ مینگ۔ ۵۔خوشبو باس۔ مہک۔ ۶۔ڈھانکنا۔ مڑھ۔ منڈھ۔ ۷۔بھار۔ وزن۔ کَل۔ مُوٹ۔ ۸۔چھونا۔ کَل۔ لِل۔

متا (مَ س سْ)۔ مَس+آ (تذکیری)۔۱۔ کھال پر ابھرا ہوا دانہ۔ مانسلا۔ مکھا۔ پنجابی مُوکا۔ ۲۔بندوق کی نال پر کا دانہ۔ مکھا۔

مساس (مَ سْ س)۔ مس+آس (نسبتی)۔ عورت کے جسم کو ہاتھ سے ملنا۔ ملاس۔

مسالا (مَ سْ لْ)۔ مس+آلا (مذکر فاعلی)۔۱۔ خوشبودار چیزوں کی لبدی جو گوشت اور ترکاری میں ملائی جاتی ہے۔ راج مستریوں کا بنایا ہوا پلستر یا گچ کا سامان۔ بِلالا۔ متھالا۔ ۲۔گوٹا کناری۔ مڑھالا۔ منڈھالا۔

مسان (مَ سْ ن)۔ مس+آن (نسبتی)۔ جسیم۔ طاقتور۔ بھوت۔ ملان۔ مچھان۔

مساوات (مَ سْ وْت)۔ مس+آو (نسبتی)+آت (حالت)۔ عادت۔ مشق۔ ملاوات۔ منجھاوات۔

مست (مَ س ت)۔ نشہ۔ مد۔ ج۔

مستان (مَ س تْ ن)۔ مست (نشہ)+آن (نسبتی)۔ مخمور۔ سرشار۔ متان۔ مدان۔ مجان۔

مستانا (مَ س تْ نْ)۔ مست+آ (امری)+نا (مصدری)۔ مخمور ہوجانا۔ ادھل جانا۔ متانا۔

مستانی (مَ س تْ نِی)۔ مست+آنی (تانیث)۔ مستان کا مونث۔

مسک (مَ سَ ک)۔ مس+اک (نسبتی)۔ رگڑ۔ متھک۔ ۲۔ بل۔ گھوم۔ مچک۔ ملک۔ موس۔ مروڑ۔ ۳۔چکناہٹ۔ پھسلن۔ مَل۔

مسکا (مَ س کْ)۔ مسک+آ (تذکیری)۔ مکھن۔ ملا۔ مکھا۔ مٹھ کا۔ متھ کا۔

مسکنا (مَ سَ ک نْ)۔ مسک+نا (مصدری)۔۱۔ کپڑے کا کسی چیز سے دب کر پھٹ جانا۔ رگڑجانا۔ پھسکنا۔ ۲۔ رگڑنا۔ مانجھنا۔ ملنا۔ ۳۔ دبانا۔ ڈھانکنا۔ منڈھنا۔ مانڈھنا۔ میچنا۔

مسکوڑا (مَ س کُ ڑْ)۔ مسک+اوڑا (مذکر فاعلی)۔ وہ جنبش یا پھڑک جو کروٹ لیتے وقت ہوتی ہے۔ مچھکوڑا۔ ملکوڑا۔

مسلنا (مَ سَ ل نْ)۔ مسل (مکّا۔ مونٹھ)+نا (مصدری)۔۱۔ ہاتھ سے نرم کرنا۔ لَس پیدا کرنا۔ مونٹھنا۔

متھلنا۔ ۲۔ رگڑنا۔ مچلنا۔ ۳۔ شکنیں ڈالنا۔ گنجلنا۔

مسور (مَ سّ ر)۔ مس+اور (نسبتی)۔ سرخ دانے کا ایک اناج۔ مکھور۔ پنجابی مَسَر۔

مسوڑا (مَ سّ ڑٗ)۔ مس+اوڑا (مذکر فاعلی)۔ دانت کی جڑ کا گوشت۔ مکھوڑا۔ مانسا۔

مسوس (مَ سُ س)۔ مس+اوس (نسبتی)۔ پیچ۔ اینٹھن۔ دباؤ۔ مروڑ۔ ملول۔ مسک۔

مسوسا (مَ سُ سٗ)۔ مسوس+آ (تذکیری)۔ بل۔ پیچ و تاب۔ افسوس۔ پچھتاوا۔ مروڑا۔ ملولا۔

مسوسنا (مَ سُ س نٗ)۔ مسوس+نا (مصدری)۔ ۱۔ ملنا۔ بل دینا۔ بٹنا۔ مروڑنا۔ ۲۔ دبانا۔ بھینچنا۔ مسکنا۔

مسہری (مَ سِ ہ رِ)۔ مس+اہر (ظرف) +ای (تانیثی)۔ چاروں طرف سے ڈھکی ہوئی ایک بھانت کی اونچی کھاٹ۔ مچھردانی۔ منڈھیری۔ بسیری۔

مسیل (مَ سِ ل)۔ مس+ایل (نسبتی)۔ بوجھل۔ موٹا۔ سُست۔ مُوٹیل۔ مانسل۔ متھیل۔

مغزی (مَ غ زِ)۔ دیکھئے مگجی۔

مک (مَ ک)۔ ۱۔ ہار۔ مات۔ ماند۔ ۲۔ گھوم۔ بل۔ مُوڑ۔

مکّ (مَ ک ک)۔ ۱۔ دانہ۔ گولی۔ مکھ۔ مگ۔ ۲۔ نشہ۔ مت۔ مد۔ مج۔ ۳۔ اچھال۔ تڑپ۔ مچھک۔ مینڈ۔ ۴۔ دھیما پن۔ آہستگی۔ مدھ۔ مَل۔ مسڑ۔ ۵۔ چکّر۔ پنگ۔

مکّا (مَ ک کٗ)۔ مکّ+آ (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔ ایک گول گول اور پیلے دانوں کا اناج۔ مانکا۔ ملکا۔ مکھا۔ متا۔

مکر (مَ کَ ر)۔ دھندلی۔ مَرَ مَل۔ چھائیں اور چاندنی کے ساتھ بولا جاتا ہے۔

مکّڑ (مَ ک کَ ڑ)۔ مکّ+اڑ (نسبتی)۔ لمبی ٹانگوں کا ایک کوڑا۔ مکر۔ مدھر۔

مکڑ (مَ کَ ڑ)۔ مک +اڑ (نسبتی)۔ آہستگی۔ مدھر۔ مَل۔ مٹر۔

مکڑا (مَ کَ ڑٗ)۔ مکڑ+آ (تذکیری)۔ جالا تاننے والا ایک کوڑا۔ مدھا۔ مدھرا۔

مکڑی (مَ کَ ڑِ)۔ مکڑ+ای (تانیثی)۔ مکڑا کا مونث۔ چھوٹا مکڑا۔

مکنا (مَ ک نٗ)۔ مک+نا (مصدری)۔ مست ہاتھی۔ اچھل اچھل کر چلنے والا ہاتھی۔ ملکنا۔ مکھنا۔ مستا۔

مکو (مَ کٗ)۔ مک+او (مونث فاعلی)۔ ایک پودا جس میں گول گول دانے لگتے ہیں۔ مکھو۔ ملکو۔ مکو۔

مکوڑا (مَ کّ ڑٗ)۔ مک+اوڑا (مذکر فاعلی)۔ ایک کیڑا جس کا دھڑ گول دانے کی طرح ہوتا ہے۔ مکھوڑا۔ ملکوڑا۔

مکھ (مَ کھ)۔ ۱۔ ابھار۔ دانہ۔ مس۔ مین۔ مگ۔ ۲۔ نشہ۔ مت۔ مد۔ ۳۔ تڑپ۔ منک۔ ملک۔ ۴۔ رگڑ۔ مسک۔ مَل۔ متھ۔

مکھا (مَ کھ کھُ)۔ مکھ + آ (تذکیری)۔ دانے جیسے دھڑ کا ایک اڑنے والا پتنگا۔ مکا۔ ماکا۔ ماکا۔ مکسا۔ مسا۔

مکھانا (مَ کھا نا)۔ مکھ + آنا (مذکر فاعلی)۔ کنول کا بیج۔ مینگانا۔

مکھن (مَ کھ کھَ ن)۔ مکھ + ان (نسبتی)۔ چھاچ یا ادودھ جو دہی بلونے سے اوپر آجاتا ہے۔ نونی۔ مسکا۔ مسکن۔ منتھن۔ مَلَن۔

مکھنا (مَ کھ نا)۔ مکھ + نا (مصدری)۔ مست ہاتھی۔ اچھل اچھل کر چلنے والا ہاتھی۔ متنا۔ ملکنا۔ مکنا۔

مکھی (مَ کھ کھی)۔ مکھ + ای (تانیثی)۔ چھوٹا مکھا۔ مکھا کا مونث۔ مکسی۔ سنسکرت مکشی۔ مکشکا۔

مکئی (مَ کَ ئی)۔ مک + ائی (تانیثی)۔ گول گول دانوں کا ایک اناج۔ مکا۔ مکری۔ مانکی۔ ملکی۔ مکّی۔

مگ (مَ گ)۔ ۱۔ نرمی۔ دھیما پن۔ آہستگی۔ مدھ۔ ۲۔ درمیان۔ بیچ۔ مدھ۔ مانجھ۔ ۳۔ جوش۔ تڑپ۔ پھڑک۔ ملک۔ منگ۔ امنگ۔ ۴۔ ابھار۔ دانہ۔ گولی۔ مکھ۔ ۵۔ لطف۔ مزہ۔ نشہ۔ مج۔ مد۔

مگجی (مَ گ جی)۔ مگج (گھیر۔ مونج) + ای (تانیثی)۔ گوٹ۔ جھالر۔ سنجاف۔ لٹکن۔ موندی۔ مُوڑی۔ مینجی۔ مونجی۔

مگد (مَ گَ د)۔ ۱۔ خوشی۔ چاہت۔ من۔ مُود۔ ۲۔ ایک غلہ۔ مونگ۔

مگدھ (مَ گَ دھ)۔ درمیانی۔ بھارت کے صوبہ بہار کا ایک علاقہ۔ مدھ منجھ۔

مگر (مَ گَ ر)۔ مگ + ار (نسبتی)۔ ۱۔ سُست۔ بوجھل۔ ماند۔ مات۔ مکر۔ مَسَر۔ ۲۔ تڑپنے پھڑکنے والا۔ کان کا ایک زیور۔ ملکر۔ ۳۔ گھڑیال۔ مچھل۔

مگرا (مَ گ رُ)۔ مگر + آ (تذکیری)۔ ۱۔ خاموش۔ زبان سے صاف نہ کہنے والا۔ پسلا۔ مونا۔ مونسا۔ مونٹھا۔ ۲۔ کام چور۔ سُست۔ منٹھرا۔ ۳۔ چھپر کے اوپر بیچوں بیچ کا لمبا شہتیر یا بلّی۔ مدھرا۔ منجھارا۔ مہرا۔

مگن (مَ گَ ن)۔ مگ + ان (نسبتی)۔ خوش۔ مست۔ مجن۔ مدن۔

مگوچی (مَ گ و چی)۔ مگ + اوچی (مونث فاعلی)۔ گولی۔ پسی ہوئی دال کی گولیاں جن کا سالن پکایا جاتا ہے۔ مکھوچی۔ مونگری۔

مگورا (مَ گ و رُ)۔ مگ + اورا (مذکر فاعلی)۔ مسالا ملی پسی ہوئی دال کی گولیاں جو روغن میں تل کر کھائی جاتی ہیں۔ مکھورا۔ مونگا۔

نگھتی (مَ گھَ ءِ)۔ نگھرکا۔ نگھری۔

مل (مَ ل)۔ا۔ بیج۔ مینگ۔ مول۔ ۲۔ فضلہ۔ پاخانہ۔ مینگ۔ ۳۔ سُست۔ ڈھیلا۔ مدھ۔ مدھر۔ مانجھ۔ ۴۔ خمار۔ نشہ۔ مد۔ مست۔ ۵۔ دانہ۔ ابھار۔ گولی۔ مکھ۔ مگ۔ ۶۔ دباؤ۔ ٹھونک۔ مروڑ۔ پیچ۔ مَر۔ مار۔ ۷۔ چکنا پن۔ مَر۔ ۸۔ موٹائی۔ بھار۔ پہلوان۔ مُوٹ۔

ملار (مَ لْ ر)۔ مل+ آر (نسبتی)۔ برسات کے موسم کا ایک گیت جو آہستہ آہستہ گایا جاتا ہے۔ مِٹھار۔ منگل۔

ملاوج (مَ لْ وَ ج)۔ مل+ آوج (نسبتی)۔ صفائی۔ ستھرائی۔ سنگھار۔ منجھاول۔

ملائی (مَ لْ ءِ)۔ مل+ آئی (تانیثی)۔ دودھ کے اوپر کی پپڑی۔ مالائی۔ مسکائی۔

ملبا (مَ ل بَ)۔ مل+ با (تذکیری)۔ گرے ہوئے مکان کے اینٹ گارے کا ڈھیر۔ مَیتْنا۔

ملیٹ (مَ لَ ٹ)۔ مل+ اٹ (نسبتی)۔ خیمے کی میخ ٹھونکنے کی ایک ہتھوڑی۔ مارت۔ مُوگر۔

ملچھ (مَ لَ چھ چھ)۔ ملّ+ اچھ (نسبتی)۔ سُست۔ پوستی۔ گندا۔ ملیچھ۔ مچھیر۔ ملّر۔

ملرملر (مَ لَ ر مَ لَ ر)۔ مل+ ار (نسبتی)۔ نرم نرم۔ مزیدار۔ آہستہ آہستہ۔ مسر مسر۔ مدر مدر۔

ملگجا (مَ ل گَ جْ)۔ مل (رگڑ)+ گج (مڑوڑ۔ گونچ۔ گنجل)+ آ (تذکیری)۔ ملادلا۔ مل گونچا۔ مل گنجلا۔

ملگجی (مَ ل گَ جِ)۔ ملگجا کا مونث۔

ململ (مَ ل مَ ل)۔ ایک نرم اور باریک کپڑا۔ مَس مَس۔ مَر مَر۔

ململانا (مَ ل مَ لْ نْ)۔ مل مل+ آ (امری)+ نا (مصدری)۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ پیچ و تاب کھانا۔ مَسمَسانا۔

ملنگ (مَ لَ ن گ)۔ مل+ انگ (نسبتی)۔ا۔ جسیم۔ تنومند۔ مُوتنگ۔ مُوٹل۔ ۲۔ مسٹنڈ۔ ۳۔ بے خود۔ مدہوش۔ پنجاب کے ایک فرقے کا آدمی۔ متنگ۔ مستنگ۔ مدنگ۔

ملولا (مَ ل لْ)۔ مل+ اولا (مذکر فاعلی)۔ پیچ و تاب۔ افسوس۔ پچھتاوا۔ مروڑا۔ موسا۔

ملی (مَ لِ)۔ ملّ+ ای (تانیثی)۔ ایک قسم کی نرم چکنی مچھلی۔ مسکی۔

ملیامنیٹ (مَ لِ ءِ مِ ن ٹ)۔ مل+ ای (تانیثی)+ آ (بچلگوا)+ مینٹ (بربادی)۔ رگڑ رگڑ کر مٹا دینے کا کام۔ مکمل بربادی۔ مانجھیا مینٹ۔

ملیچھ (مَ لِ چھ)۔ گندا۔ ملچھ۔ مچھیر۔

ملیدہ (مَ لِ دْ)۔ مل+ ایدا (مذکر فاعلی)۔ ایک نرم اونی کپڑا۔ مریدا۔

ملھیا (مَ لھَ یٖ اٗ)۔ ملھ (منک) + ایا (مونث فاعلی)۔ مٹی کی چھوٹی ہانڈی مھریا۔ منکیا۔ مسکیا۔ لمیا۔

ممتا (مَ مَ تٗ)۔ دیکھئے۔ ماتا۔

مموڑنا (مَ مٗ ڑنٗ)۔ ما (کلّی) + موڑ (گھماؤ) + نا (مصدری)۔ گھمانا۔ چکر دینا۔ اینٹھنا۔ موڑنا۔

من (مَ ن)۔۱۔جی۔ خواہش۔ طلب۔ مانگ۔ ۲۔ حلقہ۔ گھیرا۔ کنوئیں کا منہ۔ جگت۔ منڈل۔ مُوکھ۔ ۳۔چالیس سیر کا وزن۔ مان۔ ۴۔سانپ کا مہرہ۔ دانہ۔ مونٹھ۔ مُوتھ۔ مونگ۔ ۵۔درستی۔ اصلاح۔ بان۔ مُڑ۔ مُوڑ۔ ۶۔اچھال۔ جوش۔ تڑپ۔ جھوم۔ مہر۔ مگر۔ ۷۔ خوشی۔ منگل۔ مُود۔ ۸۔ بیماری۔ سُستی۔ ماند۔

منّ (مَ ں ن ن)۔ ترنگ۔ خیال۔ موج۔ متّ۔

منانا (مَ نٗ نٗ)۔ من + آ (امری) + نا (مصدری)۔ درست کرنا۔ روٹھے کو خوش کرنا۔ مُوڑنا۔ بنانا۔

منّت (مَ ں ن نَ ت)۔ منّ + ات (نسبتی)۔ طلب کا کام۔ آرزومندی۔ منگت۔

منت (مَ ن ت)۔ ابھار۔ تخت۔ منچ۔

منتر (مَ ن تَ ر)۔ منت (مان) + ار (نسبتی)۔۱۔رائے۔ مشورہ۔ خیال۔ اندیا۔ مت۔ ۲۔ بزرگی۔ مہت۔ مُکھ۔ ۳۔ روک۔ توڑ۔ مار۔ ۴۔ باربار پڑھے جانے والے بول۔ مال۔ منتھ۔ ۵۔ آرزومندی۔ دعا۔ منّت۔ ۶۔ درمیان۔ بیچ۔ مدّھ۔

منتری (مَ ن ت رِ)۔ منتر + ای (نسبتی)۔ بڑا۔ مشیر۔ وزیر۔ مہتی۔ متی۔ مدّھی۔ منجری۔

منتھ (مَ ن تھ)۔۱۔ رگڑ۔ مالش۔ مَتھ۔ ۲۔ پھین۔ مرت۔ امرت۔

منج (مَ ن ج)۔۱۔ ڈھکاؤ۔ منڈھ۔ مڑھ۔ ۲۔ صفائی۔ مانجھ۔ مَل۔ ۳۔ ملاوٹ۔ میل۔

منجری (مَ ن ج رِ)۔ منج + ری (تانیثی)۔ صندوقچی۔ گول ڈبیا۔ موندی۔ منڈھلی۔

منجن (مَ ن جَ ن)۔ منج + ان (نسبتی)۔ بہت سی چیزیں ملا کر بنایا ہوا دانت صاف کرنے کا برادہ۔ مانجھن۔ مَلن۔ میلن۔

منچ (مَ ن چ)۔ ابھار۔ تخت۔ اونچی چارپائی۔ ماچ۔ مہر۔ مگر۔

منچلا (مَ ن چَ لٗ)۔۱۔ من + چلا (متحرک۔ شوخ)۔ ۲۔ منچ + لا (تذکیری)۔ شوخ۔ مستعد۔ جوشیلا۔ مچلا۔ مچّھا۔ موجا۔

منچلی (مَ ن چَ لِ)۔ منچلا کا مونث۔

مند (مَ ن د)۔۱۔ سُست۔ آہستہ۔ مدّہ۔ مدھر۔ مار۔ ۲۔ چھپاؤ۔ منڈھ۔ مٹھ۔

مندا (مَ ن دٗ)۔ مند + آ (تذکیری)۔ سُست رو۔ ارزاں۔ مدھرا۔ مدّھا۔ مدّا۔ مرا۔

منڈر (مَن دَر)۔ مند+ار (نسبتی)۔ گولائی۔ حلقہ۔ گھر۔ ہندوؤں کا بت خانہ۔ مُوڑ۔ مِنڈل۔ ماند۔ مان۔ مہل (محل)۔ مَنڈھار۔

مندی (مَن دِی)۔ مند+ای (تانیثی)۔ مندا کا مونث۔

منڈ (مَن ڈ)۔ ا۔ چھپاؤ۔ مٹھ۔ منڈھ۔ ۲۔ ڈھیر۔ اجتماع۔ ذخیرہ۔ میل۔

منڈپ (مَن ڈَپ)۔ منڈ+اپ (نسبتی)۔ ڈھکی ہوئی جگہ۔ مٹھ۔ منڈھ۔

منڈل (مَن ڈَل)۔ منڈ+ال (نسبتی)۔ گولائی۔ پھیر۔ موڑ۔ مونڈ۔

منڈلی (مَن ڈلِی)۔ منڈل+ای (تانیثی)۔ آدمیوں کا حلقہ۔ ٹولی۔ مُنڈھی۔

منڈی (مَن ڈِی)۔ منڈ+ای (تانیثی)۔ بازار۔ گنج۔ آدمیوں کے مجمع کی جگہ۔ میلی۔ ملنی۔

منس (مَنَ س)۔ ا۔ اپنائیت۔ میر۔ ۲۔ محبت۔ پیار۔ میل۔ میت۔ ۳۔ چھونا۔ ملنا۔ میل۔

منسنا (مَنَ س نٰ)۔ منس+نا (مصدری)۔ اپنا کہنا۔ اقبال جرم کرنا۔ اپنا خیال ظاہر کرنا۔ میرنا۔

منسیانا (مَن سِ ءٔ یٰ)۔ منس+ءِ (بچلگوا)+آیا (مذکر فاعلی)۔ جلدی میل کر لینے والا۔ جلد مانوس ہوجانے والا۔ ملیایا۔

منک (مَ نَ ک)۔ من+اک (نسبتی)۔ ا۔ دانہ۔ موتی۔ مُوتھ۔ مانک۔ مَوک۔ ۲۔ اقرار۔ مان۔ ۳۔ دائرہ۔ حلقہ۔ مَونٹھ۔ مَنڈل۔

منکا (مَن کٰ)۔ منک+آ (تذکیری)۔ گولی۔ دانہ۔ موتی۔ گردن کی گُریا۔ مُوتھا۔ مونٹھا۔ مَوکتا۔ مَنڈا۔ موندا۔ مونڈا۔ مُوڑا۔ نگرا۔

منکنا (مَنَ ک نٰ)۔ منک+نا (مصدری)۔ گردن ہلانا۔ مُڑکنا۔ مُڑنا۔ ماننا۔

منگ (مَن گ)۔ جوش۔ تڑپ۔ امنگ۔

منگت (مَن گَ ت)۔ منگ+ات (نسبتی)۔ طلب کا کام۔ سوال۔ آرزومندی۔ منّت۔ مانگر۔

منگل (مَن گَ ل)۔ منگ+ال (نسبتی)۔ ا۔ خوشی۔ مُود۔ ملار۔ ۲۔ طلب۔ چاہت۔ مانگ۔ ۳۔ بلندی۔ مہر۔ نگر۔

منا (مَن نٰ)۔ من+نا (مصدری)۔ رضامند ہونا۔ من جانا۔ مُڑنا۔ بننا۔

منہار (مَنِ ہٰ ر)۔ من+ءِ (بچلگوا)+ہار (نسبتی)۔ کانچ کی چوڑیاں بیچنے والا۔ منی کار۔

منہاری (مَنِ ہٰ رِی)۔ منہار+ای (تانیثی)۔ منہار کا مونث۔

مواد (مَ وٰ د)۔ مو (فضلہ)+آد (نسبتی)۔ پیپ۔ مَیل۔ ملاد۔ ماواد۔

مہہ (مَ ہ)۔۱۔ بڑائی۔ بزرگی۔ مکھ۔ مہت۔ مل۔ ۲۔ ڈھکاؤ۔ چھپاؤ۔ مٹھ۔ منڈھ۔ ۳۔ ابھار۔ دانہ۔ مکھ۔ مٹے۔ مَین۔ ۴۔ نچوڑ۔ شہد۔ مال۔ مدھ۔ ۵۔ خوشبو۔ مہک۔ ۶۔ سرخی۔ مِند۔ ۷۔ نرمی۔ مَل۔ ۸۔ چکناہٹ۔ باریک۔ ذرہ۔ مار۔ مَل۔ مَر۔

مہا (مَ ہٰ)۔ مہہ+آ (تذکیری)۔ بڑا۔ بزرگ۔ زیادہ۔ مکھا۔ مہتا۔ ملّا۔ مانچا۔ اودھی مَسا۔

مہاتما (مَ ہٰت مٰ)۔ مہہ+آتما (نفس۔ ذات)۔ نیک نفس انسان۔ عظیم آدمی۔ مکھ آتما۔ ملاتما۔

مہال (مَ ہٰ ل)۔ مہہ+آل (نسبتی)۔ آراضی کا وہ علاقہ جس میں کئی گاؤں آباد ہوں۔ آراضی کی ایک تقسیم۔ مڑھال۔ منڈھال۔ محال۔ ۲۔ شہد کی مکھیوں کا چھتا۔ شہد کا چھتا۔ مکھال۔ مدھال۔

مہاوت (مَ ہٰ وَت)۔ مہہ+آوت (نسبتی)۔ ہاتھی کو چلانے والا۔ ہاوت۔

مہاور (مَ ہٰ وَر)۔ مہہ+آور (نسبتی)۔ سہاگن عورتوں کے پیروں پر بنی ہوئی مہندی یا سرخ رنگ کی بوندیں۔ مینداور۔ میناور۔

مہوا (مَ ہٗ ءٰ)۔ مہہ+اوا (مذکر فاعلی)۔ ایک مشہور پیڑ جس کے پھل سے شراب بنتی ہے۔ مدوا۔ مہکوا۔ مجوا۔ مستوا۔ متوا۔ مدھوا۔

مہورت (مَ ہٗ رَت)۔ مہہ+اورت (نسبتی)۔ بیتنے والی۔ گھڑی۔ ہورت۔

مہوک (مَ ہٗ ک)۔ مہہ+اوک (نسبتی)۔ شہد کی مکھی۔ مدھوک۔

مہین (مَ ہِ ن)۔ مہہ+این (نسبتی)۔۱۔ نرم۔ ملین۔ ۲۔ ننھے ذرّوں والی۔ چکنی۔ مٹین۔ مھین۔ مات۔ مرین۔ ۳۔ گزر۔ روانگی۔ سفر۔ ہین۔

مہینا (مَ ہِ نٰ)۔ مہہ+اینا (مذکر فاعلی)۔ تیس دن کا عرصہ۔ ہینا۔

مئی (مَ ءِ)۔۱۔ مکان۔ مسکن۔ منڈھی۔ مڑھی۔ماڑی۔ ۲۔ بڑی۔ ماں۔ مہتی۔ ماتری۔

مئیا (مَ ءِ ءٰ)۔ مئی+آ (فالتو)۔ ماں۔ مہتیا۔ ماتریا۔

مَں

منجھ (مَں جھ)۔۱۔ درمیان۔ بیچ۔ مدّھ (مِدّھ)۔ ۲۔ صفائی۔ رگڑ۔ مانجھ۔ مل۔ ۳۔ ڈھکاؤ۔ منڈھ۔ ۴۔ جوش۔ ابھار۔ اچھال۔ تڑپ۔ موج۔ مینڈ۔

منجھدھار (مَن جھ دھ ر)۔ منجھ+دھار (لکیر)۔ ندی کے بیچوں بیچ کی دھار۔ مدھ دھار۔
منجھلا (مَن جھ لا)۔ منجھ+لا (تذکیری)۔ درمیانی۔ بیچ کا۔ مدھ لا۔
منجھولا (مَن جھُ لا)۔ منجھ+اولا (مذکر فاعلی)۔ درمیانہ۔ بیچ کا۔ مدھولا۔
منجھولی (مَن جھُ لِی)۔ منجھ+اولی (مونث فاعلی)۔۱۔ بیچ کی۔ مدھولی۔ ۲۔ ایک ڈھکی ہوئی بیل گاڑی۔ منڈھولی۔
مندرا (مَن د رٰ)۔ مندر (چھپاؤ۔ منڈھ) +آ (تذکیری)۔ بستی۔ ضلع جھیلم کی ایک بستی کا نام۔ منڈھا۔
منڈلانا (مَن ڈ لٰ نٰ)۔ منڈل (چکر۔ گردش۔ مال) +آ (امری) +نا (مصدری)۔ منڈل بنانا۔ اردگرد پھرنا۔ چھانا۔ ڈھانکنا۔ منڈھانا۔ کلانا۔
منڈھ (مَن ڈھ)۔۱۔ پوشیدگی۔ چھپاؤ۔ مڑھ۔ ۲۔ ابھار۔ مٹھ۔
منڈھا (مَن ڈھٰ)۔ مندھ+آ (تذکیری)۔ ایک عارضی چھپر۔ مڑھا۔ مالا۔
منڈھنا (مَن ڈھ نٰ)۔ منڈھ+نا (مصدری)۔ ڈھانکنا۔ خول چڑھانا۔ چھانا۔ مڑھنا۔
منڈھی (مَن ڈھِی)۔ چھوٹا منڈھا۔ مڑھی۔
منگ (مَن گ)۔ طلب۔ مانگ۔ من۔
منگتا (مَن گ تٰ)۔ منگت (طلب۔ ضرورت) +آ (تذکیری)۔ فقیر۔ سوال کرنے والا۔ سائل۔ بھکاری۔ مانگتا۔
منگنی (مَن گ نِی)۔ منگ+نی (تانیث)۔ پکی بات۔ نسبت۔ رشتہ۔ سگائی۔ مانگنی۔ مانی۔
منگیتر (مَن گ بَ تَ ر)۔ منگ+ایتر (نسبتی)۔ وہ لڑکا یا لڑکی جس کے ساتھ منگنی ہو۔ مانگر۔ منگیر۔

مٰ

مات (مٰ ت)۔۱۔ ہار۔ زک۔ بربادی۔ مَیٹ۔ ۲۔ تھکن۔ بیماری۔ ماند۔ ۳۔ حد۔ مانگ۔ ۴۔ عورت۔ مہر۔ محل۔ ۵۔ رگڑ۔ مَسَل۔
ماتا (مٰ تٰ)۔ مات+آ (تذکیری)۔ تھکا ہارا۔ ماندا۔ مَسلا۔ ۲۔ مات+آ (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔ ماں۔ والدہ۔ مہتیا۔ مہتارا۔ میا۔
ماترا (مٰ ت رٰ)۔ مات+ار (نسبتی) +آ (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔ دیوناگری کے حرفوں کے

اوپر کھینچی جانے والی لکیر۔ مانگرا۔ میلا۔ ماتھا۔ مالا۔

ماتھ (مُ تھ)۔ا۔ عقل۔ سمجھ۔ مَت۔ ۲۔ غرض۔ خیال۔ بِچ۔ ذمّہ۔ سبب۔ مت۔ مد۔ مدّھ۔ مار۔

ماتھا (مُ تھٗ)۔ ماتھ+آ (تذکیری)۔ پیشانی۔ لِلاٹ۔ ماترا۔ مستا۔ سنسکرت مستک۔

ماتھے (مُ تھِ)۔ ماتھ+اے (ظرفی)۔ ذمّے۔ مادے۔ مدّھے۔ مدّے۔

ماٹ (مُ ٹ)۔ا۔ قوام۔ خمیر۔ کلف۔ مانڈ۔ ۲۔ حماقت۔ بے وقوفی۔ مَودھ۔ مُوڑھ۔ ۳۔ گھڑا۔ مَون۔

ماٹو (مُ ٹُ)۔ ماٹ+او (مذکر فاعلی)۔ احمق۔ بے وقوف۔ مودھو۔

ماچ (مُ چ)۔ا۔ ابھار۔ تخت۔ چارپائی۔ منچ۔ ۲۔ غرور۔ ناز۔ مان۔

ماچا (مُ چٗ)۔ ماچ+آ (تذکیری)۔ اونچا پلنگ۔ اونچا تخت۔ مہرا۔ منچا۔ ۲۔ ٹھسّا۔ مانا۔

مادھو (مُ دھُ)۔ مادھ (حماقت۔ مودھ) +او (تذکیری)۔ احمق انسان۔ مَودھو۔ ماٹو۔

مار (مُ ر)۔ا۔ موٹائی۔ موٹ۔ ۲۔ رگڑ۔ چکنائی۔ پھسلن۔ کَل۔ مَس۔ ۳۔ کثرت۔ افراط۔ ماس۔ مہت۔ ۴۔ خیال۔ غرض۔ سبب۔ بِچ۔ ذمّہ۔ مد۔ مدّھ۔ ۵۔ دوستی۔ لالچ۔ محبت۔ میت۔ ۶۔ بڑائی۔ ٹمکھ۔ ۷۔ قسم بھانت۔ جُوڑ۔ میل۔ ۸۔ جوش۔ ترنگ۔ لہر۔ موج۔ مینڈ۔ ۹۔ ضرب۔ ٹھکائی۔ رگڑ۔ موچ۔ مُسک۔

مارتول (مُ رتُ ل)۔ مارت (ملٹ) +اول (نسبتی)۔ منخ ٹھونکنے کی ہتھوڑی۔ ملٹول۔ موگردل۔

مارکا (مُ ر کٗ)۔ مار+ کا (تذکیری)۔ ا۔ قسم۔ نوع۔ بھانت۔ میل کا۔ ۲۔ فخر۔ ٹھسّا۔ اہم کارنامہ۔ مسکھا۔ مارا۔ مہت کا۔ مہنگا۔ ٹمکھا۔ مینڈا۔ ۳۔ مزہ۔ لطف۔ مَسکا۔ مجکا۔ موجا۔

مارگ (مُ رَگ)۔ سیدھ۔ رستا۔ سڑک۔ مانگ۔

مارنا (مُ رنٗ)۔ مار+نا (مصدری)۔ رگڑنا۔ گھسنا۔ کَلنا۔ ۲۔ کوٹنا۔ چوٹ پہنچانا۔ دبانا۔ ٹھوکنا۔ مسکنا۔ مسکھنا (میخنا)۔ میچنا۔ ۳۔ محبت پیدا کرنا۔ انس پیدا کرنا۔ میتنا۔ ملنا۔

مارو (مُ رُ)۔ مار+او (مذکر فاعلی)۔ ایک چکنا اور گداز گول بینگن۔ مُوٹو۔ مالو۔ ملّو۔

مارے (مُ رِ)۔ مار+اے (غایتی)۔ غرض سے۔ مقصد کے لئے۔ خیال سے۔ مِتے۔ مدّے۔

ماڑی (مُ ڑِی)۔ ماڑ (چھپاؤ۔ منڈھ) +ای (تانیثی)۔ مکان۔ منڈھی۔ مٹھی۔

ماسا (مُ سٗ)۔ ماس (دانہ) +آ (تذکیری)۔ ایک تولے کا بارھواں حصہ۔ ٹمکھا۔ ملکا۔ ماشہ۔

ماشا (مُ شٗ)۔ دیکھئے ماسا۔

ماگھ (مُ گھ)۔ا۔ تبدیلی۔ حد۔ مانگ۔ موڑ۔ مان۔ موند۔ ۲۔ بارش۔ میہ۔ میگھ۔ ۳۔ خوشی۔ منگل۔ مُود۔

۴۔ہندوستانی سال کا گیارہواں مہینا۔ مگر۔ ماہ۔

مال (مُ ل)۔۱۔ حلقہ۔ چکّر۔ ڈور کا حلقہ جر چرخے پر چڑھی رہتی ہے۔ مشین کا پٹا ہو دو پہیوں کو گھماتا ہے۔ بال۔۲۔ مغز۔ مینگ۔ ۳۔ اثاثہ۔ پونجی۔ اصل۔ جڑ۔ مُول۔ ۴۔ نرمی۔ مَل۔ ۵۔پھول۔ مَول۔ مَور۔ ۶۔ خوشبو۔ مہک۔ ۷۔دانہ۔ ابھار۔ ماس۔ ماکھ۔ مُوٹ۔ ۸۔رگڑ۔ فنا۔ متھ۔ مَل۔ مار۔ مسک۔ ۹۔شیرینی۔ شہد۔ مینٹھ۔

مالا (مُ لُ)۔مال+آ (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔۱۔ تسبیح۔سمرن۔ بالا۔ ۲۔پھولوں کا ہار۔ مَولا۔ مکا۔

مال پوا (مُ ل پ ےُ)۔ مال+پوا (بھرا ہوا۔ پُوڑا)۔ ایک بھانت کی نرم روغنی پوری جس میں دودھ، گھی اور شکر ڈالتے ہیں۔ مال پُوڑا۔ مینٹھ پوڑا۔

مالتی (مُ ل تِ)۔ مال+تی (تانیث)۔ خوشبودار پھولوں کا ایک پودا۔ مہکتی۔ مِندی (مندی)۔

مال کنگنی (مُ ل کَ س گَ نِ)۔ ایک خوشبودار دانہ۔ خوشبودار کنگنی۔ مہک کنگنی۔

مالن (مَ لَ ن)۔ مال+ان (تانیث)۔ پھولوں کا ہار گوندھنے والی۔ مَولن۔

مالی (مُ لِ)۔ مال+ای (نسبتی)۔ پھولوں کا ہار گوندھنے والا۔ مَولی۔

مام (مُ م)۔۱۔ ماں۔ مات۔ ۲۔ محبت۔ میل۔ مان۔

ممتا (مُ م تُ)۔ مام+تا (سنسکرت کی نسبت تانیث)۔ماں کی محبت۔ ماں پنا۔ مانْتا۔

ماموں (مُ مُ س)۔اصل مامو۔ مام+او (مذکر فاعلی)۔ماں کا بھائی۔ ممتو۔ مامتو۔ ہندوانی ماما۔

مامی (مُ مِ)۔۱۔ مام+ای (تانیثی)۔ حمایت۔ مانی۔ ۲۔ہندوؤں کی بول چال میں ماموں کی بیوی۔ ممانی۔ مائیں۔

مان (مُ ن)۔۱۔ قدر۔ عزت۔ مُول۔ ۲۔ارادہ۔ نیت۔ ٹھان۔ ۳۔ سوراخ۔ چھید۔ موکھ۔ ۵۔درستی۔ رضامندی۔ مُوڑ۔ ۶۔چالیس سیر کا وزن۔ مَن۔ ۷۔ ٹہل۔ خدمت۔ سوا۔ مہر۔ ۸۔خواہش۔ طلب۔ مانگ۔ ۹۔گولائی۔ مُوڑ۔ مونٹھ۔ تکٹ۔ مونڈ۔

مانس (مُ نَ س)۔مان+اس (نسبتی)۔ خواہش اور ارادے والا۔ انسان۔ منکھ۔ سنسکرت منش۔

مانک (مُ نَ ک)۔مان+اک (نسبتی)۔ گول دانہ۔ منکا۔ موندک۔ موتھک۔ مُوڑک۔ مونگ۔

ماننا (مُ ن نُ)۔ مان+نا (مصدری)۔۱۔ نیت کرنا۔ ٹھاننا۔ ۲۔ عزت کرنا۔ قدر کرنا۔ مُولنا۔ ۳۔ طلب کرنا۔ چاہنا۔ مانگنا۔ ۴۔اقرار کرنا۔ رضامند ہونا۔ مُڑنا۔

مانی (م نِی)۔ مان+ای (تانیث)۔ ۱۔ وہ چھید والی لکڑی جو چکی کی کیلی اور پاٹ کے درمیان ڈالی جاتی ہے۔ موکھی۔ مونھی۔ ۲۔ وہ عورت جو گھر میں داروغہ کا کام کرتی ہے۔ مہری۔

ماوا (م وٗ)۔ ماد (قوام) +آ (تذکیری)۔ کھویا۔ مالا۔

مائی (م ءِ)۔ ماہ (ماں) +ای (تانیث)۔ ماں۔ بوڑھی عورت۔

مائیں (م ءِ ں)۔ ماں+ای (تانیث)۔ ۱۔ چارپائی کے چوڑان کی وہ رسی جس میں ادوان پروئی جاتی ہے۔ مینڈی۔ مالی۔ ۲۔ ہندوؤں کی بول چال میں ممانی۔ مامی۔ ۳۔ صفائی کا کام۔ مانجھی۔

مائیوں (م ءِ ؤں)۔ مائیں+اوں (نسبتی)۔ مانجھے کی رسم کے بعد سے لڑکی کو پردے میں بٹھا دینا۔ مانجھیوں۔

مٰں

ماں (مٰں)۔ والدہ۔ مادر۔ جننے والی۔ ما۔ مات۔

مانجھ (مٰں جھ)۔ ۱۔ رگڑ۔ صفائی۔ ملَ۔ مار۔ متھ۔ ۲۔ ابھار۔ جوش۔ ترنگ۔ موج۔ مچھ۔ مینڈ۔

مانجھا (مٰں جھٗ)۔ مانجھ+آ (تذکیری)۔ ۱۔ پتنگ کی مسالےدار ڈور۔ شادی سے پہلے کی رسم جس میں دولہا دلہن کے اُبٹن ملا جاتا ہے۔ ملا۔ مینسا۔ ۲۔ دریا کے دونوں طرف کا اٹھا ہوا میدان۔ متھا۔ ۳۔ جوش۔ لہر۔ ترنگ۔ مانچا۔ مینڈا۔ موجا۔

مانجھنا (مٰں جھ نٗ)۔ مانجھ+نا (مصدری)۔ رگڑنا۔ صاف کرنا۔ میل اتارنا۔ چمکانا۔ ملنا۔

مانجھی (مٰں جھِ)۔ مانجھ+ای (نسبتی)۔ کشتی کھینے والا۔ ملّاح۔ مَوجی۔ ماچھی۔

مانچ (مٰں چ)۔ جوش۔ ترنگ۔ ابھار۔ اچھال۔ مانجھ۔ مینڈ۔ موج۔ ماچھ۔

مانچا (مٰں چٗ)۔ مانچ+آ (تذکیری)۔ جوش۔ ترنگ۔ موجا۔ مانجھا۔ مینڈا۔ ماچھا۔ مارکا۔

ماند (مٰں د)۔ ۱۔ غار۔ کھوہ۔ بھٹ۔ مان۔ مُوکھ۔ ۲۔ ہار۔ تھکن۔ مات۔

